1. guilty. 2. innocent. 3. happy. 4. without work. 5. extravagant. 6. wealthy. 7. assistant. 8. tour. 9. popular. 10. loyal. 11. copper.

LESSON III

PRESENT INDEFINITE TENSE

8. The *first form* of a verb is used for the Present Indefinite Tense, but in the case of third person singular, "*s*" or "*es*" is added to the I Form ; as :—

The girl writes a letter.	لڑکی خط لکھتی ھے -
You write a letter.	تم خط لکھتے ھو -
I write a letter.	میں خط لکھتا ھوں -

Note.—*Thou* requires *t*, *st* or *est* after the I Form ; as *thou goest* but we generally use *you* instead of *thou*.

9. In Negative and Interrogative sentences use Does + I Form with the third person singular, and Do + I Form with all other persons ; as :—

Does he go ?	کیا وہ جاتا ھے ۔
Do I go ?	کیا میں جاتا ھوں ؟
He does not go.	وہ نہیں جاتا ھے -
I do not go.	میں نہیں جاتا ھوں ۔

10. **The Present Indefinite Tense is used :—**

(*a*) To *express what is actually taking place at the present moment* ; as :—

The shopkeeper weighs flour. دوکاندار آٹا تولتا ہے -

(*b*) *To express an action showing general truth* ; as :—

The sun rises in the east. سورج مشرق سے نکلتا ہے -

Does the sun set after 6 o'clock ? کیا سورج چھ بجے کے بعد غروب ہوتا ہے ؟

(*c*) *To denote Historical Present* ; as :—

Now Humayun leaves the battlefield and Sher Shah occupies the throne. اب ہمایوں میدان چھوڑتا ہے ، اور شیر شاہ تخت نشین ہوتا ہے -

(*d*) *To denote Historical Action* ; as :—

They sleep every evening. وہ ہر روز شام کو سویا کرتے ہیں -

Note.—Never say '*he used to sleep*' or '*he uses to sleep*' every evening. **Used to** is used only in Past Indefinite Tenses.

مشق ۳

(الف) سورج چھ بجے نکلتا ہے - ہمارا سکول نو بجے لگتا ہے - سردیوں میں سورج پانچ بجے غروب ہو جاتا ہے - گرمیوں میں بہت بارش ہوتی ہے[1] - ہم چاول اور گیہوں کھاتے ہیں - کسان ہل چلاتا ہے - ہم پیدل[2] چلتے ہیں - وہ اپنے والدین کا حکم مانتا ہے[3] - میں تیرنا جانتا ہوں - ہم سردیوں میں گرم پانی سے نہاتے ہیں - ہم جمعہ کو چھٹی مناتے ہیں[4] -

(ب) کیا وہ سکول حاضر ہوتا ہے ؟ کیا تم وقت پر پہنچ جاتے ہو ؟ کیا یہ گائے دودھ دیتی ہے ؟ کیا تم ہر روز نہاتے ہو ؟ تم کس وقت جاگتے ہو ؟ کیا وہ باقاعدہ[5] نماز پڑھتا ہے[6] ؟ کیا تم ایمانداری سے کام کرتے ہو ؟ کیا پرندے ہوا میں اڑتے ہیں ؟ تم اپنی کتابیں کہاں رکھتے ہو ؟

تم کب چائے پیتے ہو؟ کیا یہ مرغی انڈے دیتی ہے[7] ؟
کیا وہ سچ بولتی ہے ؟

وہ جھوٹ نہیں بولتی۔ ہم ورزش نہیں کرتے۔ وہ کسی کو دق نہیں کرتا[8]۔ ہم پھول نہیں توڑتے[9]۔ وہ لکھنا نہیں جانتی۔ ہم گرمیوں میں جرابیں نہیں پہنتے۔ ڈاک گاڑی[10] اس اسٹیشن پر نہیں ٹھہرتی۔ وہ اپنا وقت ضائع نہیں کرتی۔

(ج) کسان بیچارہ کچھ رات[11] گئے اٹھتا ہے۔ بیلوں کو کنویں[12] پر لے جاتا ہے۔ اور دوپہر تک ہل چلاتا ہے۔ جب سورج سر پر آتا ہے تو یہ ہل چھوڑ دیتا ہے[13] اور بیلوں کو چارہ[14] ڈالتا ہے۔ ہاتھ منہ دھو کر ٹھنڈا ہوتا ہے۔ گھر والی روٹی لاتی ہے۔ یہ بیٹھ کر کھاتا ہے اور حقہ پیتا ہے۔ پھر اٹھتا ہے اور بیلوں کو پانی پلاتا ہے۔ جب سورج ڈھلنے لگتا ہے تو ہل اور بیلوں کو لیکر گھر آتا ہے۔ سر پر چارے کا گٹھہ[15] لاتا ہے۔ گھر والی روٹی پکاتی ہے اور یہ خوش خوش بال بچوں میں بیٹھکر کھانا کھاتا ہے۔

Vocabulary

1. it rains heavily. 2. on foot. 3. obeys. 4 enjoy holiday. 5. regularly. 6. does he say his prayers? 7. to lay egg. 8. to tease. 9. to pluck flowers. 10. the mail train. 11. before dawn. 12. faim 13. unyoke the oxen. 14. fodder. 15. bundle.

LESSON IV

PAST INDEFINITE TENSE

11. The Past Indefite Tense is used :—

(*a*) *To denote a single act in the past.*

Mahmud caught Saleem. — محمود نے سلیم کو پکڑا۔
He cheated his friends. — اس نے اپنے دوستوں کو دھوکا دیا۔

(*b*) *To denote a habitual action in the past.*

We slept in the garden. ہم باغ میں سویا کرتے تھے۔
I worked in this office. میں اس دفتر میں کام کرتا تھا ۔

12. (*a*) This Tense is translated by the Second Form of a verb and keeps the same form with all persons.

(*b*) In Interrogative and Negative sentences the I Form is replaced by Did + I Form ; as :—

I did not see Aslam. میں نے اسلم کو نہیں دیکھا ۔
Did you see Aslam? کیا تم نے اسلم کو دیکھا ؟
Did I not advise him ? کیا میں نے اسے نصیحت نہیں کی ؟

(*Note :* Some students use the Present Perfect Tense when they ought to use the Past Indenfinite.)

وہ گیا ۔ وہ گیا تھا and وہ جاتا تھا should all be translated "He went."

Sometimes 'used to' is used to denote habitual actions ; as :—

We used to sleep at noon. ہم دوپہر کو سویا کرتے تھے ۔
We used to go to for a walk every day. ہم ہر روز سیر کو جایا کرتے تھے ۔
The Pindaras used to rob the Sahukars. پنڈارے ساہو کاروں کو لوٹا کرتے تھے ۔

مشق ۴

(الف) بچہ چھت سے گر پڑا ۔ اس نے کپڑے پہنے ۔ میں نے کوٹ اتار دیا1 ۔ نوکر نے لیمپ بجھا دیا2 ۔ چپراسی نے گھنٹی بجائی ۔ میں نے اسے معاف کر دیا3 ۔ مسافر گاڑی میں سوار ہو گئے4 ۔ موچی نے میرا جوتا مرمت کیا5 ۔ اس نے دوائی پی اور بستر پر لیٹ گیا ۔ ہم نے آٹھ بجے ناشتہ کیا6 ۔ اس عورت نے آئینہ میں اپنی شکل دیکھی7 ۔ وہ گاڑی سے رہ گیا ۔

(ب) وہ شام تک واپس نہ آیا ۔ میں نے نئی کتاب نہیں خریدی ۔ ہم نے شور نہیں کیا ۔ نوکر نے کمرے میں جھاڑو نہیں دیا8 ۔ وہ جلسے میں نہیں گیا ۔ میں نے صندوق یہاں نہیں رکھا ۔

ماشکی نے صحن میں پانی نہیں چھڑکا[9] - کل رات بارش نہیں ہوئی - اس نے مجھے کوئی قرض نہیں دیا[10] - میں نے قرض نہیں لیا[11] - کیا تم نے چائے بنائی ؟ کیا اس نے دروازہ نیں کھولا ؟ کیا تم نے غریبوں کی مدد کی ؟ کیا تم نے امتحان دیا ؟ تم نے کتنے پھول اکٹھے کئے ؟ وہ کب باھر گیا ؟ اس نے کیوں گھڑی کو چابی نہ دی ؟ تم کب سکول میں داخل ھوئے ؟ تم اسے کہاں ملے ؟ تمہیں یہ راستہ کس نے بتایا ؟ یہ لیمپ کس نے جلایا ؟ وہ کس طرح سائیکل سے گرا ؟

(ج) ایک کوا بہت پیاسا تھا - وہ پانی کی تلاش میں ادھر ادھر اڑا مگر اسے پینے کے لئے کچھ نہ ملا - آخر وہ ایک باغ میں پہنچا جہاں اس نے ایک مٹکا دیکھا[12] - مٹکے کی تہ میں[13] کچھ پانی تھا - کوا مٹکے پر جا بیٹھا اور پانی پینے کے لئے اس میں چونچ ڈالی - لیکن وہ پانی تک نہ پہنچا - اس نے مٹکے کو الٹنے کی کوشش کی مگر کامیاب نہ ھوا - آخر اسے ایک تدبیر سوجھی[14] - اس نے ارد گرد سے کنکر اکٹھے کئے اور ایک ایک کر کے[15] مٹکے میں ڈال دئے - پانی آھستہ آھستہ[16] اوپر آگیا - کوے نے خوب سیر ھو کر پانی پیا[17] - اور خوشی خوشی اڑ گیا -

Vocabulary

1. took off. 2. put out. 3. forgave him. 4. get into the train. 5. mended. 6. breakfast. 7. looked at herself in the mirror. 8. did not sweep. 9. sprinkle water. 10. lend money. 11. borrow. 12. pitcher. 13. bottom. 14. thought of a plan. 15. one by one. 16. inch by inch. 17. drank to his heart's content.

LESSON V

FUTURE INDEFINITE TENSE

13. (*a*) The Future Indefinite is used to denote a single action that has still to take place; and is translated by putting *will* or *shall* before the I Form of a verb; as :—

I *shall* write him a letter.	میں اسے خط لکھوں گا -
You *will* write him a letter.	تم اسے خط لکھو گے -
He *will* write him a letter.	وہ اسے خط لکھے گا -

(*Note.*—The use of *shall* and *will* is explained in another lesson, but for the present the boys should note that in order to express simple future, *shall* is used with the I Person and *will* with the II and III.)

(*b*) In Negative sentences *not* is used between the auxiliary (*will* or *shall*) and the main verb and in Interrogative sentences *will* or *shall* is placed before the subject.

He will not play cricket.	وہ کرکٹ نہیں کھیلے گا -
Will you take tea ?	کیا آپ چائے پئیں گے ؟

مشق ۵

(الف) گاڑی تین بجے آئے گی - میں اگلے سال امتحان دونگی[1] - تم آج لیٹ ہو جاؤ گے - ہم شام کو ہوا خوری[2] کیلئے باھر جائینگے - وہ شام سے پہلے یہاں ہوگی - وہ کل ایک جلسہ کرینگے[3] - ہم یہ کتاب ڈاک کے ذریعہ[4] بھیجیں گے - وہ اس سال امتحان پاس کر لیگا - کسان پندرہ دن تک فصلیں کاٹ لیں گے[5] - میں ابھی ڈاکٹر کو بلا لونگا - میں اسے ٹیلیفون کرونگا[6] -

(ب) وہ اس صندوق کو ھاتھ نہیں لگائیگا - وہ تمہیں روپیہ ادا نہیں کریگا - وہ اس آسامی کے لئے درخواست نہیں کریگا[7] - وہ جلسہ ملتوی[8] نہیں کریں گے - اسے سردی نہیں لگے گی - میں اپنے چچا کے پاس نہیں ٹھہرونگا[9] -

کیا تم دوپہر تک واپس آجاؤ گے ؟ کیا وہ انعام حاصل کریگا ؟ کیا تم کل یہاں موجود ہو گے ؟ کیا تم مجھ پر اعتماد کرو گے[10] ؟ کیا تم مجھے یاد رکھو گے ؟ تم کب تک وھاں ٹھہرو گے ؟ تم مجھے کب اطلاع دو گے ؟ کیا تم یہ نارنگی چھیل لو گے[11] ؟ کیا کل موسم اچھا ہو جائیگا ؟

(ج) پیارے بچو- میں آج تمھیں ایک دلچسپ[12] کہانی سناؤنگا- یہ دلچسپ بھی ہے اور سبق آموز بھی[13]- مجھے امید ہے تم اسے ہمیشہ یاد رکھو گے اور کبھی بھولو گے نہیں- اور جب تم سکول چھوڑو گے تو یہ کہانی اپنے چھوٹے بھائی بہنوں کو سناؤ گے- یہ کہانی تمھیں محنت[14] کا سبق دیگی- جو بچے اس کہانی کو توجہ سے[15] سنیں گے اور اس کی نصیحتوں پر عمل کریں گے وہ دنیا میں ہمیشہ کامیاب رهیں گے- جو لوگ ناکامی[16] کی شکایت کرتے هیں[17]، یہ کہانی انہیں کامیابی کا راستہ دکھائے گی[18]-

Vocabulary

1. take the examination. 2. for a walk. 3. hold a meeting. 4. by post. 5. reap the crop. 6. ring him up. 7. apply for the post. 8. postpone. 9. put up with. 10. believe. 11. peel the orange. 12. interesting. 13. instructive. 14. diligence. 15. attentively 16. failure. 17. complain. 18. lead to success.

LESSON VI

PRESENT CONTINUOUS TENSE

14. The Present Continuous or Imperfect represents an action as going on at the time of speaking.

It is translated by putting "is" before the Present Participle form of a verb.

(The Present Participle is formed by adding "ing" to the I Form of a verb).

The boy is flying a kite.	لڑکا پتنگ اڑا رها هے-
The boys are buying fruit.	لڑکے پھل خرید رهے هیں-
I am taking the test.	میں امتحان دے رها هوں-
Is he sitting at the shop ?	کیا وہ دوکان پر بیٹھا هوا هے ؟
Are you winding the watch ?	کیا تم گھڑی کو چابی دے رهے هو ؟
He is not doing his duty.	وہ اپنا فرض ادا نہیں کر رها هے-

مشق ٦

(الف) گھنٹی بج رہی ہے۔ لڑکے سکول کو بھاگے جا رہے ہیں۔ وہ اپنے ہاتھوں میں کتابیں اٹھائے جا رہے ہیں۔ مجھے سردی لگ رہی ہے[1]۔ لڑکے بنچوں پر بیٹھے ہیں۔ نوکر فرش پر لیٹا ہے۔ میں گاڑی کا انتظار کر رہا ہوں۔ ہوائی جہاز پشاور کی طرف جا رہا ہے[2]۔ مجھے بھوک لگ رہی ہے۔ باغ میں پھول کھل رہے ہیں[3]۔ دریا بہ رہا ہے[4]۔ لڑکے نہر میں تیر رہے ہیں[5]۔ پانی پر لکڑی تیر رہی ہے[6]۔ دریا چڑھ رہا ہے[7]۔

(ب) کیا ہوا تیز چل رہی ہے؟ کیا استاد صاحب سبق پڑھا رہے ہیں؟ لڑکے سبق یاد نہیں کر رہے ہیں۔ کیا تمام لڑکے نقشے کھینچ رہے ہیں؟ کیا دھوبی کپڑے دھو رہے ہیں؟ کیا وہ گیت گا رہی ہے؟ کیا ماسٹر صاحب پرچوں پر نمبر لگا رہے ہیں[8]؟ تمہارا نوکر یہاں کس وقت آنے والا ہے؟ کیا تم سب دوستوں کو ضیافت[9] پر بلا رہے ہو؟ کیا باورچی روٹیاں پکا رہا ہے؟ کیا لڑکیاں دائرہ میں[10] بیٹھی ہوئی ہیں؟ گاڑی کتنی لیٹ آ رہی ہے؟

(ج) صبح کا وقت ہے۔ جی خوش ہے۔ آؤ ذرا باغ چلیں اور ہوا کھائیں۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے۔ درختوں پر رنگ برنگ کے پھول کھلے ہیں۔ ڈالیاں جھوم رہی ہیں[11]۔ کوآں چل رہا ہے[12]۔ ایک چھوٹا سا لڑکا پاس کھڑا ہے۔ تماشا دیکھ رہا[13]۔ دوسرا بڑا شوقین ہے[14]۔ ہاتھ میں کتاب ہے سبق یاد کر رہا ہے۔ یہ مالی کیا کر رہا؟ پودا لگا رہا ہے۔ بڑے میاں! یہ پودا کہاں سے لائے؟ صاحبزادے، شاہی باغ سے لایا ہوں۔

Vocabulary

1. catching cold. 2. flying to. 3. blooming. 4. flowing. 5. swimming. 6. floating. 7. rising. 8. marking the papers. 9. feast. 10. in a circle. 11. branches are waving. 12. the well is working. 13. enjoying the view. 14. fond of studies.

LESSON VII

PAST CONTINUOUS TENSE

15. The Past Continuous Tense represents an action as going on at some point in the past time and is translated by putting *was* before the *Present Participle* form of a verb ; as :

When I came in, he was taking the medicine.	جب میں اندر آیا وہ دوائی کھا رہا تھا ۔
When I called you, you were writing a letter.	جب میں نے تمہیں بلایا تم خط لکھ رہے تھے ۔
Was he digging a pit ?	کیا وہ گڑھا کھود رہا تھا ؟
Were you playing hocky yesterday ?	کیا تم کل ھاکی کھیل رہے تھے ؟
Were they copying the exercise ?	کیا وہ مشق نقل کر رہے تھے ؟
The farmer was not watering the field.	کسان کھیت کو پانی نہیں دے رہا تھا ۔

مشق ۷

(الف) مینہ برس رہا تھا ۔ لڑکے ھنس رہے تھے ۔ گاڑی سیٹی بجا رہی تھی[1] ۔ باورچی کھانا پکا رہا تھا ۔ نوکر باورچی خانہ[2] میں لیٹا ہوا تھا ۔ مالی پودوں کو پانی دے رہا تھا ۔ لڑکیاں کپڑے سی رہی تھیں ۔ چپراسی سکول بند کر رہا تھا ۔ تم جھوٹ بول رہے تھے ۔ کتے بھونک رہے تھے ۔ گھوڑے ھنہنا رہے تھے[3] ۔ مکھیاں بھنبھنا رہی تھیں[4] ۔ بادل گرج رہا تھا[5] ۔ بجلی چمک رہی تھی[6] ۔

(ب) کیا گاڑی آ رہی تھی ؟ کیا لڑکے شور کر رہے تھے ؟ کیا مویشی کھیت میں چر رہے تھے ؟ کیا مکان جل رہا تھا ؟ کیا معمار کمروں میں قلعی کر رہے تھے[7] ۔ کیا عورتیں کنویں سے پانی نکال رہی تھیں[8] ؟ کیا مزدور آرام کر رہے تھے ؟ کیا دھوبی کپڑوں کو استری کر رہا تھا ؟ کیا خاکروب کمروں کو صاف

کر رہا تھا ؟ کیا نوکر لیمپ جلا رہا تھا ؟ کیا وہ بورڈنگ میں نہیں رہتا تھا ؟ تم کیوں رو رہے تھے ؟ کیا وہ درختوں کو کاٹ کاٹ کر گرا رہے تھے ؟ کیا چور مکان میں نقب لگا رہا تھا ؟

(ج) جب میں جاگا تو آسمان پر ستارے چمک رہے تھے - مسجدوں میں اذان[9] کی آوازیں آ رہی تھی - میں بستر سے اٹھا اور شہر سے باہر نکل گیا - ابھی اکثر لوگ چارپائیوں پر سو رہے تھے - گلیوں میں کتے بھونک رہے تھے - راستے میں مجھے کچھ کسان ملے جو اپنے مویشی کھیتوں میں لے جا رہے تھے - شہر کے باہر عجیب نظارہ تھا[10] - ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی - درختوں پر پرندے چہچہا رہے تھے[11] - باغ سے بھینی بھینی خوشبو آ رہی تھی[12] - زمین پر سبز گھاس کا فرش بچا تھا - اور اس پر اوس کے قطرے[13] ایسے دکھائی دیتے تھے جیسے مخمل کے فرش[14] پر موتی[15] جڑے ہوں[16] -

Vocabulary

1. to whistle. 2. kitchen. 3. to neigh. 4. to buzz. 5. to thunder. 6. to flash. 7. to whitewash. 8. to draw water. 9. call for prayer. 10. pleasant sight. 11. to chirp. 12. sweet smelling fragrance. 13. dew-drops. 14. carpet of velvet. 15. pearls. 16. set with.

LESSON VIII

FUTURE CONTINUOUS TENSE

16. **The Future Continuous** Tense shows that an action is going on at some point in future time, and is translated into English by adding *will be or shall be* to the Present Participle form of a verb ; as :

Boys will be going home in the evening. - لڑکے شام کو گھر جا رہے ہونگے

Girls will be learning their lessons.	لڑکیاں سبق یاد کر رہی ہونگی -
Children will be playing with toys.	بچے کھلونوں سے کھیل رہے ہونگے -

Note.—This tense is often replaced by Future Indefinite Tense.

مشق ۸

(الف) سکینہ کھانا پکا رہی ہوگی- لڑکے سبق یاد کر رہے ہونگے - چٹھی رسان چٹھیاں بانٹ رہا ہوگا[1] - ٹھنڈی ہوا چل رہی ہوگی[2]- وہ میچ کھیل رہے ہونگے - گائیں گھاس چر رہی ہونگی- مرغ بانگ دے رہا ہوگا[3] - مینڈک ٹرا[4] رہے ہونگے - کوے کائیں کائیں کر رہے ہونگے - بلیاں میاؤں میاؤں کر رہی ہونگی- شیر دھاڑ[5] رہے ہونگے - بھیڑیں ممیا رہی ہونگی - اس کی بیوی خط کا انتظار کر رہی ہوگی - سست لڑکیاں چارپائیوں پر بیٹھی ہونگی - ڈاکٹر صاحب شفاخانہ میں بیٹھے ہونگے -

(ب) کیا وہ لکڑی چیر رہا ہوگا[7] ؟ کیا نہر میں پانی بہ رہا ہو گا ؟ کیا وہ فٹ بال میں ہوا بھر رہے ہونگے[8] ؟ کیا نوکرانی برتن صاف کر رہی ہوگی ؟ کیا تم چائے بنارہے ہو گے ؟ وہ شام کو کہاں جارہے ہونگے ؟ کیا لڑکے سوال کر رہے[9] ہونگے ؟ کیا لڑکے امتحان کی تیاری کر رہے ہونگے ؟ کیا وہ ورزش کر رہے ہونگے ؟ کیا پولیس چور کی تلاش کر رہی ہوگی ؟ کیا لڑکے تالاب میں نہا رہے ہونگے ؟ ہم دروازہ نہیں کھٹکھٹا رہے ہونگے[10]؟ جب ہم سکول پہنچینگے تو چپڑاسی دروازہ کھول رہا ہو گا - جب بارش ہو گی تو کسان ہل چلا رہے ہونگے - جب اپریل آئیگا تو نئے لڑکے سکول میں داخل ہو رہے ہونگے -

Vocabulary

1. delivering. 2. blowing. 3. crowing. 4. croaking. 5. roaring. 6. bleating. 7. sawing. 8. inflating. 9. solving. 10. knocking.

LESSON IX

PRESENT PERFECT TENSE

17. The Present Perfect Tense denotes :—

(*a*) *An action just now finished* ; as :—

He has drunk water. — وہ پانی پی چکا ہے ۔

(*b*) *To express a past action of which the consequences are still present* ; as :—

I have passed the M. A. examination. — میں نے ایم ۔ اے پاس کر لیا ہے ۔

It is translated by putting *has* or *have* before];the III Form of a verb ; as :—

He has finished his work. — وہ اپنا کام ختم کر چکا ہے ۔
Boys have returned the books. — لڑکے کتابیں واپس کر چکے ہیں ۔
Have yau rung the bell ? — کیا تم نے گھنٹی بجادی ہے ۔

18. In translating sentences as وہ کل آیا ہے use the Present Indefinite Tense and not the Present Perfect, *i.e.* *He came* yesterday.

I *finished* the work yesterday. — میں نے کل کام ختم کیا ہے ۔
Mahmud *reached* this morning. — محمود آج صبح پہنچ گیا ہے ۔

19. This tense is also used to denote an action that began in the past and is still going on ; as :—

The English have ruled over the Punjab for 83 years. — انگریز پنجاب پر تراسی سال تک حکومت کرچکے ہیں ۔

مشق ۹

(الف) وہ کام ختم کر چکا ہے ۔ ہم کھانا کھا چکے ہیں ۔ آج بہت بارش ہوئی ہے ۔ ہم کپڑے تبدیل کر چکے ہیں ۔ اس نے کھٹے آم پھینک دئے ہیں ۔ بچوں نے کتابیں پھاڑ دی ہیں[1] ۔ سورج نکل چکا ہے[2] ۔ وہ میچ جیت چکے ہیں ۔ سردی کا موسم آ پہنچا ہے[3] ۔ گاڑی اسٹیشن پر آ پہنچی ہے[4] ۔ گاڑی جا چکی ہے ۔ سپاھی نے چور کو پکڑ لیا ہے ۔

(ب) کیا تم نے کوئی خبر[5] سنی ہے ؟ کیا تم اپنا وعدہ بھول گئے ہو ؟ کیا تمہیں نوکری مل گئی ہے[6] ؟ کیا وہ کپڑے پہن چکے ہیں ؟ کیا تم نے میرے خلاف شکایت کی ہے ؟ کیا شکاری نے بندوق چلا دی[7] ہے ؟ کیا تم نے خط ڈاک میں ڈال دیا ہے[8] ؟ تم کتنا سفر طے کر چکے ہو ؟ تم نے ڈاکٹر کو کیوں بلایا ہے ؟ تم نے میری گھڑی کہاں رکھی ہے ؟ کیا اس نے امتحان کے لئے تیاری کر لی ہے ؟ کیا تم نے کوئی خواب[9] دیکھا ہے ؟

(ج) معلوم ہوتا ہے آج گاڑی لیٹ ہے ۔ گھنٹی بج چکی ہے اور کلرک نے ٹکٹ گھر[10] کی کھڑکی کھول دی ہے ۔ لوگ کھڑکی کے سامنے جمع ہو گئے ہیں ۔ وہ ایک دوسرے کو دھکیل[11] رہے ہیں ۔ میں نے اندر سے ٹکٹ لے لئے ہیں ۔ کیا قلی سامان اٹھا کر لے گیا ہے ؟ ہاں اس نے تمام سامان پلیٹ فارم پر رکھ دیا ہے ۔ وہ دیکھو ، سگنل[12] ہو گیا ۔ اب گاڑی آیا چاہتی ہے[13] ۔ اب گاڑی کھڑی ہو گئی ہے ۔ کیا تم نے سارا سامان گاڑی میں رکھ دیا ہے ؟ عورتیں گاڑی میں بیٹھ گئی ہیں ۔ میں نے ابھی سامان بک نہیں کرایا ۔ بچوں اور عورتوں کو سیکنڈ کلاس میں سوار کرا دیا ہے ۔ کیا تم نے بچوں کے لئے کچھ مٹھائی لے لی ہے ؟ ایک چھابڑی والا[14] ادھر آ رہا ہے ۔ میں اس سے کچھ پھل لے لونگا ۔ دیکھو ، اب گاڑی سے نہ اترنا ۔ گارڈ نے سبز جھنڈی ہلا دی ہے اور گاڑی نے حرکت کرنا شروع کر دی ہے ۔

Vocabulary

1. torn off. 2. has risen. 3. has set in. 4. steamed in. 5. fresh news. 6. got service. 7. fired a gun. 8. posted. 9. dream. 10. booking office. 11. pushing. 12. is lowered. 13. the train is reaching in no time. 14. hawker.

LESSON X

PAST PERFECT TENSE

20. The Past Perfect Tense (also called the Pluperfect) denotes an action completed at some point in the past time before another action commenced. It is translated into English by putting *had* before the III Form of a verb ; as :—

I had torn off the letter before you reached here.	جب تم یہاں پہنچے ' میں خط پھاڑ چکا تھا ۔
The house had fallen before you came. You came after the house had fallen.	تمہارے آنے سے پہلے مکان گر چکا تھا ۔
Had the thieves run away when we came out ?	کیا چور ہمارے باہر نکلنے سے پہلے بھاگ چکے تھے ؟

[Students should note that the Past Perfect Tense should not be used unless the other action is mentioned. In translating sentences like میں نے کل اسے دیکھا تھا always use the Past Indefinite and say, "*I saw him yesterday*" (not *had seen*).]

مشق ۱۰

(الف) وہ باھر جا چکا تھا ۔ ماھی گیر بہت سی مچھلیاں پکڑ چکا تھا ۔ بارش بند ھو چکی تھی ۔ گرمی کا موسم ختم ھو چکا تھا ۔ اس نے نوکری کے لئے درخواست دے دی تھی[1] ۔ میں نے تمہیں اسی وقت پہچان لیا تھا ۔ باورچی[2] کھانا پکا چکا تھا ۔ جب میں اسٹیشن پر پہنچا تو گاڑی جا چکی[3] تھی ۔ میرے پہنچنے سے پہلے اس نے دروازہ بند کر دیا تھا ۔ میرے آنے سے پہلے وہ مر چکا تھا ۔ ڈاکٹر صاحب کے آنے سے پہلے وہ بیہوش ھو چکا تھا[4] ۔ جب ھم باغ میں پہنچے تو پھول مرجھا چکے[5] تھے ۔ تمہارے آنے سے پیشتر

ضیافت[6] شروع ہو چکی تھی - سکول بند ہونے سے پہلے میں نے لائبریری سے کتاب حاصل کر لی تھی - جب خرگوش جاگا تو کچھوا[7] منزل مقصود[8] پر پہنچ چکا تھا -

(ب) کیا تم میرے آنے سے پہلے ٹکٹ لے چکے تھے ؟ کیا اس نے تمہارے ساتھ جانے کا وعدہ کر لیا تھا ؟ کیا مرغیاں انڈے دے چکی تھیں ؟ کیا سانپ سوراخ میں داخل ہو چکا تھا ؟ کیا اُستاد لڑکوں کو سزا دے چکا تھا ؟ کیا گاڑی آنے سے پہلے تم اپنا سامان بک کرا چکے تھے ؟ کیا تمہارے جاگنے سے قبل چور فرار[9] ہو چکا تھا ؟ کیا صدر کے آنے سے پیشتر جلسہ شروع ہو چکا تھا ؟

(ج) جب میں جاگا تو آسمان پر کالے کالے بادل تھے - تھوڑی دیر کے بعد بارش شروع ہو گئی - بارش زور سے ہوئی اور دو گھنٹے تک ہوتی رہی - دوپہر تک بارش تھم چکی تھی اور بادل چھٹ[10] چکے تھے ، مگر سب جگہ پانی ہی پانی تھا اور بارش کے پانی نے تمام گلی کوچے صاف کر دئے تھے - سڑک کے دونوں طرف جو گڑھے تھے ان میں پانی بھر چکا تھا اور چھوٹے بچے کاغذ کی ناؤ[11] تیرا رہے تھے - جب ہم باہر نکلے تو دیکھا کہ لوگ جوق در جوق[12] سیر کو جا رہے ہیں - بارش نے درختوں اور پودوں کو دھو دیا تھا اور وہ بہت بھلے معلوم ہوتے تھے - میں بھی گھر سے نکلا اور ابھی چند قدم ہی گیا تھا کہ میرا پاؤں پھسلا[13] اور میں زمین پر گر پڑا - میرے تمام کپڑے خراب ہو گئے - جب لڑکوں نے مجھے گرتے دیکھا تو ہنسنے اور اور تالیاں بجانے لگے[14] -

Vocabulary

1. applied. 2. cook. 3. had steamed off; left. 4. fainted. 5. withered. 6. feast. 7. tortoise. 8. destination. 9. fled. 10. disappeared. 11. paper-boat. 12. in crowds. 13. slipped. 14. clapped their hands.

LESSON XI

FUTURE PERFECT TENSE

20. The Future Perfect Tense denotes that the action will be completed before another future action takes place. Both the actions take place in the future, but one is finished and completed before the second takes place. The one which takes place before and is finished, is expressed in the **Future** Perfect while the second which takes place after, is expressed in the Present Indefinite Tense and not in the Future Indefinite Tense. It is translated by putting *will have* or *shall have* before the III Form of a verb ; as :—

He will have finished the work before you meet him.	جب تم اسے ملوگے وہ کام ختم کر چکا ہوگا -
When you reach the Railway Station the train will have left.	جب تم اسٹیشن پر پہنچو گے تو گاڑی چھوٹ چکی ہوگی -
We shall have cleared off the debt before you return.	تمہارے واپس آنے سے پہلے ہم قرض ادا کر چکے ہونگے -

مشق ۱۱

(الف) وہ قرض[1] ادا کر چکا ہوگا - اس نے رونا بند کر دیا ہوگا - تم نے کتاب ختم کر لی ہوگی - بارہ بجے امتحان ختم ہوچکا ہوگا - وہ مکان تعمیر کر چکے ہونگے - جولاھا کپڑا بن چکا ہوگا - لوھار تالا مرمت کر چکا ہوگا[2] - درزی نے تمہارے کپڑے سی لئے ہونگے - موچی نے میرا جوتا مرمت کر لیا ہوگا[3] - حجام بچے کی حجامت بنا چکا ہوگا - حلوائی دوکان بند کر چکا ہوگا - تمہارے آنے سے پہلے وہ دروازہ کھول چکا ہوگا - جب سورج نکلیگا تو پرندے اڑ چکے ہونگے - جب بارش شروع ہوگی تو ہم اناج اندر رکھ چکے ہونگے - جب وہ جوان ہوگا

تو یہ مکان گرچکا ہوگا ۔ اندھیرا[4] ہونے سے پہلے وہ گاؤں پہنچ چکا ہوگا۔ وہ تمام رقم منی آرڈر کے ذریعہ بھیج چکا ہوگا ۔

(ب) کیا وہ اب تک سو چکا ہوگا ؟ کیا سکول بند ہوچکا ہوگا ؟ کیا وہ لیمپ جلا چکا ہوگا[5] ؟ کیا تم جون تک واپس آچکے ہوگے ؟ وہ دوپہر تک کتنا سفر طے کرچکے ہونگے[6] ؟ کیا سر-یوں میں پھول گرچکے ہونگے ؟ کیا خالد نے قلم خرید لیا ہوگا ؟ کیا گارڈ نے سیٹی بجا دی ہوگی ؟ کیا استاد صاحب نے حاضری لگا لی ہوگی ؟ کیا کسان نے بیج بو دئے ہونگے ؟ کیا نوکر نے پھل توڑ لئے ہونگے ؟ کیا زمیندار مئی تک فصل کاٹ چکے ہونگے[8] ؟ کیا تم اندھیرا ہونے سے پہلے کھانا کھا چکے ہوگے ؟

Vocabulary

1. debt. 2. repair. 3. mend. 4. dark. 5. light the lamp. 6. travel. 7. whistled. 8. harvest.

LESSON XII

PRESENT PERFECT CONTINUOUS

21. The Present Perfect Continuous Tense expresses an action continuing up to the present time. It is translated into English by adding *has been* or *have been* to the Present Participle of a verb ; as :—

I have been living here for three years.	میں تین سال سے یہاں رہتا ہوں ۔
Have you been watching him since morning?	کیا تم صبح سے اس کی نگرانی کرتے رہے ہو ؟

22. **For** and **since.**—Sentences containing Present Perfect or Present Continuous Perfect generally convey a reference to a *point of time* or *period of time*. **For** i

used for a period of time and **since for** a point of time.

Examples of Point of Time :—Sunday, Monday, 4th September, 1st June, morning, evening, afternoon, 3 p.m.

Examples of Period of Time.—Five minutes, two hours, four days, one week, six months, five years, etc.

مشق ۱۲

(الف) وہ آٹھ دن سے کام کر رہا ہے - میں تین مہینے سے درخواستیں دیتا رہا ہوں[1] - ہم تین گھنٹے تک اس جگہ آم کھاتے رہے ہیں - بڑھیا دو دن سے رو رہی ہے - وہ تین ہفتہ سے چیچک[2] سے بیمار ہے - زاھد کئی سال تک یہ دوکان چلاتا رہا ہے[3] - سوموار سے دریا کا پانی اتر رہا ہے - میرا نوکر دو سال سے تپ دق[4] سے بیمار ہے - ھمارے لڑکے چار دن سے میچ کھیل رہے ہیں - ھماری ٹیم اتوار سے میچ کھیل رہی ہے - سعید چودہ تاریخ سے واپس جا چکا ہے - لڑکے صبح سے شرارتیں کر رہے ہیں[5] -

(ب) کیا لڑکیاں صبح سے نہا رہی ہیں؟ کیا وہ تین دن سے بھوک سے مر رہے ہیں[6] - کیا تم ۱۹۲۵ء سے گورنمنٹ اسکول میں پڑھ رہے ہو؟ کیا حامد بیس منٹ تک دروازہ کھٹکھٹاتا رہا ہے[7]؟ کیا پرندے صبح سے اڑ رہے ہیں؟ کیا یہ آدمی دس منٹ سے یہ بوجھ اٹھائے جا رہا ہے؟ کیا رضیہ آج دوپہر[8] سے جغرافیہ یاد کر رہی ہے؟ کیا تم صبح سے ورزش کر رہے ہو[9]؟

(ج) کریم ھمارے سکول کا چپڑاسی ہے - وہ دس سال سے ھمارے سکول میں کام کر رہا ہے - اس سے پہلے وہ چوکیدار[10] کا کام کرتا تھا - اس سکول میں آنے سے پہلے وہ خزانہ[11] میں کام کرتا رہا ہے - جہاں کہیں وہ رہا ہے، وہ بہت دیانت داری سے کام کرتا رہا ہے - آج کل وہ اپنے کنبہ[12] سمیت سکول کے احاطہ[13] میں رہتا ہے - کچھ دنوں سے وہ بیمار ہے - اور پچھلے بدھوار سے اس کا

بھائی اس کی جگہ کام کر رہا ہے ۔ شروع میں وہ کوئی دوائی نہیں پیتا تھا ۔ لیکن اب تین دن سے اسکول کا ڈاکٹر اس کا علاج کر رہا ہے[14] اور اب وہ تندرست ہورہا ہے[15] ۔

Vocabulary

1. sending applications. 2. smallpox. 3. running a shop. 4. tuberculosis. 5. making mischief. 6. starving. 7. knocking at the door. 8. afternoon. 9. taking exercise. 10. watchman. 11. treasury. 12. family. 13. school premises. 14. treat. 15. healing, recovering.

LESSON XIII

PAST PERFECT CONTINUOUS

23. The Past Perfect Continuous Tense is used to express an action which had been going on con'inuously in the past but was finished at some definite past time. It is formed by putting *had been* before a Present Participle of a verb ; as :—

The servant had been sleeping for 3 hours before he was awakened.	نوکر تین گھنٹے سے سویا ہوا تھا جب اس کو جگایا گیا ۔ جب نوکر کو جگایا گیا تو وہ تین گھنٹے سے سو رہا تھا ۔

24. The Past Perfect Continuous is often replaced by Past Perfect ; as :

The servant had slept for three hours before he was awakened. Similarly, Future Perfect Tense is used for the Future Perfect Continuous.

The servant will have slept for 3 hours before he awoke.	نوکر جاگنے سے پہلے تین گھنٹے تک سویا رہا ہوگا ۔

مشق ۱۳

(الف) استاد لڑکوں کو فارسی پڑھاتا رہا تھا - اس نے مجھے بتایا کہ اسلم تین گھنٹے سے چلاتا رہا تھا - جب ہم گاؤں میں پہنچے تو کسان فصل کاٹ رہا تھا[1] - فقیر نے کہا کہ وہ صبح سے بھیک مانگتا[2] رہا تھا - رحمت نے شکایت کی کہ اختر شطرنج[3] کھیلتا رہا ہے - کیا آپ جانتے ہیں کہ وہ تھرما میٹر استعمال کرتے رہے تھے ؟ میں کئی سال سے یہ دوائی استعمال کرتا رہا تھا - بوڑھا فقیر اس جھونپڑی[4] میں بیس سال تک رہتا رہا ہے - بڑھئی دو دن سے اس سیڑھی کی مرمت کرتا رہا تھا - جب میں عجائب گھر[5] پہنچا تو سعید دو گھنٹہ سے میرا انتظار کر رہا تھا - ہم جانتے تھے کہ وہ اپنے چچا کے پاس رہ رہا تھا - وہ ہسپتال کا راستہ پوچھتا رہا تھا - وکیل بننے سے پہلے وہ اسکول ماسٹر رہا تھا - قبل اس کے کہ آپ کو جگایا گیا، آپ دو گھنٹے سے سو رہے تھے -

(ب) کیا تم اسے تین دن تک دعوت دئے جا رہے تھے ؟ کیا بشیر دو گھنٹے سے تمہارا انتظار کرتا رہا تھا ؟ کیا تم اسے دس منٹ سے ٹیلیفون کرتے رہے تھے[6] ؟ گڈریا بھیڑوں کی نگرانی نہیں کرتا رہا تھا - کیا وہ اپنی آمدنی سے زیادہ خرچ کرتا رہا تھا[7] ؟ کیا وہ اپنی تمام عمر اسی طرح سے جھگڑتا رہا تھا ؟ کیا یہ مرغی ہر روز ایک انڈا دیتی رہی تھی ؟ کیا تم بھی درد سے کراہتے رہے تھے ؟ کیا یہ عورت اپنے پڑوسیوں کی مدد نہیں کرتی رہی تھی ؟ کیا وہ تمہارے خلاف باپ کے کان بھرتا رہا تھا[8] ؟ اورنگ زیب کئی سال مرہٹوں سے لڑتا رہا تھا -

Vocabulary

1. was reaping the harvest. 2. begging. 3. chess. 4. hut. 5. museum. 6. ringing. 7. living above his means. 8. poisoning the ears.

CHART OF TENSES

Present Tense

Person	Present Indefinite Tense	Present Continuous Tense	Present Perfect Tense	Present Perfect Continuous Tense
First Person Singular	I write میں لکھتا ھوں	I am writing میں لکھ رھا ھوں	I have written میں نے لکھ لیا ھے	I have been writing میں لکھتا رھا ھوں
First Person Plural	We write ھم لکھتے ھیں	We are writing ھم لکھ رھے ھیں	We have written ھم نے لکھ لیا ھے	We have been writing ھم لکھتے رھے ھیں
Second Person Singular and Plural	You write تم لکھتے ھو	You are writing تم لکھ رھے ھو	You have written تم نے لکھ لیا ھے	You have been writing تم لکھتے رھے ھو
Third Person Singular	He writes وہ لکھتا ھے She writes وہ لکھتی ھے	He is writing وہ لکھ رھا ھے She is writing وہ لکھ رھی ھے	He has written اس نے لکھ لیا ھے	He (she) has been writing وہ لکھتا رھا(رھی)ھے
Third person Plural	They write وہ لکھتے ھیں	They are writing وہ لکھ رھے ھیں	They have written انہوں نے لکھ لیا ھے	They have been writing وہ لکھتے رھے ھیں

Past Tense

Person	Past Indefinite Tense	Past Continuous Tense	Past Perfect Tense	Past Perfect Continuous Tense
First Person Singular	I wrote میں نے لکھا	I was writing میں لکھ رھا تھا	I had written میں نے لکھا تھا	I had been writing میں لکھتا رھا تھا
First Person Plural	We wrote ھم نے لکھا	We were writing ھم لکھ رھے تھے	We had written ھم نے لکھا تھا	We had been writing ھم لکھتے رھے تھے
Second Person Singular and Plura	You wrote تم نے لکھا	You were writing تم لکھ رھے تھے	You had written تم نے لکھا تھا	You had been writing تم لکھتے رھے تھے
Third Person Singular	He (She) wrote اس نے لکھا	He (She) was writing وہ لکھ رھا تھا وہ لکھ رھی تھی	He (She) had written اس نے لکھا تھا	He had been writing وہ لکھتا رھا تھا
Third Person Plural	They wrote انہوں نے لکھا	They were writing وہ لکھ رھے تھے	They had written انہوں نے لکھا تھا	They had been writing وہ لکھتے رھے تھے

FUTURE TENSE

Person	Future Indefinite Tense	Future Continuous Tense	Future Perfect Tense	Future Perfect Continuous Tense
First Person Singular	I shall write میں لکھونگا	I shall be writing میں لکھتا رھونگا	I shall have written میں نے لکھلیا ھوگا	I shall have been writing میں لکھتا رھا ھونگا
First Person Plural	We shall write ھم لکھیں گے	We shall be writing ھم لکھتے رھینگے	We shall have written ھم نے لکھ لیا ھوگا	We shall have been writing ھم لکھتے رھے ھونگے
Second Person Singular and Plural	You will write تم لکھو گے	You will be writing تم لکھتے رھوگے	You will have written تم نے لکھ لیا ھوگا	You will have been writing تم لکھتے رھے ھوگے
Third Person Singular	He will write وہ لکھیگا	He will be writing. وہ لکھتا رھیگا -	He (She) will have written اس نے لکھ لیا ھوگا	He(She) will have been writing وہ لکھتا رھا (رھی) ھوگا
Third Person Plural	They will write وہ لکھیں گے	They will be writing وہ لکھتے رھینگے	They will have written انھوں نے لکھ لیا ھوگا	They will have been writing وہ لکھتے رھے ھونگے

LESSON XIV

MISCELLANEOUS EXERCISES ON TENSES

(Revision)

25. Present Indefinite and Present Continuous are sometimes used for the Future Indefinite.

26. The Future Tense is sometimes used for a Present Indefinite Tense ; as :—

Our school opens in the next month.	ھمارا سکول اگلے ماہ کھلے گا -
When is your father coming ?	تمہارے ابا جان کب آئیں گے ؟
He is coming tomorrow morning.	وہ کل صبح تشریف لائیں گے -

27. The Future Tense is sometimes used for a Present Indefinite Tense ; as :—

I shall tell you what I saw.	جو کچھ میں نے دیکھا میں آپکو بتاتا ہوں -

The Present Indefinite is also used for the Present Perfect Tense ; as :—

We hear that you are going to join our school.	ھم نے سنا ھے کہ تم ھمارے سکول میں داخل ھونے والے ھو -

مشق ۱۴

(الف) تمہارا بھائی سکول سے اکثر غیر حاضر رھتا ھے۔ کیا پودے[1] اپنی جڑوں سے خوراک چوستے[2] ھیں ؟ ڈبی بازار کے دکانداروں نے اپنی دکانیں بند کر دی ھیں - یہاں ھر سال ایک میلہ لگتا ھے[3] - کیا وہ اس سال بھی انعام حاصل کریگا - ھمارا گاؤں دریا کے کنارے واقع ھے[4] - کسان اپنے مویشی کھیتوں میں ھانک کر لے گئے تھے - وہ صبح تک سٹور میں پہنچ چکا ھو گا -

(ب) ھم شام کو ۲ گھنٹہ تک کرکٹ کھیلا کرتے ھیں - میں سورج نکلنے سے پہلے ھی باھر نکل جایا کرتا تھا - خرگوش[5]

اس تالاب کے نزدیک رہا کرتا تھا - مجھے ڈاک خانہ جانے میں دس منٹ لگیں گے - میں ہر ہفتہ گھر نہیں جایا کرتا - آپ کے جانے سے پہلے ہی میں خط لکھ چکونگا - میں اس کی تکلیف کا کافی معاوضہ دے چکا ہوں[6] - یا رحیم نے یا کریم نے اسے **قرض** دیا ہے[7] - کیا اسے سزا ملے گی ؟ مجھے سخت چوٹ لگی[8] -

(ج) ایک آدمی کے پاس ایک مرغی تھی، جو ہر روز ایک سونے کا انڈا دیتی تھی - وہ آدمی بہت بے صبرا[9] تھا - وہ چاھتا تھا کہ جلد ہی انڈوں کا صندوق بھر لے - اس نے سوچا کہ مرغی کا پیٹ سونے کے انڈوں سے بھرا ہوا ہے - اس نے مرغی کو ہلاک[10] کر دیا - لیکن جب اس نے اس کا پیٹ چاک کیا تو اسے کوئی انڈا نہ ملا -

(د) ایک ٹڈا[11] ادھر ادھر پھرنے میں وقت گذار دیا کرتا تھا - اس نے موسم سرما کے لئے کوئی اناج جمع نہ کیا - جب موسم گرما ختم ہو گیا اور موسم برسات شروع ہوا تو اس کے پاس نہ ہی کوئی خوراک تھی اور نہ ہی رھنے کے لئے کوئی ٹھکانہ - آخر وہ ایک چیونٹی کے گھر گیا اور دروازہ پر دستک دی[12] - چیونٹی نے پوچھا تم اس وقت کس کام کے لئے آئے ہو - ٹڈے نے جواب دیا میں آپ کے پاس خوراک مانگنے کے لئے آیا ہوں - چیونٹی نے پوچھا تم گرمیوں میں جب موسم صاف تھا، کیا کرتے رہے؟ ٹڈے نے کہا میں اسوقت گاتا رہا اور پھرتا رہا - چیونٹی نے کہا - اچھا اب جا کر ناچو۔

(ر) ایک شیر ایک جنگل میں سو رہا تھا - ایک چوہے نے اس کی نیند میں اسے پریشان کیا[13] - شیر جاگا اور اس چوہے کو پکڑ لیا - چوہے نے معافی مانگی[14] اور کہا اب مجھے جانے دو - میں کسی وقت اس مہربانی کا بدلہ ادا کرونگا[15] - شیر ہنسا اور اسے چھوڑ دیا - چند دن کے بعد کچھ شکاریوں نے شیر کو پکڑ لیا اور رسوں سے باندھ دیا - شیر نے دھاڑنا[16] شروع کیا - چوہے نے اس کی آواز سنی اور موقع پر آ پہنچا - اس نے اپنے تیز دانتوں سے رسوں کو کاٹ دیا - اور تھوڑے ہی عرصہ میں شیر آزاد ہوگیا -

(س) ایک لومڑ ایک هڈی نگل گیا[17] - یه هڈی اس کے حلق[18] میں پھنس گئی[19] - لومڑ نے هڈی نکالنے کی بہت کوشش کی مگر کامیاب نه هوا - ایک سارس نے اس کی تکلیف کی خبر سنی اور اسکی مدد کے لئے آ پہنچا - اس نے اپنی لمبی چونچ[20] لومڑ کے حلق میں ڈال دی اور هڈی کو باهر نکال لیا - لومڑ هڈی کو باهر دیکھ کر بہت خوش هوا اور سارس کا شکریه ادا کیا[21] - سارس نے لومڑ سے انعام مانگا[22] - لومڑ نے کہا - کیا یه انعام کافی نہیں که جب تم نے اپنی چونچ میرے حلق میں ڈالی تو میں نے اسے کاٹ نه کھایا ؟

Vocabulary

1. plants. 2. suck. 3. a fair is held. 4. lies; is situated. 5. hare. 6. have amply rewarded him. 7. to lend money. 8. badly hurt. 9. impatient. 10. killed. 11. grasshopper. 12. knocked at the door. 13. disturbed. 14. apologised. 15. pay back this kindness. 16. roar. 17. swallowed. 18. throat. 19. got into. 20. slender beak. 21. thanked. 22. asked reward.

LESSON XV

IMPERATIVE SENTENCES & THE USE OF 'LET'

28. In Imperative Sentences the Verb expresses *command*, *advice* or *order* ; as :—

Go out and call the servant. باهر جاؤ اور نوکر کو بلا لاؤ -
Help your friends. اپنے دوستوں کی مدد کرو -
Kindly give me a sheet of paper. مہربانی کر کے مجھے ایک کاغذ کا تختہ دو -

The Imperative Mood is used in the second person only and the subjects *you* or *thou* are usually omitted ; as :

Come here. یہاں آؤ -
Bring him here. اسے یہاں لاؤ -

Note.—A Future Indefinite Tense is also used to express request ; as :—

Will you lend me your book? کیا آپ مجھے اپنی کتاب عاریتاً عنائت کرینگے -

29. **'Do not'** is put before the I Form of a verb to make it Negative Imperative ; as :—

Do not play by the wall. دیوار کے پاس مت کھیلو -
Do not go out at night. رات کو باھر نہ جاؤ -

30. The sense of the Imperative Mood in connection with the I or III persons is expressed by the use of *let*; as:—

Let him come in. اس کو اندر آنے دو -
Let me play in the garden. مجھے باغ میں کھیلنے دو -
Let him not stay here. اسے یہاں نہ ٹھہرنے دو -

31. *Let* is also used to translate the sentences beginning with آؤ - چلو - etc. ; as :—

Let us go to the bazar. آؤ ھم بازار چلیں -
Let us go out for a walk. چلو ھم سیر کو چلیں -
Let him run ever so hard, he cannot reach the bridge. چاھے وہ کتنا ھی دوڑے وہ پل پر نہیں پہنچ سکتا -

مشق ١٥

(الف) دروازہ بند کرو - کوٹ کے بٹن بند کرو - بوٹ کے تسمے لگاؤ[1] - اپنی جگہ پر بیٹھ جاؤ - لیمپ جلاؤ - بتی کو پھونک مار کر بجھا دو[2] - میرے لئے ایک چائے کی پیالی لاؤ - ھمیشہ سچ بولو - تھوڑی دیر کے لئے آرام کرو - اپنے سبق کی طرف دھیان دو[3] - مجھے ایک دیا سلائی عنایت کرو - اپنا جسم اور کپڑے صاف رکھو - ھمیشہ وقت پر سکول آؤ - اپنی کتاب کا صفحہ بیس کھولو - اپنا وعدہ پورا کرو - اس بوتل کو پانی سے بھر دو - مہربانی کر کے مجھے ایک پنسل عنایت کرو - خدا پر بھروسہ رکھو[4] - روزانہ ورزش کرو - مجھے معاف کردو[5] -

(ب) شور نہ کرو - جلدی نہ کرو - دوسروں کی چیزیں نہ چراؤ - کمرے سے باہر نہ نکلو - برے لڑکوں سے دوستی نہ رکھو - گندے مکانوں میں نہ رہو - سردی میں ٹھنڈے پانی سے نہ نہاؤ - دوستوں سے ٹھٹھہ نہ کرو[6] - دوسروں کے خط نہ پڑھو - سکول سے غیر حاضر نہ رہو - کسی سے جھوٹا وعدہ نہ کرو - جھوٹ نہ بولو - جوا مت کھیلو - دھوپ میں مت بیٹھو - کتے کو مت مارو -

(ج) اسے پانی پینے دو - اسے اندر آنے دو - اسے یہاں پڑا رہنے دو - اس بیوقوف کو یہیں مرنے دو - ہمیں کھڑکی کے سامنے کھڑا ہونے دو - ان لڑکوں کو کچھ کھانے دو - بچوں کو صحن[7] میں کھیلنے دو - چلو ہم بھی سیر کو چلیں - چلو ہم بھی کچھ خرید لیں - آؤ ہم گڑھا کھودیں - لڑکیوں کو باہر نہ نکلنے دو - آؤ ہم عرضی بھیج دیں - دیکھنا کہیں گہرے[8] پانی میں نہ اترنا - چلو آج چھٹی منائیں[9] - لڑکوں کو آوارہ نہ پھرنے دو - مہمانوں کے آگے کھانا رکھو -

Vocabulary

1. lace your shoes. 2. blow out the candle. 2. attend to. 4. trust in God. 5. forgive me. 6. make fun of, mock at. 7. courtyard. 8. deep. 9. enjoy a holiday.

LESSON XVI
INTERROGATIVE SENTENCES

32. Interrogative sentences are formed :—

(*a*) By placing the auxiliary before the subject, and the principal verb after it, as :—

Do you sew clothes ?	کیا تم کپڑے سیتے ہو ؟
Will he accompany me ?	کیا وہ میرے ساتھ جائے گا -
Have you finished your work ?	کیا تم نے کام ختم کر لیا ہے ؟

(*b*) By some Interrogative word ; as : *who, whom, whose, which, what, why, when, where, how, whither* (*whereto*), *whence*, (*from where*).

When will you come ?	آپ کب آئیں گے ؟
Which of you has stolen the book ?	تم میں سے کس نے کتاب چرائی ہے ؟
Why did you call him ?	تم نے اسے کیوں بلایا ؟
Whose house is this ?	یہ کس کا مکان ہے ؟
Whom do you call ?	تم کس کو بلاتے ہو ؟

Note.—Who, whom, and *whose* are used for persons only and *what* for things only ; *which* is used for things, but can be used for persons also, when it shows selection.

Which of these two boys is your son ?	ان دونوں لڑکوں میں سے آپ کا بیٹا کون ہے ؟

مشق ١٦

(الف) کیا زبیدہ باقاعدہ سکول آتی ہے ؟ کیا تم بازار سے مٹی کا تیل[1] لاؤ گے ؟ کیا اسے صابن کی ضرورت ہوتی ہے ؟ کیا وہ گھڑی دینے سے انکار کریگا ؟ کیا تم نے اپنی پگڑی رنگ لی[2]؟ کیا وہ روپے ضائع کر رہا ہے ؟ کیا وہ گھوڑے پر سوار تھے ؟ کیا میں آپ کو دعوت پر بلاؤں ؟ کیا تم نے سیب چکھ لیا ہے ؟

(ب) وہ کل کیوں غیر حاضر تھا ؟ تم آجکل کیا تنخواہ لے رہے ہو[3] ؟ وہ اس جگہ کتنا عرصہ[4] ٹھہریں گے ؟ یہ کیسا درخت ہے ؟ صفحے اور ورق میں کیا فرق ہے ؟ یہ کرسی کس چیز کی بنی ہوئی ہے ؟ تمہارے گھر میں کتنے تولیئے[5] ہیں ؟ تم کس وقت کوٹ اتارتے ہو ؟ وہ اتنے ایندھن[6] کو کیا کرتا ہے ؟ بکری کی پشم[7] کس کام آتی ہے ؟ تمہارے مکان کی کتنی منزلیں[8] ہیں ؟

(ج) ہم کس لئے[9] کتے پالتے ہیں ؟ اس کا کتنا وزن ہوگا ؟ اس کام کو ختم کرنے میں کتنے دن درکار ہیں[10] ؟ یہ

جانور کن ملکوں میں پایا جاتا ہے ؟ سکول کو کیوں میدان کی
ضرورت ہوتی ہے ؟ وہ اپنے کھیت کے لئے پانی کہاں سے لیتے
ہیں ؟ کیا وجہ ہے کہ میری تجویز کو تم رد کرتے ہوا[11] ؟
اس باغ میں زیادہ خوب صورت پھل کون سا ہے ؟ لڑکوں کے
لئے ورزش کیوں ضروری[12] ہے ؟ پچھلے سال اسے کیوں ترقی نہیں
دی گئی[13] ؟ تم نے یہ سوال کیسے حل کیا ؟ کسانوں کی
صحت کیوں زیادہ اچھی ہوتی ہے ؟ تم نے کل کس کا ذکر کیا[14]
تھا ؟ ان بوٹوں میں سے آپ کونسا جوڑا پسند کرینگے ؟ بھینس
کا چمڑا کس کام آتا ہے ؟ برتن میں کتنا دودھ ہے ؟ تم کتنی
دفعہ نماز پڑھتے ہو ؟ تم کتنا عرصہ بیمار رہے ؟ تم کس قدر
پیدل چل سکتے ہو ؟ تم مجھے کتنا روپیہ دے سکتے ہو ؟ اس
کا کیا فائدہ[15] ہے ؟

Vocabulary

1. kerosene oil. 2. dye. 3. what are you drawing ? 4. how long ? 5. towels. 6. fuel. 7. wool. 8. storeys. 9. what for ? 10. how many days will you require ? 11. reject. 12. necessary. 13. promote : promotion. 14. mention. 15. advantage.

LESSON XVII

EXCLAMATORY AND OPTATIVE SENTENCES

33. The Exclamatory Sentences express some feeling of the mind, as *joy*, *sorrow*, *fear* or *surprise*. The Exclamation is either introduced by some Interjection or by **"how"**, **"what"** etc :—

Alas ! he has passed away.	افسوس ! وہ رحلت کر گیا !
Hurrah ! my brother has won a prize.	آھا ! میرے بھائی نے انعام حاصل کیا !
How pleasant the weather is !	آھا ! کیا اچھا موسم ہے !
What a pretty flower it is !	یہ کتنا اچھا پھول ہے !؟

34. The **Optative Sentences** express some wish of benediction or **imprecation** and are introduced **by 'would that'**, **'oh that'**, and **'may'**.

May you succeed !	خدا تمہیں کامیاب کرے -
May God ruin him !	خدا اسے غارت کرے !
Would that he were here !	کیا اچھا ہوتا اگر وہ یہاں ہوتا !
Oh ! that he were alive!	کاش وہ زندہ ہوتا !

Note :—1. *May* is used when the benediction or imprecation refers to the future tense.

2. It should be also noted that if the wish is in the Present, we use the Past Tense ; if it is in the Past, we use the Past Perfect.

مشق ۱۷

(الف) آہا ! ہماری ٹیم نے میچ جیت لیا - یہ کیا ہی دلفریب نظارہ[1] ہے ! افسوس ! میں نے کوئی روپیہ جمع نہ کیا[2] - خدا ہمارے رہنما[1] کو صحت دے ! کیا ہی اچھا ہوتا اگر وہ آج زندہ ہوتا ! آہا ! ہم نے دشمن کو شکست دی - شاباش[3] ! اسی طرح کام کرتے چلو - ٹھہرو ! یہ کیا شور ہے - الوداع ! دوستو ہم جاتے ہیں - خدا تمہیں خوش رکھے - لعنت ہو[4] اس شیطان[5] پر ! اس نے ہمیں دھوکا دیا - خدا کرے تمہارے بیٹے کا بیاہ جلدی ہو جائے ! اُف ! آج کس قدر گرم ہوا چل رہی ہے - آج کیسا عمدہ موسم ہے !

(ب) خدا کرے اسے پھر یہاں آنا نصیب نہ ہو ! میری جان ! تم نے مجھے ایک نئی زندگی بخش دی - کیا اچھا ہوتا اگر میں امیر ہوتا - افسوس ! اس آخری عمر میں ایسی بے عزتی[7] نہ ہوتی - خدا کرے تمہاری اولاد[8] نیک ہو ! کاش ! میں تمہاری کچھ مدد[9] کر سکتا ! افسوس ! میں نے اس کی مدد کر کے خوفناک غلطی کی[10] -

(ج) کیا ہی اچھا ہو اگر آپ بھی اس کاروبار میں شریک ہو جائیں ! وہ سانپ کو دیکھ کر کس قدر ڈر گیا ہوگا ! کیا ہی

اچھا ہوتا اگر تم پہلے ہی اس قسم کا بر تاؤ کرتے11 ! خدا اس کو تباہ کرے ! ہم اس کی بری حرکتوں12 سے تنگ آ گئے ہیں13 - کاش ! مجھے اب بھی وطن جانے کی اجازت مل جائے - کاش کہ میں اس قابل ہوتا کہ تمہاری مدد کر سکتا ! اس پر خدا کی لعنت ہو ! اس نے تمام حصہ داروں14 کو دھوکا دیا15-

Vocabulary

1. attractive. 2. save, lay by. 3. bravo ! 4. may curses fall on. 5. devil. 6. O dear me ! 7. disgrace. 8. children. 9 serve. 10. committed a blunder. 11. behave. 12. wicked behaviour. 13. tired of. 14. shareholders. 15. cheated.

LESSON XVIII

THE PASSIVE VOICE

35. The Passive Voice of Present Indefinite Tense is formed by putting *is*, *are*, *am* (as the case may be) before the III Form of a verb ; as :

Water is drunk.	پانی پیا جاتا ہے -
Boys are taught.	لڑکوں کو پڑھایا جاتا ہے -
I am not punished.	مجھے سزا نہیں دی جاتی -
Are you sent to school?	کیا تمہیں سکول بھیجا جاتا ہے -
Plants are watered.	پودوں کو پانی دیا جاتا ہے -

36. The Passive Voice of a Past Indefinite Tense is formed dy putting *was* or *were* before the III Form of a verb ; as:

Saleem was caught.	سلیم پکڑا گیا -
Trees were cut down.	درختوں کو کاٹا گیا -
The bird was shot at with a gun.	پرندے کو بندوق سے مارا گیا-

37. The Passive Voice of a Future Indefinite Tense is formed by putting *will be* before the III Form of a verb : as:

The letter will be written. — خط لکھا جائیگا -

Will the servant be called? — کیا نوکر کو بلایا جائیگا ؟

Doors will be closed in the evening. — شام کو دروازے بند کئے جائینگے -

مشق ۱۸

(الف) وہ پانی پیتا ہے- پانی پیا جاتا ہے - بچے کو دوائی دی جاتی ہے - بیماروں[1] کو کونین دی جاتی ہے - گھڑی کو بارہ بجے چابی[2] دی جاتی ہے - اس مشین کی ہر سال مرمت کی جاتی[3] ہے - کیا اس کھیت کو ہر ہفتے پانی دیا جاتا ہے ؟ کیا گندم تمام ملکوں مین بوئی جاتی ہے؟ ریوڑ کو پہاڑوں کی طرف ھانکا جاتا ہے[4] - کوشش کے بغیر کچھ حاصل نہیں ہوتا[5] - یہ کمرے کیوں کھلے رکھے جاتے ھیں ؟ لڑائی میں بہت سے شہر تباہ ہو جاتے ھیں[6] - اسے کیوں دعوت نہیں دی جاتی ؟

(ب) میں نے اسے پکڑا - وہ پکڑا گیا - فصل کاٹا گیا[7] - بشیر کو انعام دیا گیا - چور کو رات کے وقت گرفتار کیا گیا[8] - اس کو اطلاع دی گئی - اس سے تمام سامان چھینا گیا - باغ تھوڑی قیمت پر فروخت نہیں کیا گیا - اس بیوہ کا خاوند لڑائی مین مارا گیا - مسافر کی رھنمائی ایک کتے نے کی[9] -

(ج) وہ کتاب خریدے گا - کتاب خریدی جائیگی - میں خط لکھونگا - خط لکھا جائیگا - تمہارا نام کل درج کر دیا جائیگا[10] - مریض کو ھسپتال میں داخل کر لیا جائیگا[11]- چابیوں کا گچھہ مالک مکان کو بھیج دیا جائیگا - جلسہ کل پر ملتوی[12] کر دیا جائے گا - جرنیل کو تمغہ عطا[13] کیا جائے گا - تم سے اچھا سلوک کیا جائے گا - زمین جوتی جائے گی - اسے تکلیف سے بچایا جائیگا -

Vocabulary

1. patient. 2. to wind. 3. repaired. 4. is driven. 5. is gained. 6. destroyed. 7. was harvested. 8. was

arrested. 9. was led by. 10. will be entered or enlisted. 11. patient will be admitted. 12. will be postponed. 13. will be awarded a medal.

LESSON XIX

THE PASSIVE VOICE (*Continued*)

38. Passive Voice of the Present Continuous Tense is formed by putting *is being* before the III Form of a verb ; as :—

A house is being demolished. مکان گرایا جا رہا ہے -
The beggars are being fed. فقیروں کو کھانا کھلایا جا رہا ہے -
The roll is being called. حاضری لگائی جا رہی ہے -

39. The Passive Voice of the Past Continuous Tense is formed by putting *was being* before the III Form of a **verb** ; as :—

The rooms were being built. کمرے بنائے جا رہے تھے -
The house was being cleaned. مکان صاف کیا جا رہا تھا -

40. (*a*) The Passive Voice of the Present Perfect Tense is formed by putting *has been* or *have been* before the III Form ; as :—

The work has been finished. کام ختم کیا جا چکا ہے -
Books have been returned. کتابیں واپس کر دی گئی ہیں -

(*b*) The Passive Voice of the Past Perfect Tense is formed by putting *had been* before the III Form ; as :—

Salim had been awarded a prize. سلیم کو انعام دیا جا چکا تھا
The house had been demolished. مکان گرا دیا گیا تھا -
The result had been declared. نتیجہ سنا دیا گیا تھا -

مشق ۱۹

(الف) مکان تعمیر کیا جا رہا ہے - زمین کو ناپا جا رہا ہے[1] -
کمرے کی چھت تبدیل کی جا رہی ہے - مردوں کو دفن کیا

جارہا ہے[2]- پرندوں کو پنجروں میں[3] بند کیا جارہا ہے - لکڑی چھکڑوں پر لادی جارہی ہے[4]-

(ب) ترکاریاں بوئی جارہی تھیں - دیوار گرائی[5] جارہی تھی - دشمن کو شکست دی جارہی تھی[6]- روئی اکٹھی کی جارہی تھی - پتھروں کو گڑھے میں پھینکا جا رہا تھا - مزدوروں کی مزدوری[7] ادا کی جا رہی تھی - کیا روٹی پکائی جا رہی تھی؟ کیا ان کا حساب پڑتال کیا جا رہا تھا؟ شربت[9] بوتل میں ڈالا جارہا تھا-

(ج) رشید کو اسکول سے نکال دیا گیا ہے - مکان کا دروازہ بند کر دیا گیا ہے - دوکان چوروں سے جلا دی گئی ہے - گواہ کو شہادت کے لئے بلایا گیا ہے[10] - پہلا حکم منسوخ ہوچکا ہے - ہمیں تمہارے آنے کی اطلاع دی جا چکی ہے - انسپکٹر صاحب کے دورے[11] کی تاریخ تبدیل ہوچکی ہے - چور کو گرفتار کیا جا چکا ہے -

(د) چاند نکلنے سے پہلے چراغ بجھایا جا چکا تھا - سورج نکلنے سے پہلے بیلوں کو جوت دیا گیا تھا[12] - شام سے پہلے پودوں کو اکھاڑا[13] جا چکا تھا - پچھلے ماہ فیس دس تاریخ کو ادا کر دی گئی تھی - دوپہر ہونے سے پہلے پھول چنے جا چکے تھے[14]- شادی سے پہلے تمام سامان خریدا جاچکا تھا - بچوں کو گاڑی میں بھیجا جا چکا تھا - تمہارے آنے سے پہلے حاضری لگائی جاچکی تھی -

Vocabulary

1. measure. 2. bury. 3. cage. 4. load. 5. demolish. 6. defeat. 7. wages. 8. check the account. 9. syrup. 10. summoned for evidence. 11. tour. 12. yolk. 13. uproot. 14. pluck.

LESSON XX

CONDITIONAL SENTENCES

40. A Conditional Sentence consists of two parts, the condition or the "**If clause**" and the answer to it.

The most usual sequence of tenses between the two parts is as follows :—

(*a*) *Present* answered by *Present* ; as :—

If a man does not speak the truth, he is not believed	اگر کوئی آدمی سچ نہیں بولتا تو کوئی اس پر اعتبار نہیں کرتا-

(*b*) *Present* answered by the *Future* ; as :—

If you work, you will succeed.	اگر محنت کرو گے تو کامیاب ہو جاؤ گے-
If you run, you will catch the train.	اگر دوڑو گے تو تمہیں گاڑی مل جائیگی-

(*c*) *Past* answered by the *Past* ; as :—

If he did so, he was very foolish.	اگر اس نے ایسا کیا تو وہ بہت بے وقوف تھا-

(*d*) *Past* answered dy the Future *Conditional* ; as :—

If the farmer ploughed the field more thoroughly, he would have better harvest.	اگر کسان نے خوب هل چلایا تو اس کا فصل بہتر ہوگا-

(*e*) *Past Perfect* answered by the Perfect *Conditional* ; as :—

If he had met me, I would have caught him. Had he met me, I would have caught him.	اگر وہ مجھے مل جاتا تو میں اسے پکڑ لیتا-
If he had worked, he would have succeeded.	اگر وہ محنت کرتا تو کامیاب ہو جاتا-

(*f*) *Present Perfect* answered by the *Present Perfect* ; as :—

If I have told the truth, I have done my duty.	اگر میں نے سچ کہہ دیا ہے تو میں نے اپنا فرض ادا کیا ہے-

41. The Subjective Mood is also used in the "**if clause**", as :—

If I were rich I should be generous.	اگر میں امیر ہوتا تو فیاض ہوتا ۔

42. *Will* and *Would* are sometimes used in the "**If clause**" for the sake of politeness ; as :—

I shall be much grateful if you would help me.	اگر آپ میری مدد کریں تو میں آپ کا بہت ممنوں ہوں گا ۔

43. A Conditional Sentence is also expressed by the Subjective Mood without "if".

Should the train stop, I will get a ticket.	اگر گاڑی ٹہر گئی تو میں ٹکٹ لے لوں گا ۔

Note :—In the vernacular we have often Future Tense in both the parts of a conditional sentence ; as :—

اگر محنت کروگے تو کامیاب ہو جاؤ گے ۔ Such a sentence should not be translated as : "*If you will work you will succeed*," but the tense of the "if clause" should be translated into the Present Tense. The correct translation would be "*If you work you will succeed*."

مشق ۲۰

(الف) اگر محنت کروگے تو پھل پاؤ گے[1] ۔ اگر تیز دوڑوگے تو تمہیں گاڑی مل جائیگی ۔ اگر تم نے نقل[2] کی تو سزا ملے گی ۔ اگر بارش زیادہ ہوئی تو چھت ٹپکنے لگے گی[3] ۔ اگر میں نے کوئی ہرن دیکھا تو اسے پکڑ لاؤنگا ۔ جب تک تم کام نہ کرو میں تمہیں کمرے میں بیٹھنے کی اجازت نہیں دونگا ۔

(ب) اگر سلیم تیز دوڑتا تو وہ وقت پر ہسپتال پہنچ جاتا ۔ اگر اندھا میرے ساتھ جاتا تو میں اسے راستہ دکھا دیتا ۔ اگر وہ پیشگی رقم ادا کرتے[4] تو انہیں اناج مل جاتا ۔ اگر تم کچھ جلدی آجاتے[5] تو اس سے ملاقات کر لیتے ۔ اگر وہ بات چیت کرتے تو وہ صلح[6] پر رضا مند ہو جاتا[7] ۔ اگر وہ تمہاری جگہ ہوتا تو مجھے کبھی بھی اندر نہ آنے دیتا ۔ اگر تم میری سفارش کرتے تو مجھے ملازمت مل جاتی ۔

(ج) جب تک میں واپس نہ آؤں' اسے مت آنے دو - اگر میں
تمہارے چچا کو ملا تو میں اسے تمام معاملہ واضح کردونگا[8] -
اگر وہ کل چلے نہ گئے تو تمہارا حساب بیباق کر دینگے[9] - جب
تک وہ کوئی شہادت نہ پیش کرے[10]' میں اس پر اعتماد نہیں
کرونگا - اگر مجھے اسکول جانے کا اتفاق ھوا تو تمہاری کتابیں
لے آؤں گا - میں اس کی سفارش کروں گا بشرطیکہ وہ اپنی عادتوں
کو تبدیل کرے - اگر وہ باعزت آدمی[11] ھوتا تو جؤا نہ
کھیلتا - اگر ھو سکتا تو میں قرض نہ اٹھاتا[12] - اگر ممکن ھوتا تو
میں آپ کے ساتھ چلتا -

Vocabulary

1. gain. 2. copy. 3. leak. 4. in advance. 5. a little earlier. 6. compromise. 7. consent. 8. explain. 9. clear off your account. 10. produce evidence. 11. respectable. 12. to borrow money.

LESSON XXI

THE NOUNS (*Number*)

44. (*a*) The following Nouns are plural in form but singular in meaning and take a singular verb :—

News, *innings*, *mathematics*, *means*, *physics*, *politics*, *gallows*, *athletics*, and *summons*.

Our team won the first *innings*.	ھماری ٹیم پہلی بازی جیت گئی -
This *news* is not reliable.	یہ خبر قابل اعتبار نہیں -
He does not take part in *politics*.	وہ سیاسیات میں حصہ نہیں لیتا -

(*b*) The following nouns have the same form for both singular and plural :—

Sheep, *pice*, *fish*, *deer*, *swine*, *salmon*, *trout*, *pair*, *dozen*, *score*, *stone* (weight), *hundred*, *thousand*, *hundred-weight*, *brace*, *head*, *gross*, and *yoke*.

There are many *sheep* in the flock.	ریوڑ میں بہت بھیڑیں ھیں -
I bought six *dozen* eggs.	میں نے چھ درجن انڈے خریدے -
He gave ten *thousand* rupees in charity.	اس نے دس ھزار روپے خیرات کئے -

(*Note*—Hundred and thousand are used in plural when not used with numerals ; as : many thousands.)

There were thousands of men in the meeting. جلسے میں ہزاروں آدمی تھے -

45. (*a*) The following nouns, though singular in form, require plural verb ; as :—

People, *cattle*, *gentry*, *vermin*, *poultry* and *swine*.

Cattle were grazing in the field. کھیت میں مویشی چر رہے تھے -

(*b*) There are some nouns ending in 's' in which the last letter is not the sign of the plural but a part of the words themselves, still they are used in the plural ; as :—

Alms, *riches*, *eaves*, and *proceeds*.

He distributed *alms* among the poor. اس نے غریبوں میں خیرات تقسیم کی -

Riches have wings. دولت آنی جانی ہے -

46. The following nouns have no plural form :—

Scenery, *poetry*, *furniture*, *abuse*, *issue* (children), *offspring* (children) and *heir*.

The scenery of Kashmir is very charming. کشمیر کے نظارے بہت دلکش ہیں -

He sold all the furniture of the house. اس نے مکان کا سب سامان بیچ دیا-

47. The following idiomatic constructions are used in the singular :—

A ten-rupee note, a three-foot rule, a ten-year old child, a five-pound weight and *eight-day clock*.

He gave me a ten-rupee note. اس نے مجھے دس روپے کا نوٹ دیا -

A five-year old child understands nothing. پانچ سال کا بچہ کیا سمجھ سکتا ہے !

This is an eight-day clock. اس کلاک کو آٹھ دن کے بعد چابی دی جاتی ہے -

مشق ۲۱

(الف) تم نے دس درجن[1] انڈے خریدے - میں نے آج ایک افسوس ناک[2] خبر سنی - وہاں ہزاروں آدمی جمع تھے - بکریاں

اور بھیڑیں فروخت کردی گئیں - اس نے تین سو روپے میں ایک مکان خریدا - اس دریا میں سامن مچھلیاں کثرت[3] سے پائی جاتی ھیں- تمام لوگ پیدل[4] جارہے تھے - محمود نے مجھے دس روپے کا نوٹ دیا[5]- تین سال کا بچہ[6] لکھنا نہیں جانتا- بوڑھا آدمی بغیر اولاد کے مر گیا -

(ب) میں نے چار گرس[7] پنسلیں ۳ آنے کے حساب سے خریدیں - اس طریقہ[8] سے وہ کامیاب ھو گیا[9] - وہ ریاضی میں ماھر ھے - میں علم طبعیات[10] نہیں جانتا - محتاجوں کو خیرات دی جاتی ھے - عدالت میں حاضر ھونیکے لئے[11] اسے سمن[12] بھیجا گیا - دولت [13] محنت سے پیدا ھوتی ھے - گھر کا تمام سامان[14] نیلام کر دیا گیا - کشمیر کے نظارے[15] نہایت ھی دلکش ھیں - اس نے تمہیں بہت گالیاں[16] دیں - وہ میری نصیحتوں[17] پر عمل نہیں کرتا- اس بوجھ کا وزن دو سو من ھے - نہیں اس کا وزن نو ھنڈرڈ ویٹ ھوگا - ایک دس سال کا بچہ اپنا نفع نقصان نہیں سمجھ سکتا - میں نے بہت نظمیں لکھی ھیں - اس نے اس سودے میں دس ھزار روپے کمائے - وھاں ھزاروں آدمی موجود تھے - اس کے بال سفید ھوگئے- میرے لئے جرابوں کا ایک جوڑا لے آنا -

Vocabulary

1. ten dozen. 2. sad. 3. the river abounds in. 4. on foot. 5. a ten-rupee note. 6. three-year old child. 7. gross. 8. by this means. 9. gained his object. 10. physics. 11. to appear before the court. 12. summons. 13. riches. 14. furniture. 15. scenery. 16. much abuse. 17. advice.

— — — —

LESSON XXII

THE POSSESSIVE CASE OF NOUNS

48. The Possessive Case is formed by adding apostrophe "s" ('s) to the nouns ; as :—

Kamal's book; girl's needle, etc.

49. Nouns denoting inanimate objects are seldom put in the Possessive Case. We cannot say chair's leg,

or book's page, but 'leg of the chair' and 'page of the book.'

Note—The Possessive Case of plural nouns ending in "s" is formed by adding the apostrophe (') only :—

The girls' pens are black.	لڑکیوں کے قلم سیاہ ھیں -
The birds' nests are high.	پرندوں کے گھونسلے اونچے ھیں -
Boys' books are lost.	لڑکوں کی کتابیں گم ھو گئیں -

50. The Possessive Case can only be used in the following cases :—

(*a*) Nouns denoting living things as : cow's horn, boy's book.

(*b*) Nouns denoting personified things and names of countries :—fortune's favour, duty's call, Pakistan's heroes.

(*c*) Nouns denoting *time*, *space* and *weight* ; as : one hour's leave, a maund's weight, a mile's distance.

He travelled one mile's distance.	اس نے ایک میل کا فاصلہ طے کیا -
This is one maund's weight.	یہ ایک من کا بوجھ ہے -
He applied for one hour's leave.	اس نے ایک گھنٹے کی رخصت کے لئے درخواست دی -
We have great hopes in Pakistan's heroes.	پاکستان کے بہادروں سے ھمیں بہت امیدیں ھیں -

(*d*) Certain idiomatic phrases and dignified objects ; as : mercy's sake, wit's end, sun's rays, mind's eye, nature's laws, journey's end, court's decree, ship's crew, river's bank, ocean's roar, heart's content, fingers' end, earth's rotation, heaven's will, and country's reputation.

He was standing at the river's bank.	وہ دریا کے کنارے کھڑا تھا -
He was at his wit's end.	وہ شش و پنج میں تھا -
We ate to our heart's content.	ہم نے جی بھر کر کھانا کھایا -

مشق ۲۲

(الف) یہ بچوں کے کھلونے ھیں - جانوروں کے گھونسلے بہت اونچے درختوں پر ھیں - اس نے تین دن کی رخصت لی ہے - میرے

بھائی کی کامیابی[1] یقینی نہیں - دریا کا کنارا سخت خطرناک ہے- وہ ہر بیس گز کے فاصلے پر ٹھہر جاتا ہے - اس بطخ[2] کی ٹانگیں لمبی ہیں - اس مکان کی چھت ابھی نہیں گری - یہ میرے بھائی اسلم کا مکان ہے - دو گھنٹہ کے عرصہ میں وہ کیا دیکھ سکتا ہے - یہاں ہم سمندر کا شور[3] نہیں سنتے - گھوڑوں کے پاؤں سفید ہیں - تمہارے بیٹے کا نام خارج کر دیا گیا ہے[4] - کیا یہ حادثہ[5] منگوار کی رات کو ہوا[6] ؟ میں وہاں اپنے دوست کی خاطر[7] گیا تھا - کیا تم ایک من کا بوجھ اٹھا لے جاؤ گے ؟ لڑکوں کے کپڑے میلے نہ تھے -

(ب) میں چار بجے کی گاڑی جاؤں گا - گرمیوں کی تعطیلیں شروع ہونے والی ہیں - ایک سال کی غیر حاضری کے بعد وہ ایک اجنبی معلوم ہوتا تھا - سورج کی کرنیں[8] اس درخت کے پتوں سے نہیں گزریں گی - قدرت کے کام کون جانتا ہے ؟ تم خدا کی مرضی[9] کے بغیر کچھ نہیں حاصل کر سکو گے - اس نے ملک کی خاطر اپنی جان قربان کر دی[10] - کوئی آدمی بھی راستی کی فتح سے انکار[11] نہیں کر سکتا - اس نے دل بھر کر[12] مال جمع کیا - ہم تین دن کے سفر کے بعد کراچی پہنچ جائینگے - سپاہی کو آتے دیکھ کر چور کے اوسان خطا[13] ہو گئے - کشتی کے ملاح صحیح و سلامت[14] ہیں - میں نے اس کام کو صرف اپنی ضمیر کی خاطر کیا - موسیٰ کے قانون کے مطابق یہ لڑکی کا حق ہے - برسات کے موسم میں گاؤں کی سڑکوں پر پانی ہی پانی ہوتا ہے - ہم انکار نہیں کر سکتے[15] کہ اس نے ملک کی خاطر جان دی[16] - مری کی آب و ہوا شملہ سے اچھی ہے - میری پنسل تمہاری پنسل سے چمکیلی ہے - آدمی کا فرض ہے کہ دوسروں کی مدد کرے -

Vocabulary

1. success. 2. duck. 3. roar. 4. struck off the rolls. 5. accident. 6. take place. 7. sake. 8. rays. 9. God's will. 10. sacrificed. 11. deny. 12. to his heart's content. 13. the thief was at his wit's end. 14. safe and sound. 15. deny. 16. died a martyr.

LESSON XXIII

PRONOUNS

51. The Proncuns used for persons are called Personal Pronouns; as: I, we thou, you, he, she, they. The following table shows the different forms of Personal Pronouns for different cases:—

		Nominative	Possessive	Objective
I Person	Singular	I میں	my, mine میرا	me مجھ کو یا مجھے
	Plural	we ہم	our, ours ہمارا	us ہم کو یا ہمیں
II Person	Singular	thou تو	thy, thine تیرا	thee تجھ کو یا تجھے
	Plural	you تم	your, yours تمہارا	you تم کو یا تمہیں
III Person	Singular	he وہ	his اس کا	him اس کو یا اسے
	Plural	they وہ	their, theirs ان کا	them ان کو یا انہیں
	Feminine	she وہ عورت	her, hers اس عورت کا	her اس عورت کو یا اسے

(*Note.*—It should be noted that a Personal Pronoun is of the same number, gender and person as the noun for which it is used.)

52. **Either** as a Distributive Pronoun is used for two objects. For more than two we use *any one* ; as —:

Either of the two brothers was absent. — دو بھائیوں میں سے ایک غیر حاضر تھا -

Has *any one* of you done the sums? — کیا تم میں سے کسی نے سوال حل کئے ھیں ؟

53. **Each other** is used in speaking of two persons or things and **one another** in speaking of more than two as :—

Bashir and Abdullah quarrelled with *each other*. — بشیر اور عبداللہ آپس میں جھگڑے -

The schoolboys love *one another*. — سکول کے لڑکے ایک دوسرے سے محبت کرتے ھیں -

54. Personal Pronoun **his** should not be used in place of indefinite Pronoun **one** ; as :—

One should fulfil one's promise (not *his*). — آدمی کو اپنا وعدہ پورا کرنا چاھئے -

55. The Reflexive Pronouns are sometimes used to give emphasis ; as :—

I *myself* caught him. — میں نے خود اسے پکڑا -

He *himself* called me. — اس نے خود ھی مجھے بلایا -

(*b*) The word "**own**" is added to Possessive Pronouns to make them *Reflexive* or *Emphatic*.

You praise your own work. — تم اپنے کام کی خود تعریف کرتے ھو -

56. When a Pronoun stands for a Collective Noun it is in the singular number ; as :—

The committee could not act upon its decision. — کمیٹی اپنے فیصلے پر عمل نہ کر سکی -

But if the Collective Noun is viewed separately the Pronoun standing for it must be in the plural number ; as :—

The committee were divided in this matter ; they could not agree to any decision. — کمیٹی کا اس میں اختلاف تھا - وہ کسی فیصلہ پر متفق نہ ھو سکی -

57. Besides *this* and *that* **such, so** and **same** are

used as Demonstrative Pronouns ; as :—

I do not like *such* boys. میں ایسے لڑکوں کو پسند نہیں کرتا۔

I told you *so*. میں نے آپ کو ایسا کہا تھا۔

مشق ۲۳

(الف) اس نے خود ہی تار بھیجا تھا۔ انہوں نے خود ہی جانے سے انکار کردیا۔ تم نے خود غلطی کی۔ میں نے خود اسے دعوت دی۔ ہم نے خود اذان سنی۔ یہ عمارت خود ہی شاندار[1] ہے۔ تو نے اپنے آپ کو تباہ[2] کر دیا ہے۔ میں نے خود اس کو بلایا تھا۔ اس نے اپنے آپ کو زخمی کر دیا ہے۔ ہم نے اپنے آپ کو برف سے بچایا[3]۔ اسلم نے اپنے آپ کو چھپایا۔ انہوں نے اپنا مکان برکت علی کو دیدیا۔ اس عورت نے خود اپنی بہن کو بلایا تھا۔ تم اپنے ہی کام کی تعریف کرتے ہو۔ اچھا کام اپنا عوضانہ[4] خود ہوتا ہے۔

(ب) تواریخ اور سوانح عمریاں[5] مفید ہوتی ہیں۔ وہ تمہارا افسر ہے۔ اس حیثیت[6] سے تمہیں اس کا حکم ماننا چاہئے۔ میں اس قسم کا[7] رونا پسند نہیں کرتا۔ میں نے آپ کو ایسا ہی کہا تھا۔ میں فلاں فلاں کو[8] لکھ رہا تھا۔ تم وہی نہ کرو جو تمہارا بھائی کرے!

(ج) آدمی کو اپنا فرض معلوم ہونا چاہئے۔ یہاں کوئی بھی لیٹا ہوا نہیں۔ کیا اس دریا میں کوئی مگرمچھ[9] ہے؟ صرف قابل لڑکے ہی انعام کے مستحق[10] ہوتے ہیں۔ کسی اور کو وہاں جانے دو۔ ہم پھر کسی دن[11] روپے جمع کرادیں[12] گے۔ تم میں سے کسی نہ کسی نے ضرور مال چرایا ہوگا۔

(د) تم میں سے ہر ایک کے پاس گھڑی ہے۔ ہر لڑکے کو دو دو لڈو دئیے گئے۔ نہر کے دونوں طرف[13] سڑکیں ہیں۔ ہر ایک نے ایک ایک انگوٹھی خریدی۔ میں نے ہر ایک کرسی کے لئے چار روپے دئیے۔ رستم اور سہراب آپس میں لڑ پڑے۔ سکول کے لڑکوں کو چاہئے کہ ایک دوسرے کی مدد کریں۔ آدمی کو اپنے رشتہ داروں سے ہمدردی[14] کرنی چاہئے۔ کیا تم میں سے کسی نے دروازے کو تالا لگایا ہے؟ اس نے اپنے ہی بھائی کو قتل کردیا۔ ایسے لڑکے شاذ و نادر[15] ہی کامیاب ہوتے ہیں۔ تم

کسی سے پوچھ لو - ان دونوں میں سے ایک نہ ایک ضرور چور ہے -

Vocabulary

1. splendid. 2. ruined. 3. protected. 4. reward. 5. biographies. 6. as such. 7. such. 8. so and so. 9. crocodile. 10 none but the able deserve the prize. 11. another day. 12. deposit. 13. either side. 14. sympathise with. 15. seldom.

LESSON XXIV

THE USE OF 'IT'

58. The Pronoun **'it'** is used as follows :—

(1) For *things without life.*

It is a box. — یہ صندوق ہے -

(2) For *animals when sex is not indicated.*

It is a dog. — یہ کتا ہے -

(3) For *children.*

I brought the child here. *It was sick.* — میں بچے کو اس جگہ لایا - یہ بیمار تھا -

(4) *The subject of Impersonal verbs* ; as :—

It rains. — مینہ برستا ہے -

It blows a gale. — آندھی چلتی ہے -

(5) *As a temporary subject to introduce a succeeding phrase* ; as :—

It is said that the meeting has been postponed. — کہا جاتا ہے کہ جلسہ ملتوی ہو چکا ہے -

It is said that Rashid is sick. — کہا جاتا ہے کہ رشید بیمار ہے -

(6) To *emphasise* ; as :—

It is I. — میں ہی ہوں -

(7) To *introduce expression of time.*

It is six o'clock. — اب چھ بجے ہیں -

(8) *As provisional objects* ; as :—

I found *it* hard to cross the river. — مجھے دریا عبور کرنے میں دقت ہوئی -

(9) *In familiarity* or *contempt* :—

What a pretty girl *it* is ! — کیا خوبصورت لڑکی ہے !

What a foolish boy *it* is ! — کیسا بیوقوف لڑکا ہے !

مشق ۲۴

(الف) شام ہو گئی ہے - آج بہت اچھا موسم ہے - اب جانے کا کوئی فائدہ نہیں - اب اولے[1] پڑ رہے ہیں - اس وقت اندھیرا ہو رہا ہے - کل بہت روشنی تھی - اب جانے کا وقت ہے - مینہ برستا ہے - اب بہت دیر ہوچکی ہے - یہ کون ہے ؟ میں ہوں - اب آندھی چل رہی ہے[2] - اب ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے - ہاتھی کو مارنا بہت مشکل[3] ہے - کہتے ہیں کہ وہ پچھلے سال اس جگہ تھا - ایسے آدمی پر اعتبار کرنا مشکل ہے - ممکن ہے وہ بری ہو جائے[4] - تمہارا بھائی ہی - اے میں کامیاب ہو گیا - بہت اچھا ہوا - تم ہی ہو جس نے اسے بچالیا - میرا ہی تو قصور ہے - یہ کام ختم کرنے میں تمہیں دو گھنٹے لگیں گے - ہسپتال پہنچنے میں تمہیں پانچ منٹ لگیں گے - میں ہی تھا جس نے دروازہ کھولا تھا - والدین کی اطاعت کرنا ہمارا فرض ہے - یہ کتنا گندہ لڑکا ہے ! یہ کریم بخش تھا جس نے لیمپ جلایا تھا - یہ کیسا خو بصورت[5] جوان ہے ! چوری کرنے سے بھوکا مرنا بہتر ہے - وہاں جانے کا کوئی فائدہ نہیں - ایسا کرنا کوئی عقلمندی نہیں - اب بہت دیر ہو چکی ہے - اس وقت عجائب گھر[7] جانا بے سود ہے - رات کو وہاں پہنچنا مشکل تھا - یہ کیسا میٹھا آم ہے ! میں ہی تھا جس نے تمہاری مدد کی - اب رونا بے سود ہے -

(ب) خیال کیا جاتا ہے کہ کمزور آدمی کو جلدی بخار ہوتا ہے[8] - سنا ہے کہ انسپکٹر صاحب جلدی ہی[9] اس سکول کا معائنہ کرینگے - یہ ثابت ہو چکا ہے کہ ملیریا مچھروں کے کاٹنے سے پھیلتا ہے - اس میں کوئی مبالغہ[10] نہیں کہ غریب امیروں سے زیادہ نیک ہوتے ہیں - یہ کیسا احمق آدمی ہے ! کسی کو دق کرنا[11] درست نہیں - فیصلہ ہوچکا ہے کہ اس سال

گوجرانوالہ میں مویشی منڈی[12] نہیں لگے گی - اسے اطلاع مل چکی ہے کہ وہ پاس ہوگیا ہے - اعلان ہو چکا ہے[13] کہ ٹیکس کم کر دئیے جائینگے - افسوس ہے[14] وہ اپنا قرض ادا نہ کر سکا - اس کام میں تمہارے دودن لگیں گے -

Vocabulary

1. It is hailing. 2. it blows a gale. 3. difficult. 4. may be acquitted. 5. handsome. 6. to starve. 7. the museum. 8. catch fever. 9. shortly. 10. exaggeration. 11. tease. 12. the cattle fair. 13. announced. 14. it is a pity.

LESSON XXV

RELATIVE PRONOUNS AND ADJECTIVE CLAUSES

59. A Relative Pronoun refers to some Noun going before as well as joins two sentences together. The Relative Pronouns are *who*, *which*, *whose*, *whom*, *that* and *what*.

60. **Who** is used for persons only :

This is the boy *who* stole my pen.	یہ وہ لڑکا ہے جس نے میرا قلم چرایا -
This is the very book *that* you required.	یہ وہی کتاب ہے جو تم چاہتے تھے -

61. **Whose** is the possessive form of *who* and is used for pronouns. Similarly **whom** is the objective form of *who* and is also used for persons :—

The boy *whose* book was lost is absent today.	وہ لڑکا جس کی کتاب گم ہوگئی تھی آج غیر حاضر ہے -
The man *whom* you called is present.	وہ آدمی جس کو تم نے بلایا تھا حاضر ہے -

62. **Which** is used for animals or lifeless things ; as :—

I bought the ox *which* you returned.	میں نے وہ بیل خریدا جو تم نے واپس کر دیا تھا-
The toy *which* we bought yesterday is broken.	وہ کھلونا جو کل ہم نے خریدا ، ٹوٹ گیا -

63. **That** is used in preference to *who* and *which* :—

(*a*) After adjectives in the superlative degree ; as :—

He is the wisest man *that* you ever saw. — وہ ایسا عقلمند آدمی ہے جو آپ نے کبھی نہیں دیکھا -

(*b*) After the words *same*, *all*, *nothing*, *none* and *only*.

This is the same girl *that* fell into the canal. — یہ وھی لڑکی ہے جو نہر میں گری تھی

(*c*) After the Interrogative Pronouns *who* and *what*.

What is it *that* troubles you ? — وہ کیا چیز ہے جو تمہیں تکلیف دیتی ہے ؟

(*d*) After two antecedents, one denoting a person and the other denoting an animal or a thing ; as :—

The girl and her donkey *that* passed by this way are lost. — لڑکی اور اس کا گدھا جو اس راستے گزرے، گم ہو گئے -

64. *What* is used for things and *as* is used after *such* and *same*.

I like the *same* book *as* you do. — میں اسی کتاب کو پسند کرتا ہوں جس کو آپ -

I do not like *such* boys *as* are naughty. — میں ایسے لڑکوں کو پسند نہیں کرتا جو شریر ہوں -

مشق ۲۵

(الف) یہ وھی ٹوپی ہے جو میں نے کل خریدی تھی - یہ وھی کتاب ہے جسے تم نے واپس کیا تھا - یہ وہ آدمی ہے جس کا میں نے ذکر کیا تھا[1] - یہ وھی سڑک ہے جو گوجرانوالہ کو جاتی ہے[2] - یہ اسی کا بھائی تھا جو یہ خبر لایا - جو لڑکے کام نہیں کرتے فیل ہو جاتے ھیں - یہ وہ کوٹھی ہے جو میرے بھائی کی ملکیت ہے[3] - جو شیشے[4] کے مکانوں میں رھتے ھیں، ان کو اوروں پر پتھر نہیں پھینکنے چاھئیں - وہ کون سا کام تھا جس کے لئے تم نے اسے بلایا؟ وہ دفتر کہاں ہے جہاں تمہارا بھائی ملازم ہے؟ کیا یہی وہ بچھڑا[6] ہے جسکو آپ خریدنا چاھتے ھیں ؟ وہ آم جو اس باغ میں آگے ھوئے ھیں کچے[7] ھیں - جس بھیڑئیے کو تم نے پکڑا تھا اس نے تمہاری بکری کو پھاڑ

کھایا[8] - کیا یہی وہ ساھوکار ھے جس نے تم کو دو سو روپے قرض دئے ھیں[9] ؟

(ب) تمہارا وھی کمرا نہیں جو میرا ھے - وہ آدمی جس کی ھم راہ دیکھ رھے تھے[10] آپہنچا - میرے چچا نے جو کراچی رھتا ھے، مجھے ایک تحفہ بھیجا - جس آدمی نے کل مجھے دھوکا دیا[11] آج گرفتار ھو گیا - اس ھجوم نے جو سڑک پر جمع تھا میرا پر تپاک[12] استقبال کیا - وہ آدمی خوش قسمت[13] ھے جس کے دوست کم ھوں - ھر وہ چیز جو چمکتی ھے سونا نہیں ھوتی - پاکستانی ھی وہ لوگ ھیں جو تمام قوموں سے غریب ھیں - میری شکایت[17] بھی وھی ھے جو تمہاری ھے - یہ ایسی دلچسپ تقریر ھے جو میں نے کبھی نہیں سنی - صرف یہی ایک کتاب ھے جو پڑھنے کے قابل ھے[15] - مجھے کسی آدمی کا پتہ نہیں جو میری مدد کرے - یہ کیا جانور ھے جو رات کو گھونسلے نکلتا ھے ؟ ھم اس کی عزت کیوں نہ کریں جو ھماری عزت کرتا ھے ؟ سکول جاتے ھوئے[16] مجھے ایک بوڑھا ملا جو ایک آنکھ سے کانا تھا[17] - یہ ایسا سودا[18] نہیں جسے آپ نا پسند کریں - جو کچھ تم نے خریدنا ھے، اس کی فہرست بنالو - کوئی ایسا لڑکا نہ تھا جس نے میچ نہ دیکھا - کوئی آدمی ایسا نہ ھوگا[19] جو اس کے مرنے پر نہ رویا - کوئی پاکستانی نہ ھوگا جس نے قائد اعظم کا ماتم[20] نہ کیا -

Vocabulary

1. I spoke of. 2. leads to. 3. belongs to. 4. glass. 5. is employed. 6. calf. 7. unripe. 1. devoured. 9. to lend. 10. waiting for. 11. cheat. 12. warmly. 13. fortunate. 14. complaint. 15. worth reading. 16. on my way to. 17. blind of one eye. 18. bargain. 19. none but wept. 20. mourn.

LESSON XXVI

DEGREES OF ADJECTIVES

65. *The Positive Degree* denotes the simple quality of something ; as : *deep*, *tall*, etc. The *Comparative Degree* denotes a higher degree and is used when two things are compared ; as : Mahmud is *taller* than Hameed. The

Superlative Degree is used when one thing is compared with more than two ; as : "Rashid is the *tallest* of all his brothers."

66. The Comparative Adjectives are followed by *than*, and the Superlative by *of*, but when selection is meant the Comparative Adjective is followed by *of* ; as :—

The girl is taller *than* her sister. — یہ لڑکی اپنی بہن سے زیادہ لمبی ہے -

He is wiser *than* his brother. — وہ اپنے بھائی سے زیادہ عقلمند ہے -

John is the cleverer *of* the two. — دونوں لڑکوں میں جان زیادہ ہوشیار ہے -

67. When a Superlative Adjective is compared with a collective noun, *in* should be used ; as :—

Karim is the cleverest boy *in* the class — کریم اپنی جماعت میں سب سے زیادہ ہوشیار ہے -

This tree is the highest tree *in* the garden. — یہ درخت باغ کے سب درختوں سے زیادہ اونچا ہے -

68. Some Comparative Adjectives borrowed from Latin take *to* after them ; as : *senior*, *junior*, *minor*, *major*, *superior*, *inferior*, *prior*, *and posterior*.

He is junior *to him*. — وہ اس سے جونیئر ہے -

This khife is superior *to* that. — یہ چاقو اس سے بڑھیا ہے -

69. Comparative Adjectives can be preceded by Adverbs, *for*, *much* and *very much*, but double Comparatives or Superlatives should not be used : as *more wiser*, *or most weakest*.

He is *much* older than your brother — وہ تمہارے بھائی سے عمر میں بہت بڑا ہے -

مشق ۲۶

(الف) وہ اپنے بھائی سے زیادہ طاقت ور ہے - وہ مجھ سے زیادہ لمبا ہے - وہ عمر میں مجھ سے بڑا ہے - تم اس سے بہت چھوٹے ہو - ھمالیہ سب پہاڑوں سے اونچا ہے - یورپ کے لوگ پاکستان کے لوگوں سے زیادہ دولت مند ہیں - میرا گھوڑا تمہارے گھوڑے سے تیز دوڑتا ہے - اس دوکان کی بکری[1] تمام دوکانوں سے

زیادہ ہے - یہ لڑکی اپنی تمام بہنوں سے ستھری ہے - موتی روپے سے زیادہ شریر ہے - ہر دو سپاھیوں میں[1] عزیز زیادہ بہادر ہے - سلمہ اپنی ہمجولیوں[2] میں سے زیادہ خوبصورت ہے - یوسف اپنی جماعت میں سب سے زیادہ لائق ہے[3] - میرا صندوق تمہارے صندوق سے بھاری ہے - لندن تمام دنیا کے شہروں سے بڑا ہے[4]-

(ب) سب سے قریب[5] کے ڈاکٹر کو بلا لاؤ- میرا بھائی بہت زخمی[6] ہے - ھسپتال کا سب سے نزدیک راستہ کونسا ہے ؟ لنڈی کوتل شمال مغربی سرحدی صوبے کا آخری سٹیشن ہے - لنڈی خانہ لنڈی کو تل سے بھی آگے ہے[7] - لوھا بہت ھی مفید دھات ہے[8] عزیز نہایت ھی بد قسمت[9] آدمی ہے - کیا یہ اخبار کا تازہ[10] پرچہ ہے ؟ اسلامیہ سکول میرے گھر سے زیادہ قریب ہے - تمام آدمیوں میں بشیر زیادہ کنجوس ہے - رحیم دفتر میں مجھ سے نیچے[11] ہے -

(ج) گرد و نواح[12] کے زمینداروں میں امام دین زیادہ دولت مند ہے - تمام گاؤں میں ملک خدا بخش زیادہ دلیر ہے[13] - گاڑی پر سفر کرنا لاری پر سفر کرنے سے زیادہ آرام دہ[14] ہے - میرا بھائی روز بروز زیادہ بیمار ہوتا جا رہا ہے - میں جتنے آدمیوں کو جانتا ہوں ، رحمت ان سب سے زیادہ دیانت دار ہے - لاھور راولپنڈی سے کم مہنگا[15] ہے - تمہارا بھائی تمہاری نسبت تمہارے باپ سے زیادہ ملتا جلتا[16] ہے - لوہے کی میز لکڑی کی میز سے بھاری ہوتی ہے - میرے کوٹ کا کپڑا تمہارے کوٹ سے بڑھیا ہے - وہ مجھ سے دو سال آگے[17] تھا - یہ بہت ھی گھٹیا قسم کا گیہوں ہے -

Vocabulary

1. sale. 2. playmates. 3. ablest. 4. the largest city in the world. 5. nearest. 6. much hurt. 7. farther than. 8. useful metal. 9. the most unlucky. 10. the latest issue. 11. junior to me. 12. neighbourhood. 13. most daring. 14. comfortable. 15. less, expensive. 16. resemble. 17. senior.

LESSON XXVII

ADJECTIVES

70. *Little, a little, the little* are Adjectives of Quantity. **Little** means *hardly any*, or *not much*, and has a negative meaning. **A little** means *some* quantity and **the little** means *not much, but all of that much* ; as :—

He had *little* food left in his house.	اس کے گھر میں کوئی خوراک باقی نہ تھی -
Make *a little* effort and you will succeed.	تھوڑی سی کوشش کرو اور تم کامیاب ھو جاؤ گے -
He gave me *the little* food he had.	اس نے مجھے تھوڑی سی خوراک جو اس کے پاس تھی دیدی -

71. *Few, a few, the few* are Numeral Adjectives ; their use is similar to that of *little, a little, the little*.

He had *few* friends.	اس کے تھوڑے ھی دوست ھیں (نہیں ھیں)
I gave him *a few* mangoes.	میں نے اسے تھوڑے سے آم دئے -
I gave him *the few* mangoes I had.	میں نے اسے تھوڑے سے آم جو میرے پاس تھے، دے دئے -

72. *Whole, a whole, the whole. Whole* is used before common and collective nouns and means *several* ; as :—

Whole districts have been ruined.	ضلعے کے ضلعے تباہ ھو گئے -
Whole the city was burnt.	تمام شہر جل گیا -

A whole is used before common nouns in singular number ; as :—

He ate *a whole* mango.	اس نے تمام آم کھا لیا -

The whole means entire and is used before common nouns in singular number when the nouns are particularised or before Proper nouns when followed by *of* ; as :—

I have finished *the whole* book.	میں نے تمام کتاب ختم کر لی ھے -
The whole of Bengal is in trouble.	تمام بنگال مصیبت میں ھے -

73. **Older** and **elder**. *Older* and *oldest* are used for persons or things, while *elder* and *eldest* are used for persons only and are confined to the members of the same family ; as :—

Majeed is *older* than Karim.	مجید کریم سے بڑا ھے -
This is the *oldest* tree in the forest.	یہ جنگل میں سب سے پرانا درخت ھے -
Rahim is my *elder* brother.	رحیم میرا بڑا بھائی ھے -

74. **Later** and **latest** refer to time, while **latter** and **last** denote position.

He arrived *later* than I.	وہ میرے بعد پہنچا -
This is the *latest* edition of the book.	یہ کتاب کا آخری (نیا) ایڈیشن ھے -
This is the *last* boy.	یہ آخری لڑکا ھے -
Karim and Rahim study in the same class, the *former* is lazy while the *latter* is clever.	کریم اور رحیم ایک ھی جماعت میں پڑھتے ھیں - اول الذکر سست ھے اور مؤخر الذکر ھوشیار ھے -

75. **Farther** and **futher**. *Farther* means distant while *further* means additional.

Russia is *farther* from the Equator.	روس خط استوا سے پرے ھے -
He made no *futher* progress.	اس نے کوئی مزید ترقی نہیں کی -

76. **Very** is used as an emphasising adjective ; as :—

This is the *very* man who came last night.	یہ وھی آدمی ھے جو کل رات آیا تھا -

77. **Much** and **many**. *Much* is used to denote quantity ; *many* to denote number ; as -

There is *much* milk in this pot.	اس برتن میں بہت دودھ ھے -
There are *many* boys in this class.	اس جماعت میں بہت لڑکے ھیں -

مشق ۲۷

(الف) اس کے پاس بہت[1] دودھ ھے - میرے پاس بہت[2] سے روپے ھیں - گاڑی میں بہت بھیڑ[3] تھی - سڑک پر بہت ھجوم[4]

تھا - اس نے بہت کم دودھ[5] پیا - انہوں نے بہت آنسو[6] بہائے -
وہ اپنے بیٹے کو بہت چاھتی[7] تھی - لنڈی خانہ پشاور سے بہت[8]
آگے ھے - بہت کم مسلمان روپیہ بچانا جانتے ھیں -

(ب) اس کے پاس تھوڑی سی رقم ھے - بہت تھوڑے لڑکے
روزانہ نہاتے ھیں - کیا اس نے تھوڑا سا دودھ بچا لیا ھے ؟
تھوڑی سی جائداد[9] جو اس کے پاس تھی، اس نے فروخت کر
دی ھے - اب تھوڑے سے آدمی باقی رہ گئے ھیں - تھوڑا بہت
تمہارا اثر جو اس پر تھا' اب ضائع ھو چکا ھے - تھوڑے دنوں
کے بعد وہ دیوالیہ ھوگیا -

(ج) اس نے بہت کم دودھ پیا - بہت کم آدمی اسے
جانتے ھیں - اس نے اپنے بھائی سے بہت کم ھمدردی کی -
کیا تمہارے پاس کچھ سامان ھے ؟ میرے پاس کچھ بھی
باقی نہیں رھا - کچھ آدمی سلیم کے ھمدرد[10] بھی تھے -
محمود رضیہ سے عمر میں بڑا ھے - اس کتاب کا آخری سبق
بہت مفید ھے - اس کے بعد اس نے کوئی مزید[11] ترقی نہیں کی -
اگلے اسٹیشن[12] سے ھمارا گاؤں تین میل کے فاصلہ پر ھے - یہ دن
کی سب سے آخری گاڑی ھے - میں چاھتا ھوں مجھے اس امر[13]
کے متعلق آخری اطلاع[14] ملے - اس شہر کا پرانا کارخانہ میرے
بھائی کی ملکیت تھا - یہ اس گروپ کا آخری لڑکا ھے - بعد
میں مجھے معلوم ھوا کہ یہ کہانی غلط ھے - اسے کیا معلوم[15]
تھا کہ اس کا نوکر اسے دھوکا دیگا ! بشیر اور رشید میں پہلا
محنتی اور دوسرا[16] لا پرواہ[17] ھے -

Vocabulary

1. much. 2 many. 3. great rush. 4. large crowd. 5. very little. 6 shed many tears. 7. very fond. 8. farther 9. little property. 10. sympathised with. 11. further. 12. next. 13. matter, subject. 14. latest information. 15. he little knew. 16. latter. 17. negligent.

LESSON XXVIII

ARTICLES

78. **A or an** is called the Indefinite Article ; **the is** called the Definite Article. A common noun in singular

number must have an article before it.

A is placed before :—

(*a*) Words beginning with consonants ; as : a dog.

(*b*) Words beginning with *u* giving the consonant sound of *you* ; as: a unit, a University, a Europeon.

(*c*) Words beginning with *o* giving the consonant sound of *wu* ; as : a one eyed.

79. **An** is used before :—

(*a*) Wordrs beginning with a vowel (a, e, i, o and u,) as : an ox, an eye.

(*b*) Words beginning with silent *h* ; as : an hour, an **honest.**

(*c*) Words beginning with sounded *h* ; and accented on the second syllable ; as : an hotel, an historical.

It is an historical event. یہ ایک تاریخی واقعہ ہے -

He put up in an hotel. وہ ہوٹل میں ٹھہرا -

80. **The** is used before :—

(*a*) Singular nouns meant to represent the whole class.

The cow is a gentle animal. گائے ایک غریب حیوان ہے -

The dog is a faithful animal. کتا ایک وفادار جانور ہے -

(*b*) Nouns representing well-known single objects :— the sun, the moon.

The sun is b gger than the moon. سورج چاند سے بڑا ہے -

(*c*) Nouns representing single whole :—the army.

He joined the army. وہ فوج میں شامل ہوگیا -

(*d*) Names of seas, oceans, gulfs and rivers :—the Gang‹s, the Bay of Bengal.

The Ganges falls in the Bay of Bengal. دریائے گنگا خلیج بنگالہ میں گرتا ہے -

(*e*) Names of mountain ranges and groups of islands :— the Alps, the West Indies.

(*f*) Names of newspapers and sacred books—The Pakistan T mes, the Quran.

(*g*) Names of sh ps and aeroplanes :—the Titanic, the R. 101.

(*h*) Before adjectives used as nouns:—the rich, the poor.

(*i*) Nations :—the English, the French, the Muslims.

The Quran is a sacred book. قرآن ایک متبرک کتاب ہے -

The English speak English. انگلستان کے باشندے انگریزی بولتے ہیں -

81. Articles are not used before :—

(*a*) *Proper Abstract and Material* nouns ; as : Jason, truth, iron.

(*b*) A noun **used** in its widest sense ; as :
Man is mortal. انسان فانی ہے -

(*c*) *Names of diseases, arts* and *sciences* ; as : plague, chemistry, carpentery.

(*d*) *Names of titles, professions or offices* used before a proper noun ; as : S. M. Sharif, Director of Public Instructions.

Note.—*The* is used before Proper, Abstract and Material nouns when followed by some descriptive phrase :
Iron is a useful metal. لوہا ایک مفید دھات ہے
The iron of Japan is very cheap - جاپان کا لوہا بہت سستا ہے

مشق ۲۸

(الف) وہ ایک دیانتدار آدمی ہے - وہ مکان جو میں نے چھوڑا ہے، بہت گندہ ہے - شہد کی مکھی[1] شہد اکٹھا کرتی ہے - زمین اور آسمان خدا کے پیدا کئے ہوئے ہیں - یہ سال کا نہایت ہی سرد دن ہے - اس کا بھائی آنریری مجسٹریٹ مقرر ہوا ہے - حفیظ اسلام کا فردوسی ہے - افسوس[2] ! وہ اتنی چھوٹی عمر میں مر گیا - میں ایسے بدمعاش[3] سے نفرت کرتا ہوں - کتا ایک وفادار جانور ہے - کتے بہت وفادار ہوتے ہیں - اس نے نہایت عقلمندانہ[4] فیصلہ کیا - زندہ گدھا مردہ شیر سے بہتر ہے - کیا خلیج بنگالہ ہندوستان کو برما سے جدا کرتی ہے - دریائے چناب طغیانی[5] پر تھا - سورج ہمیں روشنی دیتا ہے - دکن کے دریا ڈیلٹا بناتے ہیں رامائن ہندوؤں کی متبرک کتاب ہے - تم غلطی پر ہو - تمہاری دیانتداری کی آزمائش[6] ہوگی - ڈاکٹر صاحب ہفتہ میں دو دفعہ[7] یہاں آتے ہیں - میں نے اسے بازو سے پکڑ لیا - کپڑا گزوں[8] سے فروخت ہوتا ہے -

(ب) وہ آخری لمحہ[9] تک لڑتا رہا - سورج تمام روشنی کا منبع[10] ہے - اس کھیل میں راشد نے راجہ کا پرٹ[11] ادا کیا -

وہ خشکی کے راستے آیا یا تری کے؟ مجسٹریٹ نے اسے کچہری میں حاضر ہونے[12] کا حکم دیا - میں پاکستان ٹائمز پڑھتا ہوں۔ مجھے معلوم نہ تھا کہ وہ قریب المرگ[13] ہیں - کشتی نے کس وقت لنگر ڈالا[14]۔ سمندر میں ایک جزیرہ تھا جہاں کوئی جانور نہ ملتا تھا - گلاب تمام پھولوں سے زیادہ خوبصورت ہے -

Vocabulary

1. the bee. 2. It is a pity. 3. rogue. 4. to give a judgment. 5. in floods. 6. put to the test. 7. twice a week. 8. by the yard. 9. to the last. 10. source. 11. acted a raja. 12. attend court. 13. on death-bed. 14. cast anchor.

LESSON XXIX

AUXILIARY AND DEFECTIVE VERBS

SHALL and WILL

82. **Shall** with the I Person and **will** with the II and III, denote simple future ; as :—

I shall go to-morrow.	میں کل جاؤنگا -
You will go to-morrow.	تم کل جاؤ گے -
He will go to-morrow.	وہ کل جائیگا -

83. **Will** with the I Person denotes *intention*, *determination* or *promise* and **shall** with the II and III Persons denotes *command*, *promise* or *compulsion* :—

I will send you a book.	میں آپ کو ایک کتاب بھیجوں گا -
You shall obey his order.	تم ضرور اس کا حکم مانو گے -
He says he shall vacate the house.	وہ کہتا ہے وہ مکان خالی کردے گا-

84. In Interrogative sentences **shall** with the I, II Persons and **will** with the III Person denote simple future ; as :—

Shall I go to-morrow?	کیا میں کل جاؤ گا ؟
Shall you go to-morrow?	کیا تم کل جاؤ گے ؟
Will he go to-morrow?	کیا وہ کل جائیگا؟

Shall with the I and III Person (in Interrogative sentences) and **will** with the II Person denote wish or permission : as:—

Shall we stay here ? کیا ھم اس جگہ ٹھہریں گے ؟
Will you lend me two rupees? کیا تم مجھے دو روپے قرض دو گے۔
Shall they sleep in this room ? کیا وہ اس کمرہ میں سوئیں گے ؟

مشق ۲۹

(الف) تمہیں انعام ملے گا - وہ کل کتاب واپس کردیگا - جو کچھ تم چاھتے ھو تمہیں مل جائے گا - ھم اسے یہاں ٹھہرنے نہیں دیں گے - وہ کس سکول میں داخل[1] ھرگا ؟ انہیں ضرور سزا دی جائے گی - میں آپ کو ھرگز قرض نہیں دونگا - کیا تم میرے ساتھ باھر چلو گے ؟ تمہیں یقیناً اس کام کی اجرت ملے گی[2] - کیا ھیڈ ماسٹر صاحب میری درخواست[3] منظور کر لینگے ؟ جاؤ تمہیں اس ماہ کی تنخواہ نہیں ملے گی -

(ب) لڑکوں نے کہا : ”کل سکول بند ھوگا“ - ھیڈ ماسٹر صاحب نے کہا ”کل سکول بند نہیں ھو گا“ - میں اس سے کوئی سوال نہیں پوچھوں گا - کیا تم جھوٹ بولو گے[4] ؟ نہیں، میں سچ بولوں گا[5] - میں وعدہ کرتا ھوں، تمہیں کل کتاب واپس کر دی جائے گی - وہ آپ سے معافی[6] مانگے گا - میں آپکو تمام رقم بذریعہ منی آرڈر بھیج دونگا - مجھے امید ھے میں اس مقدمہ[7] میں کامیاب ھونگا - میں اسکی مخالفت[8] نہیں کرونگا - وہ آپکی اطاعت کریگا - ھم میچ جیت لینگے - میں کل رسید بھیج دونگا[9] - وہ چٹھی ڈاک میں ڈال دیگا - کیا آپ مجھ پر احسان کرینگے[10] ؟ شادی اگلے ھفتے ھوگی - میں دو سال اور نوکری کرونگا[11] - تمہیں اس کام میں نقصان ھوگا - میں ایک گھنٹہ میں چھ میل دوڑ لونگا -

Vocabulary

1. join. 2. wages for the work. 3. sanction my application. 4. tell a lie. 5. speak the truth. 6. beg pardon, apologise. 7. case. 8. to oppose. 9. receipt. 10. do me the favour. 11. serve.

LESSON XXX

AUXILIARY & DEFECTIVE VERBS—(*Continued*)

MAY, CAN, MUST

86. **May** is used to denote: (*a*) *possibility* : as :—

He may reach in time.	شاید وہ وقت پر آجائے -
He may catch the train.	ممکن ھے اسے گاڑی مل جائے -

(*b*) *Permission* ; as :—

May I go out ?	کیا میں باھر جا سکتا ھوں ؟

(*c*) *Wish* ; as :—

May he succeed in the examination !	خدا کرے وہ امتحان میں کامیاب ھو جائے !

(*d*) *Purpose* ; as :—

He ran fast so that he might not be arrested.	وہ تیز دوڑا تا کہ گرفتار نہ ھو جائے -

87. **Can** is not an Auxiliary verb but it is a Principal verb and is used to express *ability* or *power* ; as :—

I can run six miles an hour.	میں ایک گھنٹے میں چھ میل دوڑ سکتا ھوں -
He can do this work.	وہ یہ کام کر سکتا ھے -
He could not help his brother.	وہ اپنے بھائی کی مدد نہ کرسکا-
He ran as fast as he could.	جتنا تیز وہ دوڑ سکتا تھا، دوڑا -

88. **Must** denotes : (*a*) *compulsion* ; as :—

He must carry the luggage.	اسے یہ سامان اٹھانا پڑے گا -
You must buy this book.	تمہیں یہ کتاب خریدنی پڑیگی -
You must pay the price.	تمہیں اسکی قیمت ادا کرنی ھوگی -

(*b*) *Certainty* ; as :—

He must have solved the sums.	اس نے ضرور سوال نکال لئے ھوں گے -

(*c*) *Strong desire* or *determination* : as :—

We must leave this place by evening.	ھمیں شام تک یہاں سے ضرور رخصت ھو جانا چاھئے -

(*d*) *Duty* or *obligation* ; as :—

You must not tell a lie. — تمہیں جھوٹ نہیں بولنا چاھئے -

Note.—**May** indicates permission, while **can** indicates power ; we should not say: *Can I come in ?*

89. **Might** is the past tense of **May**. It is used both as Past Indicative and as Past Subjunctive. It is also used to express *doubt* ; as :—

He might have seen me. — ممکن ہے اس نے مجھے دیکھ لیا ھو -
He might stay here. — شاید وہ یہاں ٹہر جائے -

مشق ۳۰

(الف) کیا میں اندر آسکتا ھوں ؟ کیا میں گھڑی خرید لوں ؟ تم کل چلے جانا - کیا میں لیمپ جلا دوں ؟ کیا میں اخبار پڑھ سکتا ھوں ؟ خدا کرے وہ دیر تک زندہ رھے ! میں اس وقت آپ کو نہیں چھوڑ سکتا - وہ ابھی چلا آئے - جہاں کہیں بھی وہ جائے میں اس کی مدد کرونگا - اس وقت چلے جاؤ تا کہ تمہیں لیمپ کی ضرورت نہ پڑے[1] - کیا آپ دو میل لگاتار[2] دوڑ سکتے ھیں ؟ خدا کرے یہ سچ نہ ھو - آپ تھوڑا سا دودھ پی لیں - وہ چاھتا ھے کہ میں اس کا قرض ادا کر دوں - کیا میں اندر آسکتا ھوں ؟ ھاں، بڑی خوشی سے آپ آسکتے ھیں - ممکن ھے میں اسے یہاں لے آؤں - میں اس کو آسانی سے شکست[3] دے سکتا تھا - ھمیں صبح تک یہاں سے رخصت ھو جانا چاھئے -

(ب) خواہ وہ کتنے ھی بہادر ھوں، وہ شیر کو نہیں مار سکیں گے - وہ بہت محنت کرتا ھے تاکہ مالک کو خوش کرے - کتاب کے بغیر ھمارا گذارہ[4] نہیں ھو سکتا - میں جو کچھ کروں اس کی ذمہ داری[5] مجھ پر ھے - میں ھنسے بغیر نہ رہ سکا[6] - ممکن ھے وہ ملازمت سے برطرف[7] کر دیا جائے - وہ مانے یا نہ مانے لیکن میں اپنی طرف سے انتہائی[8] کوشش کرونگا - ھمیں چاھئے کہ ھم اپنے فرائض کو یاد رکھیں - تم نے ضرور بستر باھر پھینک دیا ھوگا - تم بازار گئے تھے، میرے لئے کچھ سیاھی لے آتے - وہ اب تک منزل مقصود[9] تک پہنچ چکے ھونگے - وہ اپنے

تمام رشتہ داروں کا خرچ برداشت[10] کرتا ہے - وہ بہت دولت مند ہو گا - اگر وہ دوڑ سکتا تو دوڑتا - اب مجھے حقیقت معلوم ہو گئی[11] ہے - میری دعا ہے کہ میرا لڑکا بی - اے میں کامیاب ہو جائے! مجھے خیال تھا شاید میں وقت پر نہ پہنچ سکوں -

Vocabulary

1. may not require. 2. at a stretch. 3. defeat. 4. we cannot do without a book. 5. I am responsible for. 6 could not help laughing. 7. dismiss. 8. try my best. 9. destination. 10. supports. 11. I have come to know the facts.

LESSON XXXI

AUXILIARY & DEFECTIVE VERBS *(Continued)*

Should, Would, Ought

In the following sentences you should note that **'should'** denotes :—

Obligation or *duty* ; as :—

You should not waste time. - تمہیں وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے -

You should not stay here. - تمہیں یہاں نہیں ٹھہرنا چاہئے -

An action that ought to have been done in the past ; as :—

You should have called him. - آپ کو اسے بلا لینا چاہئے تھا -

You should have helped your brother - تمہیں اپنے بھائی کی مدد کرنی چاہئے تھی -

(*c*) *Supposition* or *possibility* in the Subjunctive Mood ; as :—

If it should rain to-day, the wall will **fall.** - اگر آج بارش ہوئی تو دیوار گر جائے گی -

91. **Would** is the Past form of **will** and is used to express :—

(*a*) *Condition* or *uncertainty* ; as :—

Had he worked hard, he would have won the scholarship. - اگر وہ محنت کرتا تو وظیفہ حاصل کرتا -

(*b*) *A wish* ; as:—

Would that he were alive ! - کاش وہ زندہ ہوتا !

(*c*) *To denote courtesy* ; as :—

Would you do this for me?	کیا آپ میرے لئے یہ کام کرینگے ؟
Would you accompany me ?	کیا آپ میرے ساتھ چلینگے ؟

(*d*) *Habit* ; as :—

The farmer would rise early and go to the field.	کسان صبح اٹھتا اور کھیتوں پر چلا جاتا ھے -

92. **Ought** is the old Past Tense of *Owe* and expresses duty and obligation ; as :—

You ought to obey your father.	تمھیں اپنے باپ کا حکم ماننا چاھئے -

Note,—Ought is similar in meaning to *should*, when *should* expresses obligation. There is, however, a slight distinction. *Should* expresses obligation of expediency or fitness and *ought* expresses obligation of duty. Moreover *should* takes the infinitive without *to* , while *ought* requires *to* before this infinitive.

مشق ۳۱

(الف) اسے وقت پر پہنچنا چاھئے - تمھیں اپنا قرض ادا کرنا چاھئے - تمھیں سویرے اٹھنا چاھئے - اسے چل پڑنا چاھئے - مجھے تمھارے بھائی کو کیا کہنا چاھئے ؟ اسے میرا حکم ماننا چاھئے - تمھیں لازم ھے[1] کہ اپنا کام ایمانداری سے کرو - اگر ھوا چلی تو خشک پتے گر جائیں گے - ھمیں کسی آدمی کو دق[2] نہیں کرنا چاھئے - مجھے معلوم تھا کہ وہ کشتی کو نہیں چلائیں گے[3] - مجھے خیال تھا کہ چور کر تلاش کو لوں گا - یہ فیصلہ ھوچکا ھے کہ اسے رھا کر دیا جائیگا - اسے اپنے باپ سے کیا لینا چاھئے تھا ؟ مجھے یقین تھا[4] کہ تم مجھے دھوکا دوگے - وہ مجھے دس تاریخ کو فیس ادا کرتا ھے - کیا تم نے وعدہ کیا تھا کہ تم اپنا کارخانہ چھ بجے کھولو گے ؟ وہ اکثر پانچ بجے تک کام کرتا رھتا[5] ھے - اگر تم تیز دوڑتے تو گاڑی پر چڑھ جاتے[6] - تمھیں چاھئے تھا کہ اپنے آقا کے فرمانبردار رھتے -

(ب) میں نے فیصلہ کیا ھے[7] کہ میں اس مکان کو خالی کر دونگا[7] - یہ یقینی بات تھی کہ تم پاس ھو جاتے - میں نے ارادہ

کر لیا تھا کہ اپنا راز[9] کسی کو نہ بتاؤنگا - یہ توقع تھی
کہ کمشنر صاحب دس بجے یہاں پہنچ جائیں گے - اگر میں
اسے دیکھ لیتا تو اسے فوراً پہچان لیتا - بوڑھا کسان
صبح سویرے اٹھتا اور کھیت میں ہل جوتتا - کاش وہ
زندہ ہوتا[10] ! جب ہم بورڈنگ ہاؤس میں رہا کرتے تھے تو وہ
مجھے رات کو اکثر کہانیاں سنایا کرتا تھا - اگر وہ میرا نوکر
ہوتا تو میں اسے فوراً باھر نکال دیتا - اگر میں تمہاری جگہ ہوتا[11]
تو اسے جانے دیتا - یہ نہایت ضروری[12] ھے کہ وہ اپنی سند[13] پیش
کرے - میں اس کو اس کی شرارتوں کی سزا دونگا - اگر تم
میل دوڑ میں مقابلہ کرنا[14] چاھتے ھو تو تمہیں ھر روز مشق
کرنی چاھئے[15] - تمہیں میرا حکم ماننا ھوگا - تمہیں رات کو
پہرہ دینا ھوگا -

Vocabulary

1. you ought. 2. tease. 3. row. 4. I believed. 5. would work. 6. would have caught train. 7. decided. 8. vacate. 9. secret. 10. would that he were alive. 11. if I were you. 12. quite necessary. 13. certificate. 14. compete for mile race. 15. practice.

LESSON XXXII

HAVE & DO

93. It has already been explained that *have* is used as an auxiliary verb to form the Perfect Tense, but as a Principal Verb it is used :—

(1) To show possession ; as :—

He has three horses and a cow.	اس کے پاس تین گھوڑے اور ایک گائے ھے -
We have many tables.	ھمارے پاس بہت سی میزیں ھیں -

(2) With Infinitive it shows necessity or compulsion and is used in all the three tenses.

He has to rise early.	اسے سویرے اٹھنا پڑتا ھے -
He had to rise early.	اسے سویرے اٹھنا پڑتا تھا -
He shall have to rise early.	اسے سویرے اٹھنا پڑے گا -

94. **Do** as an auxiliary verb is used with the Present Indefinite Tense in Interrogative and Negative

form ; as 'Do you know ?' 'I do not know' but as principal verb it is used :—

(1) As a substitute for another verb ; as :—

He works more than I do. — وہ مجھ سے زیادہ کام کرتا ھے -

(2) To emphasise the sentence ; as :—

Do see me tomorrow. — کل مجھے ضرور ملنا -

Do bring your book tomorrow. — کل اپنی کتاب ضرور لانا -

Do attend the meeting. — جلسہ میں ضرور آنا -

(3) In the meaning of suffice ; as :—

Will this milk do ? — کیا یہ دودھ کافی ھوگا ؟

مشق ۳۲

کیا یہ کافی ھے[1] ؟ اس نے وھاں جانا ہے میں نے صبح سویرے اٹھنا ھے - تمہیں اس خط کا جواب دینا پڑیگا - مجھے کل سے سر درد [2] ھے - میرے پاس کئی نوکر ھیں - اس کے پاس ایک آئینہ[3] اور ایک کنگھی[4] ھے - ھمیں چھ بجے سکول جانا پڑتا ہے - لڑکوں کو برآمدہ میں سونا پڑھتا تھا - تمہیں رات کو جاگنا[5] پڑیگا - پچھلی رات مجھے بخار تھا - کل یہاں ضرور آنا -

(ب) مجھے اس دوکان سے کوئی مطلب نہیں[6] - میں اس معاملے میں بات چیت[7] کرنے کو تیار نہیں - تمہیں ریل کا دگنا کرایہ[8] ادا کرنا پڑیگا - اسے تمام ضروری چیزیں[9] مہیا[10] کرنی پڑیں گی - مجھے تمام رات مریض کے پاس بیٹھنا پڑتا ھے - کیا تمہیں تمام کنبہ[11] کی پرورش کرنی پڑتی ھے[12] ؟ جب ھم ایمن آباد تھے تو ھمیں باغیچہ کی نگرانی کرنی[13] پڑتی تھی - جب اس پر قرض ھو گیا[14] تو اسے مکان فروخت کرنا پڑا - میرا اس معاملہ میں کوئی دخل[15] نہیں - اگر سکول میں حاضر نہ ھوگے تو تمہیں جرمانہ ادا کرنا پڑیگا - مہربانی کر کے میرے ساتھ کچہری تک ضرور چلو - میں نے اپنے نوکر کو کبھی ایسا تنگ نہیں کیا جیسے تم کرتے ھو - وہ چاھتا تھا کہ وہ اپنی مٹھی گرم کرے[16] - بیلوں کو جو کا چارا دینا پڑتا ھے - رات کو دروازے بند کر دینے ھوتے ھیں -

Vocabulary

1. will that do. 2. headache. 3. mirror. 4. comb. 5. keep awake. 6. I have nothing to do with it. 7. to have a talk over this matter. 8. railway fare. 9. requirements. 10. supply. 11. family. 12. support. 13. look after. 14. ran into debt. 15. have no hand in. 16. to have his hands full. 17. have to be fed on.

LESSON XXXIII

THE INFINITIVE & THE GERUND

95. A verb in the Infinitive Mood expresses to set to an action denoted by the verb, and is formed by putting to before Present Tense of a verb and in vernacular it ends in نا-نے-نی as : to see=دیکھنا to drink = پینا. It has two forms : (1) the *simple* or ***Noun Infinitive*** ; and (2) the *Gerundial or Qualifying Infinitive.*

The ***Noun Infinetive*** is used ; as :—

(*a*) *A subject* ; as :—

To speak the truth is a good habit. سچ بولنا اچھی عادت ہے۔

(*b*) *An object* ; as :

We wished to see our friend. ہم اپنے دوست کو ملنا چاہتے تھے۔

(*c*) *An object* ; as:—

The train is about to start. گاڑی چھوٹنے والی ہے -

(*d*) *A* ***complement*** ; as :—

The magistrate ordered him to be arrested. مجسٹریٹ نے اسے گرفتار کرنے کا حکم دیا -

96. *The* ***Gerundial Infinitive*** is used to express ***purpose***, ***cause***, ***reason***, ***manner*** or ***condition*** and qualifies :—

(a) *A Noun* :—

Here is a house *to let.* یہاں ایک مکان کرایہ پر دینے کے لئے خالی ہے -

(*b*) *An Adjective* :—

Karim is eager to learn. کریم پڑھنے کا بہت شائق ہے -

(*c*) *A verb* :—

You failed *to try* to call him. آپ اس کو بلانے کی کوشش میں ناکام رہے۔

(*d*) To introduce parenthesis :—

To *tell the truth*, I do not like him. سچ تو یہ ہے کہ میں اس کو پسند نہیں کرتا -

97. To of the infinitive is omitted after *may*, *shall*, *will*, *must*, *can*, *bid*, *dare*, *please*, *be*, *need*, *make*, *hear*, *see*, *feel*, *behold*, *mark*, *watch*, *observe*, *perceive*, *had better*, *would rather*, *had rather*, *had sooner*, *but* and *except*.

He need not come here.	اس کے یہاں آنیکی کوئی ضرورت نہیں -
He dare not complain against me.	وہ میرے خلاف شکایت کرنے کی جرأت نہیں کرتا -
I heard him weep.	میں نے اسے روتے سنا -
You had better go home.	بہتر تھا کہ آپ گھر چلے جاتے -
He would rather starve than beg.	وہ بھیک مانگنے کی بجائے بھوکا رہنا پسند کریگا -

مشق ۳۳

(الف) وہ مجھے ملنے کے لئے آیا - میں نے اسے آنے کو کہا - چوری کرنا برا ہے - وہ آنیوالا ہے - وہ اسے ملنے کے لئے دوڑا - کیا تم نے اسے ساتھ چلنے کو کہا ؟ اس کا چننا[1] کیوں غلطی ہے ؟ وہ مکان کو تالا لگانے آیا - میں یہ سن کر بہت خوش ہوا - ایسا کرنے سے وہ ڈرتا تھا - جھوٹ بولنا بری عادت ہے - اس کے پاس بیٹھنے کے لئے کرسی ہے - سیب[2] کھانے کے لئے اچھا ہے - کیا یہ مکان کرایہ کے لئے خالی[3] ہے ؟ اب سکول جانے کا وقت ہے - کیا تم میلہ دیکھنے گئے تھے ؟ اب مینہ برسنے لگا ہے -

(ب) میں نے اسے پڑھانے کی کوشش کی - میں نے لڑکوں کو دوڑتے دیکھا - یہ صندوق اسقدر بھاری ہے کہ اٹھایا نہیں جا سکتا[4] - کیا تم اس کو ملازم رکھنے کے لئے تیار ہو[5] ؟ سچ تو یہ ہے کہ مجھے ایسے شخص پر اعتبار نہیں - وہ دفتر میں اس اسامی[6] کے لئے درخواست[7] دینے کے لئے گیا - سبق دہرانے[8] کے لئے کافی وقت ہے - وہ تعریف کے قابل ہے - سوائے رونے کے وہ کچھ کام نہیں کرتا[9] - تم نے یہ سوچنا ہے آیا وہ تمہارے کام بھی آسکے گا - کھلی ہوا میں ورزش کرنا صحت کے لئے مفید

ہے - نشہ آور[10] چیزوں کو ترک کرنا طالبعلموں کے
لئے ضروری[11] ہے - ڈپٹی کمشنر صاحب سکول کے
ہال کا سنگ بنیاد رکھنے کے لئے[12] تشریف لائے - تمہارے ساتھ
جانے کی ضرورت نہیں - وہ دوڑنے کی نسبت زیادہ اچھی طرح چل
سکتا ہے - تمہارے لئے یہاں ٹھہرنا بالکل بے سود ہے - وہ ایک
مکار آدمی خیال کیا جاتا ہے - چور بھاگنا ہی چاہتا تھا جب میں
نے اس کو پکڑ لیا - تمہارے لئے چلے جانا ہی اچھا ہے[13] - وہ
کھانا کھانے کو تیار تھا جب اس دھوکاباز[14] نے دروازہ
کھٹکٹایا[15] - تمہارے لئے بہتر ہے کہ یہ مکان چھوڑ دو -

Vocabulary

1. to select. 2. apple. 3. to let. 4. to lift. 5. to engage as a servant. 6. post. 7. apply. 8. revise. 9. he does nothing but weep. 10. intoxicants. 11. essential. 12. to lay the foundation-stone. 13. you had better go. 14. cheat. 15. knocked at the door.

LESSON XXXIV

THE PARTICIPLE

98. The Participle is so called because it partakes of the properties of the verb and the adjective : (It means sharing or taking part and is, sometimes, called *verbal adjective*).

There are three kinds of Participles ; the Present Participle, the Past Participle and Perfect Participle.

(a) *The Present Participle* is formed by adding *ing* to the I form of a verb :—

I saw him reading in the field.	میں نے اسے کھیت میں پڑھتے دیکھا -
Reaching home he saw a snake.	گھر پہنچکر اس نے ایک سانپ دیکھا -

(b) *The Past Participle* is the III Form of a verb :—

He repaired the *broken* window.	اس نے ٹوٹی ہوئی کھڑکی کی مرمت کی -

(c) *The Perfect Participle* is formed by putting *having* before the III Form of a verb; as :—

Having finished his work, Henry went out. — کام ختم کرکے ھنری باھر چلا گیا -

Having seen the thief, he began to cry. — چور کو دیکھکر اس نے چلانا شروع کیا -

Having heard the result, he burst into tears — نتیجه سن کر وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا -

99. *The Present Participle* is often used as a noun and is called a *verbal noun* or a *gerund* ; as :—

He is very fond of *reading*. — وہ پڑھنے کا بہت شائق ھے -

Swimming is a good exercise. — تیرنا ایک اچھی ورزش ھے -

مشق ۳۴

(الف) میں نے شیر کو آتے دیکھا - وہ جواب لیکر واپس آ گیا - ھم نے ایک کملایا ھوا[1] پھول توڑا - ریچھ سے ڈر کر وہ درخت پر چڑھ گیا - وہ کھیلنے کا شوقین ھے - گھر پہنچکر اس نے گائے کودوھا[2] - بازار میں جاتے ھوئے میں بشیر کو ملا - بھائی کو مل کر میں واپس چلا آیا - سونا زندگی کے لئے ضروری ھے - دشمن کے ڈر کی وجه سے ھم دوسرے راستے گئے - گلاس کو ٹوٹا ھوا دیکھ کر وہ بہت غمگیں[3] ھوا - میں نے اسے لکھنا اور پڑھنا سکھایا - کیا اس کے آنے کی کوئی امید ھے؟ لکھنے کی میز[4] کمرہ میں رکھ دو - مجھے تمام گمشدہ مال مل[5] گیا -

(ب) اس کا باپ مر چکا ھے، اس لئے اس نے پڑھنا چھوڑ دیا ھے - اپنے باپ کو فوت ھوا دیکھ کر[6] وہ رونے لگا - آئیندہ[7] موسم میں یہاں چاول اچھے پیدا ھونگے - کیا تم نے کپڑا سینے کی مشین نہیں خریدی ؟ لڑکوں کو ملا کر[8] جلسه میں بیس آدمی تھے - شیر کو دیکھ کر اس نے دریا میں چھلانگ لگائی - رات اندھیری تھی، اس لئے ھم نے سرائے[9] میں ٹھہرنا مناسب سمجھا - گھوڑے کے ھنہنانے[10] سے ھم نے شکاریوں کو تلاش کر لیا - میری پگڑی نہر میں بہہ گئی - مجھے

ننگے سر گھر آنا پڑا ۔ اطلاع مل جانے کی وجہ سے ہم وقت پر
کچہری[11] پہنچ گئے ۔ شیر کے مر جانے سے جانوروں کو کوئی
خطرہ نہ رہا ۔ برخواست شدہ[12] افسر نے ڈپٹی کمشنر صاحب کے
پاس اپیل بھیجی ہے ۔ اپنی ماں کو دیکھ کر وہ مسکرانے لگی ۔
ہسپتال پہنچ کر میں نے بہت سے آدمیوں کو وہاں کھڑا دیکھا ۔
بھائی کو دیکھ کر اس نے رونا شروع کر دیا ۔ سورج نکلنے پر
ہم روانہ ہو گئے ۔ باہر آ کر میں نے اپنا بٹوا اٹھا لیا ۔ بیمار
ہونے کی وجہ سے میں دفتر نہ آ سکا ۔ اندھیرا ہونے کی وجہ سے
ہم جلدی چل پڑے ۔ سکول جاتے ہوئے میں بجلی کی دکان[13]
پر ٹھہر گیا ۔ ایک ڈوبتا ہوا آدمی تنکے کا بھی سہارا لیتا ہے[14] ۔

Vocabulary

1. faded. 2. milked. 3. grieved. 4. the writing table. 5. lost property. 6. dead. 7. coming. 8. including. 9. inn. 10. neighing. 11. court. 12. dismissed. 13. electric shop. 14. a drowning man catches at a straw.

LESSON XXXV
CAUSAL VERBS

100. *Causal verbs* are those which mean to cause or make.

Some *English verbs* have a separate causal form ; as :

rise=اٹھنا raise=اٹھانا fall=گرنا fell=گرانا see=دیکھنا show=دکھانا lie=لیٹنا lay=لٹانا.

For other verbs **make, cause, get, have** and **urge** are used to turn them into causal forms ; as :—

I made him copy this sentence. میں نے اس سے یہ فقرہ نقل کرایا ۔

You caused the children to run in the garden. تم نے بچوں کو باغ میں دوڑایا ۔

I shall get the book bound. میں کتاب کی جلد بندی کرالونگا ۔

Note.—To is used after *cause, get* and *urge* but not after *make* and *have.*

I made him close the shop. میں نے اس سے دوکان بند کرا دی -

مشق ۳۵

(الف) وہ خط لکھتا ھے - وہ خط لکھواتا[1] ھے - وہ کام کرتا ھے - وہ مجھ سے کام کرواتا ھے[2] - اس نے مکان بنایا - ھم نے مکان بنوایا[3] - اس نے گھڑی مرمت کی - اسنے گھڑی مرمت کروائی[4] - انہوں نے پودے لگوائے - میں نے مزدوروں سے فصل کٹوایا[5] - میں نے ایک بہت بڑا درخت گرا دیا - وہ اس سے یہ چٹھی ٹائپ کرا لے گا - میں اسے آج سزا دلواؤں گا - میں نے اس سے ایک تصویر کھنچوائی[6] - میں اسے دفتر میں نوکر کرا دونگا - کیا تم اپنا کمرہ صاف کرا چکے ھو؟ سیکرٹری صاحب یہاں سے یہ غلاظت[7] اٹھوا دیں گے[8] - میں اسے تین سیر آٹا[9] بھجوا دونگا - ھم اسے برآمدہ میں لٹا دیں گے - کمپونڈر نے مریض[10] کو دیکھ لیا ھے - ڈاکٹر صاحب کو بھی دکھا دیں گے - میں یہ صفحہ بشیر سے نقل کرا لونگا - کیا تم اس زمین کو ھموار کرالو گے؟ مہمانوں کے ھاتھ دھلاؤ -

(ب) کیا تم نے مجھے خط کا جواب بھجوا دیا ھے؟ کیا تم نے بچے کی حجامت بنوالی ھے؟ کیوں صاحب! آپ نے یہ دیوار تعمیر کردی؟ حمید نے بوروں کا وزن[11] کرا دیا تھا - اگر تم روپے روانہ نہ کرو گے تو میں تمہارا مکان نیلام کرا دوں گا[12] - اس نے ھم سے کاغذ پر دستخط کرائے - ھم نے اس سے اقرار نامہ[13] پر دستخط کرائے - ھم نے اس کو اقرار نامہ[14] پر دستخط کرانے کے لئے مجبور کیا - ھم نے اپنے سامنے اس کے مکان کی مرمت کرائی - کہتے ھیں کہ بادشاہ نے اپنے بھتیجوں کو زھر دلوا دی - آپ نے اس ضدی[15] لڑکے کو کتاب دینے پر رضا مند کر دی

لیا - میں نے مالی سے بہت سے پودے لگوائے۔ پناہ گزین[16] سڑکوں کے درخت گرا رہے تھے - میں یہ دیوار مرمت کرالونگا -

Vocabulary

1. got a letter written. 2. makes me work. 3. got a house built. 4. got the watch repaired. 5. go the crop cut. 6. got down. 7. filth, night soil. 8. get it removed. 9. flour. 10. patient. 11. sack. 12. put to auction 13. agreement. 14. impertinent, headstrong, obstinate. 15. refugees. 16. repair.

LESSON XXXVI

ADVERBS

101. **Much** and **very.**

(*a*) *Much* qualifies Adjectives in Comparative degree ; *very* in the Positive :—

He is very sad to-day.	وہ آج بہت غمگین ہے -
You are much weaker than before.	تم پہلے سے بہت کمزور ہو -

(*b*) *Much* is used before *Past Participle* and *very* before *Present Participle* ; as :—

He was *much* grieved to hear this news.	وہ یہ خبر سن کر بہت غمگین ہوا -
It is a *very* interesting book.	یہ بڑی دلچسپ کتاب ہے -

102. **Too.** It conveys the idea of excess and means more than enough. It conveys a negative idea and is equal to *so that not* when it is followed by an infinitive ; as :—

He is *too* weak to come out.	وہ اس قدر کمزور ہے کہ باہر نہیں آسکتا -

Note.—Too should not be used in place of *very* ; as :—

This water is *very* pure (not *too* pure).	یہ پانی بہت صاف ہے -

103. **Before** and **ago.** *Before* as an adverb means *on a previous occasion* or *formerly* ; as :—

Did you see him *before* ?	کیا تم نے اسے پہلے بھی دیکھا تھا ؟

Ago is used to denote a *period of time* dating backwards ;

He left the school three months *ago*.	اسے سکول چھوڑے تین مہینے ہوئے ہیں - آج سے تین مہینے پہلے اس نے سکول چھوڑ دیا تھا -

104. **At Prenest** and **Presently**. *At Present* means at the present time. *Presently* means *shortly* or *without delay* ; as :—

At present I have no money. اس وقت میرے پاس کوئی رقم نہیں -

He will reach here *presently*. وہ ابھی یہاں پہنچ جائیگا -

105. **Yes** and **No**. Whatever be the form of question, use *yes* if your answer is in the affirmative ; but use *no* if your answer is in the negative.

Did you not go out ? کیا تم باھر نہیں گئے ؟

Yes, I went out. ھاں، میں گیا تھا -

No, I did not go out. نہیں، میں نہیں گیا -

106. Sometimes *the* is used as an Adverb and means *by that amount* : as :—

The more you read, the more you gain. جتنا زیادہ پڑھوگے، اتنا زیادہ فائدہ اٹھاؤگے -

The more you work, the better. جتنا زیادہ کام کروگے، اتنا ھی اچھا ھے -

The higher you go, the cooler it is. جوں جوں اوپر جاؤگے، توں توں زیادہ سردی ھوگی -

مشق ۳٦

(الف) وہ اب بہت خوش ھے - وہ بہت غمگین1 ھے - تم پہلے کی نسبت زیادہ کمزور ھو - وہ مجھے اکثر2 ملا کرتا تھا - ھم کبھی کبھی اسے بلایا کرتے تھے - ھم نے کبھی بھی اس کا مقابلہ4 نہیں کیا - وہ اکثر ھمارے ساتھ کرکٹ کھیلا کرتا تھا -

(ب) اس نے مجھے صرف قلم دیا - صرف اس نے ہی مجھے قلم دیا - اختر نے مجھے صرف[5] کتاب کے لئے دو روپے قرض دئے۔ صرف اختر نے کتاب کے لئے مجھے دو روپے دئے۔ اختر نے صرف مجھے ہی کتاب کے لئے دو روپے دئے۔ اختر نے مجھے کتاب کے لئے دو روپے صرف قرض دئے۔

(ج) آپ اچھی طرح[6] جانتے ہیں کہ میں اسے پسند نہیں کرتا - تینوں لڑکے قریباً قریباً قد میں برابر ہیں - میں صرف روپیہ نکلوانے[7] ہی بنک میں گیا تھا - میں کبھی بھی گھوڑا بیچنے پر رضا مند نہیں ہوں گا - میں اس میں کوئی خوبی[8] نہیں دیکھتا -

(د) وہ آج بہت حیران ہے - اس کے متعلق بہت کچھ[9] لکھا جا چکا ہے - اس کے پاس بہت بھیڑیں ہیں - وہ بہت بوڑھا ہو چکا ہے - وھاں بہت شور ہے - وہ یہاں کب آیا ؟ کتنا عرصہ یہاں رہا ؟ کدھر سے آیا ؟ وہ کسطرف جا رہا ہے ؟ تمہیں کیسے معلوم ہوا ؟ اس نے کیوں انکار کیا ؟ تم کتنی دفعہ چائے پیتے ہو ؟ کتنا عرصہ یہاں ٹھہروگے ؟ تمہارا بیان کہاں تک درست ہے - تم کب سے یہاں رہتے ہو ؟

(ر) وہ اس وقت تک[10] گرجا میں پہنچ چکا ہوگا - لوگوں نے اس وقت[11] کے بادشاہ کو تخت سے اتار دیا[12] - مندرجہ بالا[13] بیان درست نہیں - وہ شاید ہی رات کو محنت کرتا ہو - فی‌الحال یہاں کوئی جگہ خالی[14] نہیں - منیر کو یہاں سے گئے تین مہینے گذر چکے ہیں - یہ پانی اس قدر ٹھنڈا ہے کہ پیا نہیں جا سکتا - کیا تم نے ڈاکٹر سے مشورہ کیا ؟ جتنا زیادہ دوڑوگے اتنا ہی جلدی سکول پہنچ جاؤگے - وہ اس قدر کم عمر ہے کہ اس بات کو سمجھ نہیں سکتا[15] - وہ ایک معمولی محرر[16] ہے - جس قدر زیادہ بارش ہو گی، اسی قدر چاول زیادہ ہونگے - جتنی جلدی وہ یہاں پہنچے اتنا ہی اچھا ہوگا - ہمارے سکول کے اسی لڑکوں میں سے ستر لڑکے پاس تھے -

Vocabulary

1. sad. 2. frequently. 3. now and then. 4. to oppose, to stand against. 5. only, merely, solely. 6. well enough. 7. withdraw. 8. virtue, qualification. 9. enough. 10. by then. 11. the then. 12. dethroned. 13. the above or above mentioned. 14. vacancy. 15. too young to understand. 16. but a clerk.

LESSON XXXVII

PREPOSITIONS

107. **In** and **At**. *In* is used with the name of countries, big cities and streets.

At is used with small towns, villages or names of single house ; as :

In Pakistan, *at* Gujranwala.

I live *at* Eminabad but my brother lives *in* Karachi.	میں ایمن آباد رہتا ہوں مگر میرا بھائی کراچی رہتا ہے -

108. **Into** and **To**. *In* and *at* are used for things at rest, while *to* and *into* for things in motion ; as :—

He was bathing in the river.	وہ دریا میں نہا رہا تھا -
He fell *into* the river.	وہ دریا میں گر پڑا -
He ran *to* the river.	وہ دریا کی طرف بھاگا -

109. **In**, **Within** and **After**. *In* is used for nouns denoting period of time, but *within* means before the end of, *after* means at the end of ; as :—

I shall return *in* two hours.	میں دو گھنٹہ میں واپس آجاؤنگا -
I shall return *within* two hours.	میں دو گھنٹہ کے اندر واپس آ جاؤں گا -
I shall return *after* two hours.	میں دو گھنٹہ کے بعد واپس آجاؤنگا -

110. **Between** and **Among.** *Between* is used for two persons and things, and *among* for more than two ; as :—

The teacher divided the fruit *between* the two boys. — استاد نے دو لڑکوں میں پھل تقسیم کئے

The teacher divided the fruit *among* all the boys. — استاد نے سب لڑکوں میں پھل تقسیم کئے -

111. **With** and **By**. *With* denotes the instrument and *by* the agent.

The bird was killed *by* the boy *with* a stick. — پرندہ چھڑی کے ساتھ لڑکے سے مارا گیا -

112. **Beside** and **Besides.** *Beside* means by the side of, while *besides* means in addition to ; as :—

The girl is sitting *beside* her mother. — لڑکی اپنی ماں کے ساتھ بیٹھی ہے -

Besides her mother there were many other women. — اس کی ماں کے علاوہ وہاں بہت سی عورتیں تھیں -

113. **Since, For** and **From**. *Since* is used before a noun denoting some *point of time* and is used with a perfect tense.

From also denotes some *point of time* but may be used with any tense.

For denotes *period of time* and is preceded by a verb in the perfect tense.

I have eaten nothing *since* Monday. — میں نے سوموار سے کچھ نہیں کھایا -

I shall begin the work *from* Monday. — میں سوموار سے کام شروع کر دوں گا -

He has been sick *for* there days. — وہ تین دن بیمار رہا ہے -

مشق ۳۷

(الف) وہ سکول میں ہے - ہم کمرہ میں تھے - وہ گھر پر تھا - وہ دریا میں کودا - وہ دس منٹ میں واپس آئے - وہ آٹھ بجے تک پہنچ جائے گی - ھمایوں نے شیر شاہ سے شکست کھائی - ممتاز ظفر سے تین انچ لمبا ہے - تمہاری گھڑی پر کیا وقت ہے ؟ میں

نے اسے ٹانگ سے پکڑ لیا - خدا کی قسم میں تمہیں نہیں چھوڑوں[1] گا - یہ دریا ہمارے گاؤں کے نزدیک بہتا ہے -

(ب) اس نے میرے ساتھ مہربانی سے سلوک کیا - شیر بندوق سے مارا گیا - وہ اپنے رضاعی[2] باپ کے ساتھ آیا - بوڑھا فقیر سردی سے مر گیا - یہ کہہ کر[3] وہ اپنے کام میں لگ گیا - ہم دس بجے تک انتظار کرتے رہے -

(ج) وہ مدراس میں رہتا ہے - میں وزیرآباد میں رہتا ہوں - کیا وہ تمہاری گلی میں نہیں رہتا ؟ ہم دونوں ایک ہی وقت نہر پر پہنچے - میں کراچی میں تین دن ٹھہروں گا - واپسی پر میں لاہور ٹھہرونگا - ہم سردیوں میں اس کو ملازم[4] رکھ لینگے - وہ غالباً مہینے تک واپس آئیگا - نہیں، وہ بیس دن کے اندر ہی واپس آجائیگا -

(د) پہاڑ کی چوٹی پر ایک چشمہ تھا - میں اس خبر پر بہت حیران ہوا - کھانڈ تیس روپے من فروخت ہوتی ہے - جلوس[5] تین بجے کے بعد منزل مقصود[6] پر پہنچا - میں تمہیں ضمانت[7] پر قرض دوں گا - تین سال کی محنت کے بعد وہ اپنے مقصد[8] میں کامیاب ہو گیا - وہ ڈر کی وجہ سے حرکت نہ کر سکتا تھا - حامد اپنی عمر کے مقابلہ[9] میں زیادہ عقلمند ہے - یہ جگہ میری پسند کی نہیں[10] - تاج خاں ہیضہ کی وجہ سے مر گیا -

(س) چپڑاسی کے علاوہ بہت سے لوگ وہاں جمع ہو گئے تھے - میں نے اتوار سے کچھ نہیں کھایا - ہر کارہ آٹھ بجے سے ڈیوٹی پر ہے - میں آٹھ دن سے اس مکان کی نگرانی کر رہا ہوں - جرمانہ کے علاوہ اس کو تین ماہ کی قید ہوئی ہوئی - میں نے یہ کرسی تین روپے سے زیادہ پر خریدی[11] - دریا کے دوسرے کنارے سے آواز آ رہی تھی -

Vocabulary

1. desert. 2. foster. 3. with these words. 4. engage. 5. procession. 6. destination. 7. on security. 8. mission. 9. for his age. 10. to my liking. 11. for more than three.

LESSON XXXVIII

CO-ORDINATE CONJUNCTIONS

114. *Co-ordinate Conjunctions* are divided into four parts :—

I. *Qumulative Conjunctions* which add one statement to another ; as :—

And, *as well as*, *both......and*, *not only......but also.*

He is naughty *as wall as* dishonest.	وہ شریر بھی ہے اور بد دیانت بھی -
He is *not only* naughty *but also* dishonest.	وہ صرف شریر ھی نہیں بلکہ بد دیانت بھی ہے -

II. *Alternative* :—*either..........or*; *neither..........nor*; *otherwsie.*

Either pay the fees *or* get out.	یا فیس ادا کرو یا باھر نکل جاؤ -

III. *Illative* denoting consequence or effect ; as :—

Therefore, *for*, *accordingly*, *consequently*, *hence*, *then*, *so*.

He did not pay the fine, *consequently* his name was struck off.	اس نے جرمانہ ادا نہ کیا اس لئے اس کا نام خارج کردیا گیا -

IV. *Adversative* denoting opposition in meanings ; as :—

He is poor *but* honest.	وہ غریب ہے لیکن دیانت دار ہے -
He was sick last month, *still* he hopes to succeed.	وہ پچھلے ماہ بیمار تھا، تاھم اسے کامیابی کی امید ہے -

مشق ۳۸

(الف) سلیم امتحان میں شامل ھوا مگر ناکام رھا - اس نے کریم بخش کو گالیاں بھی[1] دیں اور پیٹا بھی[2] - یا میری پیروی[3] کرو یا اپنے بھائی کی - میرا حکم مانو ورنہ پچھتاؤ گے[4] - وہ محنتی بھی ہے پھر بھی غریب ہے - وہ کنجوس تھا اسلئے اس نے بہت مال جمع کر لیا - وہ بیمار تھا، تاھم وقت پر آ پہنچا - نہ مالک

نے کچھ کہا نہ اس کے نوکر نے - تم مجھے سست معلوم ہوتے ہو - اچھا پھر بھی تمہاری مدد کرونگا - چپ رہو، نہیں تو استاد صاحب پیٹیں گے - چونکہ آج آخری ہفتہ ہے اسلئے سکول ۹ بجے بند ہو جائیگا - وہ لکھا پڑھا تو ہے پھر بھی کم عقل ہے -

(ب) لڑکوں میں محنت کی کمی[5] نہ تھی، لیکن انہیں تیاری کا وقت نہیں ملا - اسکو جرمانہ بھی کیا گیا اور تبدیل[6] بھی کر دیا گیا - وہ بہت کافی دولتمند ہے، پھر بھی مطمئن[7] نہیں - بیوقوف محنت سے نفرت کرتے ہیں، حالانکہ[8] عقلمند اسے پسند کرتے ہیں - جہاں چاہو چلے جاؤ، صرف ہمارے گاؤں میں نہ آنا - وہ قاتل تھا چنانچہ اسے پھانسی دی گئی[9] - اس کی صرف ہمیں ہی ضرورت نہ تھی، بلکہ پولیس بھی اس کی تلاش کر رہی تھی - چونکہ وہ یہاں نہیں ہے، اسلئے ہمیں اس کے دعوت میں شامل ہونے کی توقع نہیں - وہ شریف آدمی ہے، اسی وجہ سے[10] سب دوست اس کی عزت کرتے ہیں - وہ یا تو دفتر میں ہوگا یا دوکان پر - تم یہ راز فاش نہ کرنا[11]، ورنہ تمہارے دوست ناراض ہو جائیں گے[12] -

Vocabulary

1. abused. 2. both beat him. 3. follow. 4. repent. 5. lacking in diligence. 6. transfer. 7. contented. 8. whereas. 9. was hanged. 10. consequently, that is why. 11. disclose the secret. 12. get angry.

LESSON XXXIX

SUBORDINATE CONJUNCTIONS AND THE ADVERB CLAUSE

115. Subordinate Conjunctions are used to express *time*, *place*, *purpose*, *effect*, *cause* or *reason*, *extent* or *manner*, *comparison*, *condition* and *contrast*.

(1) **Time.**—*When*=جب *as*—جسوقت *after*=بعد *before* = پہلے *as long as* = جبتک *until* = جبتک *as soon as, no sooner.........than*=جونہی کہ *scarcely......when, hardly...... when*=مشکل سے -

The boys became silent *when* (*as*) the teacher came in. — جب استاد اندر داخل ہوا تو لڑکے خاموش ہوگئے -

Mahmud came *after* I had left. — محمود میرے جانے کے بعد آیا -

Mahmud had left *before* I came. — محمود میرے آنے سے پہلے چلا گیا -

No sooner did I enter in, *than* Mahmud left.
As soon as I entered in, Mahmud left. — جونہی کہ میں اندر داخل ہوا محمود چلا گیا -

I had *hardly* entered in, *when* Mahmud left. — میں اندر داخل ہوا ہی تھا کہ محمود چلا گیا -

(2) **Place.**—*Where*=جہاں *wherever*=جہاں کہیں *whence*=جہاں سے -

Wherever he goes, his enemies follow him. — جہاں کہیں وہ جاتا ہے اس کے دشمن اس کا پیچھا کرتے ہیں

(3) **Purpose.**—*That*=تا کہ *so that*=تا کہ *in order that*=تا کہ *lest*=ایسا نہ ہو - مبادا -

He ran fast *that* he may catch the train. — وہ تیز دوڑا تا کہ گاڑی پر چڑھ جائے -

He ran fast *so that* he may not miss the train. — وہ تیز دوڑا تا کہ گاڑی سے رہ نہ جائے -

He ran fast *lest* he should miss the train. — وہ تیز دوڑا ایسا نہ ہو (مبادا) وہ گاڑی سے رہ جائے -

(4) **Effect.**—*So that*=اتنا کہ -

He ran *so* fast *that* he was tired. — وہ اتنا تیز دوڑا کہ تھک گیا -

(5) **Cause or Reason.**—*Because*=کیونکہ *since*—چونکہ *for*=کیونکہ *as*=کیونکہ -

I could not attend the games *as* (*because*, *for*) my brother was ill.	میں کھیلوں میں حصہ نہ لے سکا - کیونکہ میرا بھائی بیمار تھا -
Since you wish it, I shall call him.	چونکہ آپ چاھتے ھیں ' میں اس کو بلا لونگا -

Note.—(1) ***No sooner*** is followed by *than*. (2) *Lest* is followed by *should*, and does not require *not*. (3) *Scarcely* and *hardly* are followed by *when* or *before*.

He had just entered the garden when it began to hail.	وہ بہ مشکل باغ میں داخل ھوا ھوگا جب اولے پڑنے لگے -

مشق ۳۹

(الف) جونہی استاد صاحب اندر آئے ' تمام لڑکے کھڑے ھو گئے - کسان سویرے جاگا تاکہ وقت پر کھیت میں پہنچ جائے - اس نے یہ مکان چھوڑ دیا ھے کیونکہ یہ کافی ھوادار[1] نہ تھا - وہ اس قدر رویا کہ اسے غش آگیا[2] - دوائی پیو تاکہ تمھیں جلدی آرام آ جائے - وہ تیز دوڑا تاکہ چوروں کی نظر سے اوجھل ھو جائے - جب تک جان ھے امید قائم ھے - جہاں کہیں جاؤ یہ کتا تمھارے ساتھ ھی ھوگا - مجھے خوف تھا کہ کہیں اسے لٹیرے نہ پکڑ لیں - تمھاری واپسی تک میں یہیں بیٹھوں گا - جتنی جلدی جاؤ اتنا ھی اچھا ھوگا -

(ب) وہ شام کو باھر نہیں جاتا ' مبادا اسکے دشمن اسے قتل کر دیں - قرض نہ اٹھاؤ[4] ' ایسا نہ ھو کہ مکان فروخت کرنا پڑے - ھمارے اسٹیشن تک پہنچتے ھی ھمارا سامان بک کرا دیا گیا - جب تک میں نہ آؤں ' اس رسی کو نہ چھوڑو - اب جب کہ وہ مر چکا ھے ' تمھیں اسکو برا بھلا نہ کہنا چاھئے[5] - وہ اسقدر تھکا ھوا تھا کہ چار پائی پر لیٹتے ھی سوگیا - میرا اندر آنا تھا کہ چور دم دبا کر بھاگ گئے[6] - طوفان کے بند ھو جانے کے بعد[7] ھم سیر کو نکلے - چونکہ تم نے فیس ادا کردی ھے - تمھارا نام

سکول سے خارج نہیں ہو سکتا - جہاں کہیں[8] جاؤ، تمہاری قسمت تمہارے ساتھ ہوگی - بادشاہ قانون بناتا ہے کہ رعایا[9] امن سے رہے - میرا صحن میں داخل ہونا تھا کہ لڑکی نے چلانا شروع کیا - اس نے دس تاریخ سے پہلے ہی فیس ادا کر دی، مبادا اسکو جرمانہ ادا کرنا پڑے - چونکہ آپ ضد کرتے ہیں[10] میں تین روپے کم وصول کرلوں گا - لگاتار بیمار رہنے کی وجہ سے وہ اسقدر کمزور ہو چکا ہے کہ بات بھی نہیں کر سکتا -

Vocabulary

1. well-ventilated. 2. fainted. 3. recover. 4. borrow. 5. speak ill of. 6. took to their heels. 7. after the storm had ceased. 8. wherever. 9. subjects. 10. persist.

LESSON XL

SUBORDINATE CONJUNCTIONS AND ADVERBS (*Continued*)

116. (6) **Manner** or **Extent.**—*As*= جیسے - جیسا *so far as* =جہاں تک *according as*—جیسا کہ .

As you sow, *so* shall you reap.	جیسا بوؤ گے، ویسا کاٹو گے -
As far as I remember, he has not paid his dues.	جہاں تک مجھے یاد ہے اس نے واجبات ادا نہیں کئے -

(7) **Comparison.**—*As...as*=اتنا - جتنا *so...as* اتنا - جتنا *than*=به نسبت -

He is *as* intelligent *as* his father.	وہ اتنا ہی ہوشیار ہے جتنا اس کا باپ -
He is not *so* intelligent *as* his father.	وہ اتنا ہوشیار نہیں جتنا اسکا باپ -
He is more intelligent *than* his father.	وہ اپنے باپ سے زیادہ ہوشیار ہے -

(8) **Condition.**—*If*=اگر *provided*=بشرطیکہ *unless* = اگر نہ ہوتا - *in case*=اگر - جبتک کہ *but for*=اگر نہ ہوتا - در حالیکہ

You will no get the pay *if* you do not work.	اگر تم کام نہیں کروگے تو تنخواہ نہیں ملے گی -
You will not get the pay *unless* you work.	
You will get the pay *provided* you work.	تمہیں تنخواہ مل جائے گی بشرطیکہ تم کام کرو -
But for his help I would have been ruined.	اگر وہ میری مدد نہ کرتا تو میں تباہ ہو جاتا -

(9) **Contrast.**—*Though, although*=اگرچہ - خواہ *however, notwithstanding*=حالانکہ - خواہ

Though he is poor yet he is honest.	اگرچہ وہ غریب ہے مگر دیانت دار ہے -
He will not catch the train *however* fast he may run.	وہ کتنا ھی دوڑے گاڑی پر سوار نہیں ہوگا -
However hard he may work he cannot succeed.	خواہ وہ کتنی ھی محنت کرے کامیاب نہیں ہو سکتا -

Note—(1) Never use *not* with *unless*. (2) *Though* is followed by *yet*.

مشق ۳۰

(الف) اگر جرمانہ نہ ادا کروگے تو تمہیں سر ٹیفکیٹ نہیں ملے گا - جیسا کروگے ویسا بھروگے - اگر محنت نہ کروگے تو کامیاب نہیں ہوگے - اگرچہ وہ لنگڑا[1] ہے لیکن اچھی طرح چل پھر سکتا ہے - میرا لڑکا اس سے زیادہ صحت ور ہے - خواہ کتنا دوڑو تم انسپکٹر صاحب کو نہیں مل سکوگے - جہاں تک مجھے یاد ہے وہ اس گلی میں نہیں رھتا - اگر وہ میری مدد نہ کرتا تو مجھے درندے[2] پھاڑ کھاتے - سلیم اتنا ھی کمزور ہے جتنا کہ نعیم - ہم آپ کا ساتھ دینے کو تیار ھیں بشرطیکہ آپ کرایہ[3] ادا کریں -

(ب) تم ممبر نہیں چنے جا سکو گے[4] جب تک تم شراب پینا نہ
چھوڑ دو - اگرچہ وہ بیمار ہے لیکن امتحان میں شامل ہوگا[5] - مانا
کہ میں غریب ہوں لیکن اسے مکان میں داخل نہیں ہونے دونگا -
جب تک کام نہ کرو گے، ترقی نہیں کر سکو گے[6] - خواہ آپ اسے
کتنا ہی مجبور کریں وہ ہرگز بکری کا گوشت[7] نہیں کھائے گا -
جتنا تیز دوڑ سکتے ہو دوڑو کیونکہ رات سر پر کھڑی ہے[8] -
گو وہ کئی گھنٹے سویا رہا پھر بھی اسکی تھکاوٹ دور نہ ہوئی[9] -
جہاں تک نظر پہنچ سکتی تھی، ہمیں پانی ہی پانی نظر آتا تھا -
خواہ اس نے کچھ ہی کیا ہو[10] وہ ایسی سزا کا مستحق نہ تھا -
خواہ تم کتنے ہی امیر ہو، تمہیں ابدی خوشی[11] کا یقین نہیں
ہو سکتا - جتنی محنت کر سکتے ہو کرو، اس کا اجر ضرور ملیگا -
اگر وہ تمہاری مدد نہ کرتا تو تم اس وقت جیل میں ہوتے -
خرگوش کے دشمن اس کے اسقدر قریب[12] پہنچ گئے کہ اسے اپنی
موت کا یقین ہو گیا - اگرچہ فرانس کے ساتھ جنگ کرنے میں اس
کا بہت سا وقت خرچ ہوا[13] لیکن بہادر جرنیل نے دل نہ چھوڑا[14] -

Vocabulary

1. lame. 2. ravenous beasts. 3. rent. 4. elected. 5. appear, sit in the examination. 6. prosper. 7. mutton. 8. is coming. 9. he was not refreshed. 10. whatever. 11. eternal happiness. 12. so close upon him. 15. took a great deal of his time. 14. did not lose heart.

LESSON XLI

CORRELATIVE CONJUNCTIONS

117. Conjunctions used in pairs are called Correlative Conjuctions. The following are most frequently used :—

(1) Either......or.

Either Husain *or* Rahim broke the lamp. — یا حسین یا رحیم نے لیمپ توڑا ہے -

(2) Neither.........nor.

Neither Hussain *nor* Rahim broke the lamp.
نہ حسین نے نہ رحیم نے لیمپ توڑا ہے -

(3) Whether.........or.

Whether he may be present *or* not, he will not succeed.
خواہ وہ حاضر ہو یا نہ ہو وہ پاس نہیں ہوگا -

(4) Though......yet.

Though he fell *yet* he was not hurt.
اگرچہ وہ گر پڑا لیکن اسے چوٹ نہ لگی -

(5) Not only......but also.

He was *not only* caught *but also* beaten.
وہ صرف پکڑا ہی نہیں گیا بلکہ اس کو پیٹا بھی گیا -

(6) No sooner......than.

No sooner did he go out *than* he was arrested.
جونہی وہ باہر نکلا گرفتار کر لیا گیا -

(7) As......so.

As you sow, *so* shall you reap.
جیسا کروگے ویسا بھروگے -

(8) As......as.

He is *as* lazy *as* his brother.
وہ اتنا کاہل ہے جتنا اس کا بھائی -

(9) So......as.

He is not *so* lazy *as* his brother.
وہ اتنا کاہل نہیں جتنا کہ اس کا بھائی -

(10) Hardly......when.

(11) Scarcely......when (before).

He had *hardly* begun the work *when* it began to rain.
He had *scarcely* begun the work *before* it began to rain.
اس نے کام شروع کیا ہی تھا کہ بارش شروع ہو گئی -

(12) *both......and.*

He is *both* a thief *and* a gambler.
وہ چور بھی ہے اور قمارباز بھی -

(13) Such......as.

He is not *such* a man *as* I require.

وہ ایسا آدمی نہیں جیسا میں چاھتا ہوں -

(14) The same......that.

This is *the same* man *that* came here yesterday.

یہ وھی آدمی ھے جو کل یہاں آیا تھا -

(15) The same......as.

This is *the same* kind of garden *as* his.

یہ اسی قسم کا باغ ھے جیسا اس کا -

مشق ۱۳

(الف) جونہی وہ پلیٹ فارم پر پہنچا گارڈ نے سیٹی بجا دی - وہ دیانتدار بھی ھے اور سچا بھی - وہ اتنا ھی عقلمند ھے جتنا اس کا بھائی - وہ اتنا عقلمند نہیں جتنا اس کا بھائی - یہ کپڑا سستا[1] بھی ھے اور دیرپا[2] بھی - وہ اتنا ھی جھگڑالو[3] ھے جتنا اس کا بھائی - اگرچہ ھم نے اپنا بستر گم کر دیا لیکن ھم نے دوسروں سے نہیں مانگا - اس نے مشکل سے ایک میل کا سفر طے کیا ہوگا جب سانپ نے اسے کاٹ کھایا[4] - یا اسے بچھو نے کاٹا ھے[5] یا بھڑ نے[6] - نہ وہ تلوار سے زخمی ھؤا ھے نہ برچھی سے[7] - اسے صرف تسلی[8] ھی نہیں دی گئی بلکہ اس کی مدد بھی کی گئی - خواہ وہ جلسہ میں جائے یا نہ جائے، اسے دعوتی رقعہ بھیجدیا جائیگا - یہ وھی گاڑی ھے جو یہاں نہیں ٹھہرتی - وہ ایسا آدمی نہیں کہ ھمیں دھوکا دے -

(ب) کامیابی پر اسے صرف مبارکباد ھی نہیں کہی گئی تھی بلکہ تحفے بھی بھیجے گئے تھے - اگرچہ وہ غریب ھے تا ھم وہ بھیک[10] نہیں مانگے گا - وہ صرف ایک قابل حکیم[11] ھی نہیں بلکہ ماھر جراح[12] بھی ھے - یا تو مجھے پیشگی رقم ادا کرو یا اپنا سامان اٹھا لے جاؤ - واعظ[13] اسقدر قابل تھا کہ تمام سامعین[14] نے اسکی تعریف کی - اگرچہ قطب شمالی سال کا اکثر حصہ جما رھتا ھے[15] تا ھم وھاں کئی آدمی جا چکے ھیں -

Vocabulary

1. cheap. 2. durable. 3. quarrelsome. 4. to bite, to sting. 6. hornet, wasp. 7. spear. 8. console. 9. invitation card. 10. to beg. 11. physician. 12. expert surgeon. 13. preacher. 14. audience. 15. remains frozen.

LESSON XLII

THE SEQUENCE OF TENSES

118. *The Sequence of Tenses* is the rule according to which the tenses of the verbs in a Subordinate Clause are governed by the tense of the verb in the Principal Clause.

119. If the verb in the Principal Clause is in the Past Tense, the tenses of all the verbs in the Subordinate Clause must be in the Past ; as :

I thought that Hamid *was* well.	میرا خیال تھا کہ حمید تندرست ہے -
I replied that the door *was* closed.	میں نے جواب دیا کہ دروازہ بند ہے -

120. If the verb in the Principal Clause is in the Present or Future tense, the verb in the Subordinate Clause may be in any tense ; as :

I know that he *dislikes* me.	میں جانتا ہوں کہ وہ مجھے ناپسند کرتا ہے -
I shall tell him that the door *is closed*.	میں اسے بتا دونگا کہ دروازہ بند ہے -

121. A Past Tense in the Principal Clause may be followed by a Present Indefinite tense in the Subordinate Clause, if it expresses a *universal truth* or *habitual fact ;* as :

The teacher said that the earth *moves* round the sun.	استاد نے کہا زمین سورج کے گرد گھومتی ہے -
Banerjee told Edward that the Hindus *burn* their dead.	بینرجی نے ایڈورڈ کو کہا کہ ہندو مردوں کو جلاتے ہیں -

(*Note.*—A Past Tense in the Principal Clause is followed by any tense in the Subordinate Clause when the clauses are joined by *than.*)

He was previously richer than he is today.	وہ آج کی نسبت پہلے زیادہ امیر تھا -

مشق ۴۲

(الف) میں جانتا ہوں کہ وہ خوش ہے - میں جانتا تھا کہ وہ خوش ہے - میں خیال کرتا ہوں کہ وہ دیانتدار ہے - میں خیال کرتا تھا کہ وہ دیانتدار ہے - میں دیکھتا ہوں کہ بعض لڑکے سبق یاد نہیں کرتے - میں نے کہا بعض لڑکے سبق یاد نہیں کرتے - اس نے جواب دیا کہ وہ رات کو سفر نہیں کر سکتا - میں نے عرض کر دیا تھا کہ میں عینک کے بغیر نہیں لکھ سکوں گا - استاد نے کہا کہ نیکی ضائع نہیں جاتی[1] - ہم نے سنا تھا کہ اس نے افیون[2] کھانی چھوڑ دی ہے - تم دیکھو گے کہ یہ لوگ کسی پر اعتبار نہیں کرتے - یہ فیصلہ ہو چکا تھا کہ فیروز کو رہا کر دیا جائیگا[3] - ہمارے بھائی نے سوچا تھا کہ وہ اس سودا[4] میں بہت نفع اٹھائے گا - اس نے مجھے بتایا کہ وہ دیر تک بیمار رہا ہے -

(ب) جب ہم گاؤں پہنچے تو ہم کیا دیکھتے ہیں کہ بہت سے آدمی قبرستان میں جمع ہیں - استاد صاحب نے ہمیں بتایا کہ زمین سورج کے گرد گھومتی ہے - ڈاکٹر صاحب نے ہدایت کی تھی کہ مرہم[5] تین دن کے بعد لگایا جائے - مجھے اطلاع دی گئی کہ وہ قابل اعتبار آدمی[6] نہیں ہے - نذیر نے وعدہ کیا تھا کہ وہ اس مہینہ کے ختم ہونے سے پہلے[7] کتاب واپس کر دیگا - میں نے اس کو سمجھایا کہ محنت ہی کامیابی کی کنجی ہے - آندھی[8] اس قدر تیز تھی کہ سڑک کے تمام درخت اکھڑ گئے[9] - پادری صاحب[10] نے کہا مسیح کی آخری فتح ہوئی ہے - میں نے اس سے پوچھا کہ اس نے شام تک

مالک کو کیوں اطلاع نہ دی - اسلم اسے بتا دیگا کہ امتحان کا داخلہ11 پندرہ تاریخ کو بھیجا جائیگا - ہمیں پہلے ہی معلوم تھا کہ وہ پولیس کو رشوت دے کر12 رہا ہو جائیں گے - میں نے یہ سمجھ کر دستخط کر دئے تھے کہ تم اسے ظاہر نہیں کرو گے13 - مجھے یہ دیکھ کر بہت افسوس ہوا کہ آپ نے اپنا وعدہ پورا نہیں کیا14 -

Vocabulary

1. is never lost. 2. opium. 3. released. 4. business. 5. ointment. 6. trustworthy. 7. before the expiry of. 8. gale. 9. uprooted. 10. the priest. 11. the admission fee. 12 having bribed the police. 13. disclose. 14. make good your promise.

LESSON XLIII
DIRECT & INDIRECT SPEECH

122. We can report the speech of another person in two ways :

1. By reproducing the exact words of the speaker :

Mahmud said, "I am sick." محمود نے کہا میں بیمار ہوں-

2. By giving the substance of what has been said by the speaker without using his exact words ; as :

Mahmud said that he was sick. محمود نے کہا کہ وہ بیمار ہے -

In the above noted two forms, the first is *Direct* form of speech and the second is *Indirect* form of speech.

123. (*a*) The Reported speech (the words of the speaker) in the Direct Form is enclosed within inverted commas.

(*b*) In the Indirect Form the inverted commas are not used but the Reported speech is generally introduced by the conjunction *that* ; as :

He said that he was working. اس نے کہا میں کام کر رہا ہوں-

124. (*a*) In reporting the Direct Speech into the *Indirect* if the *reporting verb* is in the *past tense*, the tenses of the

verbs in the reported speech are changed into corresponding *Past Tenses* except when it states a universal truth or habitual fact.

(*b*) If the reporting verb is in the Present or Future Tense, the tenses of the verbs in the reported speech are not changed.

(*c*) The persons of the pronouns in the reported speech are changed according to the persons of the pronouns to which the pronouns in the reported speech refer.

Direct :—He said, " I have finished my work.	اس نے کہا میں اپنا کام ختم کر چکا ہوں ۔
Indirect :—He said that he had finished his work.	
Direct :—I said to him, "You have got the wages.	میں نے اسے کہا تم مزدوری لے چکے ہو ۔
Indirect : I told him that he had got the wages."	
Direct :—You said to me, "I have taken the test."	تم نے مجھے کہا کہ میں امتحان دے چکا ہوں
Indirect :—You told me that you had taken the test.	

TRANSLATE BOTH IN THE DIRECT AND INDIRECT FORMS

مشق ۴۳

(الف) کریم نے کہا میں شام کو دوائی پیوں گا ۔ اس نے مجھے کہا ہم جھوٹے آدمی[1] کی مدد نہیں کرتے ۔ اس نے مجھے کہا پوسٹ مین چٹھیاں تقسیم کر چکا ہے ۔ وہ کہتا ہے میں عنقریب [2] ڈاکٹر صاحب سے ملوں گا ۔ پروفیسر صاحب نے کہا تیل پانی سے بھاری ہوتا ہے ۔ میں اسے بتا دوں گا کہ تم میرا حکم نہیں مانتے ۔ اس نے ہمیں کہا کہ تم وقت ضائع کرتے ہو ۔ نوکر نے فقیر سے کہا اس مکان میں کوئی نہیں رہتا ۔

(ب) لڑکی نے کہا میں یہ ثابت کر دوں گی[3] - میں نے کہا اگر یہ جھوٹ ہوا تو میں جرمانہ ادا کرنے کو تیار ہوں - انہوں نے مجھے کہا یہ آدمی انعام کا مستحق نہیں[4] - حسن نے کہا جب ممکن ہوا میں اس شہر کو چھوڑ دوں گا - کارک نے مجھے کہا اگر تم دس بجے آؤ تو میں تمہیں نتیجہ دکھا دوں گا - کچھوے[5] نے خرگوش[6] سے کہا میں تمہیں دوڑ میں ہرا دوں گا[7] - سٹیشن ماسٹر نے کہا ڈاک گاڑی چھ بجے چھوٹ جاتی ہے - دھوبی نے کہا میں کپڑوں کو استری[8] نہیں کر سکتا - میرے ساتھی نے کہا کسی کو دھوکا دینا مناسب[9] نہیں - اس نے کہا میں ایک ضروری کام[10] کی وجہ سے حاضر نہیں ہو سکتا - ڈاکٹر نے کہا بچوں کے لئے دودھ ایسا ہی ضروری[11] ہے جیسے بڑوں کے لئے روٹی - انسپکٹر صاحب نے جواب دیا شہروں کے طالب علم وظیفہ کا امتحان دینے کے مجاز[12] نہیں -

Vocabulary

1. liar. 2. shortly. 3. prove. 4. does not deserve the prize. 5. tortoise. 6. hare. 7. beat. 8. to iron. 9. it does not behave a man. 10. important business. 11. is as much a necessity. 12. eligible for.

LESSON XLIV

DIRECT & INDIRECT SPEECH (*Continued*)

125. If the reported speech is an *Interrogative sentence*, the reporting verb *say* or *tell* is changed into *ask* or *enquire*, and the sentence is changed into an *Assertive sentence* by putting the subject before the verb and removing the mark of the Interrogation; as:

Direct :—He said to me, "Where are you going ?" — اس نے مجھے کہا آپ کہاں جا رہے ہیں ؟

Indirect :—He asked me where I was going.

Direct :—I asked him, "Why do you not work ?" میں نے اسے کہا تم کیوں کام نہیں کرتے ؟

ndirect :—I asked him why he did no work.

126. If the Interrogative sentence begins with an auxiliary verb ; as : *is, are, was, were, has, have, will, do* or *did*, the conjunction *if* or *whether* is used to introduce the reported speech ; as :

Direct :—The teacher said to me, "Are you sick ?" استاد نے مجھے پوچھا کیا تم بیمار ہو ؟

Indirect :—The teacher asked me whether I was sick.

Direct :—I said to him, "Do you like this watch ?" میں نے اس سے پوچھا کیا تم یہ گھڑی پسند کرتے ہو ؟

Indirect :— I asked him if he liked that watch.

127. In changing *Imperative sentences* into Indirect, the reporting verb is changed into a verb denoting *order, request* or *advice* as the case may be, and the verb in the reported speech is changed from he Imperative Mood into the Infinitive.

Direct :—The prince said to him, "Attend the court to-morrow." شہزادے نے اسے حکم دیا کل دربار میں آؤ -

Indirect :—The prince ordered him to attend the court the following day.

Direct :—I said to him, "Please lend me your book for two days." میں نے اس سے عرض کیا مجھے دو دن کے لئے اپنی کتاب دے دو -

Indirect :—I requested him to lend me his book for two days.

Direct :—The father said to his son, "Do not talk much." باپ نے بیٹے کو کہا زیادہ باتیں نہ کرو -

Indirect :—The father advised his son not to talk much.

TRANSLATE INTO DIRECT AS WELL AS INDIRECT FORM

مشق ۴۴

(الف) چپڑاسی نے ڈرل ماسٹر سے پوچھا آپ کی گھڑی میں کیا وقت ہے ؟ میں نے بختاور سے پوچھا کیا تم نے چندہ[1] دے دیا ہے ؟ لڑکوں نے استاد سے پوچھا کیا کل چھٹی ہو گی ؟ استاد نے کہا تم میں سے کتنے لڑکے باقاعدہ ورزش کرتے ہیں[2] ؟ میں نے نوکر کو کہا کیا تم میری گھڑی کو چابی دے دو گے ؟

(ب) رحیم نے مجھے کہا کل صبح اپنا بستر ہمرا لانا - استاد صاحب نے لڑکے کو کہا اسقدر تیزی سے نہ پڑھو - میں نے اسے کہا اپنا وقت ضائع نہ کرو اور سبق کا اعادہ[3] کر لو - چوکیدار[4] نے مجھے کہا تم کون ہو ؟ اور کیا چاہتے ہو ؟ اس نے اپنے لڑکے کو کہا بازار جاؤ اور کھانڈ لاؤ - رحیم بخش نے اپنے بیٹے کو کہا تم اس لڑکے کے ساتھ نہ پھرا کرو - لڑکوں نے دوکاندار [illegible] ے پھل نہ بیچا کرو -

(ج) زبیدہ نے پوچھا کتے کیوں بھونکتے[5] ہیں - اس نے مجھ سے پوچھا کیا تم جانتے ہو کل یہاں کون آیا تھا ؟ مریض نے ڈاکٹر کو کہا کیا آپ مجھے انڈے کھانے کی اجازت بخشیں گے ؟ ڈاکٹر نے کہا نہیں - سیکریٹری صاحب نے پوچھا آج کے جلسے کا کون صدر ہوگا[6] ؟ میں نے اسے کہا کوشش کرتے جاؤ آخر اپنے مقصد میں[7] کامیاب ہو جاؤ گے - محمود نے کہا حامد کب تک دوکان چلاتا رہے گا[8] ؟ میرے بھتیجے کو اس نے کہا اس آدمی کے ساتھ نہ جاؤ ورنہ پچھتاؤ گے - میں نے عاجزی[9] سے کہا حضور مجھے اس دفعہ معاف کر دیں - آئندہ اس راستہ سے نہیں گزرونگا - سعیدہ کے باپ نے کہا اگر آج سو کر وقت ضائع کر دیا تو کل رونا پڑے گا - جہاز کے کپتان نے کہا چلاؤ نہیں - یہ دھند[10] دو تین گھنٹوں کے بعد رفع ہو جائے گی - اس نے لڑکوں کو منع کیا

کہ وہ نقل نہ کریں - باپ نے مجھے نصیحت کی کہ میں جھوٹ نہ بولوں -

Vocabulary

1. subscription. 2. take exercise. 3. revise. 4. watchman. 5. bark. 6. preside at the meeting. 7 pursuit. 8. run a shop. 9. humbly. 10. mist.

DIRECT & INDIRECT (*Miscellaneous*)

(Translate into Indirect Form)

مشق ۴۸

(الف) لڑکوں نے کہا چلو آج چھٹی منائیں - چپڑاسی نے کہا افسوس سکول بند ہو چکا ہے - چوہوں نے کہا چلو اس بلی کی گردن میں گھنٹی باندھ دیں - مزدوروں نے کہا آج کل کام کی بہت زیادتی[1] ہے - لومڑی نے کہا یہ انگور کھٹے ہیں - مزدور نے کہا میں کیسا بیوقوف ہوں کہ سورج غروب ہونے کے بعد بھی کام کرتا ہوں ! اس نے کہا تم کیسے عجیب آدمی ہو ! جب گاڑی نے سیٹی بجائی[2] تو میں نے دوستوں کو کہا : خدا حافظ[3] ! اب میں جاتا ہوں - اس نے کہا اگر خیریت رہی[4] تو ہم کل واپس آجائیں گے - لڑکے نے کہا اگر میں اس وقت نہ جاؤں تو مجھے اسکول سے دیر ہو جائے گی[5] - سلیم نے کہا ہاشم کی دوکان خوب چلتی ہے[6] اور وہ لین دین میں بہت صاف[7] ہے - بشیر احمد نے افسوس کرتے ہوئے کہا اگر میرا باپ زندہ ہوتا تو یہ لوگ ایسا کرنے کی جرأت نہ کرتے - نذیر نے کہا آؤ اس دیوار کو پھاند کر[8] باغ میں چلیں - وکیل نے مجھ سے پوچھا کیا ملزم[9] کے حق میں[10] کوئی بات کہنا چاہتے ہو ؟ میں نے جواب دیا صفائی کا گواہ[11] میری طرف سے بولے گا - میں نے کہا کس قدر[12] افسوس کا مقام ہے کہ تم ہماری کسی تقریب[13] میں شامل نہیں ہوتے ! اس نے دوکاندار کو کہا تم بہت خر دماغ[14]

آدمی هو - اس نے کہا : السلام علیکم -تم کیسے هو ؟ کپتان نے
کہا : شاباش ! تم نے بہت همت کی - میں نے کہا خدا کرے
تمہاری عمر دراز هو ! اس نے کہا چھوڑو ' یہ رسی مظبوط نہیں -
اسنے غصے سے کہا اس جھوٹے د کر نہ کرو - اسنے کہا یہ زخم
کس قدر درد ناک[15] هے ! امیدوار نے کہا حضور پانچ منٹ اور -

Vocabulary

1. rush of work. 2. whistled. 3. goodbye. 4. all is well. 5 late for school. 6. Hashim has a thriving trade. 7. fair in his dealings. 8. jump over. 9. accused. 10. in favour of. 11. defence witness. 12. it is pity. 13. function. 14. blockhead. 15. terrible.

MISCELLANEOUS EXERCISES ON DIRECT & INDIRECT

Translate into Direct and then into Indirect Form.

مشق ٣٦

(الف) ایک اونٹ اور ایک گیدڑ بہت گہرے دوست تھے -
گیدڑ بہت مکار تھا اور اکثر اونٹ کو بیوقوف بناتا[2] - ایک دن
اسنے اونٹ کو کہا - "دریا کے پار ایک گنے کا کھیت هے - چلو
وهاں چلیں اور مزے سے گنے اڑائیں[3] - اونٹ رضامند هو گیا[4]
اور گیدڑ کو اپنی کمر پر اٹھا کر دریا کے پار لے گیا[5] - جب
گیدڑ سیر هو گیا[6] تو اس نے چیخنا[7] شروع کیا - اونٹ نے کہا
"تم یہ کیا شرارت کرنے لگے هو ؟ میں ابھی سیر نہیں هوا -
چپ رهو آرام سے بیٹھ جاؤ" - گیدڑ نے کہا "مجھے افسوس هے
مگر میرے پاس اس کا کوئی علاج نہیں[8]" - اتنے میں کسان
لاٹھیاں اٹھائے وهاں پہنچ گئے - گیدڑ تو کسی جھاڑی میں چھپ
گیا مگر انہوں نے اونٹ کی خوب مرمت کی[9] -

(ب) کسی جنگل میں ایک شیر رہا کرتا تھا - وہ اس قدر بوڑھا اور کمزور ہو چکا تھا کہ شکار کرنے کے قابل نہ رہا - وہ همیشه اپنی غار کے اندر رهتا - ایک گیدڑ کا ادهر سے گذر هوا - شیر نے گیدڑ کو کہا " آؤ دوست ' اندر آ جاؤ - بیٹھو باتیں کریں 10- میں چند لمحے 11 تمہارے ساتھ گزار کر بہت خوش هوں گا"- گیدڑ نے جواب دیا " حضور کا شکریہ - مگر میرے لئے بہتر هے کہ میں آپ سے دور هی رهوں "- شیر نے کہا "تم کیوں ڈرتے هو ؟ میری ملاقات کیلئے 12 هر روز کئی جانور آتے هیں- تم غار کے قریب ان کے قدموں کے نشان13 نہیں دیکھ سکتے ؟ میں نے اب پرانی عادتیں چھوڑ دی هیں " - گیدڑ نے کہا " آپ درست فرماتے هیں - مجھے آپ پر اعتماد هے - مگر میں دیکھتا هوں کہ یہ سب قدموں کے نشان غار کے اندر کو جاتے هیں14 اور باهر کو آتے کیوں دکھائی نہیں دیتے " ؟

(ج) ایک درویش بادشاہ کے محل کے قریب سے گزرا - اس وقت اندھیرا ہو رہا تھا - اس نے محل کو سرائے 15 سمجھا اور اندر داخل ہونے کیلئے دروازے پر پہنچا - شاهی چو کیدار 16 نے کہا : "بڑے میاں ! تم یہاں کیسے آئے ؟" -درویش نے کہا " میں اس سرائے میں رات گزارنا چاهتا هوں " - چوکیدار نے کہا "یہ سرائے نہیں - یہ بادشاہ سلامت کا محل هے " - درویش نے کہا میں تو رات یہیں گزاروں گا " - درویش کی آواز سن کر بادشاہ بھی باهر نکل آیا اور درویش کو کہنے لگا " تم بھی کتنے سادہ لوح17 هو کہ سرائے اور محل میں تمیز نہیں کر سکتے 18 "- درویش نے کہا- "بادشاہ سلامت ! آپ یہ بتائیں آج سے سو برس پہلے یہاں کون رهتا تھا ؟ " بادشاہ نے جواب دیا " میرا دادا"- درویش نے پوچھا "اس کے بعد " - بادشاہ نے کہا "میرا باپ " - درویش نے کہا - " اب کون رهتا هے ؟ " "میں " - بادشاہ نے کہا - درویش مسکرایا اور کہنے لگا : " جس مکان کے رهنے والے اتنی دفعہ19 بدلتے رهیں وہ سرائے نہیں تو اور کیا هے ؟"

(د) ایک امیر آدمی کے گھر ایک ضیافت[20] تھی - اس نے تمام کھانے[21] تیار کروائے مگر مچھلی نہ مل سکی - اتفاقاً ایک ماھی گیر جس نے ایک تازہ مچھلی پکڑی تھی، ادھر آنکلا - اس وقت امیر آدمی مکان کے اندر تھا - ماھی گیر نے اندر جانا چاھا مگر دربان[22] نے اسے اندر نہ جانے دیا - آخر کار ماھی گیر نے کہا : ''میاں دربان ! اگر تم مجھے اندر جانے دو تو جو کچھ مجھے ملے گا آدھا تمہارا'' - دربان رضامند ھو گیا اور اسے اندر جانے کی اجازت دے دی - اس نے مچھلی امیر آدمی کے سامنے پیش کی[23] - وہ بہت خوش ھوا اور پوچھا - ''اس کا کیا لو گے ؟'' ماھی گیر نے کہا ''جو کچھ آپ مناسب[24] سمجھیں دے دیں'' - امیر آدمی نے کہا ''یہ لو چالیس درھم'' - ماھی گیر نے کہا : ''میں چالیس درھم کی بجائے اپنی ننگی پیٹھ پر چالیس درے[25] کھانا چاھتا ھوں'' - امیر آدمی نے کہا - ''تم دیوانے تو نہیں ؟'' اس نے جواب دیا میں بالکل ھوش میں ھوں میرا مطالبہ[26] یہی ھے - ورنہ میری مچھلی مجھے دیدیں'' - امیر نے کہا - ''اچھا جو تم چاھتے ھو وھی سہی'' - اور اس نے نوکر کو بلا کر کہا - ''اس آدمی کی پیٹھ پر چالیس درے لگاؤ'' - جب نوکر بیس درے لگا چکا تو ماھی گیر نے کہا - ''نصف حصہ میں میرا ایک اور ساتھی بھی ھے'' - امیر آدمی نے کہا - ''کیا دنیا میں تم ایسا کوئی اور بیوقوف بھی ھے'' - اس نے کہا ''ھاں ! آپ کا دربان - اس نے مجھے اس وقت تک اندر نہ آنے دیا جب تک آدھے انعام کا وعدہ نہ لے لیا - آدھا انعام میں لے چکا اب اس کا حصہ اسے دے دو'' -

Vocabulary

1. cunning. 2. befool. 3. enjoy a hearty meal. 4. agreed. 5. across 6. had his fill. 7. howl. 8. I cannot help it. 9. gave him a sound beating. 10. have a chat. 11. moments. 12. to see me. 13. footprint. 14. point towards the den. 15. inn. 16. royal guard. 87. simpleton. 18. cannot dsitinguish between a palace and

an inn. 19. often. 20. feast. 21. dishes. 22. gate-keeper. 23. presented. 24. proper. 25. lashes. 26. demand.

LESSON XLV
SOME TYPICAL CONSTRUCTIONS

The more you work the more you gain.	جتنا زیادہ کام کرو گے اتنا ھی فائدہ اٹھاؤ گے -
The higher you go, the cooler it is.	جتنی بلندی پر جاؤ گے اتنی ھی سردی زیادہ ھوگی -
God-willing, we shall reach tomorrow evening.	اگر خدا نے چاھا تو ھم کل شام تک پہنچ جائینگے -
God forbid that he should lose in trade.	خدا نہ کرے اسے تجارت میں نقصان ھو !
He talks as if he were mad.	وہ اس طرح باتیں کرتا ھے گویا دیوانہ ھے -
Come what may, I will not stay here.	خواہ کچھ ھی ھو جائے میں یہاں نہیں ٹھہروںگا -
However fast you may run, you cannot catch the train.	خواہ تم کتنا ھی تیز دوڑو، تم گاڑی پر نہیں چڑھ سکتے -
t is all the same to you whether he earns anything or not.	خواہ وہ کچھ کمائے یا نہ کمائے تمہیں اس سے کیا -
Let it ever rain so hard Muhammad Hayat will not stop work.	خواہ کتنی بارش ھو محمد حیات اپنا کام نہیں چھوڑے گا -
Weather permitting, I shall reach at 10 o'clock.	اگر موسم نے اجازت دی تو میں دس بجے پہنچ جاؤں گا -
He will obey you sooner or later.	کبھی نہ کبھی وہ ضرور تمہاری اطاعت کریگا -

Let it be between you and me.	یہ بات اپنے اور میرے درمیان رہنے دو ۔
Nothing like education.	تعلیم کا کیا کہنا ۔
The Islamic rule is beyond all praise.	اسلامی راج کا کیا کہنا ۔
Not to speak of sweets, we could not even get water.	مٹھائی کا کیا کہنا، وہاں تو ہمیں پانی بھی نہیں ملا ۔
Leave alone helping, he did not even accompany us.	مدد کا کیا کہنا، وہ تو ہمارے ساتھ بھی نہ گیا ۔
To the best of my recollection he did not win scholarship.	جہاں تک مجھے یاد ہے ، اس نے وظیفہ حاصل نہیں کیا ۔
Reaching there is everything.	وہاں پہنچنا ہی تو سارا کام ہے ۔
It will be night when you return.	تمہیں واپس آنے میں شام ہو جائے گی ۔
He could not help weeping.	وہ روئے بغیر نہ رہ سکا ۔
It is you who stole my box.	تم ہی تو ہو جس نے میرا صندوق چرایا ۔
He is by far the bravest man in the town.	وہ شہر میں بہت ہی زیادہ بہادر ہے ۔
His information is far from being ture.	اس کی اطلاع قطعاً درست نہیں ۔
They would rather leave the house than pay the rent.	وہ مکان چھوڑنا پسند کریں گے ۔ لیکن کرایہ ادا نہیں کریں گے ۔
This is the same boy that comes late every day.	یہ وہی لڑکا ہے جو ہر روز دیر سے آتا ہے ۔
The farmer would rise early and yolk his bullocks.	کسان صبح اٹھتا اور بیلوں کو جوتتا ہے ۔
To tell the truth he is very dishonest.	سچ عرض کروں، وہ بہت بددیانت ہے ۔

You had better inform somebody.	بہتر تھا کہ آپ کسی کو اطلاع کر دیتے -
Would that he were alive !	کیا اچھا ہوتا اگر وہ زندہ ہوتا !
But for his help, I would have been drowned.	اگر وہ میری مدد نہ کرتا تو میں ڈوب جاتا -
He could not pay off the debt partly through poverty and partly through laziness.	کچھ بوجہ غریب اور کچھ بوجہ سستی وہ قرض ادا نہ کرسکا -
What was our amazement when we saw the Maulvi in the jail.	ہماری حیرانی کی کوئی حد نہ رہی جب ہم نے مولوی جی کو جیل میں دیکھا -

---

مشق ۴۷

(الف) وہ رونے سے باز نہ رہ سکا - بہتر تھا کہ وہ کرایہ ادا کر دیتا یامکان چھوڑ دیتا - باوجود اس قدر کوشش کے[1] وہ سیکرٹری مقرر نہ ہو سکا[2] - دودھ کا کیا ذکر اس گاؤں سے تو روٹی بھی نہیں ملتی - اگر وہ ہماری مدد نہ کرتا تو ہمیں گائے کبھی نہ ملتی - ایسے عزیز دوست کی موت پر وہ چلائے بغیر نہ رہ سکا - جتنی آپ نرمی اختیار کرتے جاتے ہیں[3] اتنا ہی وہ لاپرواہ[4] ہوتا جاتا ہے - تم خواہ کتنی ہی محنت سے کام کرو تم اس آدمی کو خوش نہیں کر سکتے - وہ کتنا ہی غریب کیوں نہ ہو وہ محتاجوں[5] کی مدد ضرور کرے گا - وہ اتنا ہوشیار نہیں کہ تمہاری تجویز[6] کو سمجھ سکے - آہستہ آہستہ چلو، ایسا نہ ہو کہ تم گر جاؤ -

(ب) جس قدر تجارت میں زیادہ سرمایہ لگاؤ گے[7] اسی قدر نفع حاصل کرو گے - اگر خدا نے چاہا تو تم اس مقابلہ میں ضرور کامیاب رہو گے - وہ ایسی باتیں کرتا ہے گویا وہ اب بھی ملازم[2]

ہے - خواہ کچھ ہی ہو جائے، ہم اسکے خلاف ضرور شکایت کریں گے - جو لڑکا اس قدر ہوشیار ہو اسے نقل کرنے کی کیا ضرورت ہے ؟ میں تمہیں کہیں نوکر کرا دوں[10] گا - وہ اس قدر کمزور ہے کہ اسے اگلی جماعت میں ترقی نہیں دی جاسکتی[11] - جہاں تک مجھے یاد ہے اس شخص نے آپ کو سب سے بڑا دھوکا دیا - یہ گھوڑا اس قدر تیز رفتار ہے کہ اس کی تعریف ہی نہیں ہو سکتی[12] - بہتر تھا کہ تم اپنے ساتھ بھائی کو لے جاتے - اگر وہ روپے سے تمہاری مدد نہ کرتا تو آج تک تمہارا دیوالہ نکل چکا ہوتا[13] - دنیا کے عجائبات کا کیا کہنا - جہاں تک میرا خیال ہے کسی عقلمند آدمی نے اسے ووٹ نہیں دیا - خدا نہ کرے کہ اس قسم کا بددیانت آدمی ہمارا حصہ دار بنے[14] - وہ اتنا کمینہ نہیں کہ تم جیسے نیک آدمی کے خلاف سازشیں[15] کرے - خواہ وہ دوکان کھولے یا نہ کھولے گاھک[16] اس کے قریب نہیں پھٹکتے - خواہ کچھ ہی ہو جائے ہم ایسے دروغ گو آدمی کو یہاں نہیں رہنے دیں گے - جتنے زیادہ مزدور لگاؤ گے[17] اتنا ہی جلدی کام ختم ہوگا -

Vocabulary

1. for all his efforts. 2. could not be appointed. 3. become lenient. 4. negligence. 5. needy. 6. plots. 7. invest. 8. competition. 9. in service. 10. get you employed. 11. cannot be promoted. 12. cannot be too highly praised. 13. run bankrupt. 14. partner. 12. conspire. 16. customers. 17 engage more coolies.

مشق ۳۸

نسیم نے ٹوپی پہنی[1] اور باھر چلا گیا - میرا بھائی سیاہ پتلون[2] پہنتا ہے - جاؤ اور کپڑے پہنو[3] - لاھور میں عجائب گھر ایک نہایت ہی دلفریب جگہ[4] ہے - بھاپ انجن کے پہیوں کو پھراتی ہے -

آپ کے کہنے کے مطابق میں وقت پر خود ہی حاضر ہو جاؤں گا - کیا آپ کی مرضی[5] ہے کہ میں ریل پر جاؤں ؟ ہم بسا اوقات ایسی چیزیں لاپروائی سے کھا جاتے ہیں - پٹرول تو خود بخود جل اٹھتا ہے - ہماری آنکھ لگی ہی تھی کہ نعیم نے دروازہ کھٹکھٹایا - لوگ کہتے ہیں اس شرارت کا بانی اله دین[8] ہے - ان دو لڑکوں میں سے کس نے اس کا ذکر کیا ؟ کیا اتنا چھوٹا گڑھا کھودنے میں اتنی دیر لگی ؟ جہاں کہیں آپ جائیں یہی درخت دیکھنے میں آئینگے - لاهور کے مقابله میں وزیر آباد گوجرانواله سے زیادہ قریب ہے - جو رقم اپ کو اس وقت ملسکتی ہے حاصل کرلیں - تم ہی نے تو اسے اکسایا تھا[9] - وہ ہر دوسرے دن[10] نوکری[11] پر ہوتا ہے - اس نے میرے لڑکے کو اتنا پیٹا کہ وہ بیہوش ہوگیا - ہمارے دریا پر پہنچنے سے پہلے طوفان تیزی سے چل رہا تھا[12] - لوہا گرمی سے پھیلتا ہے[13] اور سردی سے سکڑتا ہے[14] - کل ہم اپنے بھائی کے استقبال[15] کے لئے اسٹیشن پر گئے - کیا آپ اپنے دوست کو خیرباد[16] کہہ آئے - اب گاڑی میں کوئی جگہ نہیں - ہم نے چور کو موقعہ پر[17] مال کے ساتھ پکڑلیا - کرم الہی کا مکان جل کر راکھ ہوگیا - وہ جان بوجھ[18] کر موت کے منه میں آ پڑا - ان اناروں کو دس لڑکوں میں تقسیم کر دو - آپ بہت کم تشریف لاتے[19] ہیں - جج نے ملزم کو جرمانہ کی سزا[20] دی - میں آپ کا بہت ممنون ہوں - کامیابی کے لئے صحت ضروری ہے - غفور کی شادی شریفن سے ہوئی - معمود کے گھر لڑکا پیدا[21] ہوا - حامد کی بیوی نے لڑکا جنا[22] - اسے باہر جانے کی ضرورت نہیں - میرے پاس پانچ روپے کا نوٹ ہے - اسنے ساڑھے تین میل[23] سفر کیا - ہمیں پونے تین میل[42] چلنا پڑا - ہم نے دو تہائی مال بیچ دیا -

Vocabulary

1. put on. 2. wear. 3. dress yourself. 4. attractive. 5. do you wish? 6. often. 7. knocked at the door. 8. author. 9. excited. 10 every second day. 11. on duty. 12. raging furiously. 13. expands. 14. contracts. 15. to see in. 16. to see off. 17. red-handed. 18. knowingly. 19. your visits are few and far between. 20. punished with a fine. 21. was born to. 22. gave birth to a son. 23. three miles and a half 24. two miles and three quarters.

مشق ۳۹

وہ میرا ہم جماعت ہے - کیا وہ تمہارا ہم شہر نہیں ؟ وہ میرا ہمنام ہے - میں اس کا ہم عمر ہوں - وہ دونوں ہم عمرا[1] تھے - کیا وہ تمہارا ہم خیال ہے؟ تم اپنے ہم مذہب[2] کی رعایت[3] کرتے ہو - جلدی سے جلدی[4] میں تین بجے آؤنگا - تمہیں زیادہ سے زیادہ[5] سوا دو بجے آجانا چاہئے - میں اپنا سامان باندھ رہا ہوں - ڈرائنگ ماسٹر صاحب کو کہو کہ لڑکوں کو ایک ایک کرکے اندر داخل کریں - مچھلیاں پکڑنے کا کانٹا اور ڈور[6] پانی میں بہہ گئی - کیا آپ کو بائیسکل چلانا آتا ہے ؟ اس نے کہا کاش میں یہاں نہ ہوتا ! تھوڑی دیر میں آگ بجھانے والا ایجن[7] آپہنچا اور آگ پر قابو پالیا گیا - کیا آپ نے اپنی زندگی کا بیمہ[8] کرایا ہے ؟ خالی آسامیوں[9] کے لئے اخباروں میں اشتہار دیا جا چکا ہے[10] ہے میں نے نصیحت کے طور پر[11] اسے یہ الفاظ کہے تھے - اس کے ڈوب جانے پر سب حیران تھے - وہ رفتہ رفتہ ٹھیک ہو جائیگا - اب بھیڑ ہٹ چکی ہے - اس درزی کی دوکان پر جاؤ - یہ زیادہ دام مانگتا ہے - اس کا نوکر ایک آنکھ سے کانا اور ایک ٹانگ سے لنگڑا ہے - جتنا آدمی امیر ہو اتنا ہی لاپرواہ ہوتا ہے - تمہاری دیانتداری میں کوئی کلام نہیں - مجسٹریٹ نے اسے پھانسی کی سزا دی - ایڈیسن کی عقلمندی کا کیا[12] کہنا - زیادہ سے زیادہ[13] تم یہ کر سکتے ہو کہ تم میری مدد سے انکار کر دو گے - دودھ کا کیا ذکر[14] ہمیں تو

پانی بھی نہیں ملتا - ہم نے ریل سے سفر کیا[15]، حمید نے بائیسکل[16] پر - رشید نے موٹر پر[17] اور بشیر نے ٹانگہ پر[18] سفر کیا - کاش میری صحت اچھی ہوتی ! ہم نے سیر ہو کر[19] کھانا کھایا - تم ہی ہو جس نے ہمیں تباہ کیا - ہم شہر میں سیر[20] کو گئے - کیا یہ دودھ دینے والی گائے ہے[21] ؟ یہ گائے دودھ نہیں[22] دیتی - گاڑیاں امرت سر سے ایک میل کے فاصلہ پر ٹکرائیں - وہ بخار سے[23] نہیں مرا، زیادہ کام کی وجہ سے مرا[24] - ہم نے ہیضہ کا ٹیکہ لگوا لیا[25] ہے -

Vocabulary.

1. contemporary. 2. co-religionist. 3. favour. 4. at the earliset. 5. at the latest. 6. the hook and the line. 7. the Fire Brigade. 8. insured your life. 9. vacancies. 10. advertised. 11. by way of advice. 12. is beyond all praise. 13. at the worst. 14. leave alone. 15. by train. 16. on a cycle. 17. in a car. 18. on a tonga. 19. ate our fill. 20. stroll. 21. milch cow. 22. dry. 23. of. 24. from. 25. inoculated against.

مشق ۵۰

اس کتاب پر تمہارا کیا خرچ ہوا ؟ نیلی سیاہی سے نہ لکھو - تمہیں یہ گھوڑا کسطرح ملا ؟ ہم نے اسے دیوانہ سمجھکر چھوڑ دیا - مزدوروں نے ہڑتال کر دی[1] - قیدیوں نے بھوک ہڑتال کر دی[2] - اتنا روپیہ ہونے کے باوجود وہ بھیک مانگتا ہے ؟ وہ دو دو کرکے[3] باہر گئے - اس سے تمہارا کیا رشتہ ہے ؟ وہ لگاتار تین گھنٹے دوڑ سکتا ہے - شام سے پہلے تمہارا بخار کم ہو جائے گا - وہ کرکٹ کا اچھا کھلاڑی ہے - شام تک اس کا بخار اتر جائیگا[4] - کیا ہی عمدہ پھول ہے ! وہ مطلق محنتی نہیں[5] - تمام لوگ ایک ایک ہو کر چلے گئے - ! وہ آہستہ آہستہ[6] طاقتور ہوتا گیا - برتن ٹوٹا ہوا ہے، اسلئے دودھ آہستہ آہستہ[7] ٹپک رہا ہے - حسب

معمول[8] وہ چھ بجے جاگا - اس کاغذ پر سیاہی پھیل[9] جاتی ہے - خط کا مضمون حسب ذیل تھا - میں ٹانگے کی سواری کو گھوڑے کی سواری پر ترجیح دیتا ہوں[10] - یہ گلی مشرق سے مغرب کو جاتی ہے[11] - ہوا کم ہو رہی ہے - جہاں تک مجھے علم ہے اسنے اپنا قرض بیباق نہیں کیا - مریض کی حالت دن بدن خراب ہو رہی ہے[12] - آپ اس آدمی کو اندر لے آئیں[13] - وہ تو مر ہی چلا تھا[14] - ہم تمام ہفتہ اس کام میں لگے رہے - جوں جوں تم اس کے قریب رہو گے ' اسکو پسند کرو گے - ہم ہر روز باغ میں پھرا کرتے تھے - تمام کاغذات آگ کی نظر ہو گئے - وہ ماہ حال[15] کی بیس تاریخ کو آئیگا - مین نے پچھلے مہینے[16] کی چھ تاریخ کو آپکو لکھا تھا - میں اگلے ماہ[17] کی چار تاریخ کو واپس آؤنگا - اس نے اپنی دوکان گول سڑک[18] پر تبدیل کر لی ہے - آپ اس کرسی کا کیا لیں گے ؟ یہ سرخ قمیض والا لڑکا میرا بھتیجا ہے - جب سے وہ دھلی سے آیا ہے ' بیمار ہے - مدد کرنا تو درکنار ' وہ تو ہمارے ساتھ بات بھی نہیں کرتا - چلو آج کرکٹ کا میچ دیکھیں - خدا کا شکر ہے میں نے تمہیں دیکھ لیا ورنہ تم ڈوب جاتے - وہ ایسا گرا کہ پھر نہ اٹھا - تعطیلیں قریب آ رہی ہیں - وہ اپنی خوشی سے[19] کام کریگا - انشاء اللہ[20] تم جلدی ہی تندرست ہو جاؤ گے - خدا حافظ[21] ! اگلے سال پھر ملیں گے -

Vocabulary

1. struck work. 1. went on hunger strike. 3. by twos. 4. will subside. 5. anything but industrious. 6. gradually. 7. little by little. 8. as usual. 9. runs. 10. prefer. 11. runs. 12. is sinking. 13. show him in. 14. all but gone. 15. instant. 19. ultimo. 17. proximo. 18. circular road. 19. of his own accord. 20. God-willing. 21. good-bye.

مشق نمبر ۵۱

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ دو دوست ایک سفر پر روانہ ہوئے انہوں نے یہ طے کیا[1] کہ وہ تکلیف میں ایک دوسرے کی مدد کرینگے - ابھی انہوں نے تھوڑا ہی سفر طے کیا تھا کہ انہوں نے ایک ریچھ کو آتے دیکھا - جونہی ان کی نظر ریچھ پر پڑی وہ حواس باختہ ہو گئے[2] - ان میں سے ایک قریب کے درخت پر چڑھ گیا اور اپنے آپ کو ٹہنیوں میں چھپا لیا - دوسرا درخت پر چڑھنا نہیں جانتا تھا - وہ حیران تھا کہ کیا کرے[3] - اسے ایک تدبیر سوجھی - اس نے سنا ہوا تھا کہ ریچھ مردہ جانوروں کو نہیں چھوتا - وہ جھٹ زمین پر لیٹ گیا اور سانس بند کر لیا[4] اور اپنے آپ کو مردہ بنا لیا - ریچھ اس کے قریب آیا اور اسے سونگھا[5] اور مردہ سمجھ کر چھوڑ دیا -

Vocabulary

1. decided. 2. they lost their wits. 3. was at a loss to know what to do. 4. held his breath. 5. sniffed.

مشق ۵۲

ایک کسان کے سات لڑکے تھے مگر بہت سست اور لا پرواہ - وہ کسی کام میں اس کی مدد نہ کرتے اور ہمیشہ آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے - بوڑھا کسان بہت غمگین تھا[2] - وہ ہمیشہ اس تلاش میں رہتا کہ کوئی موقع[3] ملے تو انہیں سمجھائے - آخر بڑھاپے کی وجہ سے بہت کمزور تھا - ایک دن بیمار ہوا اور مرنے کے قریب ہو گیا - اس نے اپنے لڑکوں کو بلایا اور کہا ان کھیتوں میں میں نے کہیں خزانہ دفن کیا تھا[4] مگر اب مجھے اس کی صحیح جگہ یاد نہیں[5] - یہ کہہ کر کسان نے آخری سانس لیا اور چل بسا - باپ کی موت کے بعد ہر ایک

کی یہ خواھش تھی کہ خزانہ اسے ملے - انھوں نے کدال اٹھانے اور کھیتوں کو کھودنا شروع کیا- انھیں خزانہ تو نہ ملا مگر بار بار کھودنے سے زمین زرخیز ھو گئی[6] - اور اگلے سال ان کا فصل نہایت شاندار ھوا - اور انھوں نے بہت کچھ کمایا - اب انھیں معلوم ھوا کہ ان کے باپ کا اصل مطلب کیا تھا -

Vocabulary

1. lazy and careless. 2. sad. 3. opportunity. 4. had buried a treasure. 5. exact place. 6. fertile.

مشق ۵۳

ایک دھوبی کے پاس ایک کتا اور ایک گدھا تھا - گدھے پر وہ کپڑوں کی گٹھریاں[1] لاد کر دریا پر لے جاتا اور کتا اس کے گھر کی نگرانی کرتا[2] - دھوبی گدھے کا بہت خیال رکھتا اور اسے اچھی خوراک دیتا مگر کتے کو بھوکا چھوڑ دیتا جو بچے کھچے ٹکڑوں[3] پر گزارہ کرتا -

ایک رات ایک چور گھر میں گھس آیا - دھوبی گہری نیند سویا ھوا تھا اور گدھا بندھا ھوا تھا - اس نے کتے کو کہا تم بھونک کر مالک کو کیوں نہیں جگاتے ؟ کتے نے جواب دیا مجھے بھونکنے کی کیا ضرورت ھے اور میں کیوں مالک کو جگاؤں ؟ کیا وہ مجھے کچھ کھانے کو دیتا ھے کہ میں اس کا شکر گزار[4] بنوں - اگر تم اس کے اتنے خیر خواہ[5] ھو تو تم ھینگ[6] کر اسے جگا دو - جب گدھے نے دیکھا کہ چور نے سامان نکالنا شروع کر دیا ھے اور مالک کو جگانے کی اور کوئی صورت نہیں تو اس نے ھینگنا شروع کیا - چور گدھے کی آواز سن کر بھاگ نکلا اور مالک بھی جاگ پڑا - اور گھر کا کونہ کونہ

تلاش کیا - جب اسے کوئی چور نہ ملا تو اس نے گدھے کو مارنا شروع کیا - اب گدھا اپنی بے وقوفی پر پچھتایا[7] -

Vocabulary

1. bundle. 2. watch. 3. scrums. 4. thankful. 5. well-wisher. 6. bray. 7 repent.

مشق ۵۴

ایک غار میں ایک چوھا رھتا تھا - جب وہ اپنی بل[1] سے باھر نکل کر پرندوں کو ھوا میں اڑتا دیکھا تو ان پر رشک کرتا[2] - ایک دن وہ کہنے لگا- کیا ھی اچھا ھوتا[3] اگر میں بھی پرندوں کی طرح اڑ سکتا ! ایک دن وہ ایک پہاڑی کی چوٹی پر چڑھ گیا اس وقت ٹھنڈی ٹھنڈی ھوا چل رھی تھی اور چاروں طرف دلفریب نظارہ[4] تھا - وہ اس نظارے کی تعریف کرنے[5] لگا- اسی اثنا میں ایک چیل[6] نے اس پر جھپٹا مارا[7] اور اپنے پنجوں[8] میں پکڑ لیا - اتنے میں ایک دوسری چیل اس پر جھپٹی اور اس نے چوھا چھیننے کی کوشش کی - اس جھگڑے میں چوھا زمین پر گر پڑا اور اپنی بل کے قریب ھی بیہوش پڑا رھا[9] - جب اسے ھوش آیا تو اپنی غلطی پر افسوس کیا[10] اور آئندہ کبھی ھوا میں اڑنے کی خواھش نہ کی -

Vocabulary

1. hole. 2. envied them. 3. would that. 4. a charming view. 5 admire. 6. kite. 7. swooped down. 8. talons. 9. senseless. 10. repented.

مشق ۵۵

ایک دفعہ ایک بھیڑیا خوراک کی تلاش میں ادھر ادھر پھر رھا تھا - اس نے ایک بھیڑوں کا گلہ[1] دیکھا مگر ایک ھوشیار کتا اس گلے کی نگہبانی کر رھا تھا[2] - اس نے ایک تجویز

سوچی - اس نے ایک بھیڑ کی کھال پہن لی اور گلے میں مل گیا[3] - کتے کو پتہ نہ چلا اور بھیڑیا ایک بھیڑ پکڑ کر لے جاتا اور اسے پھاڑ کر کھا جاتا[4] - جب شام کو گڈریے نے بھیڑوں کو گنا تو تین بھیڑیں کم تھیں[5] - اس نے ادھر ادھر دیکھا مگر تلاش کرنے میں کامیاب نہ ہوا - اتنے میں بھیڑوں نے ممیانا شروع کیا۔ بھیڑیے نے بھی ایسا ہی کیا مگر ممیانے کی بجائے اس نے بھیڑیوں کی سی آواز نکالی - گڈریے نے اسے پہچان لیا اور لاٹھیوں سے اسے مارنا شروع کیا - اس نے اس پر کتے چھوڑ دئے[7] اور کتوں نے اسے پھاڑ کر[8] ٹکڑے ٹکڑے کر دیا[6]-

Vocabulary

1. flock. 2. guard. 3. mixed. 4. discover. 5. missing. 6. bleat. 7. howl. 8. set the dogs on him. 9. himtore into pieces.

مشق ٥٦

ایک دفعہ ایک نوجوان ٹوپیاں بیچنے کے لئے ایک گاؤں کی صرف جارہا تھا - اس دن بہت گرمی تھی اور نوجوان چلتے چلتے تھک گیا - وہ آرام کرنے کے لئے ایک درخت کے نیچے لیٹ گیا اور تھوڑی دیر میں گہری نیند سو گیا[1] - اس درخت پر کچھ بندر رہتے تھے - وہ درخت سے اترے اور تمام ٹوپیاں گٹھری [2] سے نکال کر سروں پر رکھ لیں - جب ٹوپیاں بیچنے والا جاگا تو گٹھری کو خالی پایا - اس نے ادھر ادھر بہت ڈھونڈا مگر ٹوپیوں کا سراغ[3] نہ ملا - جب اس نے اوپر نگاہ کی[4] تو بندروں کے سروں پر ٹوپیاں دیکھکر بہت حیران ہوا - وہ درخت پر چڑھا مگر بندر کود کر دوسرے درخت پر چلے گئے - آخر مایوسی[5] کے عالم میں اس نے اپنے سر سے ٹوپی اتار کر زمین پر پھینک دی اور پکارا : یہ بھی لے لو - تم جانتے ہو کہ بندر نقال ہوتے ہیں[6] - انہوں نے بھی نوجوان کی نقل کرتے ہوئے اپنے اپنے سر سے ٹوپیاں اتار کر

زمیں پر پھینک دیں - نوجوان نے سب اکٹھی کر لیں[7] اور اپنا راستہ لیا[8]-

Vocabulary

1. fell into a sound sleep. 2. bundle. 3. clue. 4. looked up. 5. in despair 6. imitators 7. collected. 8. went his way.

مشق ۵۷

کسی ملک میں ایک بادشاہ رہتا تھا - وہ رعایا پر اس قدر ظلم کرتا[1] تھا کہ لوگ تنگ آکر اپنے گھروں کو چھوڑنے لگے اور ملک ویران ہونے لگا[2] - بادشاہ کا وزیر عقلمند تھا - اسنے بادشاہ کو ظلم کرنے سے باز رکھنے[3] کیلئے ایک تدبیر سوچی - اسنے کہا میں پرندوں اور حیوانوں[4] کی بولیاں جانتا ہوں -

ایک دن بادشاہ شکار سے واپس آرہا تھا اور اس کا وزیر بھی اس کے ساتھ تھا - راستہ میں انہوں نے دو آلو ایک درخت پر بیٹھے دیکھے جو زور سے چیخ رہے تھے[5]- بادشاہ نے وزیر کو کہا بتاؤ یہ کیا باتیں کررہے ہیں - وزیر نے کہا ان کی گفتگو حضور کے قابل نہیں - بادشاہ نے کہا - نہیں، مجھے ضرور بتاؤ - وزیر نے کہا ایک آلو ایک لڑکے کا باپ ہے اور دوسرا ایک لڑکی کا - یہ ان کی شادی کرنا چاہتے ہیں مگر لڑکے والا دوسرے سے مطالبہ کر رہا ہے کہ وہ اپنی لڑکی کو کم از کم بیس ویران گاؤں جہیز[6] میں دے - اور موخرالزکر[7] اسے کہہ رہا ہے کہ اگر اس ملک کا بادشاہ زندہ رہا تو میں سال کے اندر اسے بیس کیا چالیس گاؤں دے سکوں گا - یہ سن کر بادشاہ کو افسوس ہوا اور رعایا پر ظلم کرنا بند کر دیا -

Vocabulary

1. was crule to ; oppressed his subjects. 2. desolate. 3. abstain. 4. beasts. 5. hooting. 6. dowry. 7. the latter.

مشق ۵۸

ایک دفعہ تین دوست روزگار[1] کی تلاش میں گھر سے نکلے۔ ان کا راستہ ایک گھنے جنگل سے گزرتا تھا۔ جب وہ اس جنگل میں گزر رہے تھا تو انہیں ایک صندوق ملا جس میں بہت سا مال تھا۔ انہوں نے یک زبان ہو کر[2] کہا ''اب آگے جانے کی کیا ضرورت ہے؟ چلو اس مال کو تقسیم کر لیں اور واپس گھر چلیں''۔ دوسرے نے کہا اب رات ہو رہی ہے اور ہم سب بھوکے ہیں۔ دو آدمی اس مال کی حفاظت کریں[3] اور تیسرا شہر میں چلا جائے۔ خود وہاں ہی کھانا کھائے اور ہمارے لئے لے آئے۔ سب نے اس تجویز سے اتفاق کیا اور ایک ساتھی کو شہر بھیج دیا۔ اس نے سوچا اگر میں ان دونوں کا قصہ پاک کر دوں[4] تو سارا مال میرے ہاتھ آجائے۔ اس نے کھانے میں زہر ملا دیا اور جنگل کی طرف چل پڑا۔ اس کے ساتھی بھی ویسے ہی خود غرض[5] تھے۔ انہوں نے کہا اگر ہم اس کا خاتمہ کر دیں تو آدھا آدھا مال بانٹ لیں۔ جونہی تیسرا ساتھی کھانا لے کر آیا، انہوں نے اسے قتل کر دیا اور جب انہوں نے کھانا کھایا تو زہر سے ہلاک ہو گئے اور صندوق جوں کا توں[6] وہیں پڑا رہا۔

Vocabulary

1. livelihood. 2. with one voice. 3. guard the treasure. 4. get rid of them. 5. selfish. 6. as it was.

مشق ۵۹

کسی جنگل میں ایک شیر رہتا تھا۔ وہ ہر روز کئی جانور ہلاک کر دیتا۔ ایک دن تمام جانور اکٹھے ہوئے اور انہوں نے فیصلہ کیا[1] کہ اگر شیر رضامند[2] ہو جائے تو اسے ہر روز ایک جانور بھیج دیا جائے۔ انہوں نے شیر کے پاس ایک وفد[3] بھیجا اور اس

نے ان کی تجویز سے اتفاق کیا[4] - اس کے بعد وہ ہر روز میں آپس قرعہ اندازی کرتے[5] اور اسے ایک جانور کھانے کیلئے بھیج دیتے -

ایک دن ایک خرگوش کی باری تھی - وہ بڑا مکار تھا - وہ شرارت سے[6] راستہ میں ٹھہر گیا - اور جب دیر سے شیر کے پاس پہنچا تو اس نے دیری کا سبب پوچھا - خرگوش نے عاجزی سے جواب دیا : جہاں پناہ[7] ! آج میری باری تھی مگر چونکہ میں چھوٹا تھا اسلئے ہماری کمیٹی نے آج دو خرگوش بھیجنے کا فیصلہ کیا اور جب ہم آ رہے تھے تو ہمیں راستہ میں ایک اور شیر ملا - اس نے میرے ساتھی کو زبردستی چھین لیا اور کہنے لگا کہ میں اس جنگل کا بادشاہ ہوں - رقیب[9] کا نام سن کر شیر کا خون جوش مارنے لگا[10] اور اسنے خرگوش کو کہا جلدی کرو ، مجھے وہ جگہ بتاؤ جہاں وہ بدمعاش رہتا ہے - خرگوش اسے ایک کنویں پر لے گیا اور کہا : یہ ہے وہ جگہ جہاں شیر رہتا ہے - شیر نے اندر جھانکا[11] تو اپنا عکس[12] دیکھا - وہ اسے اپنا رقیب سمجھکر جھٹ کنویں میں کود پڑا اور ہلاک ہوگیا -

Vocabulary

1. decided. 2. agreed. 3. deputation. 4. agreed to their proposal. 5. cast a lot. 6. wilfully. 7. Your Majesty ! 8. by force. 9. rival. 10. his blood boiled. 11. peeped. 12. reflection.

مشق ۶۰

ایک سوداگر ایک منڈی میں اپنا سامان، بیچنے کے بعد اپنے شہر کو چل پڑا - شام کا وقت تھا اور اس کے پاس بہت سا روپیہ تھا - اس نے یہ روپیہ زین[2] کے نیچے چھپا دیا - اسے اپنے تیز رفتار[3] گھوڑے پر بہت بھروسہ[4] تھا - ابھی وہ دور نہیں گیا تھا کہ بوچھاڑ کے ساتھ[5] بارش شروع ہو گئی - اس کے تمام کپڑے بھیگ گئے[6] اور وہ کانپنے لگا - وہ غصے سے لال پیلا ہو رہا تھا[7] اور

بارش کو کوسنے لگا[8] جس نے اسے اتنی تکلیف دی - اس نے ایک ڈاکو کو آتے دیکھا ، جس کے ھاتھ میں پستول تھا - ''تمام روپیہ رکھ دو ورنہ تمہاری جان کی خیر نہیں[9]'' ڈاکو نے چلاتے ہوئے کہا - سوداگر نے گھوڑے کو سرپٹ دوڑایا[10] مگر ڈاکو نے پستول چلادیا - خوش قسمتی سے بارش نے بارود کو گیلا[11] کر دیا تھا او پستول نہ چلا[12] - سوداگر نے گھوڑے کو ایڑ لگائی اور بچ نکلا[13] - جب وہ خطرے سے باھر نکل آیا تو بارش کا شکریہ ادا کرنے لگا جس نے اس کی جان بچائی -

Vocabulary

1. wares. 2. saddle. 3. swift. 4. trust. 5. in torrents. 6. he was drenched through and through. 7. beside himself with rage. 8. curse. 9. your money or your life. 10. galloped. 11. damp. 12. did not go off. 13. made good his escape.

LESSON XLVI

WORDS FOLLOWED BY APPROPRIATE PREPOSITIONS

مشق ۶۱

Security Council	پاکستان سلامتی کونسل کے
Abide by	فیصلے کا پابند رھے گا -
Abounds in	اس جوھڑ میں بہت سی مچھلیاں ھیں -
Act upon	اس نے میری نصیحت پر عمل نہ کیا -
Acceded to	اس نے میری التجا مان لی -
Access to	اسکی سپر نٹنڈنٹ تک کوئی رسائی نہیں -
Accustomed to	وہ صبح سویرے اٹھنے کا عادی ھے -
Accused of	اس پر چوری کا الزام لگایا گیا -

Addicted to	وہ جوا کھیلنے کا عادی ہے ۔
Admitted into	اسے ھسپتال داخل کر لیا گیا ہے ۔
Affected by	وہ اس کے رونے سے بہت متاثر ہوا ۔
Afraid of	وہ چوروں سے بہت ڈرتا ہے ۔
Agree to your proposal	میں تمہاری تجویز سے متفق ھوں ۔
Agree with	میں آپ سے اتفاق نہیں کرتا ۔
Aim at	اس نے پرندے کو نشانہ بنایا ۔
Alarmed at	وہ اس خبر سے بہت خوفزدہ ھوا ۔
Angry with	وہ اپنے لڑکے پر خفا ھوا ۔
Angry at (his behaviour)	وہ اس کے رویہ پر ناراض ھوا ۔
Anxious about	آپ میرا فکر نہ کریں ۔
Applied to, for	اس نے انسپکٹر صاحب کو نو کری کیلئے درخواست دی ۔
Apologised for	اس نے اپنی غلطی کی معافی مانگی ۔
Approve of	اس کا باپ اس کے رویہ کو پسند نہیں کرتا ۔
Arrive at	گاڑی وقت پر سٹیشن پر پہنچ گئی ۔
(Do not) approve of	مجھے اس کی عادتیں پسند نہیں ۔
Ashamed of (conduct)	وہ اپنے رویہ پر شرمسار ہے ۔
Attend to	وہ اپنے سبق کی طرف دھیان نہیں دیتا ۔
Availed (himself) of	اس نے موقع سے فائدہ اٹھایا ۔
Aware of	مجھے اس کی شرارتوں کا علم نہیں ۔

LESSON XLVII

APPROPRIATE PREPOSITIONS

مشق ٦٢

Bark at	فقیر پر کتے بھونکے ۔
Beg for	وہ بھیک مانگ رہا تھا ۔
Believe in	ہم خدا پر ایمان رکھتے ھیں ۔

Belong to	یہ کتاب میری ملکیت نہیں -
Beware of	جیب کتروں سے خبردار رہو -
Boast of	وہ اپنی دولت کی ڈینگ مارتا ھے -
Bent upon	وہ شرارت کرنے پر تلا ھوا ھے-
Born of	وہ غریب خاندان میں پیدا ھوا -
Born to	حمید کے ھاں لڑکا پیدا ھوا -
Blind of	وہ ایک آنکھ سے کانا ھے -
Blind to	وہ اس کے نقائص سے بے خبر ھے -
Care for	مجھے اس کی کوئی پروا نہیں -
Careful about	وہ اپنی صحت کی احتیاط رکھتا ھے -
Certain of	اسے کامیابی کا پورا یقین ھے -
Charged with (murder)	اس پر قتل کا جرم عائد کیا گیا -
Commence on	امتحان سوموار سے شروع ھوگا -
Compare with	اکبر کا اورنگ زیب سے مقابلہ کرو -
Compare to	ھم اس کا بندر سے مقابلہ کرسکتے ھیں -
Complain against	اس نے میرے خلاف شکایت کی -
Confident of (success)	اسے کامیابی کا یقین ھے -
Confidence in	مجھے اس پر کوئی اعتماد نہیں -
Condemned to (death)	اسے پھانسی کی سزا دی گئی -
Consist of	اس کتاب کے تین سو صفحے ھیں -
Content with (his lot)	وہ اپنی قسمت پر شاکر ھے -
Congratulate on	میں آپکو کامیابی پر مبارکباد کہتا ھوں -
Convicted of	اسے جؤا کھیلنے پر سزا ھوئی -
Convince of (innocence)	اسنے مجھے اپنے بے گناہ ھونے کا یقین دلایا -
Cruel to	وہ پرندوں پر ظلم کرتا ھے -
Cured of	وہ ھیضہ سے شفایاب ھو گیا -

LESSON XLVIII

APPROPRIATE PREPOSITIONS (*Contd.*)

مشق ٦٣

Deal in	وہ گیہوں کا بیوپار کرتا ہے -
Deal with	میرا مزدوروں سے برتاؤ رہتا ہے -
Delight in	وہ کرکٹ کھیلنے سے خوش رہتا ہے -
Depend upon	وہ اپنے چچا کے آسرے گزارہ کر رہا ہے -
Deprive of	اسے مال و دولت سے محروم کر دیا گیا -
Desirous of	میں دوکان کھولنے کا خواہشمند نہیں -
Devoted himself to	اس نے اپنی زندگی قوم کیلئے وقف کر دی -
Die of	وہ چیچک سے مر گئی -
Die for	اس نے اپنے ملک کے لئے جان دی -
Differ with, in	مجھے اس معاملہ میں اس سے اختلاف ہے -
Due from, to	میں نے اس سے کچھ نہیں لینا -
Eligible for	وہ اس آسامی کا اهل نہیں -
End in, (effort)	اس کی کوشش کا نتیجہ ناکامی رہا -
Engaged in	وہ کاروبار میں لگا ہوا ہے -
Engaged to	ثریا کی منگنی ناصر سے ہوئی -
Enlisted in	وہ فوج میں بھرتی ہو گیا -
Entrust to	اس نے تمام روپیہ میرے سپرد کر دیا -
Exempt from	اس کا جرمانہ معاف کر دیا گیا -
Enquire into	میں اس معاملہ میں تحقیقات کرونگا -
Envious of	وہ اس کی دولت کا حاسد ہے -
Entitled to	اسے ووٹ کا حق حاصل نہیں -
Escape from	وہ سزا سے نہ بچ سکا -
Excuse from	اسے ڈرل کی حاضری معاف کر دی گئی -
Excel in	وہ ذہانت میں سب سے سبقت لے گیا ہے -
Excuse for	دیر سے آنے کا تمہارا کیا عذر ہے ؟

LESSON XLIX

APPROPRIATE PREPOSITIONS

مشق ٦٣

Fail in	وہ ریاضی میں ناکام رہا -
Faith in	مجھے منتر جنتر پر کوئی یقین نہیں -
Faithful to	وہ اپنے مالک کا وفادار ہے -
Famous for	وہ بہادری کیلئے مشہور ہے -
Fatal to	یہ مرض اس کے لئے مہلک ثابت ہوا -
Familiar with	میں اس راستہ سے واقف ہوں -
Feed on	گائے گھاس پر گزارہ کرتی ہے -
Fit for	وہ اس نوکری کے لائق نہیں -
Fond of	وہ کھیلوں کا بہت شوقین ہے -
Fight for	ہم اپنے حق کیلئے لڑیں گے -
Fight against	ہم ظالموں سے لڑیں گے -
Fight with	ہم اپنے بھائیوں سے نہیں لڑیں گے -
Fire at, with a gun	اسنے ڈاکو پر بندوق چلائی -
Fond of	وہ ناول پڑھنے کا بہت شائق ہے -
Glad at	وہ اپنے بیٹے کی کامیابی پر خوش ہوا -
Do good to	ہمیشہ دوسرے سے بھلائی کرو -
Grateful to you for	میں آپکی مہربانی کیلئے شکر گذار ہوں -
Grieved at	مجھے اسکی ناکامی پر رنج ہوا -
Gifted with	ثروت میں ایک اچھی عورت کی خوبیاں موجود ہیں -
Guard against	ہم اسکی، چوروں سے حفاظت کرینگے -
Guilty of	وہ چوری کا مجرم ہے -
Harmful to	یہ پھل صحت کیلئے مضر ہے -
Hatred for	مجھے جھوٹوں سے سخت نفرت ہے -
Heard of	کیا تم نے اسکی موت کی خبر سنی ؟

Heir to (throne)	وہ تخت کا وارث نہ تھا -
Heir of	وہ اپنے دادا کا جانشین ہے -
Honest in	وہ لین دین میں دیانتدار ہے -
Hopeful of	اسکے صحت یاب ہونیکی کوئی امید نہیں -
Hope for	اسے اچھے دن آنیکی امید -
Hope of	وہ اپنی کامیابی کی پوری امید رکھتا ہے -

LESSON L
APPROPRIATE PREPOSITIONS (*Contd.*)

مشق ٦٥

Ignorant of	وہ قوانین سے -. بہرہ ہے -
Ill with	وہ بخار سے بیمار ہے -
Indebted to, for	میں اس مہربانی کے لئے اسکا ممنون ہوں -
Impressed with	میں اس کی تقریر سے بہت متاثر ہوں -
Incapable of	وہ یہ کام کرنے کے قابل نہیں -
Inclined to	میں اس کی مدد کے لئے آمادہ تھا -
Infected with	اس شہر میں ہیضہ کی وبا پھیلی ہوئی ہے -
Inferior to	یہ ٹوپی میری ٹوپی سے گھٹیا ہے -
Infested with	یہ کمرہ چوہوں سے بھرا ہے -
Injurious to	سگرٹ نوشی صحت کے لئے مضر ہے -
Insisted on	اس نے میرے ساتھ جانے پر اصرار کیا -
Interest	مجھے کھیلوں میں کوئی دلچسپی نہیں -
Interfere in	آپ اس معاملہ میں کیوں دخل دیتے ہیں ؟
Introduce to	میں اپنے بھائی سے آپکا تعارف کراؤنگا -
Invited to	اسے کھانے پر بلایا گیا -
Jealous of	وہ دوسروں سے حسد کرتا ہے -
Jeer at	غریبوں کا مذاق نہ اڑاؤ -
(Express) joy at	اس نے میری کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا -
Junior to	وہ ملازمت میں مجھ سے نیچے ہے -
Kind to	وہ غریبوں پر مہربان ہے -

Knock at	اسنے ھمارا دروازہ کھٹکھٹایا -
Keen in	اسے وظیفہ حاصل کرنے کا بہت شوق ھے -
Lame of	وہ ایک ٹانگ سے لنگڑا ھے -
Laugh at	غریبوں پر نہ ھسنو -
Lean against	اسنے دیوار کا سہارا لیا -
Lead to	یہ سڑک کدھر جاتی ھے ؟
Listen to	وہ ھماری مصیبت کی کہانی نہیں سنتا -
Live on	وہ تھوڑی آمدنی پر گذارہ کرتا ھے -
Live by	وہ دیانتداری سے روزی کماتا ھے -
Long for	وہ دولت کا بہت خواھش مند ھے -
Loyal to	وہ اپنے ملک کا وفادار ھے -

LESSON LI

APPROPRIATE PREPOSITIONS (*Contd.*)

مشق ٦٦

Married to	اسکی شادی اختری سے ھوئی -
Mad with	وہ غصے سے پاگل ھو رھا تھا -
Match with	یہ دوپٹہ اس قمیض کے ساتھ ٹھیک نہیں لگتا -
Match for	یہ ھماری ٹیم کے مقابلہ میں ھیچ ھے -
Meddle with	دوسروں کے کام میں مداخلت نہ کرو -
Mourned for	اسنے اپنے باپ کا ماتم کیا -
Necessary for	کامیابی کے لئے محنت ضروری ھے -
Necessity for	اسے زیادہ مزدوروں کی ضرورت نہیں -
Negligent in	وہ اپنے کام میں غفلت کرتا ھے -
Neglectful of	وہ اپنے فرائض سے لا پروا ھے -
Notorious for	وہ شرارتوں میں مشہور ھے -
Obedient to	وہ اپنے استادوں کا فرمانبردار ھے -
Object to	مجھے اس تجویز پر کوئی اعتراض نہیں -
Obliged to	اس مہربانی کے لئے میں آپ کا احسان مند ھوں -
Occupied in	وہ اپنے کام میں مصروف تھا -

Opposite to	سکول ہمارے مکان کے سامنے ھے -
Overwhelmed with	وہ اپنے بھائی کی موت پر غم میں گھل گیا -
Part with	میں یہ کتاب نہیں دے سکتا -
Parted from	وہ اپنے بھائی سے جدا ہو گیا -
Perish with	وہ بھوک سے مر گیا -
Persists in	وہ لاھور جانے پر ضد کرتا ھے -
Play at	وہ تاش کھیل رھا تھا -
Preside over	اس نے جلسہ کی صدارت کی -
Proud of	اسے اپنی قابلیت کا بہت گھمنڈ ھے -
Plot against	اسنے اپنے بھائی کے خلاف سازش کی -
Popular with, for	وہ اپنے شاگردوں میں قابلیت کی وجہ سے ھر دلعزیز ھے -
Polite to	وہ اپنے دوستوں سے شائستگی سے پیش آتا ھے -
Pray to, for	آؤ اپنے ملک کی ترقی کے لئے خدا سے دعا مانگیں -
Present to	اسے ایک سنہری کتاب پیش کی گئی -
Persuade upon	میں نے اسے کالج میں شامل ھونے کی ترغیب دی -
Prevent from	اس نے مجھے جنگل میں جانے سے روکا -

LESSON LII

APPROPRIATE PREPOSITIONS (*Contd.*)

مشق ٦٧

Quick at	وہ ریاضی میں بہت چست تھا -
Quarrel with	تم اپنے دوستوں سے کیوں جھگڑتے ھو ؟
Quarrel over (trifles)	چھوٹی چھوٹی باتوں پر نہ جھگڑو -
Rebel against	انہوں نے بادشاہ کے خلاف بغاوت کی -
Recover from	وہ بیماری سے صحت یاب ھو گیا ھے -
Refrain from	تمہیں بری صحبت سے بچنا چاھئے -
Reign over	مسلمانوں نے ھندوستان پر ۷۰۰ سال حکومت کی -
Rejoice at	ھم نے اسکی کامیابی پر خوشی منائی -
Relieve of	اسے اپنے فرائض سے سبکدوش کر دیا گیا -
Remedy for	یہ ھیضہ کا یقینی علاج ھے -

Remind of	میں اسے اس کا وعدہ یاد دلاؤں گا ۔
Reliance on	مجھے اس کی باتوں پر اعتماد نہیں ۔
Revolt against	انہوں نے حکومت کیخلاف بغاوت کا جھنڈا بلند کیا ۔
Respect for	میرے دل میں مغرور کے لئے کوئی عزت نہیں ۔
Retire from	وہ عنقریب نوکری سے ریٹائر ہونیوالا ہے ۔
Revenge (oneself) on	اسنے دشمنوں سے انتقام لیا ۔
Robbed of	اسکی تمام دولت چھینی گئی ۔
Rely on	میں ایسے آدمی پر اعتماد نہیں کرسکتا ۔
Satisfied with	میں اس کے کام سے مطمئن نہیں ہوں ۔
Shocked at	اسے اس خبر سے سخت صدمہ ہوا ۔
Sick of	میں اس لڑکے سے تنگ آگیا ہوں ۔
Similar to	یہ واقعہ پہلے کی طرح کا ہے ۔
Short of	اسے روپے کی کمی ہے ۔
Skill in	وہ گیند بنانے میں بہت ماہر ہے ۔
Sorry for	مجھے اس غفلت کا افسوس ہے ۔
Start for	وہ ملتان کے لئے روانہ ہو گیا ۔
Struggle against	اسنے مصیبتوں کیخلاف جد و جہد کی ۔
Succeed in	وہ پہاڑی کی چوٹی پر پہنچنے میں کامیاب ہو گیا ۔
Sufficient for	یہ روپیہ اس کا روبار کیلئے کافی نہیں ۔
Superior to	یہ قلم تمہارے قلم سے بڑھیا ہے ۔
Suspicious of	مجھے اسکے چال چلن پر شبہ ہے ۔
Sympathise with, in	وہ اپنے دوستوں کی مصیبت میں ہمدردی نہیں کرتا ۔

LESSON LIII

APPROPRIATE PREPOSITIONS (*Contd.*)

مشق ٦٨

Talk about	تم کس کا ذکر کر رہے ہو ؟
Talk of	وہ جنگ کی باتیں کر رہے تھے ۔
Taste for	اسے جغرافیہ سے کوئی دلچسپی نہیں ۔

Thankful	میں اس مہربانی کیلئے آپ کا شکر گزار ھوں ۔
Tie, to, with	میں نے گائے کو درخت کے ساتھ رسی سے باندھا ۔
Tired of	میں اس زندگی سے تنگ آگیا ھوں ۔
Tremble with	وہ ڈر سے کانپ رھا تھا ۔
True to	وہ اپنی بات کا پکا ھے ۔
Trust in	خدا پر بھروسہ رکھو اور کام شروع کر دو ۔
Unfit for	وہ اس کام کا اھل نہیں ۔
Used for	گوبر ایندھن کے طور پر استعمال ھوتا ھے ۔
Victory over	ھم نے دشمنوں پر فتح حاصل کی ۔
Versed in	وہ گانے میں مہارت رکھتی ھے ۔
Victim to	وہ غلط فہمی کا شکار ھو گیا ۔
Vote for, against	تم اس تجویز کے حق میں ووٹ دو گے یا خلاف ؟
Wanting in	اس میں عقل کی کمی نہیں ۔
Wait for	وہ گاڑی کا انتظار کر رھے تھے ۔
Wait on	کئی نو کر دن رات اسکی خدمت میں رھتے ھیں ۔
Warn against	آپ اسے خطرہ سے آگاہ کر دیں ۔
Watch over	لڑکی کھیت کی نگرانی کر رھی تھی ۔
Weary of	میں اس زندگی سے تنگ آچکی ھوں ۔
Wonder at	ھم اس کی ناکامی پر حیران رہ گئے ۔
Worthy of	وہ اس عزت کا مستحق نہیں ۔
Yield to	اسے دوستوں کی رائے کے آگے جھکنا پڑا ۔
Zeal for	اسے پڑھائی کا بہت شوق ھے ۔
Zealous in (village uplift).	وہ دیہات سدھار میں بہت سرگرم ھے۔

LESSON LIV

PREPOSITIONAL PHRASES

مشق ۶۹

At home in	وہ ریاضی میں طاق ھے ۔
At hand	ھمارا امتحان بہت نزدیک ھے ۔
At the risk of	اسنے اپنی جان خطرے میں ڈال کر مجھے بچایا ۔

At the bottom of	اس شرارت کی تہ میں کس کا ھاتھ ہے -
At the top of	وہ اپنی جماعت میں اول نمبر پر ہے -
At the top of	وہ بہت زور سے چلایا -
At the mercy of	غریب ملاح لہروں کے رحم پر تھا -
At the eleventh hour	وہ آخری وقت میں پہنچا -
By dint of	وہ محنت کے بل پر کامیاب ھو گیا -
By virtue of	وہ ایمانداری کی وجہ سے مشہور ھو گیا -
Because of	سردی کی وجہ سے ہم باھر نہ جاسکے -
By means of	ہم نے کشتی کے ذریعہ دریا عبور کیا -
By way (of gift)	اسنے مجھے تحفہ کے طور پر کتاب دی -
For want of	روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے وہ تجارت نہ کر سکا -
For the sake of	وہ کام حاصل کرنے کے لئے کراچی گیا -
For the purpose of	روپیہ بٹورنے کیلئے وہ میرے پاس آیا -
For fear of	گرنے کے ڈر سے ہم نے رسی کو تھام لیا -
In the hope of	اس نے وظیفہ کی امید پر سخت محنت کی -
In case of	تمہیں خطرے کی حالت میں زنجیر کھینچنی چا ھئے -
In spite of	باوجود محنت کے وہ کامیاب نہ ھوسکا -
In honour of	کل انسپکٹر صاحب کی آمد کے اعزاز میں سکول بند رھیگا -
In favour of	میں مسٹر محمد علی کے حق میں ووٹ دونگا -
In the heart of	گھنٹہ گھر شہر کے مرکز میں واقع ہے -
In accordance with	آپ کی ھدایت کے مطابق ھم نے تمام سامان باندھ لیا ہے -
In lieu of	اتوار کے عوض سکول کل بند رھیگا -
In the course of	گفتگو کے دوران میں اس نے تمہارا ذکر کیا -
In point of	دولت کے لحاظ سے وہ سب سے بڑا آدمی ہے -
In search of	وہ اپنے لڑکے کی تلاش میں پھر رھی تھی -
In face of	مصیبت کے مقابلے میں وہ بالکل نہ گھبرایا -
Instead of	اسنے میری بجائے اسے منتخب کر لیا -
On account of	میں کل بیماری کی وجہ سے حاضر نہ ھو سکا -
On behalf of	میں نے جماعت کی طرف سے یہ درخواست پیش کی -
On the point of	مریض غریب المرگ تھا -
On ground of	اسنے بیماری کی بنا پر استعفیٰ دے دیا -

On the eve of — رخصت ہونے کے موقع پر اسنے مجھے نصیحت کی ۔

LESSON LV

ADVERBIAL PHRASES

مشق ۷۰

Again and again	اسنے تمہارا خط بار بار پڑھا ۔
Over and again	اسنے بار بار مجھ سے یہ سوال کیا ۔
After all	انجام کار اسے معافی مانگنی پڑی ۔
At present	موجودہ وقت میں وہ تمہاری مدد نہیں کر سکتا ۔
At length	آخر کار اسے ماننا پڑا ۔
At large	وہ ابھی تک آزاد ہے ۔
At least	کم از کم ہفتہ میں ایک دفعہ باہر سیر کو جایا کرو ۔
At the most	زیادہ سے زیادہ اس کی قیمت بیس روپیہ ہے ۔
At any rate	وہ کسی قیمت پر تمہارا ساتھ نہیں چھوڑیگا ۔
By and by	آھستہ آھستہ آپ تندرست ھو جائینگے ۔
Before long	وہ جلدی ھی واپس آجائیگا ۔
By all means	آپ کو اب جانے کی کھلی اجازت ہے ۔
By all means	آپ بخوشی یہاں ٹھہر سکتے ھیں ۔
By no means	میں تمہیں کسی طرح بھی جانے نہیں دونگا ۔
In the long run	انجام کار وہ کامیاب ھوگا ۔
Off and on	وہ کبھی کبھی یہاں آتا ہے ۔
Of course	بے شک وہ جھوٹا ہے ۔
Every now and then	وہ اکثر یہاں آتا رھتا ہے ۔
Out and out (scoundrel)	وہ پکا بدمعاش ہے ۔
Far and wide	وہ دور دور تک مشہور ہے ۔
Far and near	اسنے شہزادی کی دور و نزدیک تلاش کی ۔
On the alert	میں بالکل چوکنا تھا ۔
Through and through.	وہ تمام تربتر ھو گیا ۔
To and fro	وہ ادھر ادھر گھوم رہا تھا ۔
At a stretch	وہ لگاتار تین گھنٹے دوڑ سکتا ہے ۔
For good	اسنے ھمیشہ کیلئے شہر کو چھوڑ دیا ۔

All of a sudden	اچانک وہ زمین پر گرا اور مر گیا ۔
On and on	ہم آگے آگے چلتے گئے ۔
In fact	حقیقت میں وہ ایک چالاک سیاست دان ہے ۔

LESSON LVI

IDIOMATIC USE OF VERBS

مشق ۱۷

Break out	ہماری گلی میں آگ لگ گئی ۔
Break out	شہر میں ہیضہ پھوٹ پڑا ۔
Break up	جلسہ رات کے دس بجے ختم ہوا ۔
Break down	زیادہ کام کی وجہ سے اس کی صحت خراب ہوگئی ۔
Break off	وہ تقریر کے دوران میں یکایک رک گیا ۔
Break open	چوروں نے صندوق کا تالا توڑ دیا ۔
Break in	وہ اچانک ہمارے کمرے میں آ دھمکا ۔
Break into	کل رات چور اس کے مکان میں داخل ہوگئے ۔
Break with	اس نے دوستوں سے تعلقات منقطع کر لئے ہیں ۔
Bring up	اسکی پرورش اسکی خالہ نے کی ۔
Bring forth	اس موسم میں پودے نئے شگوفے نکالتے ہیں ۔
Bring in	یہ بیوپار تمہیں کافی نفع دے گا ۔
Bring out	اس فرم نے نئی کتاب شائع کی ہے ۔
Call in	ڈاکٹر کو جلدی بلاؤ ۔ مریض کو غش آ گیا ۔
Call on	میں اسے آج دوپہر کو ملنے گیا ۔
Call out	کپتان نے ایک ایک کرکے کھلاڑیوں کے نام پکارے ۔
Come by	تمہیں یہ گھڑی کیسے ملی ؟
Come about	یہ حادثہ کیسے ہوا ؟
Come of	وہ ایک شریف خاندان کا چشم و چراغ ہے ۔
Come off	ہمارا سالانہ معائنہ اگلے ہفتے ہوگا ۔
Come across	ہسپتال جاتے ہوئے مجھے تمہارا بھائی ملا ۔

Come to light	اسکی برائیاں سب ظاھر ھوجائینگی -
Come into force	نیا ٹائم ٹیبل یکم اکتوبر سے چالو ھوگا -
Come to oneself	تھوڑی دیر کے بعد اسے ھوش آگیا -

LESSON LVII

IDIOMATIC USE OF VERBS

مشق ۷۲

Fall out	وہ رشتہ داروں سے جھگڑ پڑا -
Fall upon	ڈاکو اشرف پر ٹوٹ پڑے اور اسے ھلاک کر دیا -
Fall through	اسکی تمام تجویزیں ناکام ھوگئیں -
Fall in with	کل اچانک میری ملاقات تمھارے چچا سے ھوئی -
Fall off	بعض دوست مصیبت میں ساتھ چھوڑ دیتے ھیں -
Get at	لومڑ انگور کے گچھے تک نہ پہنچ سکا -
Get into	ھم سب آرام سے گاڑی پر چڑھ گئے -
Get on	اس نے تمام مشکلات پر قابو لیا -
Get on with	تم پڑھائی میں کیسے چل رہے ھو؟
Get through	وہ یقیناً امتحان میں کامیاب ھوجائیگا -
Get to	شام سے پہلے وہ منزل مقصود پر پہنچ گئے -
Get loose	کتا کھل گیا اور اسے کوئی نہ پکڑ سکا -
Get rid of	ھم نے مشکل سے اس مصیبت سے رھائی حاصل کی -
Give up	اس نے بری عادتیں چھوڑ دی ھیں -
Give in	آخر انھوں نے ھار مان لی -
Give away	صاحب صدر نے انعامات تقسیم کئے -
Give off	اس نالی سے گندی بو آتی ھے -
Given to	وہ شراب پینے کا عادی ھے -
Go off	بندوق کیسے چلی؟
Go through	میں نے کتاب کا سرسری مطالعہ کیا -
Go mad	وہ پاگل ھوگیا ھے -
Go out	لیمپ بجھ گیا ھے -

Go back on	وہ اپنی بات سے نہیں پھرے گا ۔
Go up	آٹے کی قیمت چڑھ گئی ہے ۔
Go down	چاول کی قیمت گر گئی ہے ۔

LESSON LVIII

IDIOMATIC USE OF VERBS (*Contd.*)

مشق ۷۳

Hold a meeting	انہوں نے کشمیر کی حمایت میں جلسہ کیا ۔
Hold out	باغیوں نے دیر تک مقابلہ کیا ۔
Hold good	یہ اصول یہاں عائد نہیں ہوتا ۔
Hold a wager	اس نے شرط لگائی ۔
Keep back	میں نے آپ سے کوئی بات نہیں چھپائی ۔
Keep of	یہ کوٹ تمہیں سردی سے بچائیگا ۔
Keep in dark	اس نے مجھے تاریکی میں رکھا ۔
Keep away	وہ کئی کئی دن سکول سے غیر حاضر رہتا ہے ۔
Keep pace with	وہ اپنی جماعت کے ساتھ نہیں چل سکتا ۔
Keep company with	میں ایسے لڑکوں سے میل جول نہیں رکھتا ۔
Look after	میں آپ کے سامان کی حفاظت کروں گا ۔
Look down upon	غریبوں کو حقارت سے نہ دیکھو ۔
Look up	اس لفظ کے معنی ڈکشنری میں دیکھو ۔
Look about	آپ کس کی تلاش میں ہیں ؟
On the look out for	وہ موقعہ کی تلاش میں ہے ۔
Make up	اس نے حساب میں کمی پوری کرلی ہے ۔
Make out	جو کچھ وہ کہتا ہے ، میں نہیں سمجھ سکتا ۔
Make off with	وہ میرا بٹوا اڑا کر لے گیا ۔
Make over	اس نے اپنے ماتحت کو چارج دے دیا ہے ۔

Make up	اس نے اپنے اختلافات دور کر لئے ھیں -
Make amends for	اس نقصان کا معاوضہ کون دے گا -
Make up one's mind	اس نے کراچی جانے کا مصمم ارادہ کرلیا ھے -

LESSON LIX

IDIOMATIC USE OF VERBS (*Contd.*)

مشق ۷۳

Put on	اس نے ٹوپی پہنی اور باھر چلا گیا -
Put off	آج کا کام کل پر نہ ڈالو -
Put out	اس نے لیمپ بجھا دیا -
Put by	اس نے تکلیف کے وقت کیلئے کچھ جمع نہیں کیا -
Put up with	میں اپنے بڑے بھائی کے پاس ٹھہرونگا -
Put to the sword	تمام قیدی تلوار کے گھاٹ اتار دئے گئے -
Put to flight	دشمنوں کو بھگا دیا گیا -
Put down	بغاوت فرو کر دی گئی -
Run down	اس کی صحت بگڑ گئی ھے -
Run over	وہ موٹر کے نیچے آگیا -
Run after	وہ دولت کے پیچھے بھاگا پھرتا ھے -
Run short of	اس کے پاس روپیہ ختم ھوگیا ھے -
Run into debt	وہ قرض میں گرفتار ھوگیا ھے -
Run through (fortune)	اسنے تمام جائداد برباد کردی ھے -
Run the risk	تم کیوں اس خطرہ میں پڑتے ھو -
Set in	موسم برسات شروع ھوگیا ھے -
Set out	وہ لمبے سفر پر روانہ ھوگیا -

Set off	وہ پو پھٹنے سے پہلے روانہ ہو گیا ۔
Set with	تاج پر جواھرات جڑے تھے ۔
Set apart	اس نے مکان کے لئے دس ھزار روپیہ علحدہ رکھ لیا ھے ۔
Set fire	اس نے جھونپڑی کو آگ لگا دی ۔
Set free	ملزم کو رھا کر دیا گیا ۔
Set up	اس نے ایک نیا کارخانہ کھولا ھے ۔

LESSON LX

IDIOMATIC USE OF VERBS *(Contd.)*

مشق ۵۷

Take off	وہ کپڑے اتار کر دریا میں کودا ۔
Take place	جلسہ کس وقت ھوگا ؟
Take for	میں نے اسے غلطی سے چور سمجھا ۔
Take after	بچہ ماں سے مشا بہت رکھتا ھے ۔
Take heart	اسنے جرأت کی اور سیڑھی پر چڑھ گیا ۔
Take to heart	اسنے بھائی کی موت کو بہت محسوس کیا ۔
Take to heels	چور سنتری کو دیکھ کر بھاگ گئے ۔
Take ill	اسنے تمھارے مزاق کو برا منایا ۔
Take care of	تمھیں اپنے سامان کی حفاظت خود کرنی چاھئے ۔
To be taken in	اس کے دھوکے میں نہ آنا ۔
Turn up	وہ مقررہ وقت پر نہ پہنچا ۔
Trun off	نلکہ بند کردو ۔
Turn on	میں ابھی نلکہ کھولتا ھوں ۔
Turn out	چپڑاسی نے اسے دفتر سے باھر نکال دیا ۔
Turn against	اسکے دوست اسکے مخالف ھوگئے ۔

LESSON LXI

SOME COMMON IDIOMS

مشق ٦٧

Over head and ears in debt	وہ قرض میں بال بال پھنسا ہوا ہے ۔
At daggers drawn	دونوں بھائی ایک دوسرے کے جانی دشمن ہیں ۔
Hand and glove with each other	ان دنوں ان کی گاڑھی چھنتی ہے ۔
Caught red-handed	چور چوری کرتے پکڑا گیا ۔
Progressing by leaps and bounds	وہ دن دو گنی رات چوگنی ترقی کر رہا ہے ۔
Living from hand to mouth	وہ اس آمدنی میں مشکل سے گزارہ کر رہا ہے ۔
Hue and cry	چوروں کو دیکھکر اس نے بہت شورو غوغا کیا ۔
In the nick of time	ہم عین وقت پر جلسہ میں پہنچ گئے ۔
Leading cat and dog life	میاں بیوی ہر وقت جھگڑتے رہتے ہیں ۔
Narrow escape	ہم بال بال بچ گئے ۔
Bed of roses	ایک مزدور کیلئے زندگی پھولوں کی سیج نہیں ۔
Take to one's heels	سپاھی کو دیکھکر چور دم دبا کر بھاگ گئے ۔
Might and main	اسنے پورے زور سے پتھر کو ھٹا دیا ۔
Pick quarrel with	وہ ہر ایک سے لڑائی مول لیتا ہے ۔
Through thick and thin	وہ تنگی ترشی میں اپنے خاوند کے ساتھ رہی ۔

Ups and downs	اس نے زندگی کے تمام نشیب و فراز دیکھے ہیں -
Full swing	دوپہر کے وقت میلہ زوروں تھا -
With open arms	ہم نے فراخدلی سے اس کا استقبال کیا -
To break the ice	جب سب خاموش تھے تو اس نے مہر سکوت کو توڑا -
Bring to book	اس سے لاپرواہی کا جواب طلب کیا گیا -
Bury the hatchet	پہلے وہ دشمن تھے ، اب انہوں نے صلح کرلی ہے -
Live from hand to mouth	وہ جو کچھ کماتا ہے خرچ کردیتا ہے -
In hot haste	انہوں نے افراتفری میں سامان باندھا -
Come to light	اس مقدمہ میں بہت سی باتیں آشکارا ہوں گی -
End in smoke	اس کی تمام کوششیں رائیگاں گئیں -

LESSON LXI

SOME COMMON IDIOMS (*Contd.*)

مشق ۷۷

Bag and baggage	وہ اپنا بوریا بستر لے کر چلتا بنا -
Crowned wish success	اس کی کوشش بارآور ثابت ہوئی -
Dispense with	مینجر نے اسے ملازمت سے علیحدہ کر دیا -
Enough and to spare	اس کے پاس کافی سے زیادہ روپیہ تھا -
Visits are few and far between	وہ شاذ و نادر ہی یہاں آتا ہے -
By fists and starts	وہ بے قاعدگی سے کام کرتا ہے -
Heart and soul	وہ دل و جان سے بیوپار میں لگ گیا -
By fair means or foul	وہ ہر جائز اور ناجائز طریقے سے کامیاب ہوا -
Kith and kin	اس کے تمام عزیز اور رشتہ دار شادی میں جمع ہوئے
Part and parcel	وہ ہمارے خاندان کا ضروری حصہ ہے -

Beat right & left	اسنے لڑکے کو بے تحاشا مارنا شروع دیا -
Black & blue	اسنے اسے مار مار کر نیلا کردیا -
Find fault with	تم ھر ایک کے عیب نکالتے رھتے ھو -
Hold good	یہ دلیل یہاں نہیں چلے گی -
Follow suit	جب ایک لڑکے نے دریا میں چھلانگ لگائی تو دوسروں نے تقلید کی -
Stand on own legs	اپنے پاؤں پر کھڑے ھونے کی کوشش کرو -
Hit the mark	وہ فوراً معاملہ کو سمجھ گیا -
At a loss to know	میں حیران ھوں کہ کیا کروں -
Laid up with fever	وہ کئی دن سے بستر علالت پر ھے -
Making merry	وہ آجکل مزے اڑا رھے ھیں -
Nip the evil in the bud	برائی کا شروع ھی میں قلع قمع کرنا چاھئے -
Put a spoke in others' wheel	وہ دوسرے کے کام میں روڑا اٹکاتا ھے -
Rain cats and dogs	کل موسلا دھار بارش ھوئی -
Lay at sixes and sevens	اس کی تمام چیزیں بکھری پڑی تھیں -
Pocket an insult	وہ یہ توھین برداشت نہیں کرے گا -

LESSON LXII

SOME COMMON IDIOMS

مشق ۷۸

Hard up	آجکل اس کا ھاتھ تنگ ھے -
Patch up the differences	انہوں نے اپنے اختلافات مٹا دئے ھیں -
Of first water	وہ اعلیٰ درجے کا شریف ھے -
At his wit's end	شیر کو دیکھ کر اس کے اوسان خطا ھوگئے -
Play in others' hand	وہ دوسروں کے ھاتھ میں کٹھ پتلی بنا ھوا ھے -
Tell upon one's health	زیادہ محنت نے اسکی صحت پر برا اثر کیا -

Have a wink of sleep	وہ پل بھر بھی نہیں سویا ۔
Made a clean breast of	اسنے جرم کا اقبال کر لیا ۔
Turn a deaf ear to	اسنے میری درخواست پر کان نہ دھرا ۔
Of one's own accord	اسنے اپنی مرضی سے سکول چھوڑ دیا ۔
Pick a quarrel	وہ ہر ایک سے جھگڑا مول لیتا ہے ۔
Lend cold shoulders	رہ میرے ساتھ سرد مہری سے پیش آیا ۔
Against a rainy day	تمہیں مصیبت کے وقت کیلئے بچانا چاہئے ۔
From bad to worse	اسکی حالت بد سے بد تر ہوتی جارہی ہے ۔
Burning question	کشمیر آجکل ایک عام مسئلہ ہے ۔
Play fast and loose	وہ اپنے دوستوں سے بھی دھوکہ کرتا ہے ۔
Poke one's nose	تم دوسروں کے کام میں کیوں دخل دیتے ہو ؟
Past master	وہ جھوٹ بولنے میں خوب ماہر ہے ۔
Like wild fire	بری خبر بہت تیزی سے پھیلتی ہے ۔
Stand in good stead	یہ چاقو ضرورت میں تمہارے کام آئیگا ۔
Take heart	اسنے حوصلہ کیا اور ندی کو عبور کرلیا ۔
Take to heart	اسکے باپ کی موت کا اس پر گہرا اثر ہوا ۔
Taken aback	وہ باپ کو دیکھ کر ہکا بکا رہ گیا ۔
Turn one's head	دولت نے اس کا دماغ بگاڑ دیا ہے ۔
While away the time	اپنا وقت ضائع نہ کرو ۔

LESSON LXIII

SOME COMMON IDIOMS (*Contd.*)

مشق ۹۷

Back out of	تم اپنے وعدے سے کیوں پھر جاتے ہو ؟
Apple of one's eyes	وہ اپنے باپ کا منظور نظر ہے ۔
At my beck & call	وہ میرے اشارے پر چلتا ہے ۔
To the backbone (patriot)	وہ پورا پورا محب وطن ہے ۔

At the break of day	وہ پو پھٹتے ھی دریا پر پہنچ گیا -
Burn the candle at both ends	وہ دونوں ھاتھوں سے روپیہ لٹا رھا ھے-
Capital punishment	قاتل کو موت کی سزا دی گئی -
Chicken-hearted	وہ بڑا کمزور دل آدمی ھے -
Close-fisted	وہ بہت ھی کنجوس آدمی ھے -
Die by inches	اسکا باپ ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرا -
At full gallop	اس نے گھوڑا سرپٹ دوڑایا -
Grease the palm	انہوں نے ریڈر کی مٹھی گرم کی -
To lose temper	وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر آپے سے باھر ھوجاتا ھے-
Laughing-stock	تمام جماعت اس کا مذاق اڑاتی ھے -
Maiden speech	وہ اپنی پہلی تقریر میں کامیاب رھا -
Cut a sorry figure	امتحان میں اسکا حال اچھا نہیں رھا -
Indulge in tall talk	گپیں مت ھانکو -
Visits are few and far between	تم تو عید کا چاند ھو گئے ھو -
Make one's mark	وہ کسی دن اپنا نام روشن کریگا -
Lion's share	لوٹ کے مال میں اسنے سب سے زیادہ حصہ لیا -
Man of spirit	وہ بڑے حوصلے کا انسان ھے -
Out of pocket	آجکل میری جیب خالی ھے -
Crocodile tears	اسنے بھتیجے کی موت پر مکر کے آنسو بہائے -
In the long run	وہ آخر کار کامیاب ھوگیا -
Laugh in one's sleeves	وہ دل ھی دل میں ھنس رھا تھا -

LESSON LXIV

COMMON IDIOMS (*Contd.*)

مشق ۸۰

All and all	وہ اس دفتر کا کرتا دھرتا ھے -
Bear me out	وہ اس معاملے میں میری تائید کرے گا -

Prime of life	وہ عین جوانی میں چل بسا ۔
Beat about the bush	ادھر آدھر کی باتیں نہ کرو، صاف بات کہو ۔
Order of the day	جھوٹ بولنا آج کل کا فیشن ہے ۔
Make the best of	تمہیں وقت کا صحیح استعمال کرنا چاہئے ۔
To come to blows	گالی گلوچ سے وہ ھاتھا پائی تک اتر آئے ۔
Cock-and-bull story	یہ ایک فرضی قصہ ہے ۔
Make a clean breast	اسنے سب کچھ اقبال کر لیا ۔
Come of age	وہ سن بلوغ کو پہنچ گیا ۔
Lives whithin one's means	وہ اپنی حیثیت کے مطابق نہیں رہتا ۔
Days are numbered	موت اس کے سر پر منڈلا رہی ہے ۔
In bad books	وہ افسر کے زیر عتاب ہے ۔
Change colours	مجھے دیکھکر اس کا رنگ زرد پڑ گیا ۔
Blood was up	آج اس کا پارہ تیز تھا ۔
Bolt from the blue	باپ کی موت اسکے لئے ناگہانی صدمہ تھا ۔
In a body	وہ اکٹھے مل کر ہیڈ ماسٹر صاحب کے پاس گئے ۔
Pay in the same coin	میں نے اسے ترکی بہ ترکی جواب دیا ۔
Black and white	اس اقرار نامے کو تحریر میں لے آؤ ۔
Man of parts	وہ بہت خوبیوں کا مالک ہے ۔
At one's beck and call	وہ تمہارے اشارے پر ناچتا ہے ۔
Rolling in wealth	وہ آجکل روپیہ میں کھیل رہا ہے ۔
Make light of	اس نے اس جرم کو معمولی سمجھا ۔
Make room for	عورتوں کے لئے جگہ خالی کر دو ۔

SECTION II

ENGLISH AND VERNACULAR EQUIVALENTS COMPARED

آنا

I shall come tomorrow.	میں کل آؤں گا ۔
The train will arrive at ten.	گاڑی دس بجے آئیگی ۔
The mail is due tomorrow morning.	ڈاک کل صبح آئیگی ۔
The coat does not fit me.	یہ کوٹ مجھے نہیں آتا ۔
Winter has set in.	موسم سرما آگیا ۔
We received four guests.	ہمارے گھر چار مہمان آئے ۔
He was run over by a train.	وہ گاڑی کے نیچے آگیا ۔
He hurt his foot.	اس کے پاؤں پر چوٹ آئی ۔
The examination is drawing near.	امتحان سر پر آ رہا ہے ۔
I am feeling sleepy.	مجھے نیند آ رہی ہے ۔
What is it for ?	یہ کس کام آتا ہے ۔
It will not serve my purpose.	یہ میرے کام نہیں آئیگا ۔
What will you gain ?	تمہارے ہاتھ کیا آئیگا ؟
It will stand you in good stead	یہ وقت پر تمہارے کام آئیگا ۔

اتارنا

He took off his clothes.	اس نے کپڑے اتار دیئے ۔
He cleared off his debt.	اس نے اپنا قرضہ اتار دیا ۔
We returned the goal.	ہم نے گول اتار دیا ۔
Help the children get off the horse.	بچوں کو گھوڑے سے اتار لو ۔
Unload the luggage from the horse.	گھوڑے سے سامان اتارو ۔
They got rid of slavery.	آنہوں نے غلامی کا جؤا آتار دیا ۔
Drop him at the crossing.	اسے چوک میں اتار دینا ۔
He is drawing a picture.	وہ تصویر آتار رہا ہے ۔

He is copying.	وہ نقل اتار رہا ھے -
He is picking fruit.	وہ پھل اتار رہا ھے -
He is skinning the sheep.	وہ بھیڑ کی کھال اتار رہا ھے -
He is cutting the nail.	وہ ناخن اتار رہا ھے -

اترنا

He came (climbed) down the tree.	وہ درخت سے اترا -
He dismounted the horse.	وہ گھوڑے سے اترا -
He alighted from the train.	وہ گاڑی سے اترا -
His fever has gone down	اس کا بخار اتر گیا -
He changed colours.	اس کا چہرا اتر گیا -
The water of river is falling (subsiding).	دریا کا پانی اتر رہا ھے -
He rose equal to the occasion.	وہ وقت پر پورا اترا -
The train got derailed.	گاڑی پٹڑی سے اتر گئی -
The chain of the cycle has gone off.	بائیسکل کی زنجیر اتر گئی -
He will soon get sober.	اس کا نشہ جلد اتر جائیگا -
His arm was dislocated.	اس کا بازو اتر گیا -
A button of the coat has come off.	کوٹ کا ایک بٹن اتر گیا -
His turban was off.	اس کی پگڑی اتر گئی -

اڑنا - آڑانا

The birds are flying.	پرندے آڑ رہے ھیں -
My turban was blown away in the wind.	میری پگڑی ھوا میں آڑ گئی ھے -
This news has spread in the city.	یہ خبر شہر میں آڑ گئی -
He was at his wit's end.	اس کے ھاتھوں کے طوطے آڑ گئے -
The horse left the wind behind.	گھوڑا ھوا میں اڑا جا رہا تھا -

They are making fun of him.	وہ اس کا مذاق اڑا رہے ہیں -
His arm was blown off with a shell.	اس کا بازو گولہ سے اڑ گیا -
He made off with a purse.	وہ بٹوا لے اڑا -
This colour will not fade.	یہ رنگ نہیں اڑے گا -
He lost his head.	اس کے ہوش اڑ گئے -
His is flying a kite.	وہ پتنگ اڑا رہا ہے -
He is making merry.	وہ مزے اڑا رہا ہے -
He spread this news.	اس نے افواہ اڑائی -
He was shot with a bullet.	وہ گولی سے اڑا دیا گیا -
A storm blew him away.	آندھی اسے اڑا کر لے گئی -
I lost my appetite.	میری بھوک اڑ گئی -

باندھنا

I tied the bundle with a rope.	میں نے گٹھے کو رسی سے باندھا -
He has tethered the cow.	اس نے گائے کو باندھ دیا ہے -
Pluck up courage.	ہمت باندھو -
He took an aim.	اس نے نشانہ باندھا -
He packed up his luggage.	اس نے اپنا سامان باندھ لیا -
The shopkeeper wrapped up. the cloth.	دوکاندار نے کپڑا باندھ دیا -
Lace up your shoes.	بوٹ کے تسمے باندھو -
Bandage his foot.	اس کے پاؤں پر پٹی باندھو -
He clasped his hands and. apologized.	اس نے ہاتھ باندھ کر معافی مانگی -
They are bridging the river.	وہ دریا پر پل باندھ رہے ہیں -
He praised me to the sky.	اسنے میری تعریفوں کے پل باندھے -
He is binding a book.	وہ کتاب کی جلد باندھ رہا ہے -
They are making bunds in the river.	وہ دریا میں بندھ باندھ رہے ہیں -
He is tying a turban.	وہ پگڑی باندھ رہا ہے -

He girded up his loins and set off.	اس نے کمر باندھی اور چل پڑا۔

بند کرنا

Shut the door.	دروازہ بند کردو ۔
Turn off the tap.	نلکہ بند کردو ۔
Button your coat.	کوٹ کے بٹن بند کردو ۔
Lace up your shoes.	بوٹ کے تسمے بند کرو ۔
Switch the light off.	بجلی بند کرو ۔
The labourers struck work.	مزدوروں نے کام بند کر دیا ۔
The tickets are not available.	ٹکٹ ملنے بند ہوگئے ہیں ۔
It is close to day.	آج ہوا بند ہے ۔
When will the school close ?	سکول کب بند ہوگا ؟
No thoroughfare.	یہ راستہ بند ہے ۔
He could not speak.	اسکی زبان بند ہوگئی ۔
Stop writing.	لکھنا بند کرو ۔
The machine is not working.	مشین بند ہے ۔
The fountain is not playing.	فوارہ بند ہے ۔
He has lost his eyesight.	اس کی نظر بند ہوگئی ہے ۔
We have boycotted him.	ہم نے اس کا حقہ پانی بند کر دیا ہے ۔

بننا ۔ بنانا

What is it made of ?	یہ کس چیز کا بنا ہوا ہے ؟
It comes to ten rupees.	یہ دس روپے بنتے ہیں ۔
They do not get on together.	ان کی اپس میں نہیں بنتی ۔
This building is well-built.	یہ عمارت اچھی بنی ہوئی ہے ۔
He got a ready-made coat.	اسنے یہ کوٹ بنا بنایا لیا ۔
He drew a picture.	اسنے ایک تصویر بنائی ۔
We made a fool of him.	ہم نے اسے خوب بیوقوف بنایا ۔
Please sharpen this pencil.	مہربانی کرکے یہ پنسل بنا دو ۔
We have built a new house.	ہم نے ایک نیا مکان بنایا ہے ۔

What is this amount ?	یہ کتنا روپیہ بنتا ہے ؟
Do not manufacture talks.	باتیں نہ بناؤ ۔
The Government has framed a new bill.	حکومت نے ایک نیا قانون بنایا ہے ۔
He made an excuse.	اسنے بہانہ بنایا ۔
He pretended to be deaf.	وہ بہرہ بن گیا ۔

بہنا

The river is flowing.	دریا بہ رہا ہے ۔
He is shedding tears.	اس کی انکھوں سے آنسو بہ رہے ہیں ۔
His nose is running.	اس کی ناک بہ رہی ہے ۔
His towel was washed away in water.	اسکا تولیہ پانی میں بہ گیا ۔
The boat was floating down-stream.	کشتی نیچے کی طرف بہ رہی تھی ۔
His wound was bleeding.	اس کے زخم سے خون بہ رہا تھا ۔

بجھنا ۔ بجھانا

The lamp has gone out.	لیمپ بجھ گیا ہے ۔
Put out the lamp.	لیمپ بجھا دو ۔
Switch the light off.	بجلی بجھا دو ۔
Blow out the candle.	بتی کو پھونک مار کر بجھا دو ۔
Fire was extinguished after two hours.	دو گھنٹے کے بعد آگ بجا دی گئی ۔
He lost heart on account of failure.	ناکامی کی وجہ سے اس کا دل بجھ گیا ۔
When is the light off in the bazar ?	بازار کی بتیاں کب بجھتی ہیں ؟
He quenched his thirst.	اس نے اپنی پیاس بجھائی ۔
It is a slake lime.	یہ بجھا ہوا چونا ہے ۔

بجنا ـ بجانا

The bell is ringing.	گھنٹی بج رہی ہے -
The band is playing.	باجہ بج رہا ہے -
The radio is on.	ریڈیو بج رہا ہے -
The bugle has sounded.	بگل بج گیا ہے -
He was playing on the flute.	وہ بنسری بجا رہا تھا -
This rupee sings well.	یہ روپیہ ٹھیک بجتا ہے -
The alarm is striking.	الارم بج رہا ہے -
It has gone ten.	دس بج گئے ہیں -
He was beating the drum.	وہ ڈھول بجا رہا تھا -
The guard was whistling.	گارڈ سیٹی بجا رہا تھا -
He was playing on the harmonium.	وہ ہارمونیم بجا رہا تھا -
The clock has struck ten.	کلاک نے دس بجا دئیے -
Taimur razed the city to the ground.	تیمور نے شہر کی اینٹ سے اینٹ بجا دی -

بھرنا

Tears welled up in his eyes.	اسکی آنکھوں میں آنسو بھر آئے -
Fill the bottle with water.	بوتل میں پانی بھر دو -
Inflate the cycle.	بائسیکل میں ہوا بھر دو -
The battery is charged.	بیٹری میں بجلی بھری ہوئی ہے -
The pitcher is full of water.	گھڑے میں پانی بھرا ہوا ہے -
The train is packed to suffocation.	گاڑی کھچا کھچ بھری ہوئی ہے -
He is poisoning your ears.	وہ تمہارے کان بھر رہا ہے -
He loaded the gun.	اس نے بندوق بھری -
He burst into tears.	اس کا دل بھر آیا -
His mouth waterd.	اس کے منہ میں پانی بھر آیا -

پڑنا

The book is lying on the table.	کتاب میز پر پڑی ہے -

It is raining.	بارش پڑ رہی ہے -
Cholera will not break out this year.	اس سال ہیضہ نہیں پڑے گا -
Famine is raging in the country.	ملک میں قحط پڑا ہوا ہے -
It is hailing.	اولے پڑ رہے ہیں -
Is it snowing?	کیا برف پڑ رہی ہے؟
I had to pay ten rupees.	مجھے دس روپے دینے پڑے -

جلنا - جلانا

Burn the paper.	اس کاغذ کو جلا دو -
Kindle fire.	آگ جلاؤ -
Light the lamp.	لیمپ جلاؤ -
Strike a match.	دیا سلائی جلاؤ -
Switch the light on.	بجلی جلاؤ -
He set fire to all the houses.	اس نے تمام مکانوں کو جلا دیا -
Do not injure his feelings.	اس کا دل نہ جلاؤ -

چڑھنا - چڑھانا

He mounted the horse.	وہ گھوڑے پر چڑھا -
The sun has risen.	دن چڑھ آیا -
He is laid up with fever.	اسے بخار چڑھ گیا -
The river is in flood.	دن چڑھ رہا ہے -
Wheat is going up (advancing.)	گیہوں کا بھاؤ چڑھ گیا -
He climbed up the tree.	وہ درخت پر چڑھ گیا -
He got into the train.	وہ گاڑی پر چڑھ گیا -
He climbed up the ladder.	وہ سیڑھی پر چڑھ گیا -
He is dead drunk.	اسے نشہ چڑھا ہوا ہے -
He is intoxicated with wealth.	اسے دولت کا خمار چڑھا ہوا ہے -
He has run into debt.	اس پر قرض چڑھ گیا -
He blood is up.	اس کا پارہ چڑھا ہوا ہے -

You have praised him too much.	تم نے اسے آسمان پر چڑھا دیا ہے ۔
He is very proud.	اس کا دماغ آسمان پر چڑھا ہوا ہے ۔
He turned his nose.	اس نے ناک منہ چڑھایا ۔
Water rose up in the tube.	نلی میں پانی چڑھ گیا ۔
The house was let.	مکان کرایہ پر چڑھا ہوا تھا ۔
The gun is cocked.	بندوق کا گھوڑا چڑھا ہوا ہے ۔
He strung the bow.	اس نے کمان کا چلہ چڑھایا ۔
The sun is high up.	سورج بہت چڑھ آیا ہے ۔

چلانا

He is firing a gun.	وہ بندوق چلا رہا ہے ۔
He shot an arrow.	اس نے تیر چلایا ۔
We are running a high school.	ہم ایک ہائی سکول چلا رہے ہیں ۔
The farmer is ploughing.	کسان ہل چلا رہا ہے ۔
The boatman is rowing the boat.	ملاح کشتی چلا رہا ہے ۔
The coachman is driving a tonga.	کوچوان ٹانگہ چلا رہا ہے ۔
He is working the machine.	وہ مشین چلا رہا ہے ۔
He is letting off fireworks.	وہ آتش بازی چلا رہا ہے ۔
He passed off a false coin on. the shoapkeeper.	اس نے دوکان پر ایک کھوٹا روپیہ چلایا ۔
Steam turns the engine.	بھاپ انجن کو چلاتی ہے ۔
Set the gramophone going.	گراموفون کو چلاؤ ۔
He can ride a cycle.	وہ بائیسیکل چلا سکتا ہے ۔
The captain steered the ship.	کپتان نے جہاز چلایا ۔

چلنا

He is too weak to walk.	وہ اتنا کمزور ہے کہ چل نہیں سکتا ۔
Your brother cannot pull on with this class.	تمہارا بھائی اس جماعت میں نہیں چل سکتا ۔

The well is working.	کنواں چل رہا ہے۔
The fountain is playing.	فوارہ چل رہا ہے -
The gun went off.	بندوق چل گئی -
This cloth will wear well.	یہ کپڑا اچھا چلے گا-
He has a flourishing business.	اس کی دوکان خوب چل رہی ہے -
The doctor has a large practice.	ڈاکٹر کا خوب کام چل رہا ہے -
The engine is driven by steam.	انجن بھاپ سے چلتا ہے -
The train moved.	گاڑی چل پڑی -
The watch is going.	گھڑی چل رہی ہے -
This coin will not run here.	یہ روپیہ یہاں نہیں چلے گا -
It is blowing hard.	تیز ہوا چل رہی ہے -
He has a good head for. Mathematics.	اس کا دماغ ریاضی میں خوب چلتا ہے-
This is a battery set.	یہ ریڈیو بیٹری سے چلتا ہے -
The tap is running.	نلکہ چل رہا ہے -
Lame excuse will not do.	بہانوں سے کام نہیں چلیگا -
This razor does not shave well.	یہ استرا نہیں چلتا -
This pen does not write.	یہ قلم نہیں چلتا -
How is this boy getting on at school ?	یہ لڑکا سکول میں کیسا چل رہا ہے ؟
I cannot do without a servent.	نوکر کے بغیر میرا کام نہیں چلتا -
This law is not in force now.	یہ قانون اب نہیں چلتا -
Your trick will not succeed.	تمہارا داؤ نہیں چلے گا -
This rule will not hold good here.	یہ قاعدہ یہاں نہیں چلیگا -
Our factory is going on well.	ہمارا کارخانہ خوب چل رہا ہے -
Ten rupees is not enough.	دس روپے سے کام نہیں چلے گا -

Where did you leave him ?	تم نے اسے کہاں چھوڑا ؟
He has given up bad habits.	اس نے بری عادتیں چھوڑ دیں -
I let him off.	میں نے اسے چھوڑ دیا -
He let loose the dog	اس نے کتے کو کھلا چھوڑ دیا -
He deserted his wife.	اس نے اپنی بیوی کو چھوڑ دیا -
He set the dog on the beggar.	اس نے فقیر پر کتا چھوڑا -
Let him alone.	اسے اس کے حال پر چھوڑ دو -
I will drop you at school on my way back.	واپسی پر میں تجھے سکول چھوڑ دونگا -
He turned his back on his native land.	اس نے اپنا وطن چھوڑ دیا -
He resigned his post.	اس نے نوکری چھوڑ دی -

دینا

He gave me a book.	اس نے مجھے کتاب دی -
He abused me.	اسنے مجھے گالی دی -
The hen laid an egg.	مرغی نے انڈا دیا -
I paid the fee.	میں نے فیس دیدی -
He is winding the watch.	وہ گھڑی کو چابی دے رہا ہے -
He is sweeping the room.	وہ کمرے میں جھاڑو دے رہا ہے -
Is this cow in milk ?	کیا یہ گائے دودھ دیتی ہے ؟
My cow has run dry.	میری گائے دودھ نہیں دیتی -
He is watering the garden.	وہ باغ کو پانی دے رہا ہے -
He is taking the test.	وہ امتحان دے رہا ہے -
He handed over the charge.	اس نے چارج دے دیا -

رہنا - رہ جانا

How long will you stay here ?	تم یہاں کتنا عرصہ رہوگے ؟
He remained sick for ten days.	وہ دس دن تک بیمار رہا -

Where do you reside?	تم کہاں رہتے ہو ؟
This objection will not remain.	یہ اعتراض نہیں رہیگا -
He missed the train.	وہ گاڑی سے رہ گیا -
There are four days to the examination.	امتحان میں چار دن رہ گئے ہیں -
We were helpless.	ہم بے یار و مددگار رہ گئے -
We were atonded to hear this.	ہم یہ سن کر ہکے بکے رہ گئے -
We felt humiliated.	ہم اپنا سامنہ لیکر رہ گئے -
Children have fallen behind.	بچے پیچھے رہ گئے ہیں -

رکھنا

I placed the lamp on the table.	میں نے لیمپ میز پر رکھ دی -
Put it here.	اسے یہاں رکھدو -
He has well kept the garden.	اس نے باغ کو ٹھیک رکھا ہوا ہے -
The Sikhs wear long hair.	سکھ لمبے بال رکھتے ہیں -
He wears a beard.	اس نے داڑھی رکھ لی ہے -
This shopkeeper does not stock such articles	یہ دوکاندار ایسی چیزیں نہیں رکھتا -
I have engaged another servant.	میں نے ایک دوسرا نوکر رکھ لیا ہے -
Law is not a paying profession.	آجکل وکالت میں کیا رکھا ہے -
He preserved his honour.	اسنے اپنی ناک رکھ لی -

کاٹنا

He is cutting down trees.	وہ درخت کاٹ رہا ہے -
A snake bit him.	اسے سانپ نے کاٹا -

A wasp stung me.	مجھے بھڑ نے کاٹا ۔
The examiner will deduct. your marks.	ممتحن تمہارے نمبر کاٹ لیگا ۔
Trim the wick.	بتی کاٹ دو ۔!
He had to sit up all the night.	اسے ساری رات آنکھوں میں کاٹنی پڑی ۔
This shoes pinches me.	یہ جوتا مجھے کاٹتا ھے ۔
I have given him a cheque.	میں نے اسے چیک کاٹ دیا ھے ۔

کرنا

What are you doing ?	تم کیا کر رھے ھو ؟
What will you do with this knife ?	تم اس چاقو کا کیا کرو گے ؟
In this rain the umbrella will be of no avail.	اس بارش میں چھتری کیا کریگی ۔
He makes fun of you.	وہ تم سے ھنسی کرتا ھے ۔
Let us strike a bargain.	آؤ ھم سودا کریں ۔
I have made your bedding.	میں نے تمہارا بچھونا کردیا ھے ۔

کھانا

He took his meals.	اس نے کھانا کھایا ۔
He took an oath.	اس نے قسم کھائی ۔
He was deceived.	اس نے دھوکا کھایا ۔
He made a mistake	اس نے غلطی کھائی ۔
He felt ashamed.	اس نے شرم کھائی ۔
I felt pity for him.	میں نے اس پر رحم کھایا ۔

گرنا ۔ گرانا

He fell from the roof.	وہ چھت سے گر پڑا ۔
I knocked him down.	میں نے اسے نیچے گرا دیا ۔
The patient is sinking day by day.	بیمار کی حالت دن بدن گر رھی ھے ۔
The house fell down.	مکان گر گیا ۔
The plan fell through.	تجویز گر گئی ۔

The wall was pulled down.	دیوار گرا دی گئی -
The wrestler threw down his rival.	پہلوان نے اپنے حریف کو گرا دیا -
They are felling down the trees.	وہ درخت کاٹ کر گرا رہا ہیں-

کھولنا

Open the door.	دروازہ کھول دو -
Open the book at page ten.	کتاب کا دسواں صفحہ کھولو-
Turn on the tap.	نلکہ کھولو -
Undo the button.	بٹن کھول دو -
Uncork the bottle.	بوتل کا کارک کھول دو -

لگانا

Set the alarm at ten.	دس بجے کا الارم لگا دو -
I planted a tree.	میں نے ایک درخت لگایا -
Get yourself vaccinated.	چیچک کا ٹیک لگا لو -
He has set up a new factory.	اس نے ایک نیا کارخانہ لگایا-
He wes charged with murder.	اس پر قتل کا الزام لگایا گیا -
I entrusted this work to you.	میں نے یہ کام تمہارے ذمہ لگایا -
He put on his spectacles.	اس نے عینک لگائی -
Do not make friends with him.	اس کو منہ نہ لگانا -
He set spurs to the horse.	اس نے گھوڑے کو ایڑ لگائی -
All eyes are on you.	سب کی آنکھیں تم پر لگی ہوئی ہیں-
Sew another button on the coat.	کوٹ پر ایک اور بٹن لگا لو -
Who set it on fire ?	اسے کس نے آگ لگائی -
I have got a well sunk.	میں نے ایک کنواں لگا ایا -
He has got a radio-set installed.	اس نے ریڈیو لگوایا ہے -
He got himself inoculated against cholera.	اس نے ہیضہ کا ٹیکہ لگوایا -
The police handcuffed him.	پولیس نے اسے ہتکڑی لگائی -

لگنا

I am feeling cold.	مجھے سردی لگ رہی ہے -
I caught cold.	مجھے زکام لگ گیا -
He has a bad cough.	اسے سخت کھانسی لگی ہوئی ہے -
I am thirsty.	مجھے پیاس لگی ہوئی ہے -
Where is your son posted now ?	تمہارا لڑکا کہاں لگا ہوا ہے ؟
What is he to you ?	وہ تمہارا کیا لگتا ہے ؟
This letter is under-stamped.	اس لفافے پر کم ٹکٹ لگے ہوئے ہیں-
I do not like tea.	مجھے چائے اچھی نہیں لگتی-
I do not like sweet dishes.	مجھے میٹھے کھانے اچھے نہیں لگتے-
The roll has been called.	حاضری لگ چکی ہے -
The court is sitting.	عدالت لگی ہوئی ہے -
This book cost me eight annas.	اس کتاب پر میرے آٹھ آنے لگے-
The fair is held on the tenth.	میلہ دس تاریخ کو لگتا ہے -
The house was on fire.	مکان کو آگ لگی ہوئی تھی-
There will be no school today.	آج سکول نہیں لگے گا-
Where is your brother posted now ?	تمہارا بھائی کہاں لگا ہوا ہے -
I do not like him.	مجھے وہ اچھا نہیں لگتا -
His house is fitted with electricity.	اس کے مکان میں بجلی لگی ہوئی ہے ؟
Pipe has been laid out in my house.	میرے مکان میں پانی کا نل لگا ہوا ہے-
I am quite at home here.	میرا یہاں دل لگ گیا ہے-
How long will you take to finish this work ?	اس کام میں تمہارا کتنا وقت لگیگا ؟
We had not a wink of sleep last night.	کل رات ہماری آنکھ نہ لگی -
This shoes pinches me.	یہ جوتا مجھے لگتا ہے -
I had a dull time there.	وہاں میرا دل نہ لگا -

لینا

Take this book.	یہ کتاب لے لو۔
Have these mangoes.	یہ آم لے لو۔
What will you charge for this book ?	اس کتاب کا کیا لو گے؟
I shall not borrow.	میں قرض نہیں لونگا۔
We taught him a good lesson.	ہم نے اس کی خوب خبر لی۔
Mind your own business.	تم اپنی راہ لو۔

مارنا

He beat the boy with a cane.	اس نے بچے کو بید سے مارا۔
I gave him a slap.	میں نے اسے تھپڑ مارا۔
He shot an arrow.	اس نے تیر مارا۔
He made a dive.	اس نے غوطہ مارا۔
He beat the thief.	اس نے چور کو مارا۔
Many men were killed in the battle-field.	لڑائی میں بہت سے آدمی مارے گئے۔
I lost ten rupees.	میرے دس روپے مارے گئے۔

مرنا

He died of cholera.	وہ ہیضہ سے مر گیا۔
He died of hunger.	وہ فاقہ سے مر گیا۔
He is dying for water.	وہ پانی کے لئے مر رہا ہے۔
He is pining away in grief for his wife.	وہ اپنی بیوی کے غم میں رہا ہے۔

نکالنا

He was turned out of school.	اسے سکول سے نکال دیا گیا۔
We dismissed the servant.	ہم نے نوکر کو نکال دیا۔
He is drawing water from the well.	وہ کنویں سے پانی نکال رہا ہے۔

The baby is cutting teeth.	بچہ دات نکال رہا ہے ۔
Why are you laughing?	تم کیوں دانت نکال رہے ہو ؟
I am solving the sum.	میں سوال نکال رہا ہوں ۔
I concluded.	میں نے نتیجہ نکالا ۔
I withdrew Rs. 100 from the bank.	میں نے بنک سے سو روپے نکالے۔

نکلنا

The sun has risen.	سورج نکل آیا ۔
The result is out.	نتیجہ نکل ایا ۔
The snake came out of the hole.	سانپ بل سے نکل آیا ۔
The eggs are hatched.	چوزے انڈے سے نکل آئے ہیں ۔
He has run bankrupt.	اس کا دیوالہ نکل گیا ۔
When is the next clearance. due?	اگلی ڈاک کتنے بجے نکلیگی ؟
He escaped.	وہ بچ نکلا ۔

ہونا

He caught fever.	اسے بخار ہو گیا ۔
He caught cold.	اسے زکام ہو گیا ۔
How did this come about?	یہ بات کیسے ہوئی ؟
It is getting late.	اب دیر ہو رہی ہے ۔
It is raining.	بارش ہو رہی ہے ۔
It is drizzling.	بونداباندی ہو رہی ہے ۔
It is all over with him.	اس کا کام تمام ہو گیا ۔
The train slowed down.	گاڑی اہستہ ہوگئی ۔
It is getting dark.	اب اندھیرا ہو رہا ہے ۔
What is up there?	وہاں کیا ہورہا ہے ؟
The machine has gone. wrong	مشین خراب ہوگئی ۔
He was off like a wind.	وہ ہو ہوگیا ۔
Get to one side.	ایک طرف ہو جاؤ ۔
The rain has set in.	برسات شروع ہوگئی ہے ۔

He came of age (major)	وہ جوان ہوگیا ۔
When does Id fall ?	عید کب ہوگی ؟

اچھا

He is a good boy.	یہ ایک اچھا لڑکا ہے۔
It is a fine weather.	موسم اچھا ہے ۔
This climate is healthy.	یہ آب و ہوا اچھی ہے ۔
You have done well.	تم نے اچھا کیا ۔
It is nice to taste.	اس کا ذائقہ اچھا ہے ۔
I am quite well.	میں بلکل اچھا ہوں ۔
He is a fine fellow.	وہ اچھا آدمی ہے ۔
The patient has recovered.	مریض اچھا ہوگیا ۔
This medcine has cured him.	اس دوائی نے اسے اچھا کر دیا ۔
He is well up in Mathematics.	وہ ریاضی میں اچھا ہے ۔
This book is cheap for three ruppees.	تین روپے میں یہ کتاب اچھی ہے ۔
His star is in the ascendant.	اسکے دن اچھے ہیں ۔

برا

He has bad habits.	اسکی عادتیں بری ہیں ۔
He had a nasty fall.	وہ بری طرح گرا ۔
Evil days are gone.	برے دن گزر گئے ۔

بہت

It is very hot today.	آج بہت گرمی ہے ۔
There are many men here.	یہاں بہت آدمی ہیں ۔
There is much milk in the vessel.	برتن میں بہت دودھ ہے ۔
There was a great noise.	وہاں بہت شور تھا ۔
It has various advantages.	اسکے بہت سے فائدے ہیں ۔

بند

It is close today	آج ہوا بند ہے -
It has ceased raining.	بارش بند ہوگئی ہے -
This clock is not going	یہ کلاک بند ہے -
The flour mill is at a standstill.	آٹے کی مشین بند ہے -
It is a blind alley.	یہ گلی آگے سے بند ہے-
The canal is not flowing today.	آج نہر بند ہے -
The road is closed for repair.	سڑک مرمت کے لئے بند ہے -
The bottle is corked.	بوتل کا منہ کارک سے بند ہے-
The bird is encaged.	جانور پنجرے میں بند ہے -
The thief is in the lock-up.	چور حوالات میں بند ہے-
He is stoneblind.	اسکی نظر بلکل بند ہے-
It is forbidden by orders to enter the garden.	باغ کے اندر جانا بند ہے-
We are not on speaking terms with him.	ہماری اس سے بول چال بند ہے-
Hold your tongue.	زبان بند کرو-
Stagnant water is not fit for drinking.	بند پانی پینے کے قابل نہیں ہوتا -
We are not on visiting terms with each other.	ہماری آپس میں آمد و رفت بند ہے-
We have no dealings with each other.	ہمارا لین دین بند ہے -

پکا۔پکی

These mangoes are ripe.	یہ آم پکے ہیں -
This bread is well baked.	یہ روٹی پکی ہوئی ہے-
This colour is fast.	یہ رنگ پکا ہے -
He is my intimate friend.	وہ میرا پکا دوست ہے-
He is a dead shot.	وہ پکا نشانچی ہے-
He is true to his word.	وہ بات کا پکا ہے-

He has a strong will.	وہ ارادے کا پکا ہے۔
This water pot is well baked.	یہ گھڑا پکا ہے۔
He made a definite promise.	اس نے پکا وعدہ کیا ۔
It is a metalled road.	یہ پکی سڑک ہے ۔
It is settled thing.	یہ پکی بات ہے۔
He is a confirmed rogue.	وہ پکا بدمعاش ہے ۔
He is a notorious gambler.	وہ پکا جواری ہے ۔
I have not found a reliable person.	مجھے کوئی پکا آدمی نہیں ملا ۔
He has a permanent post.	اسکی نوکری پکی ہے ۔
He is well versed in accounts.	وہ حساب کا پکا ہے۔
This is his permanent residence.	یہ اسکا پکا ٹھکانہ ہے ۔
He is Leaguer out and out.	وہ پکا مسلم لیگی ہے ۔

خالی

The vessel is empty.	برتن خالی ہے ۔
There is no vacancy in this office.	اس دفتر میں کوئی جگہ خالی نہیں ۔
Fill in the blanks.	خالی جگہوں کو پر کرو ۔
This house is to let.	یہ مکان کرایہ کے لئے خالی ہے۔
Vacate this house.	یہ مکان خالی کر دو ۔
The front seat is unoccupied.	اگلی نشست خالی ہے ۔
My period is vacant.	میری گھنٹی خالی ہے ۔
This road is free from danger.	یہ راستہ خطرے سے خالی ہے ۔
My servant is not free.	میرا نوکر خالی نہیں ہے۔
These are empty words.	یہ سب خالی باتیں ھیں ۔
This page is blank.	یہ صفحہ خالی ہے ۔
The soldiers had no arms.	سپاھی خالی ھاتھ تھے ۔
The gun is unloaded.	بندوق خالی ہے ۔
I am short of funds.	میری جیب خالی ہے ۔

تیز

The knife is sharp.	چاقو تیز ہے -
It is blowing hard.	ہوا تیز ہے -
It is a fast running train.	یہ تیز گاڑی ہے -
The sun is strong to-day.	آج دھوپ تیز ہے -
He is swift-footed.	وہ تیز دوڑتا ہے -
Set the razor.	استرا تیز کرو -
Accelerate the motor.	موٹر کو تیز کرو -

تنگ

This house is too small.	یہ مکان بہت تنگ ہے -
This road is narrow.	یہ سڑک تنگ ہے -
This suit is too tight for me.	یہ سوٹ مجھے بہت تنگ ہے -
Do not worry him.	اسے تنگ نہ کرو-
He is hard up.	اس کا ہاتھ تنگ ہے -
Time is too short.	وقت تنگ ہے -
He is narrow-minded.	وہ تنگ خیال ہے -
He is famished.	وہ بھوک سے تنگ ہے -
He was in severe pain.	وہ درد سے تنگ تھا -
He is tired of life.	وہ زندگی سے تنگ آچکا ہے -
The boys worried him much.	لڑکوں نے اسے بہت تنگ کیا -
He is reduced to abject misery.	وہ کوڑی کوڑی کو تنگ ہے -

ختم

The time is up.	وقت ختم ہوچکا ہے -
I have finished my work.	میں نے اپنا کام ختم کرلیا ہے -
The building is completed.	عمارت ختم ہو چکی ہے -
We have run out of food.	ہماری خوراک ختم ہو گئی ہے -
The storm has blown over.	آندھی ختم ہو گئی ہے -
He has run short of money.	اس کے پاس روپیہ ختم ہوگیا ہے -

کم

There is a little milk in the vessel.	برتن میں دودھ کم ہے ۔
Very few men are honest.	بہت کم آدمی دیانت دار ہوتے ہیں ۔
He has a small income.	اسکی آمدنی کم ہے ۔
He was less tired.	وہ کم تھکا ہوا تھا ۔
He was short of attendance.	اسکی حاضریاں کم تھیں ۔
One rupee is short.	ایک روپیہ کم ہے ۔
This letter is under-stamped	اس خط پر کم ٹکٹ لگے ہوئے ہیں ۔
It is below the mark.	یہ معیار سے کم ہے ۔

زور

It is raining hard.	زور کا مینہ برس رہا ہے ۔
The horse was running very fast.	گھوڑا پورے زور سے دوڑ رہا تھا ۔
I have no hold on him.	میرا اس پر کوئی زور نہیں ۔
He tried his utmost.	اسنے پورا زور لگایا ۔
He strained every nerve.	اسنے ایڑی چوٹی کا زور لگایا ۔
Plague is raging furiously in the town.	شہر میں پلیگ کا زور ہے ۔
I feel very hungry.	مجھے زور کی بھوک لگ رہی ہے ۔
He cried very hard.	وہ بہت زور سے چلایا ۔
He was weeping bitterly.	وہ زور زور سے رو رہا تھا ۔

کچا

The mango is unripe.	یہ آم کچا ہے ۔
He is a fool.	وہ عقل کا کچا ہے ۔
Potatoes are under-cooked.	آلو کچے ہیں ۔

This bread is under-baked.	یہ روٹی کچی ہے -
Rice is under-cooked.	یہ چاول کچے ہیں -
This yarn is not well spun.	یہ سوت کچا ہے -
He is a credulous man.	وہ کانوں کا کچا ہے -
This post is temporary.	یہ نوکری کچی ہے -

کمی

He is not lacking in money.	اس کو روپیہ کی کوئی کمی نہیں -
There is fall in temperature now.	اب حرارت میں کمی ہو رہی ہے -
There is no scarcity of food.	یہاں خوراک کی کمی نہیں -
He made up his deficiency.	اس نے کمی پوری کر لی -
He could not open a shop for want of money.	روپیہ کی کمی کی وجہ سے وہ دوکان نہ کھول سکا -

منہ

His mouth watered.	اس کے منہ میں پانی بھر آیا -
Wash your hands and face.	منہ ہاتھ دھو لو -
The monkey is making mouth.	بندر منہ بنا رہا ہے -
Hold your tongue.	منہ بند کرو -
He turned pale.	اسکا منہ زرد ہو گیا -
He jeered at me.	وہ میرا منہ چڑاتا تھا -
His house faces north.	اس کے مکان کا منہ شمال کو ہے -
Do not be familiar with him.	اسے منہ نہ لگاؤ -
Self-praise is no recommendation.	وہ اپنے منہ میاں مٹھو بنتا ہے -
He is very rude.	وہ بڑا منہ پھٹ ہے -
He does not shirk work.	وہ کام سے منہ نہیں موڑتا -
All friends deserted him in trouble.	مصیبت میں اسکے تمام دوستوں نے منہ موڑ لیا -

He told a lie to my very face.	اس نے میرے منه پر جھوٹ کہا -
Think before you speak.	پہلے بات کو تولو پھر منه سے بولو
Like lips, like lettuce.	جیسا منه ویسی چپیڑ -
If you throw dust in the sky, it will blind your eyes.	آسماں کا تھوکا منه پر -
As many men so many minds.	جتنے منه اتنی باتیں -

ھاتھ

We have two hands.	ھمارے دو ھاتھ ھیں -
Do not touch this book.	اس کتاب کو ھاتھ نه لگاؤ -
Do not beat women.	عورتوں پر ھاتھ نه اٹھاؤ -
You will not get this book now.	اب یه کتاب ھاتھ نہیں آئیگی -
What have you gained ?	تمہارے ھاتھ کیا آیا ؟
He is sitting idle.	وہ ھاتھ پر ھاتھ دھرے بیٹھا ھے -
He is striving hard.	وہ بہت ھاتھ پاؤں مار رھا ھے -
He was frightened out of his wits.	اس کے ھاتھ پاؤں پھول گئے -
He let slip an opportunity.	اسنے موقع ھاتھ سے کھو دیا -
I am sick of him.	میں اسکے ھاتھ سے تنگ ھوں -
One good turn deserves another.	اس ھاتھ دے اس ھاتھ لے -

کان

I have two ears.	میرے دو کان ھیں -
He is credulous.	وہ کان کا کچا ھے -
He poisoned the ears of the master.	اسنے مالک کے کان بھرے -
He does not listen to my advice.	وہ میری بات پر کان نہیں دھرتا -

This came to my hearing.	یہ بات میرے کان میں بھی پڑی -
He pretends not to hear.	اسنے کان میں روئی ڈال رکھی ہے -
He whispered something into you ears.	اس نے تمہارے کان میں کچھ کہا -
He has worried me too much.	اس نے میرے ناک میں دم کر رکھا ہے -
He is his favourite.	وہ اس کی ناک کا بال ہے -
He is a man of fickle disposition.	وہ موم کی ناک ہے -
He made utmost humiliation.	اس نے ناک رگڑی -

دانت

He was cleaning his teeth.	وہ دانت صاف کر رہا تھا -
The child is cutting teeth.	بچہ دانت نکال رہا ہے -
The dentist extracted my tooth.	دندان ساز نے میرا دانت نکال دیا -
Why are you laughing ?	تم کیوں دانت نکال رہے ہو ؟
The Pathans defeated the Sikhs.	پٹھانوں نے سکھوں کے دانت کھٹے کر دئے -

سر

What is on your head ?	تمہارے سر پر کیا ہے ؟
I feel giddy.	میرا سر چکرا رہا ہے -
He tried his best.	اس نے بہت سر مارا -
Do not disturb me.	میرا سر نہ کھاؤ -
He wil come headlong.	وہ سر کے بل آئیگا -
They revolted.	انہوں نے اطاعت سے سر پھیر لیا -
The girl is washing her hair.	لڑکی سر دھو رہی ہے -
He took to his heels.	وہ پاؤں سر پر رکھ کر بھاگا -

بات

He does not talk with anybody.	وہ کسی سے بات نہیں کرتا
Will you listen to me ?	کیا تم میری بات سنو گے ؟
The thing is this.	بات تو یہ ہے -
It is thing of the past.	یہ عرصہ کی بات ہے -
What is the matter ?	کیا بات ہے ؟
I am not on speaking terms with him.	اس سے میری بات چیت نہیں -
It is not a difficult task.	یہ کوئی بڑی بات نہیں -
Is it possible ?	ایسی بات بھی ممکن ہے ؟
It is a good idea.	یہ تو اچھی بات ہے -

دم

He is panting.	اس کا دم پھول رہا ہے -
He held his breath.	اس نے دم بند کر لیا -
He sings your praises.	وہ تمہارا دم بھرتا ہے -
He breathed his last.	اس نے دم توڑ دیا -
He felt much terrified.	اس کا دم خشک ہو گیا -
I will not be taken in by him.	میں اس کے دم میں نہیں آؤنگا -
We feel suffocated.	ہمارا دم گھٹ رہا ہے -
Your life is a great blessing.	تمہارا دم غنیمت ہے -
I shall return in a second.	میں دم بھر میں آ جاؤں گا -
He has worried me to death.	اس نے میرا ناک میں دم کر رکھا ہے -
He dare not say a word.	وہ دم نہیں مار سکتا -
He is very treacherous.	وہ بڑا دم باز ہے -
He was much terrified.	اس کا دم خشک ہو گیا -

ھوا

Air has weight.	ھوا وزن رکھتی ھے -
It is close today.	آج ھوا بند ھے -
It is blowing hard.	آج تیز ھوا چل رھی ھے -
The horse outran the wind.	گھوڑا ھوا ھو گیا -
We went for airing.	ھم ھوا کھانے گئے -
Inflate the hind wheel.	پچھلے پہیے میں ھوا بھر دو -
Fan the patient.	اس مریض کو پنکھے سے ھوا دو -
He went to Murree for a change of climate.	وہ ھوا بدلنے کے لئے مری گیا -

SECTION III

DIALOGUES

مشق ۸۱

(1) Watch and Time

گھڑی اور وقت کے متعلق

محمود - تمہاری گھڑی پر کیا وقت ہے ؟

حامد - میری گھڑی پر نو بجے ہیں[1] -

محمود - تمہاری گھڑی ٹھیک وقت نہیں دیتی[2] - رحیم کی گھڑی پر ابھی پونے نو بجے ہیں[3] -

حامد - معلوم ہوتا ہے کہ یہ بھی غلط ہے - چلو ڈاک خانہ کے کلاک سے وقت دیکھیں -

محمود - یہاں نو بجنے میں پانچ منٹ باقی ہیں - بابو صاحب کا ٹائم پیس دیکھو - اس پر نو بج کر پانچ منٹ ہو چکے ہیں -

حامد - چلو ہم بھی اسی سے اپنی گھڑیاں ملائیں[4] - میرے بھائی صاحب کہتے تھے کہ اس میں ایک سیکنڈ کا فرق نہیں پڑتا[5] -

محمود - ہاں یہ ٹھیک ہے - لیکن ہمیں گھڑی کو احتیاط سے رکھنا چاہئے اور وقت پر چابی دینا چاہئے[6] -

حامد - میں ہر روز ٹھیک بارہ بجے چابی دیتا ہوں - پھر بھی کبھی پیچھے[7] رہ جاتی ہے - اور کبھی آگے چلی جاتی ہے[8] -

محمود - تمہاری گھڑی آج کچھ آگے ہے - غالباً کچھ صفائی طلب ہے -

حامد - ہاں آج تو آگے ہے[9] - لیکن کبھی کبھی پیچھے رہ جاتی ہے[10] - اور کبھی بالکل بند ہوجاتی ہے - میں حیران ہوں اسے کیا ہوگیا ہے - کچھ عرصہ میرے چھوٹے بھائی کے پاس رہی - وہ اسے بہت لاپرواہی سے ہاتھ لگاتا ہے[11] -

محمود - شاید اس نے زیادہ چابی دے دی ہوگی[12] - اسے گھڑی ساز کے پاس بھیج دو -

حامد - میرا بھی یہی خیال ہے - پہلے یہ دس منٹ پیچھے رہ جاتی تھی[13] - اب پانچ منٹ آگے چلی جاتی ہے[14] -

محمود - تمہارا سکول کس وقت لگتا ہے ؟

حامد - ہمارا سکول ساڑھے نو بجے لگتا ہے - لیکن ہمیں ۹ بجکر بیس منٹ پر پہنچ جانا چاہئے - کل میں ۹ بجنے سے پانچ منٹ پہلے پہنچ گیا تھا -

محمود - ہمارے سکول میں چار بجے چھٹی ہوتی ہے - لیکن مشن سکول سوا تین بجے بند ہوجاتا ہے -

حامد - ہمارا سکول تفریح اور کھیلوں کا وقت ملا کر[15] ساڑھے چھ گھنٹے لگتا ہے - لیکن مشن سکول چھ گھنٹے -

محمود - تم کتنے عرصہ میں سکول پہنچ جاتے ہو ؟

حامد - ہمارا سکول کچھ دور ہے - پھر بھی میں پون گھنٹہ میں پہنچ جاتا ہوں -

Vocabulary

1. Quarter past nine. 2. Does not keep right time. 3. Quarter to nine. 4. Compare. 5. It is correct to a second. 6. Wind. 7. Too slow. 8. Too fast. 9. A little too fast. 10. Loses time. 11. Handles. 12. Overwound. 13. Lost ten minutes. 14. Gains five minutes. 15. Including.

مشق ۸۲

(2) Letters and Post office

ڈاک اور ڈاک خانہ

رفیق - کیا آپ کو حمید کی طرف سے کوئی خط آیا ؟

شفیق - نہیں ، ابھی تک اس نے میرے پچھلے خط کا جواب نہیں دیا -

رفیق - آپ نے اسے کارڈ لکھا تھا یا لفافہ[1] ؟ پہلے تو وہ واپسی ڈاک جواب لکھنے کا عادی تھا -

شفیق - پہلی دفعہ تو کارڈ لکھا تھا - مگر دوسری دفعہ لفافہ ارسال کیا -

رفیق - آپ اپنی چٹھیاں کس کو ڈاک میں ڈالنے کے لئے دیا[3] کرتے ہیں ؟ معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے ٹکٹ نہیں لگائے ہوں گے[4] - یا کم لگائے ہوں گے[5] - اس لئے بیرنگ ہوگیا ہوگا -

شفیق - خط نہ ملنے کی یہ کوئی وجہ نہیں ، خواہ اس پر کم ٹکٹ لگے ہوئے تھے - اسے مکتوب الیہ[6] تک پہنچ جانا چاہئے تھا -

رفیق - وہ دیکھو چٹھی رساں آرہا ہے - اس سے پوچھیں - وہ آپ کو سب کچھ بتادیگا -

شفیق - کیوں میاں چٹھی رساں ! ڈاک تقسیم کرچکے ہو ؟ آج تم دیر سے آئے ہو - کوئی میرا خط بھی ہے[7] ؟

چٹھی رساں - جی ہاں - ایک لفافہ تھا - وہ میں نے آپ کے لڑکے کو دے دیا تھا -

رفیق - کیوں صاحب ! ڈاک کس وقت نکلتی ہے[8] ؟

چٹھی رساں - جناب یہاں سے دو دفعہ ڈاک نکلتی ہے - ایک دس بجے اور دوسری تین بجے -

رفیق - اچھا میاں شفیق ! میں ڈاک خانے جا رہا ہوں - اگر کوئی چیز بھیجنی ہو تو دے دو -

شفیق - چلو دونوں اکٹھے چلیں - میں نے ایک رجسٹری کرانی ہے -

رفیق - جناب بابو صاحب ! میں سیونگ بنک سے کچھ رقم نکلوانا[9] چاھتا ھوں - کل میں نے اسی روپے جمع کرائے تھے[10] اور اب میرے حساب میں تین سو روپے ھیں -

کلرک - آپ روپے نکلوانے والی فارم پر کردیں[11] - دائیں کونے پر اپنے دستخط بھی کردیں -

رفیق - جناب عالی ! میں لکھنا نہیں جانتا -

کلرک - اچھا کسی اور کو کہو کہ فارم پر کردے - کیا یہ انگوٹھا آپ کا ہے ؟

شفیق - میں ایک پارسل بھیجنا چاھتا ھوں - مہربانی کرکے اس کو وزن کریں - اس کو لاھور بھیجنے میں کیا خرچ آئیگا ؟

کلرک - دو پیسے فی تولہ کے حساب سے اس پر ٹکٹ لگا دیں - اور جہاں چاھیں بھیج دیں - کیا آپ اس کو رجسٹری کرانا چاھتے ھیں ؟ بہتر ھوگا کہ آپ اس کا بیمہ کرادیں[12] -

رفیق - براہ مہربانی ایک آنے والے آٹھ ٹکٹ عنائت کریں - کیوں صاحب ! ڈاک نکل چکی ہے ؟

کلرک - نہیں ابھی ڈاکیہ چٹھیوں کو چھانٹ رھا ہے[14] -

رفیق - اس کے بعد مہریں لگا کر[15] تھیلے کو یونہی روانہ کر دیتے ھیں ؟

کلرک - نہیں - بند کرنے کے بعد اس پر لاکھ کی مہر لگائی جاتی ہے[16] -

Vocabulary

1. Envelope. 2. By the return post. 3. For posting. 4. Affix the stamp. 5. Under-stamped. 6. Addressee. 7r Is there any letter for me? 8. When is the mail despatched? 9. Withdraw. 10. Deposited. 11. Withdrawal form. 12. Thumb-impression. 13. Insure. 14. Sorting. 15. To stamp. 16. It is sealed.

مشق ۸۳

(3) Trains and Travelling

آمد و رفت اور گاڑیاں

بشیر - آپ کونسی گاڑی سے پشاور جائیں گے ؟

رشید - پونے گیارہ بجے کی گاڑی جانے کا خیال ہے - کیا آپ کو معلوم ہے کہ ڈاک گاڑی[1] کس وقت چھوٹتی[2] ہے ؟

بشیر - میرے خیال میں یہاں گیارہ بجے پہنچتی ہے اور سوا گیارہ بجے روانہ ہوجاتی ہے - آپ کون سے درجہ[3] میں سفر کریں گے ؟ پشاور یہاں سے کتنے گھنٹے کا سفر ہوگا ؟

رشید - میرا خیال ہے کہ درمیانہ درجہ اچھا رہے گا[4] - اس میں بھیڑ کم ہوتی ہے - یہ گاڑی کوئی آٹھ گھنٹے میں ہمیں پشاور پہنچا دیگی -

بشیر - نہیں اس گاڑی میں بہت بھیڑ ہوتی ہے - اس میں تو سامان رکھنے کی بھی جگہ نہیں ہوتی -

رشید - ہم کیوں نہ پچھلی گاڑی چلیں - وہ کب پہنچے گی[6] ؟

بشیر - یہاں اس کے پہنچنے کا وقت پونے بارہ بجے ہے - لیکن آج تو ڈاک گاڑی بھی قریباً نصف گھنٹہ لیٹ آ رہی ہے[7] -

رشید - خیر یہ بہت سا وقت پورا کرلے گی[8] - یہ بہت کم جگہوں[9] پر ٹھہرتی ہے - یہ چھ بجے پشاور پہنچ جاتی ہے[10] - میں نے سنا ہے کہ مسافروں کے آرام کے لئے[11] ریلوے والے یہاں سے ایک بوگی[12] لگا دیتے ہیں -

بشیر - یہاں سے پشاور تک کا کرایہ[13] کیا ہے ؟

رشید - یہاں سے پشاور کا درمیانہ درجہ کرایہ ساڑھے پانچ روپے ہے - اچھا آپ مجھے یہ تو بتائیں کہ سواری گاڑی[14] مال گاڑی[15] سے کتنا عرصہ بعد آئے گی ؟

بشیر - غالباً بیس پچیس منٹ کے بعد آئے گی - ان کا میل کامونکی میں[16] ہوگا -

رشید - کیا تم نے سارا سامان بک کرا دیا ؟

رحیم - جی هاں ! بنڈلوں پر لیبل بهی لگا دئے هیں -

رشید - همیں یہاں اور کتنا عرصه انتظار کرنا پڑیگا ؟

رحیم - کانٹے والا[17] سگنل کی طرف جا رها هے - سگنل گرنے کے بعد[18] جلدی هی گاڑی آ جائے گی - ٹکٹ دینے والا باهر[19] بہت سست آدمی هے - ٹکٹ دینے میں بہت دیر لگاتا هے -

رحیم - (ایک دوسرے آدمی سے) کیوں صاحب آپ لائلپور کے راسته[20] ملتان جائیں گے یا منٹگمری کے راسته ؟

کریم - لائلپور کے راسته میں شور کوٹ گاڑی بدلنی پڑے گی - اس لئے منٹگمری کا راسته همیں اچها رهے گا - میرے پاس اس راستے کا ٹکٹ هے -

رحیم - کیا اس راستے کرایه زیاده نهیں لگتا ؟

کریم - نهیں - بلکه تین آنے کم - اس کے علاوه ڈیڑه گهنٹے کی بچت هو جاتی هے -

رشید - وه دیکهو گاڑی آ پہنچی - ٹرنک اور دوسرا سامان مردانه ڈبه[21] میں رکهوا دیں اور عورتوں کو زنانه ڈبه میں سوار کرا دیں - قلی کو بلاؤ اور اسے کہو که یه تین ٹرنک تمہارے ساتھ لے چلے - بک شده سامان ریلوے والے خود هی رکهوائیں گے -

بشیر - اگر آپ دس منٹ دیر سے پہنچتے تو گاڑی سے ره جاتے[22] -

Vocabulary

1. The Mail train. 2. Leaves. 3. Compartment. 4. Will suit us. 5. Rush. 6. Timed to arrive 7. Is running late by almost half an hour. 8. Make up. 9. Has few stoppages. 10. Gets to Peshawar. 11. For the convenience of the passengers. 12. Bogie. 13. Fare. 14. Passenger train. 15. Goods train. 16. Will cross each other. 17. The pointsman. 18. When the signal is down. 19. The booking clerk. 20. *via* Lyallpur. 21. Tickets by the same route. 22. Male compartment. 23. Would have missed the train.

مشق ۸۳

(4) House and Lodging

مکان اور رہائش

حمید - آپ کا مزاج کیسا ہے ؟

مجید - مہربانی کا شکریہ - خدا کا فضل ہے[1]- آج آپ بہت دنوں کے بعد تشریف لائے - کیا آپ نے وہ کونے والا مکان تبدیل کر لیا ؟

حمید - ہاں - اب ہم ٹھنڈی سڑک[2] پر چلے گئے[3] ہیں -

مجید - کیا یہ مکان فراخ نہ تھا[4] ؟

حمید - نہیں - یہ تنگ بھی تھا اور ہوادار[5] بھی نہ تھا - یہ نیا مکان ہماری ضروریات کے لئے کافی ہے - بیٹھک[6] خاص طور پر اچھی ہے -

مجید - سنا ہے آپ مکان کا کرایہ بہت زیادہ ادا کرتے ہیں - کیا آپ کو میاں فتح دین والا مکان ٹھیک نہیں رہیگا[7] ؟

حمید - مکان تو بذات‌خود[8] اچھا ہے - لیکن کچہری سے بہت دور رہے گا اس کا محل وقوع[9] بھی اچھا ہے - اور مکانیت[10] بھی کافی ہے - پچھلا حصہ دو منزلہ ہے - اور اگلے حصے میں ایک بہت کھلا صحن ہے - غسل خانہ - باورچی خانہ - ٹٹی خانہ[11] - زنان خانہ اور ڈیوڑھی[12] سب علیحدہ علیحدہ ہیں - نلکہ بھی لگا ہوا ہے[13] - اور مالک مکان نے وعدہ کیا ہے کہ وہ جلدی ہی بجلی بھی لگوا دے گا -

مجید - میرے ناقص خیال میں یہ نہایت موزوں مکان ہے[14] - اور بہت آرام دہ ہوگا - آگے آپ مرضی کے مالک ہیں - چلو ہم آپ کو اور ایک مکان دکھلائیں - ٹانگے والے[15] کو بلاؤ -

حمید - واقعی یہ بہت موزوں مکان ہے - اس میں بجلی اور پانی کا انتظام[16] بھی ہے - کمرے بھی بہت کھلے اور ہوا دار ہیں - موٹر خانہ[17] بھی ہے - اور نوکروں کے کواٹر بھی -

مجید - اس کا کرایہ کیا ہے ؟

حمید اس کا کرایہ پچاس روپے ماہوار ہے - لیکن آپ کو کرایہ پیشگی ادا کرنا ہوگا[18] -

مجید - مجھے یہ مکان پسند ہے - ہم آج ہی اس مکان میں[19] آجائیں گے -

Vocabulary

1. I am quite well. 2. The Mall. 3. Have shifted. 4. Spacious. 5. Well ventilated. 6. The drawing room. 7. Will not suit you. 8. The house itself. 9. Situation. 10. Accommodation. 11. Latrine. 12. Porch. 13. Laid out. 14. Suitable. 15. Hail a tonga. 15. There are electric lights and water laid out. 17. Garage. 18. Payable in advance. 19. Move in today.

مشق ۸۵

(5) Reading and Writing

نوشت و خواند

عبداللہ - جمیل ! تم آج سکول نہیں گئے ؟

جمیل - اب وقت تبدیل ہو گئے ہیں - اب سکول سات بجے کی بجائے نو بجے لگتا ہے - میں کبھی دیر سے سکول نہیں پہنچا[1] - میں حاضری لگنے سے[2] دس منٹ پہلے پہنچ جاتا ہوں -

عبداللہ - تم نے سکول کا کام ختم کر لیا ہے ؟

جمیل - نہیں - میں حساب کے دس سوال نہیں نکال سکا - میں گھنٹی بجنے سے پہلے سکول پہنچ جاؤں گا - اور رحیم کو کہوں گا وہ مجھے سوال نکال دیگا[3] - وہ حساب میں بہت ہوشیار ہے -

عبداللہ - جلدی کرو[4] - وہ دیکھو ہیڈ ماسٹر صاحب جا رہے ہیں وہ جاتے ہی گھنٹی بجوا دیں گے[5] -

جمیل ۔ تمہارا ششماھی امتحان کب شروع ھوگا ۔

عبداللہ ۔ ھمارا ششماھی امتحان اگلے ماہ کی دس تاریخ کو ھونے والا ھے ۔

جمیل ۔ کیا تم سہ ماھی امتحان میں تمام مضمونوں میں پاس تھے ؟

عبداللہ ۔ ھاں باقی سب مضمونوں میں پاس تھا ۔ صرف ریاضی میں پانچ نمبروں کی کمی سے فیل تھا[7] ۔ اب میں نے اپنی کمی پوری[8] کر لی ھے ۔

جمیل ۔ تمہارے انضباط اوقات[9] میں کیا کیا تبدیلیاں ھوئی ھیں ؟

عبداللہ ۔ اب ھمارا حساب کا گھنٹہ پہلے ھوا کرے گا ۔ اور فارسی اور سائنس کا سب سے آخر ۔

جمیل ۔ یہ بہت اچھا ھے ۔ اب تمہیں سائنس کے تجربوں[10] کے لئے کافی وقت مل جائے گا ۔

عبداللہ ۔ ھاں صبح سکول لگنے سے پہلے ھم تاریخ دھرا لیا کرینگے ۔ اج کل میں حساب پر زور دے رھا ھوں ۔ میں نے دل محمد کے حساب کے تمام سوال نکال لئے ھیں ۔ امتحان سر پر آ رھا ھے[11] ۔ اور ابھی تک میں نے الجبرا کی ایک مشق[12] بھی نہیں کی ۔

جمیل ۔ پچھلے سال تمہارا امتحان کیسا رھا ؟

عبداللہ ۔ پچھلے سال تاریخ اور جغرافیہ کے پرچے بہت مشکل تھے ۔ مشکل ھونے کے علاوہ لمبے بھی بہت تھے ۔ کہتے تھے ملک اللہ یار خان نے مرتب کئے تھے [13] ۔ میں نے بہت اچھے حل کئے ۔ اسی لئے مجھے اگلی جماعت میں ترقی[14] مل گئی ۔

خلیل ۔ چلو آج ھیڈ ماسٹر صاحب سے میچ کھیلنے کے لئے چھٹی مانگیں ۔ کپتان کو کہو عرضی لکھ کر دفتر میں لے جائے ۔ میں اسے ڈرل ماسٹر صاحب سے سفارش کرا[15] دوں گا ۔

ھیڈ ماسٹر ۔ تم یہاں کیوں آئے ھو ؟

خلیل - جناب مجھے ڈرل ماسٹر صاحب نے یہ عرضی دے کر آپ کی خدمت میں بھیجا ہے - ہمیں آخر تین گھنٹوں کے لئے میچ کھیلنے کی اجازت بخشیں -

ہیڈ ماسٹر - تمہیں معلوم ہے کہ کل سے سکول بڑے دنوں کی تعطیلات[16] کے لئے بند ہونے والا ہے - اس لئے تمہاری عرضی منظور نہیں ہو سکتی (ایک اور استاد سے مخاطب ہو کر) کیا آپ نے روشن کو سرٹیفکیٹ دے دیا[17] ؟

استاد - نہیں جناب درخواست پر اس کے باپ کی تصدیق نہیں تھی -

ہیڈ ماسٹر - کیا یہ وہی لڑکا ہے جس نے فیس کی معافی کے لئے درخواست[18] دی تھی ؟

استاد - وہی ہے - میں اسے اچھی طرح جانتا ہوں - یہ قابل اعتبار طالب علم ہے - یہ اپنے باپ کی تبدیلی کی وجہ سے سرٹیفکیٹ حاصل کرنا چاہتا ہے -

ہیڈ ماسٹر - اس نے واجبات[19] ادا کر دئے ہوں گے ؟

استاد - اس نے تمام واجبات ادا کر دئے ہیں - صرف جرمانہ باقی تھا - وہ آپ نے معاف[20] کر دیا ہے -

Vocabulary

1. Late for school. 2. Roll call. 3. He shall solve them for me. 4. Hurry up. 5. Order the bell to be rung. 6. Mathematics. 7. For three marks. 8. Make up the deficiency. 9. Time-table. 10. Experiments of Science. 11. Is drawing near. 12. Exercises. 13. It was set by. 14. Was promoted to the next class. 15. Get it recommended. 16. Xmas holidays. 17. Is not attested by his father. 18. Fee concession. 19. Dues. 20. Remitted.

مشق ۸۶

(6) Weather and Climate

موسم اور آب و ہوا

کریم ۔ ہمارے قصبہ میں آج کل بہت گرمی پڑ رہی ہے ۔ یہ گرمیوں میں سخت گرم اور سردیوں میں سخت سرد ہے ۔ پچھلے سال ان دنوں سخت[1] گرمی تھی ۔ اس سال شدت کی سردی[2] ہے ۔

رحیم ۔ شاید کسی جگہ اولے پڑے[3] ہوں گے ۔ ہمارے ضلع کی آب و ہوا گرم اور مرطوب[4] ہے ۔ ایسی آب و ہوا میرے موافق نہیں ۔ میں برسات کے موسم میں اکثر ملتان چلا جاتا ہوں ۔

کریم ۔ پچھلے چار دن سے سخت تپش[5] پڑ رہی ہے ۔ آج رات کو اچھا خاصا چھینٹا[6] پڑ گیا ۔ آدھی رات کو جب میں جاگا تو موسلا دھار[7] بارش ہو رہی تھی ۔

رحیم ۔ ہاں تمام رات بوندا باندی[8] جاری رہی ۔ آخر برسات کا مہینہ ہے ۔ آج کل یہی ہوا کرتا ہے ۔ آپ دیکھتے ہیں ، آسمان پر کالی گھٹا[9] چھائی ہوئی ہے ۔ تھوڑی دیر میں مطلع صاف ہو جائے گا ۔ دو تین دن کے بعد پھر گرمی ہو جائے گی ۔ اور لو[10] چلنی شروع ہو گی ۔

رحیم ۔ آج کیا ٹھنڈی ہوا[11] چل رہی تھی ! آج دریا میں بھی طغیانی[12] آ رہی ہے ۔ پہاڑوں پر چار دن سے لگا تار بارش ہو رہی ہے ۔ سڑک پر گھٹنوں گھٹنوں پانی بھر رہا ہے ۔ آج کل نہر کے کنارے آدمی سارا دن جمع رہتے ہیں ۔

کریم ۔ بارش کی وجہ سے کسان بھی فارغ ہیں ۔ اور آرام کرنے کے لئے چارپائیاں وہیں لے جاتے ہیں ۔ غرض[13] وہاں دن بھر خوب رونق رہتی ہے ۔

رحیم ۔ ہمارے علاقہ کی آب و ہوا پہاڑی علاقوں کی بہ نسبت زیادہ گرم ہے ۔

کریم - اس کی ایک اور بھی وجہ ہے - ہمارا صوبہ خط استوا[14] سے زیادہ قریب ہے - جو علاقے قطبوں کے نزدیک واقع ہیں وہاں سردی زیادہ ہوتی ہے - یہاں تک کہ ان کے قریب ترین علاقے تمام سال برف سے ڈھکے رہتے ہیں -

رحیم - دیکھو! بادل گرجنے لگا[15] - بجلی[16] بھی چمکنے لگی[17] - معلوم ہوتا ہے کہیں بجلی گری ہوگی[18] -

Vocabulary

1. Extremely hot. 2. Bitterly cold. 3. Hail. 4. Moist. 5. Intense. 6. Fairly good shower of rain. 7. Raining cats and dogs. 8. Drizzling. 9. The sky is overcast. 10. Hot wind. 11. Cool breeze. 12. Flood. 13. In short. 14. The Equator. 13. Thundering. 16. Lightning. 17. Is flashing. 18. Thunderbolt.

مشق ۸۷

(7) Health and Diseases

صحت اور بیماریاں

اکبر - آج میری طبیعت کچھ ناساز ہے[1] -

اصغر - آپ آج کل کس کے زیر علاج[2] ہیں ؟

اکبر - پہلے ڈاکٹر بشیر حسین کے زیر علاج رہا ہوں - اب ڈاکٹر غلام محمد سے مشورہ کروں گا -

اصغر - مجھے امید ہے کہ آپ جلدی ہی تندرست ہو جائیں گے[3] - یہ دوائی آپ کو بہت فائدہ دے گی[4] -

اکبر - کل شام مجھے سخت بخار تھا - لیکن اب بخار اتر گیا ہے[5] - صرف سر درد باقی ہے - ڈاکٹر صاحب نے کل مجھے جلاب[6] دے دیا تھا - اور مجھے دو تین دست بھی آگئے تھے[7] -

اصغر - زیادہ گھبرانے کی ضرورت نہیں - معمولی موسمی بخار ہے - ان دنوں صحت کا خاص خیال رکھنا چاہئے - آج صبح سے میرا بھی سر چکرا رہا ہے[8] -

اکبر - کل رات میں بیہوش[9] ہو گیا تھا - تین دن سے مجھے پیٹ درد ہے - شاید میرا ہاضمہ[10] بگڑ گیا ہے -

اصغر - حرارت بھی سو سے کچھ زیادہ ہی ہے - تھوڑا سا کیسٹرائل پی لو - اس سے کچھ پاخانہ آ جائے گا[11] اور بخار اتر جائے گا - اس کے بعد کونین کھا لینا - یہ موسمی بخار کا مجرب علاج[12] ہے - آپ کو اس سے کوئی تکلیف نہیں ہوگی -

اکبر - مجھے کچھ کھانسی[13] کی بھی شکایت ہے - میں آج ڈاکٹر غلام حسین کو اپنا حلق اور پھیپھڑے[14] دکھاؤں گا - وہ کہتے تھے بلغم[15] کا ملاحظہ بھی کرواؤ - پوری طرح دیکھنے کے بعد انہوں نے اپنی رائے بھی ظاہر کی - اور کہا کہ صرف پرانی کھانسی[16] ہے - تمہیں تپ دق[17] کا اندیشہ نہیں کرنا چاہئے -

اصغر - میری آنکھیں بہت دنوں سے دکھ رہی ہیں[18] - مختلف دوائیں استعمال کی ہیں - لیکن کسی سے فائدہ نہیں ہوا - دن بدن ورم زیادہ ہو[19] رہا - میرا خیال ہے کہ کسی ماہر امراض چشم[20] کو دکھاؤں -

اکبر - تمہاری گلی میں بھی ایک آنکھوں کے ڈاکٹر[21] ہیں -

اصغر - وہ صرف عینکوں کے لئے آنکھ کا معائنہ کرنا جانتے ہیں -

اکبر - بہتر ہے کہ آپ سول سرجن صاحب سے معائنہ کرائیں -

اصغر - تمہارے چھوٹے بیٹے کا کیا حال ہے ؟

اکبر - اس کی حالت بھی کچھ اچھی نہیں - باوجود دوائی استعمال کرنے کے اس کی حالت دن بدن خراب ہو رہی[22] ہے - معلوم ہوتا ہے کہ اس کو باری کا بخار ہے[23] -

اصغر - کیا اس نے ڈاکٹر غلام یاسین والی دوائی ختم کر لی ہے ؟
اکبر - نہیں ، صرف تین چار خوراکیں[24] باقی ہیں - ڈاکٹر کی رائے ہے کہ اس کا دایاں پھیپھڑا خراب ہے[25] -

1. A little indisposed. 2. Under the treatment of. 3. Recover. 4. Do good. 5. Will subside. 6. Purgative. 7. Motions. 8. Feeling giddy. 9. Fainted. 10. Digestion 11. Will move you. 12. Specific remedy. 13. Cough. 14. Lungs. 15. Sputum. 16. Chronic cough. 17. Consumption. 18. Have sore eyes. 19. Are flaming. 20. Eye specialist. 21. Optician. 25. Getting worse and worse day by day 23. Intermittent fever. 24. Doses. 25. The right lung affected.

مشق ۸۸

(8) Trade and Business

تجارت اور لین دین

گاہک - آج کل چاول کس نرخ پر فروخت کر رہے ہو ؟
دوکاندار - اب چاولوں کا بھاؤ چڑھ رہا ہے[1] - آج کل اکیس روپے فی من فروخت ہو رہے ہیں -

گاہک - میں نے کل منڈی سے دریافت کیا تھا - وہ کہتے تھے اچھی قسم[2] کے چاول پورے بیس روپے من ملیں گے -

دوکاندار - ممکن ہے منڈی میں یہی بھاؤ ہو - میں تھوک فروش[3] نہیں ہوں - میں تو صرف خوردہ فروش[4] ہوں - میں آپ کو تین چار روپے کے چاول دے سکوں گا -
گاہک - کیا آپ نے بھی اس سال گیہوں کی تجارت میں کچھ کمایا[5] ؟

دوکاندار - نہیں صاحب - گیہوں کی قیمت تو آج کل گر رہی[6] ہے - آج کل تجارت کا حال سب جگہ خراب[7] ہے -

گاھک۔ (ایک اور دوکاندار سے) کیوں میاں خدا بخش! یہ آم
کس بھاؤ بیچتے ہو ؟

دوکاندار۔ جناب دس آنے سیر بیچ رہا ہوں - آپ کا جو جی چاہے دے دیں -

گاھک۔ تم تو بہت دام مانگتے ہو - اگر تم چاہتے ہو کہ ہم کچھ خریدیں تو قیمت کم کرو[8]۔

دوکاندار۔ آپ کسی دوسرے دوکاندار سے پوچھ لیں - آپ کو ایسے اچھے میٹھے آم کہیں سے نہیں ملیں گے - آپ ساڑھے آٹھ آنے سیر لگا دیں -

گاھک۔ اچھا چار سیر تول دو اور انہیں ٹوکری میں ڈال کر میرے نوکر کے حوالے کردو - میں اور کچھ نہیں خریدنا چاھتا

گاھک - (ایک اور دوست سے) ملک محمد حسین سے کچھ سٹیشنری کا سامان خرید لیں -

دوست۔ وہ تو بہت مہنگا آدمی ہے - دوسرے دوکانداروں کے مقابلہ میں اس کے نرخ بہت زیادہ ھیں[9]۔

گاھک - نہیں، بعض لوگ یونہی اسے بدنام کرتے ھیں[10] - اس کے نرخ واجبی[11] ھیں -

دوست - اب آپ کی خرید و فروخت[12] ھو چکی - اب شام ھو رہی ہے - چلو واپس چلیں -

(اب) رحیم - کیا تم نے بھی بنک سے قرض لیا[13] ہے ؟

کریم - نہیں - میں نے پچھلے سال اپنا قرض بیباق کر دیا تھا[14] - اب صرف نتھو خاں کے دو سو روپے دینے ھیں[15] -

رحیم - اسنے مجھ سے بھی تین سو روپے لینے ھیں[16] - وہ بہت زیادہ سود وصول کرتا ہے - میں نے تمہارے بھائی سے کچھ رقم وصول کر لی ہے - تمہارے ذمہ [17] بھی میرے پچاس روپے واجب الادا ھیں -

کریم - میرا بھائی تو حد سے زیادہ مقروض ہے [18] - اب تو اسے کوئی بھی قرض نہیں دیتا[19] - پچھلے سال اس نے ایک

دوکاندار کو گیہوں قرض دینے کا وعدہ کیا تھا - اور چار سو پیشگی[20] وصول کئے - ابھی تک اس کے دو سو روپے بقایا ہیں[21] - ہر روز کوئی نہ کوئی قرضخواہ[22] اس کے خلاف دعویٰ دائر[23] کر دیتا ہے - اب تو بالکل نادار ہے[24] - کوئی اسے آٹے کی بوری ادھار نہیں دیتا[26] -

رحیم - کیا عدالت نے اسے دیوالیہ قرار دیدیا ہے[26] ؟

کریم - اس کے مکان تو نیلام ہوچکے ہیں[27] - اب صرف دوکان باقی ہے - وہ بھی فروخت ہو رہی ہے - افسوس بیچارہ سود میں تباہ ہوگیا ہے -

رحیم- ہاں مجھے یاد ہے- میں نے اسکے مکان کے لئے بولی دی تھی[28]-

Vocabulary

1. Advancing. Good quality. 3. Wholesale mer, chant. 4. Retailer. 5. Earn. 6. Falling. 7. Badly suffering. 8. Lower the price. 9. Rates are higher. 10. Defame him for nothing. 11. Reasonable. 12. Shopping. 13. Borrowed money. 14. Cleared off. 15. I owe Rs. 200/- 16. Due from. 17. You owe me. 18. Over head and ears in debt. 19. Lends. 20. in advance. 21. still due 22. Creditor. 23 Sues him in the court. 24. Quite out of pocket. 25. On credit. 26. Declared him insolvent. 27. Put to auction. 28. Make a bid.

مشق ۸۹

(9) Games

کھیلیں

نذیر - شمشاد ! آج میچ دیکھنے چلوگے ؟

شمشاد - کیوں نہیں - میں تو اس لئے گھر بھی نہیں گیا - اپنی کتابیں وغیرہ بھی اپنے بھائی کو دے دی ہیں تاکہ وہ گھر لے جائے -

نذیر - آج میچ کتنے بجے شروع ہوگا ؟

شمشاد - پورے چار بجے[1] شروع ہوجائے گا - ہمارا سکول بازی لے رہا ہے[2] -

نذیر - کیا تم نے ٹاس جیت لیا تھا[3] ؟ اور اب تک میزان[4] کیا ہے ؟

شمشاد - ہم نے ٹاس جیت لیا تھا - اور ہماری ٹیم نے پہلے باری لینے کا فیصلہ کیا[5] - اب تک چھ آؤٹ ہوچکے ہیں - اور رنزوں[6] کا میزان ۷۲ ہے -

نذیر - اب کون کون کھیل رہا ہے[7] -

شمشاد - حبیب اور غنی کھیل رہے ہیں - دونوں بہت اچھے کھلاڑی ہیں[8] - اکیلے حبیب نے چالیس رنز کی ہیں[9] -

نذیر - اس حساب سے باقی لڑکوں نے صرف ۳۲ رنز کیں -

شمشاد - ہاں وہ بہت جلدی یکے بعد دیگرے وکٹ آؤٹ[10] ہوتے گئے -

نذیر - مشن سکول والے غضب کا گیند پھینکتے ہیں[11] - کہتے ہیں روشن نے کل کمال کر دکھایا[12] - صرف ایک اوور میں چار لڑکوں کو وکٹ آؤٹ کردیا -

شمشاد - نہیں - تین لڑکے وکٹ آؤٹ ہوئے تھے - رشید کیچ ہوگیا تھا[13] - میرا خیال ہے آج کا میزان سو سے بڑھ جائیگا[14] -

نذیر - بہت کافی میزان ہے - مجھے امید نہیں کہ مشن سکول والے اتنا میزان کرسکیں[15] -

شمشاد - وہ دیکھو ، گلشن آرہا ہے - یہ بہت اچھی ہٹیں لگاتا ہے[16] - دیکھنا وہ چند منٹوں میں سکور بڑھا دے گا[17] -

نذیر - بہت خوب - نہایت عمدہ ہٹ ہے[18] - اگر گیند پھینکنے والا اس کو ایک اوور میں اڑا دے تو میں اسے ایک روپیہ انعام دوں گا - شمشاد ، اب تمہارے اچھے اچھے کھلاڑی سب آؤٹ

ہو چکے ہیں - میرا خیال ہے وہ میزان اسی تک پہنچنے سے
پہلے ہی ختم ہو جائیں [19] گے -

شمشاد - دوستو ! تیزی مت کرو [20] - آرام سے کھیلو [21] - آخری
لڑکا سب کمی پوری کر دے گا [22] -

نذیر - دونوں ٹیموں کا اچھا مقابلہ ہے [23] -

شمشاد - میچ ختم ہو چکا ہے - چلو گھر چلیں - شکر ہے ہم مشن
سکول سے ہار نہیں گئے [24] -

Vocabulary

1. Punctually at four. 2. Our school is in. 3. Win the toss. 4. Score. 5. Decided to bat first. 6. The score stands at 72 for 6 wickets. 7. Who is in now? 8. Are batting. 9. Scored 40 runs. 10. Were stumped out in quick succession. 11. The bowling of Mission School is terrible. 12. Wrought a miracle. 13. Was caught out. 14 Exceed. 15. Pull up the score. 16. Splendid hitter. 17. Add to the score. 18. A fine stroke. 19. Will be dismissed. 20. Do not be rash. 21. Play steadily. 22. Make up the deficiency. 23. Both the teams are well-balanced. 24. Are not beaten by.

مشق ۹۰

(10) Correspondence

خط و کتابت

(الف) میرے عزیز دوست مجھے آپ کا خط ملا - میں آپ کو یہ
نہیں بتا سکتا کہ میں یہ خبر سن کر کس قدر خوش ہوا
ہوں کہ آپکا نتیجہ نکل آیا ہے اور آپ انٹرنس کے امتحان
میں اول درجہ میں پاس ہو گئے ہیں - اس سنہری کامیابی پر
آپ کو دل سے مبارک[1] باد کہتا ہوں -

(ب) میں نہایت افسوس سے آپ کو اطلاع دیتا ہوں کہ میرا
چچا کل رات فوت[2] ہو گیا - مرحوم[3] ایک نیک آدمی تھا-

خدا اس پر رحم[4] کرے ! وہ ہر ایک تکلیف میں میرا مدد گار تھا - آپ میرے چچا زاد بھائی کو ماتم پرسی[5] کا خط لکھ دیں -

(ج) پیارے اختر ! معلوم ہوتا ہے آپ مجھے بھول گئے ہیں - مجھے یہ خبر سن کر سخت صدمہ ہوا[6] کہ آپ سائیکل سے گر کر زخمی ہوئے ہیں - امید ہے کہ آپکو زیادہ چوٹ نہیں لگی ہو گی[7] - براہ نوازش واپسی ڈاک اطلاع بخشیں کہ اب آپکی حالت کیسی ہے ؟ اتنی دیر خط نہ لکھنے کی معافی[8] چاہتا ہوں - میرا بذات[9] خود حاضر ہونے کا خیال تھا لیکن مجھے افسوس ہے کہ میں وقت پر نہ آسکا -

(د) آپکی طرف سے بہت مدت سے کوئی خط نہیں ملا - اس وجہ سے ہمیں بہت[10] فکر ہو رہی ہے - امید ہے آپ خیریت سے ہونگے - ہم آپکی غیر حاضری کو[11] بہت محسوس کرتے ہیں -

(ر) جناب ڈاکٹر صاحب ! مجھے کئی دنوں سے سر درد کی شکایت ہے - اور آپ سے مشورہ[12] چاہتا ہوں - کیا آپ مہربانی فرما کر کوئی مناسب[13] وقت تحریر فرمائیں گے جب میں آپ سے ملکر مشورہ[14] کر سکوں - میں یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ میرے لئے صبح کا وقت زیادہ[15] موزوں ہو گا -

(س) کیا آپ معہ اپنی اهلیہ کے کل رات کا کھانا غریب خانہ پر تناول فرمانے کی تکلیف فرمائیں گے - مجھے امید ہے آپکو کوئی اور مصروفیت[16] نہیں ہوگی - میں آپکا بہت ممنون[17] ہوں کہ آپنے مجھے[18] مدعو کیا - میری یہ دلی خواہش تھی کہ آپ کے حکم کی تعمیل کرتا - لیکن میں افسوس سے عرض کرتا ہوں کہ میں پہلے ایک دوست سے ملنے کا وعدہ کر چکا ہوں -

(ص) صاحبان ! کیا آپ مہربانی فرما کر سٹینڈرڈ انگریزی گرامر کی تین جلدیں بذریعہ[19] وی پی ارسال فرمائیں گے - اگر ایک ہفتہ تک مجھے مندرجہ[20] ذیل کتابیں نہ پہنچیں تو میں کسی اور دکاندار کو آرڈر بھیج[21] دوں گا -

(ط) جناب عالی ۔ آپ کے اشتہار مندرجہ اخبار ڈان کے جواب میں
میں[22] اپنے آپکو خزانچی کی آسامی[23] کے لئے پیش کرتا
هوں ۔ مجھے امید ھے آپ بندہ کی درخواست پر همدردی سے
غور فرمائیں گے ۔ میں اپنے بیان کی تصدیق[24] میں نقول
اسناد منسلک[25] کرتا هوں ۔

(ع) بحوالہ آپکی چٹھی نمبر[26] ۱۱۲ آپکو اطلاع دی جاتی ھے کہ
فی الحال اس دفتر میں کوئی آسامی خالی نہیں[27] ۔

(ل) بچوں کو پیار ۔ بھائی صاحب کو سلام ۔ میں هوں آپ کا
تابع فرمان ۔ میں هوں آپ کا مخلص دوست ۔ میں هوں آپ کا
فرمانبردار بیٹا ۔ میں هوں تمہارا عزیز بھائی ۔

Vocabulary

1. Heartily congratulate you. 2. Passed away. 3. The deceased. 4. May God bless him. 6. A letter of condolence. 6. I am shocked. 7. Kindly. 8. You will excuse me for not writing you so long. 9. Personally. 10. Feeling anxious. 11. We miss you badly. 12. Consult you. 13. Convenient time. 14. I could call to consult you. 15. Would suit me best. 16. Engagement. 17. Grateful. 18. Invited. 19. Per V. P. 20. The following. 21. I shall place order with another book-seller. 22. In response to your advertisement in the Dawn. 23. Post. 24. In support of. 25. Enclose copies of testimonials. 26. With reference to. 27. There is no vacancy.

SECTION III

IDIOMATIC SENTENCES

PUNJAB UNIVERSITY

1933

1. Blow out the candle.	موم بتی کو پھونک مار کر بجھا دو ۔
2. It is close today.	آج ہوا بند ہے ۔
3. I hung the coat on the peg.	میں نے کوٹ کھونٹی پر لٹکا دیا ہے ۔
4. He has gone to have his hair-cut.	وہ بال کٹوانے گیا ۔
5. It rained throughout last night.	کل رات بھر بارش ہوتی رہی ۔
6. The sentry stood in the middle of the crossing.	سنتری چوک کے بیچ میں کھڑا تھا ۔
7. He took off his sh'rt.	اس نے اپنی قمیض اتار دی ۔
8. He was run over by a train.	وہ گاڑی کے نیچے آ گیا ۔
9. I still go there daily.	میں اب بھی وہاں روزانہ جایا کرتا ہوں
10. I stumbled over a stone.	میں ایک پتھر سے ٹھوکر کھا کر گر پڑا ۔

1934

1. They are felling down the trees.	وہ درختوں کو کاٹ کاٹ کر گرا رہے ہیں ۔
2. He lay on the floor.	وہ فرش پر لیٹ گیا ۔
3. The front tyre needs pumping.	اگلے پہیے میں ہوا تھوڑی ہے ۔
4. I am taking the test in English.	میں انگریزی کا امتحان دے رہا ہوں ۔
5. Make no noise.	غل مت مچاؤ ۔
6. He has been ail'ng for a week.	وہ ہفتہ بھر سے بیمار ہے ۔
7. Which of you were present yesterday.	کل تم میں سے کون کون حاضر تھا ؟
8. I want a ticket for Amritsar.	مجھے امرتسر کا ٹکٹ چاہیے ۔
9. Grain has gone up.	اناج کی قیمت بڑھ گئی ہے ۔
10. Wring out all these clothes.	یہ سب کپڑے نچوڑ دو ۔

1935

1. It is an old story. — یہ عرصہ کی بات ھے ۔
2. Thank God. — خدا کا شکر ھے ۔
3. He has tamed pigeons. — اسنے کبوتر پال رکھے ھیں ۔
4. You will not listen to me. — میری بات تو تم سنتے ھی نہیں ۔
5. Plucking of flowers is prohibited. — پھول توڑنا منع ھے ۔
6. I have a headache. — میرے سر میں درد ھے ۔
7. The fever will go down tomorrow. — کل بخار اتر جائیگا ۔
8. He is not to be relied upon. — اس کا کچھ اعتبار نہیں ۔
9. He called out to me. — اس نے مجھے آواز دی ۔
10. He s not yet able to move about. — وہ ابھی چلنے پھرنے کے قابل نہیں ھوا ۔

1936

1. I am feeling sleepy. — مجھے نیند آرھی ھیں ۔
2. Two and two make four. — دو اور دو چار ھوتے ھیں ۔
3. I hurt my big toe. — میرے پاؤں کے انگوٹھے پر چوٹ آئی ۔
4. He stands on his head. — وہ سر کے بل کھڑا ھے ۔
5. Square up my account. — میرا حساب چکا دو ۔
6. He gave me a blow on the nose. — اسنے میری ناک پر مکا مارا ۔
7. The sun is very hot. — دھوپ بہت تیز ھے ۔
8. He has sent for two books. — اس نے دو کتابیں منگوا بھیجی ھیں ۔
9. He abused me. — اسنے مجھے گالیاں دیں ۔
10. He and I are brothers. — وہ اور میں آپس میں بھائی بھائی ھیں ۔

1937

1. Slavery is a curse. — غلامی بری بلا ھے ۔
2. You are a hopeless fellow. — تم بہت فضول آدمی ھو ۔
3. It is terribly cold today. — آج غضب کی سردی ھے ۔

4. Sweets of various kinds are served on the table. میز پر طرح طرح کی مٹھایاں رکھی ھیں -
5. Asghar turned red with rage. اصغر غصے سے لال ھو گیا -
6. Just see what is the time. ذرا دیکھو تو کیا وقت ھو گیا -
7. He is getting on my nerves. اس نے میرا ناک میں دم کر رکھا ھے -
8. Let us have a good time. آؤ مزے کریں -
9. I like curly hair. مجھے گھونگر والے بال اچھے لگتے ھیں -
10. See lest you hurt yourself. دیکھنا کہیں تمکو چوٹ نہ لگ جائے -

1938

1. Do not spit on the grass. گھاس پر مت تھو کو -
2. Go nowhere today. تم آج کہیں نہ جاؤ -
3. When will it rain ? بارش کب ھوگی ؟
4. A mosquito has bitten me. مجھے مچھر نے کاٹا ھے -
5. Be not so dirty. ایسے میلے نہ رھو -
6. I am feeling thirsty. مجھے پیاس لگ رھی ھے -
7. Who lives in your neighbourhood ? تمہارے پڑوس میں کون رھتا ھے ؟
8. I have to go very far. مجھے بہت دور جانا ھے -
9. The room is being whitewashed. کمرے میں سفیدی ھو رھی ھے -
10. The English love freedom dearly. انگریز بہت آزادی پسند ھیں -

1939

1. I looked about. میں نے ادھر ادھر دیکھا -
2. God is the best judge. خدا بہتر جانتا ھے -
3. I am here to consult you. میں آپ سے صلاح لینے آیا ھوں -
4. Two and to make four. دو اور دو چار ھوتے ھیں -

5. I am going out just for a stroll. میں ذرا ٹہلنے کے لئے باہر جا رہا ہوں -
6. His companions waited for him. ساتھیوں نے اسکا انتظار کیا -
7. I am feeling sleepy. مجھے نیند آرہی ہے -
8. Time flies fast. وقت گذرتے دیر نہیں لگتی -
9. When will you pay your debt ? تم اپنا قرض کب ادا کروگے ؟
10. Do not be taken in by your enemy. دشمن کا فریب نہ کھاؤ -

1940

1. The hind wheel of my cycle needs pumping. میرے سائیکل کے پچھلے پہیے میں ہوا کم ہے -
2. This is a seven-day clock. اس گھڑی کو سات دن کے بعد چابی دی جاتی ہے -
3. Wait a bit, friend ! you have to go after all. ارے بھائی ذرا ٹہرو - چلے ہی جانا ہے -
4. Don't stand on ceremonies - friend. Have some more. یار تکلف نہ کرو کچھ اور کھا لو -
5. I have eaten to my fill, and can have no more. بس میرا پیٹ بھر گیا میں اور نہیں کھا سکتا -
6. If only it were always spring. کاش موسم بہار ہمیشہ رهتا !
7. He cannot get on with his brother-in-law. اسکی اپنے بہنوئی سے نہیں بنتی -
8. War is imminent in Europe. یورپ میں جنگ چھڑ جانے کا خطرہ ہے -

1941

1. Literal translation is not considered to be correct. لفظ بلفظ ترجمہ درست خیال نہیں کیا جاتا -
2. His joy knew no bounds. اسکا دل خوشی سے باغ باغ ہو گیا -
3. In this war the Allies will be victorious in the long run. اس جنگ میں فتح آخر اتحادیوں کی ہوگی -

4. No sooner did I reach the station than the train steamed off.	میں جونہی اسٹیشن پر پہنچا گاڑی چھوٹ گئی -
5. He hurt his toe while playing hockey.	ہاکی کھیلتے ہوئے اس کے پاؤں کی انگلی پر چوٹ آئی -
6. This parcel will require stamps worth five annas and a half.	اس پارسل پر ساڑھے پانچ آنے کے ٹکٹ ملگینگے -
7. Don't worry. You will gradually get well.	مت گھبراؤ - آہستہ آہستہ آرام ہو جائیگا -
8. Now it is night. I go. Good night.	آداب عرض - اب رات ہو گئی - میں جاتا ہوں -

1942

1. Come on please. Take your seat. What has brought you here today. Please tell me how do you do.-	آئیے تشریف رکھئے - بڑی مدت کے بعد آنا ہوا - کہیے مزاج کیسے ہیں -
2. Ahmed is running a high temperature. He has a severe headache. He also vomits.	احمد کو تیز بخار ہے - سر میں درد ہے اور قے ہوتی ہے -
3. He was so upset that he could not speak.	مارے گھبراہٹ کے اس کے منہ سے بات نہیں نکلتی تھی
4. In the present war men are not so badly required as aeroplanes.	موجودہ جنگ میں آدمیوں کی اتنی ضرورت نہیں جتنی ہوائی جہازوں کی -
5. These pears that you have brought are all rotten and the grapes are all sour.	یہ ناشپاتیاں جو تم لائے ہو سب سڑی ہوئی ہیں اور انگور سب کے سب کھٹے ہیں -
6. Thank you for your invitation ; but I regret I can't come because of illness	آپکی دعوت کا شکریہ لیکن افسوس کہ علالت کی وجہ سے میں حاضر نہیں ہوسکتا -

7. I regret I kept you waiting for so long. — مجھے افسوس ہے کہ میں نے آپکو اتنی دیر انتظار میں رکھا -

8. God forbid, if you fail, will you even then continue your studies ? — اگر خدانخواستہ تم فیل ہو گئے تو کیا پڑھائی جاری رکھو گے ؟

1943

What is the good of crying ? — لیکن رونے سے کیا ہوتا ہے -

You should settle your account. — تم اپنا حساب چکا دو-

Can't you sit still ? — کیا تم سے نچلا نہیں بیٹھا جاتا ؟

After a short discussion he came round to my views. — تھوڑی دیر کی بات چیت کے بعد وہ راضی ہوگیا -

There is no other alternative. — اس کے سوا اور کوئی چارہ نہیں -

I am feeling the pangs of hunger. — میرا تو بھوک سے برا حال ہو رہا ہے -

I was relieved to hear this. — یہ سن کر میری جان میں جان آئی -

The blind man said, "Day and night are alike for me." — اندھا بولا میرے لئے تو رات اور دن یکساں ہیں -

I am feeling sleepy. — مجھے نیند آ رہی ہے -

Meanwhile there was violent knock at the door. — اتنے میں دروازہ کھٹکھانیکی آواز آئی -

1944

1. I am listening you with deep interest. — میں تمہاری بات بہت دلچسپی سے سن رہا ہوں -

2. What brings you here ? — آپ نے کس کام کے لئے آنیکی تکلیف کی ؟

3. On hearing this, the Raja's joy knew no bounds. — یہ سن کر راجہ کا دل باغ باغ ہوگیا -

4. There is nothing to worry ; you need not be anxious. — گھبرانے کی کوئی بات نہیں فکر نہ کرو -

5. I have just hit upon a plan. میں نے اس وقت ایک تدبیر سوچ لی ہے ۔

6. Two and two make four. دو اور دو چار ہوتے ہیں ۔

7. He consults me in all matters. وہ تمام باتوں میں مجھ سے مشورہ لیتا ہے ۔

8. It is only five to eleven. گیارہ بجنے میں صرف پانچ منٹ باقی ہیں ۔

9. These children are a great nuisance, we must get rid of them somehow or other. یہ بچے تو بڑی شامت ہیں ۔ کسی طرح ان سے پیچھا چھڑانا چاہئے ۔

10. I have devoted the best part of my life to the service of my country. میں نے اپنی زندگی کا بہترین حصہ اپنے ملک کو دیا ہے ۔

1945

1. You are getting angry with me for nothing. آپ تو خواہ مخواہ مجھ سے ناراض ہو رہے ہیں ۔

2. This remour is quite false. یہ افواہ بالکل غلط ہے ۔

3. I did not injure any one's feeling. میں نے کسی کا دل نہیں دکھایا ۔

4. Now it has ceased raining. اب بارش تھم چکی ہے ۔

5. Tagore had great love for his nation and country. ٹیگور کو اپنی قوم اور وطن سے بہت محبت تھی ۔

6. I cannot think of any answer. مجھے تو کوئی جوب نہیں سوجھتا ۔

7. I acted upon your advice. میں نے آپ کے کہنے کے مطابق عمل کیا ۔

8. She was very proud of her beauty. وہ اپنی خوبصورتی پر بہت اترانی تھی ۔

9. You certainly deserve this prize. تم واقعی اس انعام کے حقدار ہو ۔

10. Travel light if you must. اگر آپ کو سفر ضرور ہی کرنا ہے تو کم سامان کے ساتھ کیجئے ۔

1946

1. He is not at all to blame in this matter. — اس معاملے میں اس کا بالکل قصور نہیں -
2. It is close today. — آج ہوا بند ہے -
3. We had a jolly good time at Simla. — شملہ میں ہم نے بہت اچھا وقت گذارا -
4. For how many hours can you study at a stretch? — تم لگا تار کتنے گھنٹے پڑھ سکتے ہو -
5. Whose cattle are grazing in my field? — میرے کھیتوں میں کس کے مویشی چر رہے ہیں ؟
6. The ship sank and many people were drowned. — جہاز ڈوب گیا اور بہت سے لوگ مر گئے -
7. When the trains collided we too were travelling in one of them. — جب گاڑیوں کی ٹکر ہوئی تو ہم بھی ایک گاڑی میں سوار تھے -
8. He is suffering from sore eyes. — اس کی آنکھیں دکھتی ہیں -
9. You have spoken my mind. — آپ نے میرے دل کی بات کہی ہے -
10. Send for the doctor; the patient's condition is getting worse. — مریض کی حالت خراب ہے - ڈاکٹر کو بلائیے -

1947

1. A friend in need is a friend indeed. — دوست وہ ہے جو مصیبت میں کام آئے -
2. Necessity is the mother of invention. — ضرورت ایجاد کی ماں ہے -
3. Keep to the left. — بائیں طرف چلو -
4. He is a bit hard of hearing. — وہ کچھ اونچا سنتا ہے -
5. It is pity that you did not receive him well. — افسوس ہے کہ تم نے اس کا اچھی طرح استقبال نہ کیا -
6. Weather permitting we shall go out for a walk at 5 p.m. — اگر موسم خراب نہ ہوا تو ہم شام کو پانچ بجے سیر کو جائینگے -

7. He spends whatever he earns. وہ جتنا کماتا ہے اتنا ہی خرچ کر دیتا ہے۔

8. Beware of imitations. نقلی چیزوں سے ہوشیار رہو۔

9. I seized him by the ear. میں نے اس کو کان سے پکڑا۔

10. English is the language of the English. انگریزی انگریزوں کی زبان ہے۔

1948

1. Do not interfere in my affairs. میرے معاملات میں دخل نہ دو۔

2. Can you drive a motor-car? کیا تم موٹر کار چلا سکتے ہو ؟

3. He looks upon me as his brother. وہ مجھے اپنا بھائی سمجھتا ہے۔

4. We have done our best and left the rest to God ہم نے اپنی طرف سے پوری کوشش کی ہے نتیجہ خدا کے ہاتھ میں ہے۔

5. As you sow, so shall you reap. جیسا کروگے ویسا بھروگے۔

6. He was always kind to the poor. وہ ہمیشہ غریبوں پر مہربانی کیا کرتا تھا۔

7. He played all the day long. وہ تمام دن کھیلتا رہا۔

8. He is taking tea. وہ چائے پی رہا ہے۔

9. The teacher said that the earth revolves round the sun. استاد نے کہا زمین سورج کے گرد گھومتی ہے۔

10. A drowing man catches at a straw. ڈوبتے کو تنکے کا سہارا۔

1949

1. On hearing this I was reminded of a saying. یہ بات سن کر مجھے ایک کہاوت یاد آئی۔

2. I have determined to go to Karachi میں نے کراچی جانیکا پکا ارادہ کر لیا ہے۔

3. You will win in the long run. آخر میں تمہاری فتح ہے۔

4. His honesty is beyond any doubt.	اس کی دیانتداری پر کوئی شبہ نہیں ہو سکتا ۔
5. Salah-ud-Din is true to his word.	صلاح الدین وعدہ کا پکا ہے ۔
6. Our house is very comfortable.	ہمارا مکان بہت آرام دہ ہے ۔
7. Our examination comes off in March.	ہمارا امتحان مارچ میں ہے ۔
8. Do not put off till tomorrow what you can do today.	آجکا کام کل پر نہ ڈالو ۔
9. I have no appetite today.	مجھے آج بھوک نہیں ہے ۔
10. Union is strength.	اتفاق میں طاقت ہے ۔

1950

1. God knows better.	خدا بہتر جانتا ہے ۔
2. Two and two make four.	دو اور دو چار ہوتے ہیں ۔
3. The sun is strong.	دھوپ بہت تیز ہے ۔
4. The room is being whitewashed.	کمرے میں سفیدی ہو رہی ہے ۔
5. Plucking of flowers is prohibited.	پھول توڑنا منع ہے ۔
6. Ahmad is not on speaking terms with Khalid.	احمد کی خالد سے بول چال نہیں ۔
7. God helps those who help themselves.	خدا انکی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں ۔
8. A drowning man catches at a straw.	ڈوبتے کو تنکے کا سہارا ۔
9. Keep to the left.	بائیں طرف چلو ۔
10. I have a headache.	میرے سر میں درد ہے ۔

1951

1. Trust in God.	خدا پر بھروسہ رکھو ۔
2. Patience has its own reward.	صبر کا اجر ضرور ملتا ہے ۔

3. Dot not waste time.	وقت کو ضائع مت کرو -
4. My life is in danger.	میری جان خطرے میں ہے -
5. Pass here quietly.	یہاں خاموش ہو کر چلیں -
6. Prevention is better than cure.	علاج سے پرہیز زیادہ ضروری ہے -
7. Spitting everywere is prohibited. It brings disease.	جگہ جگہ تھوکنا منع ہے - اس سے بیماری پھیلتی ہے -
8. You cannot get train before two hours:	گاڑی اب دو گھنٹے سے پہلے نہیں ملسکتی -
9. There is dignity of labour these days.	آج زمانے میں مزدور کی بڑی عزت ہے -
10. Let life go, if honour remains.	جان جائے پر آبرو نہ جائے -

1952

1. Please excuse me.	مہربانی کرکے مجھے معاف فرمائیے -
2. Why have you come so late ?	آپ کیوں اتنی دیر سے پہنچے ہیں ؟
3: I cannot believe it.	میں یہ بات تسلیم نہیں کر سکتا -
4. Now listen to my tale.	اب آپ میری آپ بیتی سنیں -
5. Never sit idle.	کبھی بیکار مت بیٹھو -
6. Pride hath a fall,	غرور کا سر نیچا -
7. Truth is always bitter.	سچی بات ہمیشہ کڑوی ہوتی ہے -
8. Hold your tongue.	اپنی زبان قابو میں رکھو -
9. Debt is a great curse.	قرض بری بلا ہے -
10. A wise enemy is better than a foolish friend.	بیوقوف دوست سے دانا دشمن بہتر ہوتا ہے -
11, Building castles in the air does not help.	خیالی پلاؤ پکانے سے کب کام بن سکتا ہے ؟
12. It is not manly to retreat.	پیچھے ہٹنا مردانگی نہیں -
13. Barking dogs seldom bite.	جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں -

14. Exercise is necessary for health. صحت کے لئے ورزش ضروری ہے -
15. I think it is right. میرے رائے میں یہ بات درست ہے -

1953

1. Let us play together. آؤ مل کر کھیلیں -
2. Lis en to me please. میری بات دھیان سے سنو -
3. Make me tea. میرے لئے چائے بناؤ -
4. He has four step-brothers. اس کے چار سوتیلے بھائی ہیں -
5. Take exercise regularly. باقاعدہ ورزش کرو -
6. It is the worst sin to accept bribe. رشوت لینا بد ترین گناہ ہے -
7. Read whole-heartedly when you have to read. پڑھنے کے وقت دل لگا کر پڑھو -
8. Do not laugh at a man because he is poor. کسی پر اس لئے نہ ہنسو کہ وہ غریب ہے -
9. Do not tell a lie. جھوٹ مت بولو -
10. It it spring nowadays. آجکل بہار کا موسم ہے -
11. A self-respecting man respects all. ایک خوددار سب کی عزت کرتا ہے -
12. Always depend upon your own wit. ہمیشہ اپنے آپ پر بھروسہ کرو -
13. My father has bought a radio-set. میرے ابا جان نے ایک ریڈیو خریدا ہے -
14. The baby is playing in its mother's lap. بچہ ماں کی گود میں کھیل رہا ہے -

1954

1. Selfishness is the worst enemy of a man. خود غرضی انسان کی سب سے بڑی دشمن ہے -
2. Why are you upset ? تم گھبرائے ہوئے کیوں ہو ؟
3. Unless you try you achieve nothing. جب تک ہمت نہ کرو گے کچھ نہ بنے گا -

4. This is the age of inventions.	یہ ایجاد کا زمانہ ہے -
5. Though only seven, he is very intelligent.	گو وہ سات سال کا ہے مگر پھر بھی بڑا ذہین ہے -
6. The Headmaster will give us a test tomorrow.	ہیڈ ماسٹر صاحب کل ہمارا امتحان لیں گے -
7. Paradise can be achieved by serving one's mother.	ماں کے پاؤں تلے بہشت ہے -
9. The Arabs are hospitable and sympathetic.	عرب مہمان نواز اور ہمدرد ہوتے ہیں -
9. Give up all bad customs.	تمام بری رسوم چھوڑ دو -
10. Do not waste your time in idle talk.	نکمی باتوں میں وقت ضائع نہ کرو -
11. We are all extravagant.	ہم سب فضول خرچ ہیں -
12. Actions and not empty words make life.	زندگی عمل سے بنتی ہے باتوں سے نہیں -

1955

1. A little knowledge is dangerous.	تھوڑا علم خطر ناک ہے ؟
2. Constant efforts are required for success in life.	زندگی میں کامیابی کے لئے لگاتار کوشش کی ضرورت ہے -
3. Since when have you been suffering from fever ?	تمہیں کب سے بخار ہے ؟
4. Switch on the electric fan.	بجلی کا پنکھا چلا دو -
5. It is our duty to collect money for Bengal Relief Fund.	بنگال ریلف فنڈ کے لئے روپیہ جمع کرنا ہمارا فرض ہے -
6. You did me a great favour.	آپنے مجھ پر بڑا احسان کیا -
7. He was not at fault in this matter.	اس معاملے میں اس کا بالکل قصور نہ تھا -
8. He told me that he had missed the train.	اس نے مجھے بتایا کہ وہ گاڑی سے رہ گیا ہے -

9. God willing we shall meet again.	خدا نے چاہا تو هم پھر ملیں گے -
10. When we reached there it was all over with him.	جب هم وهاں پہنچے تو اس کا کم تمام هو چکا تھا -
11. It is your own house, you are always welcome to it.	یہ آپ کا گھر ہے ' جب جی چاہے تشریف لائیے -
12. I went to Lahore yesterday by 10-30 train.	میں کل ساڑھے دس بجے کی گاڑی سے لاهور گیا تھا -

1956 (GROUP A)

Drop me near the Museum.	مجھے عجائب گھر کے نزدیک اتار دو -
How have you done your examination papers ?	کہئے آپ کے پرچے کیسے ہوئے ؟
What brings you here, please ?	آپ کس طرح یہاں تشریف لائے ؟
Is there any letter for me ?	کیا میرے نام کی کوئی ڈاک ہے ؟
Set the alarm at four.	چار بجے کا الارم لگا دو -
Under whose treatment are you ?	آپ کس کے زیر علاج ہیں ؟
We tried our best.	هم نے اپنی طرف سے پوری کوشش کی -
How pleasant is it to-day !	آج موسم کتنا دلکش ہے -
No parking here.	یہاں گاڑی کھڑی کرنا منع ہے -
It is easy to say but difficult to do.	کہنا آسان ہے اور کرنا مشکل -
I am hard up these days.	میرا هاتھ آج کل تنگ ہے -
Two and two make four.	دو اور دو چار ہوتے ہیں -

1956 (GROUP B)

This rumour is baseless.	یہ افواہ بالکل غلط ہے -
It has ceased raining.	اب بارش تھم گئی ہے -
How did you come by this watch ?	یہ گھڑی تمہارے هاتھ کیسے لگی ؟

It is only five to eleven.	گیارہ بجنے میں صرف پانچ منٹ باقی ھیں -
Unlace the boots.	بوٹ کے تسمے کھول دو -
No sooner did I reach school than the bell rang.	میں جونہی سکول پہنچا ، گھنٹی بج گئی -
I sat all alone in a corner for two hours.	میں دو گھنٹے تک ایک کونے میں اکیلا بیٹھا رھا -
We shall breathe freely after the examination.	امتحان کے بعد جان میں جان آئیگی -
You are always after a fun.	تمہیں ھر وقت مذاق ھی سوجھتا ھے -
Tell the servant to post the letter.	نوکر کو کہہ دو کہ خط بکس میں ڈال آئے -
The doctor has declared the case as hopeless.	ڈاکٹر نے جواب دیدیا ھے -
The police are after him.	پولیس اس کے پیچھے لگی ھوئی ھے -

IDIOMATIC SENTENCES
FROM QUESTION PAPERS OF OTHER UNIVERSITIES

No thoroughfare.	یہ شارع عام نہیں ھے -
No admittance.	اندر آنا ممنوع ھے -
I am feelding giddy.	میرا سر چکرا رھا ھے -
Come along boys to the playground.	آؤ لڑکو ، کھیل کے میدان میں چلیں -
He is feeling nauseate.	اس کا جی متلا رھا ھے -
He is a spendthrift.	وہ فضول خرچ ھے -
He fell headlong.	وہ سر کے بل گرا -
It is not a gossip.	یہ گپ نہیں -

Let us come to the point.	آمدم برسر مطلب -
Do not worry me.	میرا سر مت کھاؤ -
My father has turned me out of the house.	میرے والد نے مجھے گھر سے باھر نکال دیا -
He is not mean, though poor.	اگرچہ وہ غریب ہے مگر کمینہ نہیں -
Money is the root of all evils.	روپیہ سب برائیوں کی جڑ ھے -
A little knowledge is dangerous.	تھوڑا علم خطرناک ھے -
How much will it cost to go to Peshawar by train ?	پشاور تک ریل کا کیا کرایہ لگیگا ؟
There is something wrong with this car.	اس موٹر کار میں کوئی نہ کوئی نقص ھے -
I have to go a long way off.	مجھے دور جانا ھے
What do you owe to the shopkeeper ?	تم نے دکاندار کا کیا دینا ھے -
If only I were taller !	کاش کہ میں لمبا ھوتا -
How did you fare in the examinat on ?	تمہارا امتحان میں کیا حال رہا ؟
Zahida 's at home in knitting.	زاھدہ کو سویٹر بننے میں کمال حاصل ھے -
May it result in something good !	خدا کرے اسکا نتیجہ اچھا ھو -
Agriculture is a source of income to the country	زراعت ملک کے لئے آمدنی کا ذریعہ ھے -
The sun rises in the east and sets in the west.	آفتاب مشرق سے طلوع ھو کر مغرب کی طرف غروب ھوتا ھے -
Buck up ; why feel so downcast ?	ھمت رکھو اتنے مایوس کیوں ھو گئے ھو ؟
Let it alone for some future occasion.	اب رہنے بھی دو - پھر دیکھا جائیگا -
I shall set you right.	میں تمہیں سیدھا کر دونگا -

I am no match for him.	میرا اس سے کیا مقابلہ ھے ۔
I was tired of waiting.	میں انتظار کرتے کرتے اکتا گیا ۔
Put out the lamp and go to bed.	بتی بجھادو اور سو جاؤ ۔
Today the light is dim.	آج روشنی بہت مدھم ھے ۔
You should get your shoes mended.	تمہیں اپنا جوتا درست کرانا چاھئے ۔
He invested all his money in business.	اس نے سارا روپیہ بیوپار میں لگا دیا ۔
The dust-storm has uprooted many trees.	آندھی نے کئی درخت جڑ سے اکھاڑ دئے ھیں ۔
The colour of this cloth will fade.	اس کپڑے کا رنگ اڑ جائیگا ۔
Put on these shoes.	یہ جوتا پہن لو ۔
He took off his cap and put it on the table.	اس نے ٹوپی اتار ڈالی اور میز پر رکھدی ۔
He bent his head with shame.	اسنے شرم کے مارے سر جھکا دیا ۔
Have you wound the watch?	کیا آپ نے گھڑی کو چابی دے دی ھے ؟
Will you vote for me?	کیا آپ میرے لئے پرچی ڈالیں گے ؟
Do not back out of your promise.	اپنے وعدے سے نہ پھرو ۔
He has engaged two servants.	اس نے دو نوکر رکھے ھیں ۔
I have a pain in my arm.	میرا بازو درد کرتا ھے ۔
Now you need not go there.	اب تمہارے وھاں جانے کی ضرورت نہیں ۔
I have been waiting for you for an hour and a half.	میں ڈیڑھ گھنٹے سے آپ کا انتظار کر رھا ھوں ۔
When the police arrived the thieves took to their heels.	جب پولیس پہنچی تو چور سر پر پاؤں رکھ کر بھاگ گئے ۔
Have you ever been to Kashmir?	کیا آپ کو کبھی کشمیر جانے کا اتفاق ھوا ھے ؟
Avoid bad company as far as it is possible	جہاں تک ھو سکے بروں کی صحبت سے بچو ۔

Is your house fitted with electric ?	کیا آپ کے مکان میں بجلی لگی ہوئی ہے ؟
I suspected the servant for the theft of the watch.	گھڑی کی چوری کے متعلق مجھے نوکر پر شبہ تھا -
The court sentenced him to two years' imprisonment.	عدالت نے اسے دو سال قید کی سزا دی -
How fortunate he would have been if his mother were alive to this day !	اس کی ماں آج زندہ ہوتی تو وہ کتنا خوش قسمت ہوتا -
It is all the same to me whether you go or not.	خواہ تم جاؤ یا نہ جاؤ میرے لئے برابر ہے -
The hind wheel of my bicycle needs pumping.	میری بائیسکل کے پچھلے پہیے میں ہوا کم ہے -
Where have you been so long ?	تم اتنی دیر کہاں رہے ؟
If she had worked hard she must have succeeded.	اگر وہ محنت کرتی تو ضرور کامیاب ہوجاتی -
Everybody likes dainty dishes.	عمدہ کھانا ہر شخص کو اچھا معلوم ہوتا ہے -
It is quarter to eight by my watch.	میری گھڑی میں پونے آٹھ بجے ہیں -
The man we were looking for has come.	جس آدمی کی ہمیں تلاش تھی ، وہ آگیا -
All his friends made fun of him.	اس کے تمام دوستوں نے اس کا مذاق اڑایا -
Which of these girls will get the prize ?	ان لڑکیوں میں سے انعام کس کو ملیگا -
They made a false complaint against me.	انہوں نے میرے خلاف جھوٹی شکایت کی -
All three of us divided the mangoes among ourselves.	ہم تینوں نے آپس میں آم بانٹ لئے
It is still fifteen minutes for the train to start.	گاڑی کے چلنے میں ابھی پندرہ منٹ باقی ہیں -

MORE IDIOMATIC SENTENCES

مشق ۹۱

You may start please.	آپ بسم اللہ کیجئے ۔
The teacher is giving the boys a test.	ماسٹر صاحب امتحان لے رھے ھیں ۔
The boys are taking a tets.	لڑکے امتحان دے رھے ھیں ۔
This house is to let.	یہ مکان کرایہ کے لئے خالی ھے ۔
This seat is booked.	یہ جگھ رکی ھوئی ھے ۔
This house is occupied.	یہ مکان کرایہ پر لگا ھوا ھے ۔
This house never lets.	یہ مکان کبھی کرایہ پر نہیں چڑھتا ۔
They cannot pull on together.	ان کی آپس میں نہیں بنتی ۔
He is hard of hearing.	وہ اونچا سنتا ھے ۔
A good book is a boon.	اچھی کتاب ایک نعمت ھے ۔
What brings you here ?	کیسے انا ھوا ؟
How do you do ?	مزاج مبارک ۔
How goes the world with you ?	کیسے گزرتی ھے ؟
May I know your name, please ?	جناب کی تعریف ۔
How are you getting on ?	کیا حال چال ھے ؟
It is going to rain.	بارش ھونے کو ھے ۔
Where do you come from ?	آپ کہاں سے تشریف لائے ھیں ؟
What can I do for you ?	میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ھوں ؟
The shopkeeper cheated the child.	دوکاندار نے بچے کا سر مونڈ لیا ۔
His brother keeps his shop in the street.	اس کا بھائی گلی میں دوکان کرتا ھے ۔
We have got a devil to deal with.	ھمارا ایک شیطان سے پالا پڑا ھے ۔
It was a job to kindle fire there.	وھاں آگ جلائے نہ جلتی تھی ۔
Matriculates are dregs in the market.	آجکل انٹرنس پاس کو کون پوچھتا ھے !

مشق ۹۲

How did he fare in the examination ?	وہ امتحان میں کیسا رہا ؟
His days are numbered.	وہ چند دن کا مہمان ہے ۔
His hair wants cutting.	اس کے بال کٹوانے والے ہیں ۔
We set the alarm at six.	ہم نے چھ بجے کا الارم لگا دیا ۔
Are you insured ?	کیا تم نے اپنا بیمہ کرایا ہوا ہے ؟
Bill-stickers will be arrested.	اشتہار لگانے والے گرفتار کئے جائینگے ۔
Will you read out the newspaper to me ?	کیا تم مجھے اخبار سناؤ گے ؟
Never mind the time.	وقت کی کوئی بات نہیں ۔
Set the table.	دستر خوان بچھاؤ ۔
Everything can be had on rent here.	یہاں ہر چیز کرایہ پر مل سکتی ہے ۔
Come what may.	جو ہو سو ہو ۔
Yesterday we dined out.	کل ہمارا کھانا باہر تھا ۔
Today we have invited twenty men to dinner.	آج ہمارے یہاں بیس آدمیوں کا کھانا ہے ۔
We are on visiting terms with them.	ہمارا ان کے وہاں آنا جانا ہے ۔
We have only bowing acquaintance with them.	ہماری ان سے صرف صاحب سلامت ہے ۔
We are not on speaking terms with them.	ہماری ان سے بول چال نہیں ۔
We know him by sight only.	ہم صرف اس کے روشناس ہیں ۔
Have you got rid of cold ?	کیا تمہارا زکام ہٹ گیا ہے ۔
Trim the wick of the lamp.	لیمپ کی بتی کتر دو ۔
Rahim controlled his anger.	رحیم غصہ پی گیا ۔

مشق ۹۳

How pleasant it is !	کیا سہانا وقت ہے !
On Sunday the blinds of the shops were down.	اتوار کو دوکانوں کے پردے گرے ہوئے تھے -
Keep the boys engaged.	لڑکوں کو کام میں لگا رکھنا -
Is meat served in this hotel ?	کیا اس ہوٹل میں گوشت ملتا ہے -
Measure me for a coat.	میرے کوٹ کا ناپ لے لو -
Man is the best of God's creation.	انسان اشرف المخلوقات ہے -
The roll has been called.	حاضری لگ چکی ہے -
It is an offence to stand on footboard.	پائدان پر کھڑا ہونا جرم ہے -
Seat him in the room.	اسے کمرے میں بٹھا دو -
It is getting late in the night.	رات بہت ہو چکی ہے -
Let us go now.	اٹھو اب چلیں -
He has a flourishing business.	اس کی دوکان خوب چلتی ہے -
Handsome is that handsome does.	اچھا وہ جو اچھے کام کرے -
My shoe pinches me.	میرا جوتا لگتا ہے -
Beware of the storm.	خبردار ! آندھی آ رہی ہے -
It is very kind of you.	آپ کی بڑی مہربانی ہے -
He is wearing the pyjama the wrong side up.	اسنے پاجامہ الٹا پہن رکھا ہے -
He fell into a swoon.	وہ بیہوش ہو گیا -
Show him in.	اسے اندر لے آؤ -
He shows me great kindness.	وہ میرے ساتھ بہت مہربانی سے پیش آتا ہے -
He charges high prices from the customers.	وہ گاہکوں کے کپڑے اتارتا ہے -
Only graduates are eligible for this post.	صرف بی - اے پاس اس آسامی کے مستحق ہے -
He works the engine.	وہ انجن چلاتا ہے -

مشق ۹۴

She is doing her hair.	وہ بال سنوار رہی ہے ۔
He follows a dog-in-manger policy.	وہ نہ خود کھیلتا ہے نہ اوروں کو کھیلنے دیتا ہے ۔
Is she beating the eggs ?	کیا وہ انڈے پھینٹ رہی ہے ؟
I have a request to make if you accede.	میں ایک عرض کروں اگر اپ مانیں ۔
We are making the most of freedom.	ہم آزادی سے پورا لطف اٹھا رہے ہیں ۔
Nowadays summer is in full swing.	آجکل گرمی پورے جوبن پر ہے ۔
Next train is due after two hours.	گاڑی اب دو گھنٹے سے پہلے نہیں مل سکتی ۔
Mangoes are out of season now.	آجکل آموں کا موسم نہیں ۔
Yesterday his blood was up.	کل اس کا پارہ تیز تھا ۔
Do you know how to set the radio ?	کیا آپکو ریڈیو چلانا آتا ہے ؟
It is unmanly to turn back.	پیچھے ہٹنا مردانگی نہیں ۔
He gave me a lift in the car.	اس نے مجھے موٹر کار کی سیر کرائی ۔
He had held his breath.	اس نے اپنا دم بند کر لیا ۔
There was no end of tongas.	وہاں تانگوں کا کوئی شمار نہ تھا ۔
He owes nobody.	اس نے کسی کا نہیں دینا ۔
There our eyes were dazzled.	وہاں ہماری آنکھیں چندھیا گئیں ۔
This bread appears to be half-baked.	یہ روٹی کچی معلوم ہوتی ہے ۔
Say your lesson.	تم اپنا سبق سناؤ ۔
We felt relieved at the sight of a constable.	سپاہی کو دیکھکر ہماری جان میں جان آئی ۔

مشق ۹۵

What is the face value of this note ?	یہ کتنے کا نوٹ ہے ؟
He turned off the tap.	اس نے نلکہ بند کر دیا ۔
Switch the light on.	بجلی روشن کرو ۔
Switch the light off.	بجلی بھجا دو ۔
When is the light off in your hostel ?	تمہارے ہوسٹل میں بجلی کب بجھتی ہے ؟
Give us a song.	ہمیں کوئی گیت سناؤ ۔
Treat us to tea in a hotel.	آج ہمیں ہوٹل میں چاء پلاؤ ۔
They were riding double.	وہ دونوں اکٹھے سوار ہو رہے تھے ۔
We got tired on the way.	ہم جاتے جاتے راہ میں تھک گئے ۔
The deer sprang off to the forest.	ہرن چھلانگیں مارتا جنگل کی طرف بھاگ گیا ۔
The boy died of a fall.	لڑکا گر کر مر گیا ۔
The boy was run over by a train.	لڑکا گاڑی کے نیچے آکر کچلا گیا ۔
Try this black coat on.	یہ سیاہ کوٹ پہن کر دیکھو ۔
I handed the blind man out of the train.	میں نے اندھے کا ہاتھ پکڑ کر گاڑی سے اتارا ۔
The house was burnt to ashes.	مکان جل کر راکھ ہو گیا ۔
I paid all the amount on the nail.	میں نے تمام روپے ان کی ناک پر رکھدے ۔
Set the gramophone going.	گراموفون چلاؤ ۔
Where does this way lead to ?	یہ راستہ کہاں جاتا ہے ؟
His house was put to auction.	اس کا مکان نیلام ہو گیا ہے ۔

مشق ٩٦

He ran a thorn in his feet.	اس کے پاؤں میں کانٹا چبھ گیا ۔
Hold the baby in arms.	بچے کو گود میں اٹھائے رکھو ۔
Freedom is our birthright.	آزادی ھمارا پیدائشی حق ھے ۔
Keep silent, please.	خاموش رھئے ۔
His house is an evacuee property.	اسکا مکان متروکہ جائداد ھے ۔
Oh ! how terribly cold it is.	اف ! کسقدر سردی ھے !
Sitting late in the night is harmful for health.	رات کو دیر تک جاگنا صحت کیلئے مضر ھے ۔
The pitcher is full to the brim.	گھڑا لبالب بھرا ھوا ھے ۔
There is scarcity of fodder these days.	آجکل چارے کی قلت ھے ۔
We are given to eating rice.	ھم چاول کھانے کے عادی ھیں ۔
It has not rained for the last fortnight.	بارش ھوئے پندرہ دن ھوگئے ھیں ۔
I have no words to thank you.	میں کس منہ سے آپ کا شکریہ ادا کروں ۔
He ascended the hill in no time.	وہ ھمارے دیکھتے دیکھتے پہاڑی پر چڑھ گیا ۔
Get this kettle tinned.	اس دیگچی کو قلعی کرالو ۔
Pay the cooly at the rate of three annas per trip.	قلی کو تین آنے پھیرا کے حساب سے پیسے دے دو ۔
Strike a match, please.	دیا سلائی جلائیے ۔
He lost his temper.	وہ آپے سے باھر ھوگیا ۔
Grow more food.	زیادہ خوراک پیدا کرو ۔
The flood has destroyed the crops.	سیلاب سے فصل خراب ھو گئے ھیں ۔
Pakistan is taking rapid stride in industrial development.	پاکستان صنعت میں خوب ترقی کررھا ھے ۔
No parking here.	یہاں موٹر کھڑا کرنیکی اجازت نہیں ۔

مشق ۹۷

I cannot do without a pen.	قلم کے بغیر میرا گزارہ نہیں ہوسکتا ۔
New are broadcast at five o'clock.	پانچ بجے خبروں کا پروگرام ہوتا ہے ۔
This news spread like wild fire.	یہ خبر شہر میں آناً فاناً پھیل گئی ۔
Are you expecting some one ?	کیا آپ کو کسی کا انتظار ہے ۔
He entertained me to tea.	اس نے مجھے چائے پر بلایا ۔
This rupee is not base, it will pass on.	یہ روپیہ کھوٹا نہیں ۔ چل جائےگا.
How bold he is !	وہ کتنا دلیر ہے ۔
I was startled to hear his voice.	اسکی آواز سن کر میں چونک پڑا ۔
It is not like good boys to call others names.	دوسرے کو گالی دینا اچھے لڑکوں کا شیوہ نہیں ۔
Ink has run down in my pen.	میرے قلم سے سیاہی ختم ہو گئی ہے ۔
He failed by five marks.	وہ پانچ نمبر کی کمی سے رہ گیا ۔
Thank God.	خدا کا شکر ہے ۔
Make tea.	چائے تیار کرو ۔
He is frightened to death.	وہ ڈر کے مارے مرا جاتا ہے ۔
Set a good example.	اچھی مثال قائم کرو ۔
How is he related to you ?	تمہارا اس سے کیا رشتہ ہے ؟
Let us enjoy the fun at the fair.	آؤ میلے کی سیر کریں ۔
Is it going to rain ?	کیا بارش ہونے کو ہے ؟
We had a narrow escape.	ہم بال بال بچ گئے ۔
Have your own way.	اپنی مرضی کرو ۔
Do not talk dirt.	گندی باتیں نہ کرو ۔
Nowadays he is penniless.	آجکل اس کا ہاتھ خالی ہے ۔

مشق ۹۸

I have bid for it.	میں نے اس کے لئے بولی دی ہے۔
My leg aches.	میری ٹانگ درد کرتی ہے۔
I shall not sell on credit.	میں ادھار نہیں دوں گا۔
Rice is rising.	چاول تیز ہو رہے ہیں۔
It is broad daylight.	دن بہت چڑھ آیا۔
Put your luggage in order.	اپنا سامان قرینے سے لگاؤ۔
Keep your wits about you.	ہوش ٹھکانے رکھو۔
Are you in a hurry?	کیا تمہیں جلدی ہے؟
What did you invest in this business?	تم نے اس بیوپار میں کیا لگایا ہے؟
He is taller for his age.	وہ عمر کے لحاظ سے کچھ لمبا ہے۔
Cloth has come down.	کپڑا سستا ہو گیا ہے۔
Please sharpen this pencil.	مہربانی کر کے یہ پنسل بنا دیجئے۔
This coat does not fit you.	یہ کوٹ تمہیں ٹھیک نہیں آتا۔
How can I believe a hearsay?	سنی سنائی بات کو کیسے مانوں۔
They were shouting loudly.	انہوں نے آسمان سر پر اٹھایا ہوا تھا۔
I treat him as my friend.	میں اسے اپنا دوست سمجھتا ہوں۔
How much money does it come to?	یہ روپیہ کتنا بنتا ہے؟
Is it a base coin?	کیا یہ کھوٹا سکہ ہے؟
You lost nothing.	تمہارا کیا گیا۔
I felt greatly relieved to see him.	اسے دیکھ کر میری جان میں جان آئی۔
The clouds are breaking.	بادل پھٹ رہے ہیں۔
Knock him up in the morning.	اسے صبح جگا دینا۔

مشق ۹۹

Let us see juggler's performance.	آؤ مداری کا تماشہ دیکھیں ۔
Go about your business.	جاؤ اپنا کام کرو ۔
Do not be anxious.	فکر نہ کرو ۔
Convey him my remembrance also.	اسے میرا بھی سلام لکھ دینا ۔
My money is locked up in the bank.	میرا روپیہ بنک میں پھنسا ہوا ہے ۔
I shall come at 3 at the earliest.	جلدی سے جلدی میں تین بجے آؤنگا ۔
It is now blooming.	اب ان کے پھول نکل آئے ہیں ۔
There shall be a great rush today.	اج بہت بھیڑ ہوگی ۔
It is not a joke.	میں دل لگی نہیں کر رہا ۔
It requires much exertion.	اس میں بہت زور لگتا ہے ۔
He is cross.	وہ جلا بیٹھا ہے ۔
I told him to his very face.	میں نے اس کے منہ پر سنائی ۔
He tossed about all the night.	وہ رات بھر کروٹیں بدلتا رہا ۔
The examination is drawing near.	امتحان سر پر ہے ۔
Clear away the tea material.	چائے کا سامان اٹھا لو ۔
Do not go so dirty.	ایسے میلے نہ رہو ۔
Am I to wait ?	کیا مجھے انتظار کرنا ہے ؟
His mouth watered.	اس کا دل للچایا ۔
Say if you like.	کہنا ہے تو کہو ۔

مشق ۱۰۰

Let us enjoy boating.	چلو کشتی کی سیر کریں -
The dust flows to our faces.	گرد اڑ کر منہ پر چڑھتی ہے -
Hang it against the wall.	اسے دیوار پر لٹکا دو -
He was bathed in sweat.	وہ پسینہ پسینہ ہو گیا -
He beat him to death.	اس نے مار مار کر اس کا کچومر نکال دیا -
He is still an idiot.	وہ گدھے کا گدھا ہی رہا -
He could not utter a word.	ان کی زبان سے ہوں تک نہ نکلی -
He stomach is upset.	اس کا معدہ بگڑا ہوا ہے -
Mark the mistakes.	غلطیاں لگاؤ -
I feel nauseate.	میرا جی متلا رہا ہے -
He is bent upon beating you.	وہ تمہیں مارنے پر تلا ہوا ہے -
When are you in ?	آپ کتنے بجے گھر پر ہوتے ہیں ؟
Rubbish has choked up the drain.	کوڑے کرکٹ سے نالی بند ہو گئی ہے -
He sings to the harmonium.	وہ ہارمونیم کے ساتھ گا رہا ہے -
He was sentenced to death.	اسے پھانسی کی سزا ہوئی -
He is sentenced to transportation for life.	اسے عمر قید کی سزا ہوئی -
Beware of the thieves.	چوروں سے خبر دار رہو -
Blow the fire hot.	آگ کو پھونک مار کر جلاؤ -
Cholera is raging here furiously.	یہاں ہیضہ کا زور ہے -
He was in danger of his life.	اسے جان کے لالے پڑے ہوئے تھے -
He can hardly read.	وہ ابھی نہیں پڑھ سکتا -
He has gone bankrupt.	وہ دیوالیہ ہو گیا ہے -

مشق ۱۰۱

Keep off the grass.	گھاس پر نہ چلو -
I have got my eyes examined by the doctor.	میں اپنی آنکھیں ڈاکٹر صاحب کو دکھا چکا ہوں -
This tower seems to touch the sky.	یہ مینار آسمان سے باتیں کرتا ہے -
Mind your own business.	اپنے کام سے کام رکھو -
Spitting is prohibited.	یہاں تھوکنا منع ہے -
He pricked up his ears.	اس نے کان کھڑے کئے -
The city is patrolled by the police.	شہر میں پولیس والے گشت لگا رہے ہیں -
There is a great rush of customers in the bazar.	بازار میں سودا لینے والوں کی بہت بھیڑ ہے -
Have you a change for a rupee?	کیا آپ کے پاس ایک روپے کا کریانہ ہے ؟
Do you know how to bike?	تمہیں بائسکل چلانا آتا ہے ؟
Come what may.	چاہے کچھ ہی ہو -
He slipped away.	وہ کھسک گیا -
One dose is sufficient.	دوائی کی ایک خوراک کافی ہے -
He is a dead shot.	وہ پکا نشانہ باز ہے -
He is an impartial man.	وہ ایک بے لاگ آدمی ہے -
Ring him up.	اسے ٹیلیفون پر بلاؤ -
Snuff the candle.	بتی کو گل کر دو -
You had better see a doctor.	بہتر ہے کہ آپ کسی ڈاکٹر سے مشورہ کریں -
Necessity made him do this work.	اسنے مجبور ہو کر یہ کام کیا -
He is feeling drowsy.	اسے اونگھ آ رہی ہے -
This coat is quite worn out.	یہ کوٹ بلکل پھٹ چکا ہے -
We shook our sides with laughter.	ہنستے ہنستے ہمارا پیٹ پھول گیا -

مشق ۱۰۲

He is a book worm.	وہ کتابوں کا کیڑا ہے ۔
I got this coat ready-made.	میں نے یہ کوٹ بنا بنایا لیا ۔
His feet were sore.	اس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے تھے ۔
He repented.	وہ ہاتھ ملتے رہ گیا ۔
He perspired with shame.	وہ شرم سے پانی پانی ہو گیا ۔
I do not find any other alternative.	مجھے اور کوئی صورت نظر نہیں آتی ۔
This medicine is very efficacious.	یہ دوائی بہت پر اثر ہے ۔
It does not become a gentleman to behave like this.	ایسا رویہ شریفوں کی شان کے شایاں نہیں ۔
It looks like a river.	ایسا نظر آتا ہے کہ یہ کوئی دریا ہے ۔
His heart was filled with pity.	اس کا دل بھر آیا ۔
He is feeling feverish.	اسے بخار سا معلوم ہوتا ہے ۔
The sky is overcast.	بادل چھائے ہوئے ہیں ۔
The boy takes after his father.	لڑکا بالکل اپنے باپ پر ہے ۔
His face turned pale.	اس کا منہ فق ہو گیا ۔
Ink runs on this paper.	اس کاغذ پر سیاہی پھیل جاتی ہے ۔
Dust the table.	میز سے گرد جھاڑ دو ۔
He cried himself hoarse.	روتے روتے اسکا گلہ بیٹھ گیا ۔
Milk has turned sour.	دودھ پھٹ گیا ۔
Rest assured.	خاطر جمع رکھو ۔
Why do you shirk work ?	تم محنت سے کیوں جی چراتے ہو ؟
There was water everywhere.	وہاں پانی ہی پانی تھا ۔
He passed off a false rupee as a good one.	اس نے کھوٹا روپیہ چلا دیا ۔
Their quarrel is the talk of the town.	ان کی لڑائی کا گھر گھر چرچا ہے ۔

مشق ۱۰۳

There is no book against me.	میرے نام کوئی کتاب نہیں -
Do not boast so much.	اتنی شیخی نہ بھگارو -
He is said to be a good boy.	یہ اچھا لڑکا سنا جاتا ھے -
It was washed off by water.	اسے پانی بہا لے گیا -
He sits in the last but one row.	وہ آخری سے اگلی قطار میں بیٹھا ھے -
He fell headlong.	وہ سر کے بل گرا -
Talk sense, please.	ھوش سے بات کرو -
He is ready-witted.	وہ بڑا حاضر جواب ھے -
What is your intention now ?	اب آپکی مرضی کیا ھے ؟
Do you like that I should go today ?	آپ کی مرضی ھے کہ میں آج چلا جاؤں ؟
Come what may, I must go.	خواہ دنیا ادھر کی ادھر ھو جائے میں ضرور جاؤں گا -
He is set up in life.	وہ برسر روزگار ھے -
Why do you pick up quarrel for nothing.	تم خواہ مخواہ کیوں لڑائی مول لیتے ھو -
Whom should the letter be addressed ?	چٹھی کس کے نام لکھی جائے ؟
The river is in flood.	دریا چڑھاؤ پر ھے -
Eears are deafened with noise.	شور سے کان پھٹے جاتے ھیں -
He is under no one's in fluence.	وہ کسی کا دباؤ نہیں مانتا -
What are you here for ?	تم یہاں کس مرض کی دوا ھو ؟-

مشق ۱۰۴

How much cloth does it take to make your shirt ?	تمہاری قمیص کو کتنا کپڑا لگتا ہے ؟
It was close in the evening.	آج شام کو بہت حبس تھا ۔
It is a bare lie.	یہ سفید جھوٹ ہے ۔
He has given himself airs.	اس کا دماغ آسمان پڑ چڑھا ھوا ہے ۔
I laid a wager.	میں نے شرط لگائی ۔
The persian-wheel has stopped working.	رھٹ چلنا بند ھو گیا ہے ۔
He has brought a suit against his brother.	اس نے اپنے بھائی پر نالش کر دی ہے ۔
What are you up to ?	تم کس بات کے درپے ھو ؟
He lost his parents.	اس کے ماں باپ کا سایہ اس کے سرسے اٹھ گیا ۔
He sneezed.	اس نے چھینک لی ۔
He turned up his nose.	اس نے ناک بھوں چڑھائی ۔
Blow the nose.	ناک صاف کرو ۔
He helped you in trouble.	اس نے آڑے وقت میں تمہاری مدد کی ۔
He awoke at daybreak.	وہ پو پھٹے جاگا ۔
Tho wheel was going round.	پہیہ چکر کھا رھا تھا ۔
He worked whole-heartedly	اس نے دل لگا کر محنت کی ۔
He pretended to be deaf.	وہ بہرا بن گیا ۔
His life is in danger.	اس کی جان کی خیر نہیں ۔
Your chargas are very high.	تم بہت دام لیتے ھو ۔

مشق ۱۰۵

This book has a very fine get-up.	اس کتاب کی لکھائی چھپائی بہت عمدہ ہے ۔
Why do you worry me ?	میرا سر کیوں کھاتے ہو ؟
He died of fall from the borse.	وہ گھوڑے سے گر کر مر گیا ۔
It comes to the same thing.	بات ایک ہی ہے ۔
He paints the statement in bright colours.	وہ بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کر رہا ہے ۔
He cried for help.	اس نے دھائی دی ۔
I am second to none.	میں کسی سے پیچھے نہیں ۔
It is a good opportunity.	اسے غنیمت جانو ۔
It is a common disease.	یہ بیماری عام ہے ۔
He is counting the beads.	وہ مالا جپ رہا ہے ۔
Trespasser will be prosecuted.	لائن کے اوپر گزرنیوالا گرفتار کیا جائے گا ۔
What harm have I done you ?	میں نے تمھارا کیا بگاڑا ہے ؟
Thread the needle.	سوئی میں دھاگا ڈالو ۔
It does not matter much.	چنداں مضائقہ نہیں ۔
This is his catchword.	یہ اس کا تکیہء کلام ہے ۔
He is sitting idle.	وہ ھاتھ پر ھاتھ دھرے بیٹھا ہے ۔
He is selling wheat at ten seers a rupee.	وہ روپے کا دس سیر گیہوں دیتا ہے ۔
He was standing at the turning of the street.	وہ گلی کے موڑ پر کھڑا تھا ۔
He is out of breath.	اس کا دم پھول گیا ۔
You will lose your job.	اب تمہاری نوکری گئی ۔

مشق ۱۰۶

We had good time all the day long	ہم سارا دن مزے اڑاتے رہے ۔
Let me tether the cow.	میں گائے باندھ آؤں ۔
Why do you stand on formalities ?	تم اتنا تکلف کیوں کرتے ہو۔
It will be all over with him.	اس کا کام تمام ہو جائیگا ۔
We had a long talk with them.	ان سے ہماری بہت باتیں ہوئیں ۔
A sound like weeping was heard.	رونیکی سی آواز آئی ۔
I calmed him.	میں نے اسے ٹھنڈا کیا ۔
Hameed was all but gone.	حمید مرھی چلا تھا ۔
Whom are you speaking to ?	تم کس سے بات کر رہے ہو ؟
It smells like rose.	اس سے گلاب کی خوشبو آتی ہے ۔
His foot is bleeding.	اس کے پاؤں سے خون بہ رہا ہے۔
Spitting is prohibited here.	یہاں مت تھوکو ۔
He made a will as follows.	اس نے حسب دیل وصیت کی ۔
Do it at your pleasure.	جب مرضی ہو اسے کر لینا ۔
I am not at leisure uow.	مجھے اب فرصت نہیں۔
Now the carts are out of date.	اب چھکڑوں کا وقت جاتا رہا ۔
He feels very hungry.	اس کی آنتیں قل ھواللہ پڑھ رہی ہیں ۔
What harm will it do to you ?	اس میں تمہارا کیا حرج ہے ؟
His stitching is very well set.	اس کا ٹانکا اچھا بیٹھتا ہے ۔
It is being talked over the town.	آجکل اس بات کا بہت چرچا ہے ۔
Next station is Shahdara.	اب آگے شاہدرہ کا سٹیشن آئیگا ۔

مشق ۱۰۷

Milk is his favourite food.	دودھ اس کا من بھاتا کھاجا ہے -
He feeds on unlawful gain.	وہ حرام کا مال کھاتا ہے -
He says ditto.	وہ ہاں میں ہاں ملاتا ہے -
Let me attend to these country folk.	مجھے ان دیہاتیوں کو بھگتا لینے دو -
Tha train will be here in no time.	گاڑی اب آئی کہ آئی -
He is dozing.	وہ اونگھ رہا ہے -
He began to snore.	وہ خرّاٹے لینے لگا -
The cloth will not shrink.	کپڑا نہیں سکڑے گا -
Cut your story short.	قصہ مختصر کرو -
He feels feverish.	اسے بخار سا معلوم ہوتا ہے -
He is past recovery.	اب اس کے بچنے کی کوئی امید نہیں -
He withdrew money from the bank.	اس نے بنک سے روپیہ نکلوایا -
He speaks fluent English.	وہ غضب کی انگریزی بولتا ہے -
Why do you use dry words ?	روکھی پھیکی باتیں کیوں کرتے ہو -
There is no hurry.	کوئی جلدی نہیں -
He is causing me a lot of worry.	وہ مجھے بہت تنگ کر رہا ہے -
He goes by the name of Abdullah.	وہ عبداللہ کے نام سے مشہور ہے -
I have nothing to do with him.	مجھے اس سے کوئی سروکار نہیں -
He was left wringing his hands.	وہ ہاتھ ملتا رہ گیا -
They are holding a festival.	وہ تیوہار منا رہے ہیں -

مشق ۱۰۸

May I know your name, please?	جناب کی تعریف ؟
Please help yourself to tea.	چائے نوش فرمائیے ۔
Does this lawn play well?	کیا یہ میدان کھیل کے لئے اچھا ہے؟
This table dines ten person.	اس میز پر دس آدمی کھانا کھا سکتے ہیں ۔
Does the door lock easily?	کیا دروازے کو آسانی سے تالا لگ جاتا ہے ۔
There is a lot of brain work in it.	وہ بہت مغز خوری کا کام ہے ۔
Both the rooms are equal in all respects.	یہ دونوں کمرے ہر لحاظ سے برابر ہے ۔
Cotton is in great demand.	روئی کی بہت مانگ ہے ۔
I enjoyed a few puffs.	میں نے حقے کے چند کش لگائے ۔
Do not touch it even by way of forgetfulness.	اسے بھول کر بھی ہاتھ نہ لگانا ۔
He paid in full.	اس نے دام دام چکا دئے ۔
The train was over-crowded.	گاڑی کھچا کھچ بھری ہوئی تھی ۔
Money is not lacking.	روپے کی کمی نہیں ہے ۔
He escaped scot free.	وہ صاف صاف بچ نکلا ۔
He was running blindly.	وہ بے تحاشا بھاگا جا رہا تھا ۔
Come along; would not you?	تم بھی چلو نا !
It is the latest issue of the paper.	وہ اخبار کا تازہ ترین پرچہ ہے ۔
Many men were buried under the debris.	کئی آدمی ملبہ کے نیچے دب گئے ۔
Can you recommend some honest servant?	آپ کے خیال میں کوئی دیانتدار نوکر ہے ؟
Keep the class busy.	جماعت کو کام میں لگائے رکھو ۔

مشق ۱۰۹

This copy is written up.	یہ کاپی بھر گئی ہے -
This cloth will wear well.	یہ کپڑا چلنے میں اچھا ہے -
The bazar was busy.	بازار میں خوب رونق ہے -
I have a long way to go.	مجھے بہت دور جانا ہے -
Quinine tastes bitter.	کونین کڑوی ہوتی ہے -
What is the power of your spectacles ?	تمہاری عینک کا کیا نمبر ہے ؟
You are quite welcome.	آپکا آنا سر آنکھوں پر -
Help him wash his hands.	اس کے ہاتھ دھلا دیجئے -
I took his temperature.	میں نے اسے تھرما میٹر لگایا -
What day of the month is today ?	آج کیا تاریخ ہے ؟
You gave me cold.	تم نے مجھے زکام لگا دیا -
Keep the flies off the sweets.	مٹھائی کو مکھیوں سے بچاؤ -
Do not come unless you are willing.	اگر نہ آنا چاہو تو نہ آؤ -
I called on him yesterday.	میں اسے کل ملنے گیا -
Feed the baby his bottle.	بچے کو بوتل سے دودھ پلاؤ -
Behave like a gentleman.	آدمی بنو -
What name does he go by ?	اسے کس نام سے پکارتے ہیں ؟
He looked blank.	اس کے طوطے اڑ گئے -
cannot pull on with him.	میری اس کے ساتھ نہیں بنتی -
His house is two doors ahead.	اس کا مکان دو مکان آگے ہے -
The horse seemed to be flying on wings.	گھوڑا ہوا ہو گیا -
How can I make him come here ?	میں اسے یہاں کیسے لاؤں ؟
He put his life in risk.	وہ جان پر کھیلا -
Why did he pick the lock ?	اس نے قفل کیوں توڑا ؟
This wheat grounds well.	یہ گندم پستی خوب ہے -
This fruit tastes bitter.	یہ پھل چکھنے ماں کڑوا ہے -

مشق ۱۱۰

We were sucking oranges.	ہم سنگترے چوس رہے تھے -
The wash goes out on Sunday.	دھلائی اتوار کو جاتی ہے-
He calls cousin to everybody.	وہ ہر ایک سے رشتہ گانٹھ لیتا ہے -
The motor car turned turtle.	موٹر الٹ گئی -
He has played his part.	اس نے اپنا حق ادا کر دیا -
I cannot stand chillies.	میں مرچ نہیں کھا سکتا -
The tap is running.	نلکا چل رہا ہے -
He boarded a wrong train.	وہ غلط گاڑی میں سوار ہو گیا -
It is a town talk.	اس بات کا گھر گھر چرچا ہے -
He is mere nobody.	اسے کوئی پوچھتا ہی نہیں -
He is telling beads.	وہ تسبیح رول رہا ہے -
The well is working.	کنواں چل رہا ہے -
The child is cutting teeth.	بچہ دانت نکال رہا ہے -
Pair your nails.	اپنے ناخن تراشو -
Peel the orange.	سنگترہ چھیل دو -
He laid out a garden.	اس نے ایک باغ لگایا -
He has sunk a well.	اس نے ایک کنواں لگایا -
The mother weaned the child.	ماں نے بچے کا دودھ چھڑایا -
When does Id fall ?	عید کب ہو گی ؟
Scare the crows away.	کوے اڑا دو -
You will not succeed here.	تمہاری دال یہاں نہیں گلیگی -
My house faces the mosque.	میرا مکان مسجد کے سامنے ہے -
He is thirsty for news.	وہ خبروں کا دلدادہ ہے -
Meat does not agree with me.	گوشت میرے موافق نہیں -
The storm has blown over.	طوفان گزر گیا -
He caught cold.	اسے سردی لگ گئی -
Which play is on ?	کونسا کھیل لگا ہوا ہے ؟
The wind has failed.	ہوا بند ہو گئی -

Monday follows Sunday.	اتوار کے بعد پیر آتا ہے ۔
He has grown out of clothes.	کپڑے اسے چھوٹے ہو گئے ہیں ۔
Hard work will tell upon his health.	سخت محنت اس کی صحت پر اثر ڈالیگی ۔
We should stand by our friends.	ہمیں دوستوں کا ساتھ دینا چاہئے ۔
Your own words tell against you.	تمہارے لفظ تمہاری تردید کر رہے ہیں ۔
How much water will this bottle hold ?	اس بوتل میں کتنا پانی آئیگا ؟
We had our fill.	ہم نے سیر ہو کر کھانا کھایا ۔
He led him in.	وہ اسے اندر لے آیا ۔
This bottle will not serve your purpose.	یہ بوتل تمہارے کام کی نہیں ۔
He will make a good soldier.	وہ اچھا سپاہی بنے گا ۔
Ho did he fare in the examination ?	وہ امتحان میں کیسا رہا ؟
He did well in the examination.	وہ امتحان میں اچھا رہا ۔
Here the poor are worse off.	یہاں غریبوں کا برا حال ہے ۔
Pass the salt in the cup.	پیالی میں نمک ڈالو ۔
Make my bed.	میرا بستر بچھا دو ۔
What is up here ?	یہاں کیا ہو رہا ہے ؟

SECTION IV

PROVERBS

الف

It is no use crying over spilt milk.	اب پچھتائے کیا هوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت ۔
Tomorrow will take care of itself.	اب کی اب کے ساتھ جب کی جب کے ساتھ ۔
Crying before you are hurt.	آب ندیده موزه کشیده ۔
He that doth lend, doth lose a friend.	ادھار دیجئے دشمن کیجئے ۔
Blood is thicker than water.	اپنا اپنا، غیر غیر ۔
Self-done, well done.	آپ کاج مہا کاج ۔
To kick against the pricks.	اپنے پاؤں کلہاڑی مارنا ۔
Good mind, good find.	آپ بھلا، جگ بھلا ۔
Death is the Doomsday.	آپ مرے جگ پرلو ۔
Every man thinks his own geese swans.	اپنی دہی کو کوئی کھٹا نہیں کہتا ۔
Every cock fights best on his own dung-hill.	اپنی گلی میں کتا بھی شیر هوتا هے ۔
Self-praise is no recommendation.	اپنے میه میاں مٹھو ۔
Sweep before your own door.	اپنے گریبان میں منه ڈالو ۔
Every miller draws water to his own mill.	اپنے اپنے خیال میں سب مست هیں ۔
Union is strength.	اتفاق میں بڑی طاقت هے ۔
Make yourself all honey and the flies will devour you.	اتنے میٹھے نه هو که کوئی نگل جائے ۔

Do not put off till tomorrow what you can do today.	آج کا کام کل پر نہ ڈالو -
To rob Peter to pay Paul.	احمد کی پگڑی محمود کے سر -
Tit for tat.	ادلے کا بدلہ -
A man is known by the company he keeps.	آدمی اپنی صحبت سے پہچانا جاتا ہے -
Face is the index of mind.	آدمی چہرے مہرے سے پہچانا جاتا ہے -
Neither fish nor fowl.	آدھا تیتر آدھا بٹیر -
Grasp all, lose all.	آدھی چھوڑ ساری کو جاوے آدھی رہے نہ ساری پاوے -
He that blows in the dust fills his own eyes.	آسمان کا تھوکا منہ پر -
Out of frying pan into the fire.	آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا -
Penny wise pound foolish.	اشرفیاں لٹیں کوئلوں پر مہر -
Feed sparingly and defy the physician.	اعتدال سے کھاؤ حکیم کو چٹخاؤ -
Confession of a fault makes half amends.	اقرار جرم اصلاح جرم -
One swallow does not make a summer.	اکیلا چنا بھاڑ کو پھوڑ نہیں سکتا -
To carry coal to New Castle.	الٹے بانس بریلی کو -
A clear conscience fears no accusation.	آنرا کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک -
The mangoes are mangoes, the stones are money.	آم کے آم گٹھلیوں کے دام -
All is well that ends well.	انت بھلا سو بھلا -
The blind man is no judge of colours.	اندھا کیا جانے بسنت کی بہار -

A figure among ciphers.	اندھوں میں کانا راجہ ۔
When the city is dark, and fool the king, the green and sweet both sell for a farthing.	اندھیر نگری چوپٹ راجہ ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجہ ۔
Out of sight out of mind.	آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل ۔
Blind of the eye and called Mr. Bright.	آنکھوں سے اندھا نام نین سکھ ۔
Example is better than precept.	اوروں کو نصیحت خود میاں فضیحت۔
Charity begins at home.	اول خویش بعد درویش ۔
Great boast small roast.	اونچی دوکان پھیکا پکوان ۔
A drop in the ocean.	اونٹ کے منہ میں زیرہ ۔
To kill two birds with one stone.	ایک پنتھ دو کاج ۔ آم کے آم گٹھلیوں کے دام ۔
Union is strentgh.	ایک ایک دو گیارہ ۔
A pimple has grown upon an ulcer.	ایک کریلا دوسرا نیم چڑھا ۔
A single sinner sinks the boat.	ایک مچھلی سارے جل کو گندا کرتی ھے ۔
It takes two to make a quarrel.	ایک ھاتھ سے تالی نہیں بجتی ۔

ب - بھ

Eat, drink and be marry, for tomorrow you die.	بابر به عیش کوش که عالم دو باره نیست ۔
Seek a needle in a hay stock.	پہاڑ میں رائی کی تلاش ۔
A bad name is worse than wickedness.	بد اچھا بدنام برا ۔
To make mountain of a mole-hill.	بات کا بتنگڑ ۔
Saving is getting.	بچایا سو کمایا ۔

Better alone than in bad company.	بری صحبت سے آدمی اکیلا بھلا ۔
A lion in sheep's clothing.	بغل میں چھری منہ میں رام رام ۔
Man proposes, God disposes.	بندہ جوڑے پلی پلی رام لنڈھائے کپا ۔
When good cheer is lacking the friends will be packing.	بنی کے سب یار ۔
A close mouth catches no flies.	بغیر مانگے ماں بھی دودھ نہیں دیتی ۔
Penny and penny laid up will be many.	بوند بوند سے تالاب بھرتے ھیں ۔
Make hay while the sun shines.	بہتے دریا میں ھاتھ دھو لو ۔
Something is better than nothing. From a bad paymaster get what you can.	بھاگتے چور کی لنگوٹی ھی سہی ۔
He that goes a borrowing goes a sorrowing.	بھلا جو چاھے آپکا دینا نہ رکھے باپ کا ۔
A hungry man is an angry man.	بھوکا سو روکھا ۔
Hunger is the best sauce.	بھوک میں کواڑ پاپڑ ۔
It is casting pearls before swine.	بھینس کے آگے بین بجانا ۔

پ

Your bread is buttered on both sides.	پانچوں گھی میں ۔
Prevention is better than cure.	پرھیز علاج سے بہتر ھے ۔
Think before you speak. First sow, first mow.	پہلے تولو پھر بولو ۔
Gather thistles, expect prickles.	پیڑ بوئے ببول کے آم کہاں سے لائے ۔

It is crying before one is hurt.	پیش از مرگ واویلا -

ت

While the grass grows the horse starves.	تا تریاق از عراق آوردہ شود مار گزیدہ مردہ شود -
Sweep before your own door.	تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو -
Man proposes, God disposes.	تدبیر کند بندہ تقدیر کند خندہ -
Health is wealth.	تندرستی ہزار نعمت ہے -
Let us see which way the wind blows.	تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو -
Empty vessels make much noise.	تھوتھا چنا باجے گھنا -

ج

What cannot be cured must be endured.	جب اوکھلی میں سر دیا تو دھمکوں کا کیا ڈر -
As long as there is life there is hope.	جب تک سانس تب تک آس -
Every man dath his business best.	جس کا کام اسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے -
Uneasy lies the head that wears the crown.	جس کے سر پر تاج اس کے سر پر کھاج -
Cut your coat according to your cloth.	جتنی چادر دیکھو اتنے پاؤں پھیلاؤ -
Muck coin much care.	جتنی دولت اتنی مصیبت -
As many men so many minds.	جتنے منہ اتنی باتیں -
Might is right.	جس کی لاٹھی اسکی بھینس -
To add fuel to the fire.	جلتی پر تیل ڈالنا -
Soon ripe, soon rotten.	جلدی پکا جلدی سڑا -
Barking dogs soldom bite.	جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں -
While in Rome do as the Romans do.	جیسا دیس ویسا بھیس -
Like saint like offering.	جیسی روح ویسے فرشتے -

As you sow so shall you reap.	جیسا کروگے ویسا بھروگے ۔
When the sky falls we shall catch larks.	کب دادا مرینگے تو بیل بٹینگے ۔
A lie has no legs to stand upon.	جھوٹ کے پیر کہاں ۔
There is no rose without a thorn.	جہاں پھول وہاں کانٹا ۔
Where there is a will there is a way.	جہاں چاہ وہاں راہ۔

چ

Prettiness dies quickly.	چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات ۔
He who digs a pit for others falls into it.	چاہ کن را چاہ درپیش ۔
Dainties and plenty.	چپڑی اور دو دو ۔
Nearer the church farther from heaven.	چراغ تلے اندھیرا ۔
A fox should not be of a jury at a goose's trial.	چھوٹی بلی جلیبیوں کی رکھوالی ۔
A guilty conscience needs no accuser. A guilty mind is always suspicious.	چور کی ڈاڑھی میں تنکا ۔
Out of the frying pan into the fire.	چولھے سے نکلا پہاڑ میں گرا ۔
Wolves may lose their teeth but not their nature.	چور چوری سے جائے پر ھیرا پھیری سے نہ جائے۔

ح - خ

A fair face needs no paint.	حاجت مشاطہ نیست روئے زیبا را ۔
When the old cock crows the young cock follows.	خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ھے ۔

Curst cows have short horns.	خدا گنجے کو ناخن نہ دے -
An ape is an ape, and a varlet is a varlet, though they be clad in silk and scarlet.	خر عیسے اگر بمکہ رود چو بیاید هنوز خر باشد -
Pleasant hours fly fast.	خوشی کی گھڑیاں جلد گزر جاتی هیں -
	د
Money makes the mare go.	دام بنائے کام -
It is hard to live in Rome and fight with the Pope.	دریا میں رهنا اور مگر مچھ سے بیر -
Love begets love.	دل کو دل سے راہ هوتی ہے -
As long as there is life there is hope.	دنیا بہ امید قائم -
The hillocks look green that are far away.	دور کے ڈھول سہانے -
A friend in need is a friend indeed.	دوست وہ جو مصیبت میں کام آئے -
A burnt child dreads fire.	دودھ کا جلا چاچھ بھی پھونک پھونک کر پیتا ہے -
Too many cooks spoil the broth.	دو ملاؤں میں مرغی حرام -
Let us see which way the wind blows.	دیکھئے اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے -
Something is wrong at the bottom.	دال میں کچھ کالا کالا ہے -
Between two stools one cometh to the ground.	دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا -
A drowning man would catch at a straw.	ڈوبتے کو تنکے کا سہارا -

ر - ز

No sweat, no sweet. No pains, no gains.	رنج کے بغیر گنج نہیں -
The voice of people is the voice of God.	زبان خلق کو نقارہ خدا سمجھو -
Might is right.	زبردست کا جوتا سرپر -

س-ش

Everything looks pale to the jaundiced eye.	ساون کے اندھے کو ھرا ھی سوجھتا ھے -
Truth overcomes all.	سانچ کو آنچ نہیں -
Everybody's business in nobody's business.	ساجھے کی ھنڈیاں چوراھے میں -
To meet mishap at the very outset.	سر منڈاتے ھی اولے پڑے -
A cheap buyer takes bad meat.	سستا روئے بار بار مہنگا روئے ایک بار -
He giveth twice that giveth in a trice.	سخی سے شوم بھلا جو ترت دے جواب -
Slow and steady wins the race.	سہج پکے سو میٹھا ھو -
I ask for a fork and you bring me a rake.	سوال گندم جواب چنا -
A sleeping fox catches no poultry.	جو سووے سو کھووے -
Spend and God will send.	شکر خورے کو خدا شکر ھی دیتا ھے -

ص-ض

Necessity is the mother of invention.	ضرورت ایجاد کی ماں ھے -

ط

It is always the cat that did it.	طویلے کی بلا بندر کے سر پر -

ع-غ

A word to the wise.	عقلمند کو اشارہ ھی کافی ھے -
Pride hath a fall.	غرور کا سر نیچا -

ف-ق

Regal honours have regal cares.	فکر ہر کس بقدر همت اوست -
Penny and penny laid up will be many.	قطرہ قطرہ بہم شود دریا -
What cannot be cured must be endured.	قہر درویش برجان درویش -
Familiarity breeds contempt.	قدر کھو دیتا ھے ھر روز کا آنا جانا -

ک-گ

Two of a trade seldom agree.	کتے کا کتا بیری -
Birds of a feather flock together.	کند هم جنس باهم جنس پرواز - کبوتر با کبوتر باز با باز
Better alone than in bad company.	کوئلوں کی دلالی میں منہ کالا -
Do well and have well.	کر بھلا ھو بلا -
Do as you would be done by.	کردنی خویش آمدنی پیش -
Uneasy lies the head that wears the crown.	کوٹھے والا روئے چھپر والا سوئے -
The master's eye makes the mare fat.	کھیتی خصم سیتی -

The blind man is no judge of colours.	گنوار کیا جانے زعفران کا بھاؤ -
You must spoil before you spin.	گر کرھی سوار ھوا کرتے ھیں -
To swallow an elephant but strain at a gnat.	گڑ کھائیں گنگلوں سے پرھیز -
To nip the evil in the bud.	گربہ کشتن روز اول -
The mill cannot grind with the water that is past.	گیا وقت پھر ھاتھ آتا نہیں -
The prophet is seldom honoured in his own land.	گھر کا جوگی جوگنا باھر کا جوگی سدھ -
Dry bread at home is better than roast meat abroad.	گھر کی آدھی بھلی باھر کی ساری نہیں -

ل

You cannot kill a dog with a bone.	لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے -
Deeds are fruits, words are but leaves.	لڈو کہے منہ میٹھا نہیں ھوتا -
For a born fool there is no school.	لاکھ طوطے کو پڑھایا پر وہ حیوان ھی رھا -
It is looking for a thing when it is in the mouth.	لڑکا بغل میں ڈھنڈورا شہر میں -
Diamond cuts diamond.	لوھا لوھے کو کاٹتا ھے -

م

Easy come easy gone.	مال مفت دل بے رحم -
Ill got, ill spent.	مال حرام بود بجائے حرام رفت -
Borrowed feathers never fit.	مانگے کپڑے بدن پر پورے نہیں آتے
Riches have wings.	مایا کے پاؤں ھوتے ھیں -
An empty door will tempt even a saint.	مفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ھے -

Jest with an ass and he will flap you in the face with his tail.	منہ لگائے ڈومنی گائے تال بے تال ۔
Death devours the lamb as well as the sheep.	موت کے ہاتھ کمان کیا بوڑھا کیا جوان ۔
Death keeps no calendar.	موت کا کوئی اعتبار نہیں ۔
I stout, thou stout, who'll carry the water out.	میں بھی رانی تو بھی رانی کون بھرے گا پانی ۔
An uninvited guest is never welcomed.	مان نہ مان میں تیرا مہمان ۔
Death defies the doctor.	موت کا کوئی علاج نہیں ۔

ن

A bad workman quarrels with his tools.	ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا ۔
Blood is thicker than water.	ناخنوں سے گوشت علیحدہ نہیں کیا جا سکتا ۔
A light purse is a heavy curse.	ناداری سب عیبوں کا عیب ہے ۔
Poverty breeds strife.	ناداری جھگڑے کی جڑ ہے ۔
A good name is better than riches.	نام بڑا یا کام ۔
A cry in the wilderness.	نقار خانے میں طوطی کی کون سنتا ہے ۔
A bird in hand is worth two in the bush.	نو نقد نہ تیرہ ادھار ۔
What the eye sees not, heart rues not.	نہ کتا دیکھے نہ بھونکے ۔
When the sky falls we shall catch larks.	نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی ۔
Fair faces need no paint.	نہیں محتاج زیور کا جسے خوبی خدا نے دی ۔

A little knowledge is a dangerous thing.	نیم حکیم خطرہ جان -

و

They are all chips of the same block.	وہ سب ایک تھیلی کے چٹے بٹے ہیں -
Gone is the goose that laid golden eggs.	وہ دن گئے جب خلیل خاں فاختہ اڑاتے تھے -
A stitch in time saves nine	وقت پر کافی ہے قطرہ ابر خوش ہنگام کا جل گیا جب کھیت مینہ برسا تو پھر کس کام کا

ہ

All that glitters is not gold.	ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور -
Self-evident needs no proof.	ہاتھ کنگن کو آرسی کیا -
The grapes are sour.	ہاتھ نہ پہنچے تووہ کوڑی -
Rome was not built in a day.	ہتھیلی پر سرسوں جمانا -
Christmas comes but once a year.	ہر روز عید نیست کہ حلوہ خورد کسے -
God helps those who help themselves.	ہمت مرداں مدد خدا -
Death with friends is a festival.	ہمہ یاراں دوزخ ہمہ یاراں بہشت -
Reckon not your chickens before ther are hatched.	ہنوز دلی دوراست -
Coming events cast their shadows before.	ہو نہار بروا کے چکنے چکنے پات -

ی

It is hard nut to crack.	یہ ٹیڑھی کھیر ہے -

PART V

CONTINUED PASSAGES TRANSLATED

(From different University Papers)

مشق ۱۱۱

Ahmad's mother would get up early in the morning, say her prayers, bless Ahmad and then busied herself in her household affairs. She was a poor widow but she never lost heart. She worked hard all day long; she would grind flour and sew clothes Following the good example set by his mother, Ahmad, too, became gentle and diligent, and one day he made his mark in the world.

احمد کی ماں صبح سویرے اٹھتی ' نماز پڑھتی ' احمد کو دعا دیتی اور کام میں مصروف ہو جاتی - وہ ایک غریب بیوہ تھی - لیکن اس نے کبھی ہمت نہ ہاری - دن بھر محنت سے کام کرتی ' چکی پیستی ' کپڑے سیتی - ماں کی اچھی مثال سے احمد بھی ایک نیک اور محنتی لڑکا بن گیا اور ایک دن اس نے دنیا میں بڑا نام پیدا کیا -

مشق ۱۱۲

Nasir-ud-Din was a very kind hearted and a sincere king. He led a simple life; he had neither a maid nor a servant in his house. His

ناصرالدین ایک نہایت نیک دل اور سادہ بادشاہ تھا - اور سادگی کی زندگی بسر کرتا تھا - گھر میں نہ لونڈی تھی ' نہ نوکر - اس کی فرشتہ سیرت ملکہ خود اپنے ہاتھ

pious queen herself prepared meals to feed him. The king scribed the Holy Quran with his own hand and lived on its proceeds.

سے کھانا پکا کر کھلاتی تھی اور بادشاہ اپنے ھاتھ سے قرآن شریف اور کتابیں لکھ لکھ کر ان کی اجرت سے اپنی زندگی بسر کرتا تھا ۔

مشق ۱۱۳

Quaid-i-Azam was still a young boy when he kept on studying till late one night. His sister was sleeping in the adjoining room. Seeing light in his room, she got up. His sister said to him, "Are you still studying, Muhammad Ali?" Quaid-i-Azam replied, "Yes, if I do not study, how can I become a great man?"

قائد اعظم ابھی چھوٹے تھے کہ ایک رات بڑی دیر تک پڑھتے رہے ۔ ان کی بہن ساتھ کے کمرے میں سو رھی تھی ۔ ان کے کمرے میں روشنی دیکھ کر وہ اٹھ بیٹھیں ۔ بہن نے جا کر پوچھا : "محمد علی ! تم اب تک پڑھ رہے ھو ؟" قائد اعظم نے جواب دیا : "جی ھاں اگر میں پڑھوں گا نہیں تو بڑا آدمی کیسے بنوں گا ؟"

مشق ۱۱۴

Once an old farmer was planting trees in his field. King Naushirwan happened to pass by that way. The king said, "Old man, it will be long before these trees will bear fruit. Why do you labour so hard in planting them? You may die by

ایک بوڑھا کسان اپنے کھیت میں درخت لگا رھا تھا ۔ اتفاق سے نوشیرواں بادشاہ ادھر آ نکلا ۔ بادشاہ نے کہا ۔ "بڑے میاں ! یہ درخت تو بہت دنوں میں پھل لائیں گے ۔ تم ان کے لگانے میں اتنی محنت کیوں کرتے ھو؟ ان کے پھل دینے تک تو تم مر جاؤ گے" ۔ کسان نے جواب دیا ۔ "بادشاہ

the time they bear fruit." The farmer replied, "Your Majesty, our ancestors planted trees and we enjoyed their fruit, now we shall plant, so that our descendants my enjoy."	سلامت ! اگلے لوگوں نے درخت لگائے ہم نے پھل کھائے اب ہم لگائیں گے تو ہمارے بیٹے پوتے کھائیں گے - "

مشق ۱۱۵

A hunter laid out a net in a jungle. Crows, pigeons, doves and other birds of different kinds got entrapped in it. They said to one another, "Greed has thrown us in this trap. If all of us unite, we can get rid of this calamity." All the birds decided to make a joint effort and flew away with the net. "Union is strength."	ایک شکاری نے جنگل میں جال بچھایا اس میں مختلف قسم کے پرندے : کوے کبوتر ، فاختہ وغیرہ پھنس گئے - وہ ایک دوسرے سے کہنے لگے - "لالچ نے ہمیں پھنسا دیا ھے - اگر ھم سب اتفاق کر لیں تو اس مصیبت سے بچ سکتے ھیں " - سب پرندوں نے مل کر زور لگانے کا فیصلہ کیا اور جال کو لے کر اڑ گئے - "اتفاق میں بڑی برکت ھے " -

مشق ۱۱۶

Akbar could neither read nor write. He could not even sign his name. According to his orders, books were read out to him. His memory was so quick that in this way he gained much	اکبر نہ پڑھ سکتا تھا نہ لکھ سکتا تھا - وہ اپنے نام کے دستخط بھی نہ کر سکتا تھا - اس کے حکم کے مطابق اسکے سامنے کتابیں پڑھی جاتی تھیں - اسکی یاد داشت اتنی اچھی تھی کہ اس طرح اس نے بہت علم حاصل

knowledge. He could have an intelligent, talk with the scholars. He would like to spend the whole night with Abul Fazl, Faizi and other friends talking on philosophy and discussing religious theories.

کر لیا - علماء کے ساتھ وہ بڑی
خوبی کے ساتھ گفتگو کر سکتا تھا-
ابوالفضل - فیضی اور دیگر
دوستوں کے ساتھ فلسفہ اور
مذہبی گفتگو میں ساری رات
گذارنی پسند کرتا تھا -

مشق ۱۱۷

There was village near a river. There lived a grass-cutter. One day the son of the grass-cutter was tending his cows in the jungle. The cows went on grazing and the boy began to wander about. It occurred to him to have a look at the river. There was a railway bridge and the train would be coming shortly and he would enjoy the sight. When he reached there, he found that the bridge was on fire.

ایک دریا کے قریب ایک گاؤں
تھا - وھاں ایک گھسیارہ رھا
کرتا تھا ایک دن گھسیارے کا
لڑکا جنگل میں گائیں چرا رھا تھا -
گائیں تو چرتی رھیں اور لڑکا ادھر
ادھر پھرنے لگا - جی میں آئی کہ
دریا پر چلو وھاں ریل کا پل ھے -
تھوڑی دیر میں ریل آتی ھوگی -
اسکا تماشہ دیکھینگے - وھاں
پہنچا تو دیکھا کہ پل میں آگ
لگی ھوئی ھے -

مشق ۱۱۸

Some boys were playing near their village at the foot of a hill, when they saw

کچھ بچے اپنے گاؤں کے قریب
ایک پہاڑی کے دامن میں کھیل
رھے تھے کہ انہیں ایک عجیب

something very strange. It resembled a grain of wheat, but in size it looked like the egg of a hen. The children had neither seen nor heard of such a thing. On gazing at it, they thought about a hundred and one things. Some took it for a poisonous insect. Others thought it to be a bomb. At last they left it and went on their way.

و غریب شے دکھائی دی ، جس کی شکل و صورت گندم کے دانے جیسی تھی ، مگر جسامت میں مرغی کا انڈا معلوم ہوتا تھا - بچوں نے ایسی شے پہلے نہ کبھی دیکھی تھی نہ سنی تھی - اسلئے اسے دیکھکر وہ طرح طرح کے خیال دوڑانے لگے - کسی نے اس کو زہریلا کیڑا سمجھا اور کسی نے بم - آخرکار وہ اسکو چھوڑ کر چلے گئے -

مشق ۱۱۹

Once a camel was grazing in a jungle. His nose-string was trailing on the ground. A rat saw that camel and said to himself, "If I take hold of his rope he will be under my control." He caught the end of the rope in its teeth and began to walk in front of the camel. The rat walked on majestically, and said, "I am the first rat to lead a camel!"

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک اونٹ جنگل میں چر رہا تھا - اسکی نکیل اسکے ساتھ ساتھ زمین پر گھسٹ رہی تھی - ایک چوہے نے اس اونٹ کو دیکھا اور دل میں کہا کہ اگر میں اس کی رسی کو پکڑ لوں تو یہ اونٹ میرے قابو میں آ جائیگا - اسنے رسی کے سرے کو دانتوں میں اٹھا لیا - اور اونٹ کے آگے آگے چلنے لگا - چوہا بڑی شان سے آگے آگے چلا اور کہنے لگا میں پہلا چوہا ہوں جس نے کبھی کسی اونٹ کو پیچھے لگایا ہے !

مشق ۱۲۰

Once a thief got himself into a garden and set about filling his pockets with fruit. All of a sudden the owner of the garden came that way and catching hold of the thief said, "What brought you here in my garden ?" The thief replied, "My lord! the fact is that a violent storm has hurled me here. I did not come here of my own accord." "But why at all did you knock down the fauit ?" asked the master. "Dear sir, it is the same storm that dropped the fruit off the branches. I am not at fault." The moster said, "And, who, do you think, put these fruits into your pockets ?" The thief at once replied, " I swear by your head, that is what I am just wondering at."

ایک دفعہ ایک چور کسی باغ میں گیا اور پھلوں سے اپنے کوٹ کی جیبیں بھرنے لگا - اچانک باغ کا مالک وہیں آ نکلا اور چور کو پکڑ کر بولا ” تم میرے باغ میں کیوں آئے “ ؟ چور نے جواب دیا : ” حضور ! بات یہ ھے کہ ایک زبردست طوفان مجھے اڑا کر یہاں پھینک گیا - میں یہاں خود نہیں آیا “ - مالک نے کہا ” مگر تم نے پھل کیوں توڑے “ ؟ چور بولا ” حضور اسی طوفان نے ٹہنیوں کو جھٹکا دے کر پھل گرائے - اس میں میرا کوئی قصور نہیں “ مالک نے پھر پوچھا : ” لیکن یہ تو بتاؤ کہ یہ پھل تمہاری جیبوں میں کیسے چلے گئے “ ؟ چور نے فوراً کہا -” حضور ! مجھے آپ کی قسم ! میں بھی اسی وجہ سے حیران ہوں “ -

مشق ۱۲۱

A soldier was riding a dromedary. In the way he saw that a bush was on

ایک سپاھی سانڈنی پر سوار کہیں جا رھا تھا - راستے میں دیکھا کہ

fire and the fire was enveloping a black serpent. When the soldier gazed at the snake, it said : "Oh brave man I am quite helpless now. Be merciful. Have pity and save me from this calamity." The camel driver was a kind-hearted man. He forgot that the snake is enemy of the human race and does not spare a chance to attack. He helped the snake and saved its life.

ایک جھاڑی میں آگ لگ رہی ھے - اور ایک کالے ناگ کو چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ھے . جب سپاھی پر سانپ کی نگاہ پڑی تو اسنے کہا : اے بہادر انسانوں ! میں اس وقت لاچار ھوں - رحم کیجئے اور اس بلا سے بچا لیجئے - سانڈنی سوار رحمدل تھا - اسے یہ خیال نہ آیا کہ سانپ آدمی کا دشمن ھے - اور کبھی وار سے نہیں چوکتا - اس نے سانپ کی مدد کی اور اس کی جان بچا لی -

مشق ۱۲۲

Dr. Iqbal was a great man. He is the greatest Muslim poet of this century. His poetry gives a message of hope and success. His life was quite simple. He looked upon telling untruth and backbiting as great sins. He would never sell his opinion for any price. He loved loneliness from the

ڈاکٹر اقبال ایک بہت بڑے انسان تھے - آپ اس صدی کے سب سے بڑے مسلمان شاعر تھے - آپکی شاعری امید اور کامیابی کا پیغام دیتی ھے - آپکی زندگی بالکل سادہ تھی - جھوٹ اور غیبت کو بڑا گناہ سمجھتے تھے - اپنی رائے کسی قیمت پر فروخت نہ کرتے تھے - شروع ھی سے تنہائی پسند تھے - ان کا دروازہ ھر شخص کے لئے کھلا رھتا تھا - ھر ملاقاتی

very beginning. He was accessible to everybody.. He would chat with every visitor according to the latter's ability.

سے اس کی لیاقت کے مطابق گفتگو کرتے تھے -

مشق ۱۲۳

The pleader's life was very simple and noble. He always dressed himself in plain clothes, and took light meals. He never bought any cloth for himself and gladly put on whatever the servant brought for him. Since long, he had been taking meals once in the day at noon. In the evening, occasionally, he took a milk and *dalya*, else he was content with only a cup of tea and a couple of buscuits.

وکیل صاحب کی زندگی بڑی سادہ اور شریفانہ تھی - ہمیشہ سادہ لباس پہنتے - ہلکی غذا کھاتے - اپنے لئے کبھی خود کپڑا نہ خریدا - ملازم جو کپڑا لا دیتا اسے خوشی سے پہن لیتے - مدت سے کھانا صرف ایک وقت ، یعنی دوپہر کو کھاتے تھے - رات کے وقت کبھی کبھی دودھ اور دلیا کھا لیتے ، ورنہ عام طور پر صرف چائے کی ایک پیالی اور دو بسکٹوں پر قناعت کرتے -

مشق ۱۲۴

A man was writing a letter to his friend: Another friend of his was sitting beside. The friend went on reading all that he wrote. The writer took it ill, for there are certain confidential affairs as well. Last of all

ایک شخص کسی دوست کو خط لکھ رہا تھا - پاس ہی اس کا دوست بیٹھا تھا - جو کچھ یہ لکھتا تھا وہ پڑھتا جاتا تھا - لکھنے والے کو یہ برا معلوم ہوا کیونکہ کئی پردے کی باتیں ہوتی ہیں ، آخر اس نے یہ فقرہ لکھا اور ختم کر دیا : لکھنے کی

he finished the lettter with these words : "I have several things yet to write but a foolish friend is sitting close-by. He goes on reading whatever I jot down. So I shall be writing to you in detail later on." As soon as his foolish friend. read out this sentence, he felt ashamed and said, "Go on writing with pleasure ; I haven't read out anything." The writer said, " Is any proof required even now ?" We should never read the letters of others without permission.

کئی باتیں تھیں لیکن پاس ایک بیوقوف دوست بیٹھا ھے - جو میں لکھتا جاتا ھوں وہ پڑھتا جاتا ھے - مفصل حالات میں پھر آپ کو لکھونگا - اس کے کم عقل دوست نے جب یہ فقرہ پڑھا تو شرمندہ ھو کر کہنے لگا : شوق سے لکھئیے ' میں - کچھ نہیں پڑھا - لکھنے والے نے کہا : اب بھی کوئی ثبوت کی ضرورت ھے ؟ کبھی کسی کا خط بغیر اجازت نہ پڑھنا چاھئے -

مشق ۱۲۵

There lived a beggar in a certain village. The poor fellow earned his living by begging day and night. One day he could get nothing. He got tired and sat down in front of a house. The door of the house was bolted from inside, but he could hear the sound of baking of bread. He kept counting. The sound ceased

کسی گاؤں میں ایک فقیر رھتا تھا - بیچارہ دن رات بھیک مانگتا تب کہیں روٹی میسر آتی - ایک دن کچھ بھی نہ ملا تو تھک کر ایک مکان کے سامنے بیٹھ گیا دروازہ اندر سے بند تھا مگر روٹی پکنے کی آواز آرھی تھی اور وہ گنتا جا رھا تھا - جب دس تک گن چکا تو آواز بند ھو گئی اور ایک بد مزاج بوڑھی عورت نے دروازہ کھولا - فقیر نے کہا "مائی! دن بھر کا بھوکا ھوں"

after he ha1 counted up to ten and an old ill-tempered wom an opene1 the door. The beggar said, "Old lady, I have n t taken anythin g for the whole day, for God's sake give me a loaf of bread." The woman said, "Get awav. I have got no bread." The beggar said, "Old lady! you have just baked ten loaves of bread which are still hot." The woman was upset and said, "How do you know? You seem to be an astrologer!" Saying this she brought out two loaves forthwith and gave them to the beggar. The beggar blessed her and went away.

خدا کیلئے روٹی دے دد "! عورت کہنے لگی "چل' دور ہو - یہاں کوئی روٹی نہیں ہے"- فقیر نے کہا "مائی ! ابھی تو تم دس گرم گرم روٹیاں پکا کر آئی ہو"- عورت گھبرا کر بولی : "تمہیں کیسے معلوم ہو گیا ؟ تم نجومی معلوم ہوتے ہو"- یہ کہکر اس نے جھٹ دو روٹیاں نکال کر فقیر کو دے دیں اور فقیر دعائیں دیتا ہوا چلا گیا -

مشق ١٢٦

The tiny frog said to the g uest, "What a sweet voice you have! I hope you will attend our club today. We gather near a side of the old tank. It is quite close to the farmer's house. When the moon rises, we begin

ننھے مینڈک نے مہمان سے کہا : تمہاری آواز کتنی پیاری ہے ! میں امید کرتا ہوں کہ تم آج ہماری کلب میں آؤ گے - ہم پرانے تالاب کے کنارے پر بیٹھتے ہیں - یہ جگہ کسان کے گھر کے بہت نزدیک ہے - جب چاند نکلتا ہے، ہم اپنا اپنا راگ

our music. The people do not sleep all the night long. They listen to our music and enjoy it. They grow restless if we stop singing even for a short time. We have great regard for our neighbours. We begin to croak again in order to please them.

شروع کر دیتے ھیں-لوگ تمام رات جاگتے ھیں اور ھمارا گانا سنتے ھیں اور خوش ھوتے ھیں - اگرھم چند منٹ کے لئے خاموش ھو جائیں تو وہ بڑے بیچین ھو جاتے ھیں ھمیں ھمسایوں کا خیال کرنا ھی پڑتا ھے - انہیں خوش کرنے کے لئے ھم ٹرانا شروع کرتے ھیں -

مشق ۱۲۷

The young fisherman would go every evening to the sea and cast his net. When the wind blew from the land he would not get any fish. When the wind blew from the sea, many fish would come floating over and were caught in the net. He would take them to the market to sell. One evening the net bacame so heavy that he could not raise it up. He pulled it with all his might but the string instead of coming to him went backward again. At last the strings seemed to dag him into the sea. Atr

جوان ماھی گیر ھر شام کو سمندر کے کنارے جاتا اور پانی میں اپنا جال ڈال دیتا-جب خشکی کی طرف سے ھواچلتی اسے شکار نہ ملتا اور اگر ملتا بھی تو بہت تھوڑا - مگر جب ھوا سمندر کی طرف سے چلتی، تو مچھلیاں تیرتی ھوئی آتیں اور جال میں پھنس جاتیں وہ انہیں منڈی میں لیجاتا اور بیچ ڈالتا - ایک شام جال اتنا بھاری ھوگیا کہ اس کا کھینچنا مشکل ھوگیا - اس نےاپنا سارا زور لگایا مگر رسی بجائے آگے کی طرف آنے کے پیچھے کی طرف جاتی - آخر کار اس نے ماھی گیر

this the fisherman was so up. set that he ran away leaving his net in the sea.	کو کھینچنا شروع کردیا ۔ اس پر ماھی گیر بہت گھبرایا اور رسی چھوڑ کر بھاگ گیا ۔

مشق ۱۲۸

An old military officer who has passed forty years of his life in South-West Africa has recently written a book on Africa in which he has related some very interesting things. A certain part of South Africa is inhabited by seven savage tribes who are ruled by a woman of white race. It is reported by old people that the woman is about two hundred years old. She lives in a cave. Common people have never seen her, but chiefs of the tribe wait upon her and carry out her orders. The author of the book was eager to see the cave. People promised to let him accompany them. When it was night, they came to take him with them. When they entered the cave, they began to beat	انہی دنوں ایک بوڑھے فوجی افسرنے جو اپنی عمر کے چالیس سال جنوب مغربی افریقه میں بسر کر چکا ھے ۔ افریقه کے متعلق ایک کتاب لکھی ھے ' جسمیں اس نے بعض نہایت دلچسپ باتیں ھیں ۔ جنوبی افریقه کے ایک علاقے میں کوئی سات وحشی قبیلے رھتے ھیں ۔ جن پر گورے رنگ کی ایک عورت حکمرانی کرتی ھے ۔ بڈھے لوگوں کی زبانی سنا گیا ھے که اس عورت کی عمر کوئی دو سو سال ھوگی ۔ وہ ایک غار میں رھتی ھے ۔ عام لوگوں نے اسے کبھی نہیں دیکھا البته قبیلوں کے سردار اسکی خدمت میں حاضر ھوتے ھیں اور اسکا حکم بجالاتے ھیں ۔ کتاب کے مصنف کو غار دیکھنے کا شوق ھوا ۔ لوگوں نے اسے اپنے ساتھ لیجانے کا وعدہ کیا ۔ رات ھوئی تو اسے لینے آئے ۔ غار میں داخل ھوئے

the drum and dance in tune with.	تو لوگوں ۔ ڈھول بجانا شروع کیا اور ڈھول کی آواز پر ناچنے لگے ۔

مشق ۱۲۹

Long long ago, a boy lived in a certain village. When he grew up a little he cherished a desire to have religious education. His mother was too glad to hear it. She sent him to Baghdad for acquiring the desired education. On the eve of his departure his mother said to him, "My darling! Always try to speak the truth." The boy accompanied a caravan bound for Baghdad. The caravan was attacked by a gang of dacoits on the way and all the goods were looted. One of the dacoits said to the boy, "How much cash do you have with you ?" The boy replied, "I have forty dinars with me." The dacoits did not believe his words and took him to his chief. The chief put to him	بہت مدت ہوئی کسی گاؤں مین ایک لڑکا رهتا تھا ۔ جب یه ذرا بڑا ھوا تو اس نے دینی تعلیم حاصل کرنے کی خواهش ظاهر کی۔ اسکی ماں یه سن کر بڑی خوش ھوئی ۔ اس نے اسے تعلیم کے لئے بغداد بیهج دیا۔ جاتے وقت ماں نے اسے کہا۔ کہ بیٹا همیشه سچ بولنا ۔ لڑکا بغدا جانے والے ایک قافله کے ساتھ هو لیا ۔ راستے میں ڈاکوؤں کے ایک گروه نے قافله کو روک لیا اور سارا مال لوٹ لیا ۔ ایک ڈاکو نے لڑکے سے پوچھا بتاؤ تمہارے پاس کتنی نقدی ھے لڑکے نے جواب دیا میرے پاس چالیس اشرفیاں ھیں ۔ ڈاکو کو یقین نه آیا ۔ وه اسے اپنے سردار کے پاس لے لیا ۔ سردار نے بھی

the same question. The boy again gave the same answer and placed the dinars before him saying, "My mother had advised me at the time of departure not to tell a lie."

وھی سوال کیا- لڑکے نے پھر وھی جواب دیا اور اشرفیاں نکال کر اس کے سامنے رکھدیں - اور کہا کہ میری ماں نے چلتے وقت مجھے سچ بولنے کی ھدایت کی تھی -

مشق ۱۳۰

Newton was a noble man. In spite of his being a great scholar, he had not the least pride in him. He was so gentle that he never flew into a rage. He had a lovely dog. Once Newton was out at night and a candle was burning on a table in his room. Suddenly the dog jumped on the table and the burning candle fell on it. All the papers, which Newton had written after a hard labour of several years, were burnt. But on his return he did not get angry with the dog and with these words he sat down quietly, "O dog, you little know what harm you have done to your master!"

نیوٹن بڑا نیک آدمی تھا - باوجود اتنا عالم ھونے کے اس میں ذرا تکبر نہ تھا - اسکی طبیعت ایسی نرم تھی کہ اسے غصہ کبھی آتا ھی نہ تھا - اسکے پاس ایک پیارا کتا تھا - ایک دفعہ رات کے وقت نیوٹن باھر گیا ھوا تھا - اور اس کے کمرے میں بتی جل رھی تھی - یک بیک کتا میز پر اچھل پڑا اور جلتی ھوئی بتی میز پر گر گئی- نیوٹن کے وہ کاغذات جو اس نے کئی سالوں کی سخت محنت سے لکھے تھے، جل گئے - لیکن واپس آ کر وہ کتے سے بالکل ناراض نہ ھوا اور صرف اتنا کہا کہ اے کتے ! تجھے کیا خبر ھے کہ تو نے اپنے مالک کا کس قدر نقصان کیا ھے!" اور چپ چاپ بیٹھ گیا-

مشق ۱۳۱

In olden days there lived a merchant in Smyrna. He had only one son who was very fond of study from his very childhood. When the father saw that the child was so hungry for knowledge he paid due attention to his education. He managed to get most capable teachers for him. He sent him to the best schools and provided him with the best books, with the result that the son of the merchant grew up to be a capable scholar, well versed in arts of the time. When the king came to know of his learning he appointed him Assistant Qazi of the city. In those days it was a custom with every shop-keeper to give short weight. The Assitant Qazi decided to save the public from this great nuisance.

پرانے زمانے میں سمرنا میں ایک سوداگر رھتا تھا - اسکا ایک بیٹا تھا جسے بچپن ھی سے پڑھنے لکھنے کا بے حد شوق تھا - باپ نے دیکھا کہ بیٹا پڑھنے کا شوقین ھے - تو اس نے بھی اسے پوری توجه سے پڑھایا لکھایا - اسے اچھے اچھے استادوں کے پس بھیجا - اچھے اچھے مدرسوں میں تعلیم دلائی اور اچھی سے اچھی کتاب اس کے لئے مہیا کی- نتیجه یه ھوا که جوان ھونے تک سوداگر کا بیٹا اس زمانے کے اکثر علوم میں ماھر ھو گیا - اسکے علم کی شہرت بادشاہ تک پہنچی تو بادشاہ نے اسے شہر کا نائب قاضی مقرر کر دیا - اس شہر میں ایک عجیب وبا پھیلی ھوئی تھی اور وہ یہ تھی کہ شہر کا ھر دوکاندار کم تولتا تھا نائب قاضی نے طے کیا که طرح جس بھی ھوگا شہر کو اس وبا سے نجات دلائے گا -

مشق ۱۳۲

The first man addressed the Qazi and said, "Sir, some time ago this man wanted to borrow 50 gold coins of me. Thinking that a friend in need is a friend indeed, I lent him the required sum on the condition that he would return it by the 15th of the next month. He agreed to my terms but when the appointed day came, he began to make excuses promising on each occasion that the loan would be paid back in the near future. I kept quiet, but when I pressed him hard to pay the debt, he flatly refused to do so. I have therefore brought him before you. It is true that, at the time of lending him the money, there were no witnesses. I

پہلے شخص نے قاضی سے مخاطب ہو کر کہا : "جناب عالی کچھ عرصہ ہوا کہ اس شخص نے مجھ سے پچاس اشرفیاں ادھار مانگیں - میں نے یہ سمجھکر کہ دوست وہی ہے جو مصیبت میں کام آئے، اشرفیاں اسے دے دیں - شرط یہ تھی کہ ماہ آئندہ کی پندرہ تک مجھے ادا کر دے - اس نے میری شرط منظور کر لی - مگر جب وہ تاریخ آئی تو بہانے کرنے لگا ، آج دونگا کل دونگا - میں بھی خاموش رہا - جب میں نے قرض کی ادائیگی پر زور دیا تو اس نے صاف انکار کر دیا - اسلئے میں نے اسے آپکی خدمت میں لا کر حاضر کر دیا ہے - یہ بات درست ہے کہ اشرفیاں دیتے وقت میں نے کسی کو گواہ نہیں بنایا تھا - اب میں پ سے درخواست کرآتا ہوں کہ اسے حکم دیا جائے کہ یا تو قرضہ فوراً ادا کرے یا حضور

request you to order him either to pay the debt immediately or take an oath in your presence that he has already paid it up. I am an honest business man and it is on account of my honesty alone that I have earned so much wealth.

کے سامنے حلف اٹھائے کہ میں اشرفیاں واپس دے چکا ہوں ۔ میں ایک دیانتدار تاجر ہوں ۔ دیانتداری کی وجہ سے ہی میں نے تجارت میں اسقدر دولت حاصل کی ہے ۔

مشق ۱۳۳

It was strange that the train was due to reach the station at four and I had been waiting for it since then; but the train did not arrive. The signal was lowered at four and everyone who looked at it thought that the train would reach in no time. People cast their looks to the direction in which it appeared ascending the hill. After a while one got up and glanced anxiously but there was silence again. A few Pathans, sitting in a circle, were smoking pipe. I said to one of them, "When is the train arriv-

عجیب بات تھی کہ گاڑی اسٹیشن پر چار بجے پہنچتی تھی اور میں تین بجے سے اس کا انتظار کر رہا تھا ۔ مگر گاڑی نہ آئی ۔ چار بجے سے سگنل ڈاؤن تھا اور دیکھنے والا یہی سوچتا تھا کہ چند منٹوں میں گاڑی پہنچ جائیگی ۔ لوگوں کی نظریں بار بار اس سمت کو اٹھتی تھیں جہاں وہ پہاڑوں پر چڑھتی ہوئی نظر آیا کرتی تھی ۔ تھوڑی دیر کے بعد کوئی شخص اٹھکر غور سے دیکھتا ۔ لیکن پھر خاموشی چھا جاتی ۔ چند پٹھان حلقے میں بیٹھے حقہ پی رہے تھے ۔ میں نے ان میں سے ایک کو پوچھا : ”گاڑی کب آئیگی“۔ پہلے تو اس نے مجھے نیچے سے اوپر تک دیکھا اور پھر منہ موڑ لیا ۔ ”گاڑی کب آئیگی“ یہ سوال

ing?" At first he looked at me from head to foot and then turned his face. "When is the train arriving" was the question in every person's mind; but no one could say when it was coming.

مگر کوئی یہ نہیں کہہ سکتا
شاید ہر آدمی کے دماغ میں تھا -
تھا کہ گاڑی کب آئیگی -

مشق ۱۳۴

There is a definite rule for every work. These games, too, have rules and regulations fixed for them. Every member of the team is required to abide by these honestly. This is the thing which makes one a real man. If a dispute arises in these games umpire has to settle it. His decision is considered to be the law which nobody dare break. Government administration also depends on this principle. If every individual is allowed to act according to his own free will, and defy the laws of the Government, it is difficult to run the administration. Without law no peace and true freedom can be maintained.

ہر کام کے کرنے کے لئے ایک قاعدہ ہوتا ہے - ان کھیلوں کے بھی ضابطے اور قاعدے مقرر ہیں - ٹیم کے ہر ایک ممبر کا فرض ہے کہ وہ ایمانداری کے ساتھ ان کی پابندی کرے اور یہی وہ بات ہے جو انسان کو صحیح انسان بناتی ہے - ان کھیلوں میں اگر کوئی جھگڑا ہو جائے تو اس کا فیصلہ امپائر کرتا ہے - اسکا فیصلہ گویا قانون کا حکم رکھتا ہے جسے توڑنے کی کوئی جرأت نہیں کرتا - حکومت کا دار و مدار بھی اسی پر ہے اگر ہر شخص اپنی ہی رائے پر چلے اور حکومت کے احکام کو نہ مانے تو پھر سلطنت کے کاروبار کسطرح چلیں ؟ قانون کے بغیر نہ امن قائم رہ سکتا ہے اور نہ صحیح آزادی -

مشق ۱۳۵

In 1861 Sir Syed set up an English School at Muradabad. In those days he was convinced that it was quite essential for the Muslims of India to be well versed in the Western Sciences along with their religious education. It so happened in 1869 that the Government of India sanctioned a stipend for the late Mr. Justice Mahmood for obtaining Western education in England. Sir Syed was seeking an opportunity to go to England and see for himself the educational institutions there. So he accompanied his son, Mr. Mahmood, and studied minutely the educational system of that country. In those days, he resolved that somehow or other he must establish a college for the Muslims that would not be inferior to the colleges of Oxford and Cam-

سن ۱۸۶۱ میں سر سید نے ایک انگریزی سکول مراد آباد میں قائم کیا - انہی دنوں میں آپکو اس امر کا پورا پورا یقین ہو گیا کہ ہندوستان کے مسلمانوں کے لئے یہ نہایت ضروری ہے کہ وہ اپنی مذہبی تعلیم کے ساتھ مغربی علوم کے بھی بخوبی ماہر ہوں - سن ۱۸۶۹ میں ایسا اتفاق ہوا کہ گورنمنٹ ہند نے مسٹر جسٹس محمود (مرحوم) کوانگلستان جا کر تعلیم حاصل کرنے کے لئے وظیفہ دینامنظور کیا- سرسید کی خواہش تھی کہ کوئی موقع ملے تو انگلستان جا کر اپنی آنکھوں سے وہاں کی درسگاہوں کے حالات دیکھیں - اپنے فرزند مسٹر محمود کے ہمراہ ہو لئے - اور وہاں کے تعلیمی حالات کو بہت غور سے ملاحظہ فرمایا - انہی ایام میں یہ پکا ارادہ کر لیا کہ جس طرح سے بن پڑیگا وہ مسلمانوں کے لئے ایک کالج قائم کرینگے - جو کسی طرح بھی آکسفورڈ اور کیمبرج کی یونیورسٹیوں کے کالجوں سے کم نہ ہوگا - ہندوستان واپس آ کر ان

bridge Universities in any case. On returning to India he always cherished the idea of establishing a college.

کے دل میں کالج قائم کرنیکا خیال هر وقت موجود رها -

مشق ۱۳۶

At last Babar gave up all hope of recapturing his kingdom and resolved to try his luck in Kabul. In short he left his country and determined to found a new kingdom in Kabul. He had to face no difficulty in this, because his small army conquered Kabul very soon. Like his own country the fruits were in abundance in Kabul. Even now Kabul is famous for grapes and melons and Babar has made a mention of the fauna and flora of this country in his *Memoirs*. Babar was always very fond of gardens, and in Kabul, like other regions, he laid out gardens to enjoy cool atmosphere.

آخر بابر نے اپنی بادشاهت واپس لینے کی کل امید چھوڑ دی - اور کابل میں اپنی قسمت آزمائی کی ٹھان لی - الغرض اس نے اپنے ملک کو چھوڑ دیا اور کابل میں نئی بادشاهت قائم کرنیکا مصمم اراده کر لیا - اس میں اسے کوئی دقت پیش نه آئی - کیونه جلد هی اس کی قلیل فوج کے سامنے کابل زیر هو گیا - اس کے اپنے ملک کی طرح کابل میں پھلوں کی بہتات تھی - آجکل بھی کابل کے انگور اور خربوزے مشہور هیں - اور بابر نے اپنی سرگزشت میں ان کا اور اس جگه کے پرندوں ، درندوں اور پھولوں کا بھی ذکر کیا هے - بابر کو همیشه باغیچوں کا ازحد شوق رها - اور کابل میں دیگر خطوں کی مانند اس نے ٹھنڈی هوا کا لطف اٹھانے کے لئے باغیچے لگوائے -

مشق ۱۳۷

It is a pity that we have no fixed time even for taking our meals. The whole of the Western world takes its meal at a particular time. Every Englishman whether rich or labourer has fixed hours for meals. If a guest calls at his house, he will get his meals at the same particular time. He may get angry or feel humiliated but nobody will ask him to take his meal either before or after the appointed time. But in our country guests are being entertained at all times, whether it is day or night and in all seasons. This example shows that our life has no principle. For when one is not punctual in taking his meals even, then how can he be expected to be fair in performance of other affairs of life ?

افسوس کی بات ھے کہ ھمارے کھانے کے اوقات بھی مقرر نہیں - تمام مغربی دنیا میں ایک ھی وقت پر کھانا کھاتے ھیں - انگریز امیر ھو خواہ مزدور انکے کھانا کھانے کا ایک مقرر وقت ھے - اگر کوئی مہمان آجائے تو مقرر وقت پر ھی اسکو کھانا ملے گا - اس سے پہلے یا بعد کوئی بھی اسکو کھانے کی درخواست نہیں کریگا - خواہ وہ ناراض ھو یا اپنی ھتک سمجھے - ھمارے ملک میں رات ھو یا دن، وقت ھو یا بیوقت مہمان نوازی ھوتی رھتی ھے - اس مثال سے معلوم ھوتا ھے - کہ ھماری زندگی بے اصول ھے - جو شخص کھانے میں وقت کا پابندی نہیں اس سے امید نہیں کی جا سکتی کہ وہ زندگی کے دوسرے معاملات میں وقت کی پابندی کا خیال رکھیگا -

مشق ۱۳۸

Books are a wonderful blessing. When clouds of grief and sorrow sadden our lives, they encourage us in sweet words like a true friend. When friends and relatives desert us on account of our misfortunes, they prove faithful, and encourage us and teach us to overcome obstacles by courage and perseverance. These are essence of man's vast experience and wisdom, and his most valuable inheritance. It is true that all books are not good. Some of them are more poisonous than a snake and more dangerous than a scorpion. We should avoid them as far as possible. We should exercise care and wit in selecting them.

کتابیں بھی عجیب نعمت ھیں - جب رنج و الم کے بادل ھماری زندگی کو تاریک کر دیتے ھیں تو یہ ایک سچے دوست کی طرح شیریں الفاظ سے ھماری ڈھارس بندھاتی ھیں - جب احباب اور رشتہ دار ھماری بدبختی کی وجہ سے منہ موڑ لیتے ھیں تو یہ ھمارا ساتھ نہیں چھوڑتیں - ھمارا حوصلہ بندھاتی ھیں - ھمت اور استقلال سے مشکلات پر غالب آنے کا سبق دیتی ھیں - یہ انسان کی ھزاروں سال کی دانائی اور تجربے کا نچوڑ ھیں - اور ان کا بیش قیمت ورثہ - یہ درست ھے کہ تمام کتابیں اچھی نہیں ھوتیں - بعض تو سانپ سے زیادہ زھریلی اور بچھو سے زیادہ خطرناک ھیں - ان سے بچنا واجب ھے - کتابوں کے انتخاب میں عقل و احتیاط سے کام لینا چاھئے -

مشق ۱۳۹

After Mahmoud's death his kingdom lasted for about a century. The Punjab was annexed to Gazni. Many Muslims besides the officials settled in the Punjab to carry on trade or some other vocation of life. The Muslims spoke a language quite different to that of the native inhabitants. A common language was quite essential to a close contact. This common language was Urdu.

محمود کے مرنے کے بعد اسکی سلطنت تقریباً ایک صدی تک رہی۔ پنجاب غزنی کا صوبہ بن گیا۔ سرکاری ملازموں کے علاوہ اور بہت سے مسلمان تجارت، کاروبار اور دوسری ضروریات کے باعث پنجاب میں آباد ہوگئے۔ مسلمانوں کی زبان کچھ اور تھی اور یہاں کے باشندوں کی کچھ اور۔ دونو قوموں کو ایک دوسرے کے نزدیک لانے کے لئے ایک مشترکہ زبان کا ہونا لازمی تھا تاکہ وہ ایک دوسرے کی زبان سمجھ سکیں۔ یہ مشترکہ زبان اردو تھی۔

مشق ۱۴۰

Today science is growing very popular. Such wonderful inventions are made these days that we are confounded. Science has brought about many changes in our way of living. The work, that took us months and weeks to complete; can now be done in a few days and hours. Now we realise the

آجکل سائنس کا ہر جگہ چرچا ہے۔ آئے دن ایسی ایجادیں ہوتی ہیں کہ عقل حیران رہ جاتی ہے۔ سائنس نے ہماری طرز زندگی میں بہت سی تبدیلیاں کر دی ہیں۔ جوکام ہم پہلے مہینوں اور ہفتوں میں کیا کرتے تھے اب وہی دنوں اور گھنٹوں میں ہو جاتا ہے۔ ہمیں وقت کی قدر معلوم ہو گئی ہے۔ مشینوں کی ایجاد سے تھوڑے وقت میں بہت

value of time. With the invention of machines we can do a lot of work in a very short time. Besides convenience, the greatest advantage of machinery is, that we get enough of leisure for recreation.

سا کام کر لیتے ھیں - اسکا بڑا فائدہ یہ ھے کہ سہولت کے علاوہ ھمیں فراغت ھو جاتی ھے کہ ھم تفریح کے لئے کچھ وقت نکال سکیں -

امتحانی مشق

مشق ۱۳۱

گائے

گائے ایک پالتو[1] جانور ہے - یہ قریباً دنیا کے ہر ایک ملک میں ملتی ہے - اگر یہ کہا جائے کہ یہ دنیا کا سب سے مفید جانور ہے تو اس میں کوئی مبالغہ[2] نہیں - دنیا میں بعض ایسے لوگ بھی ہیں جو گائے کی پوجا[3] کرتے ہیں - اور اس کی وجہ اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ یہ ایک مفید جانور ہے - قدیم[4] زمانے کے لوگ ہر اس چیز کی تعظیم[5] کرتے تھے جو کسی نہ کسی لحاظ[6] سے کار آمد ہوتی تھی - اسی طرح ریگستان کے خانہ بدوش[7] صحرائی قبیلوں[8] کی تمام ضرورتیں اونٹ پوری کرتا ہے - اور ایک زرعی[9] ملک میں کاشت کاروں کی زندگی کا دارو مدار[10] گائے اور بیل پر ہے - گائے کا دودھ تمام انسانی[11] خوراکوں سے بہتر خوراک ہے - اور اس میں وہ تمام اجزا موجود ہیں - جو بچوں، بوڑھوں اور جوانوں کی صحت اور نشوو نما کے لئے ضرور ہیں -

Vocabulary

1. Domestic. 2. Exaggeration. 3. Worship. 4. Ancient. 5. Respect. 6. In some way or other. 7. Nomadic. 8. Tribes of the desert. 9. Agricultural country. 10. Depend upon. 11. Human food.

مشق ۱۴۲

کتا

تمام پالتو جانوروں میں زیادہ مشہور[1] کتا ہے - یہ قد[2] ' رنگ اور شکل و شباہت[3] میں مختلف[4] ہوتا ہے - سب چیزیں جو انسان کی خوراک ہیں ' یہ کھا لیتا ہے - گوشت اور ھڈیاں اس کا من بھاتا کھاجا[5] ہیں - جنگلی کتے بہت خونخوار[6] ہوتے ہیں - لیکن انہیں آسانی سے سدھایا[7] جا سکتا ہے - یہ بہت کار آمد جانور ہے - مالک کے مکان کی نگرانی[8] کرتا ہے - اور شکار کرنے میں استعمال ہوتا ہے - سرد ملکوں میں یہ برفانی گاڑیاں[9] کھینچتا ہے - گڈریوں کے کتے بھیڑوں کی نگرانی[10] کرتے ہیں - بلکہ انہیں ھانک کر ایک چراگاہ[11] سے دوسری چراگاہ میں لے جاتے ہیں - بعض کتے پیغام رسانی[12] کا کام سر انجام دیتے ہیں - اور ایک خاص[13] قسم[14] ایسی بھی ہے جو چوروں کی سراغ رسانی[15] میں مدد دیتی ہے -

Vocabulary

1. Popular. 2. Size. 3. Shape. 4. Vary. 5. Favourite food. 6. Fierce. 7. Tame. 8. Watches. 9. Sledges. 10. Look after. 11. Pasture. Meadow. 12. Carry messages. 13. Particular. 14. Variety. 15. Tracking.

مشق ۱۴۳

کوا

ھمارے ملک میں شاید ھی کوئی ایسا لڑکا ہوگا جو کوے کو نہ جانتا ہو - یہ پاکستان میں عام[1] ملتا ہے - یہ اناج اور سبزی کے علاوہ پھل - کیڑے مکوڑے اور جانوروں کا گوشت بھی کھا جاتا ہے - یہ تمام دن ادھر آدھر پھد کتا[2] رہتا ہے -

تا کہ جو کچھ ملے اسے ھڑپ کر جائے۔ یہ بہت سویرے اٹھنے کا عادی ھے۔ اور پو پھٹنے[3] سے پہلے ھی اس کی کائیں کائیں ھمارے کانوں میں سنائی دیتی ھے۔ یہ بڑا ھوشیار[4] جانور ھے۔ اور اسے پکڑ لینا کوئی آسان کام نہیں۔ معمولی اشارے[5] کو سمجھ جاتا ھے۔ اور آن کی آن میں اڑ جاتا ھے۔ اور جب دیکھتا ھے کہ ڈر کی کوئی بات نہیں تو پھر اسی جگہ آ موجود ھوتا ھے۔ یہ لالچی[6] بھی ھے اور چور بھی۔ جونہی تم پیٹھ موڑو[7] یہ اڑ کر نیچے آجاتا ھے۔ اور گھی، مکھن یا روٹی کا ٹکڑا جو کچھ بھی ملے چرا کر اڑ جاتا ھے۔ یہ مکار[8] بھی ھے اور دلیر[9] بھی۔ چھوٹے بچوں کے ھاتھوں سے مٹھائی اور روٹی چھین لینا[10] اس کے بائیں ھاتھ کا کرتب ھے۔ یہ کسی حد تک مفید بھی ھے۔ کیونکہ مردار اور گلی سڑی[11] چیزوں کو کھا جاتا ھے۔

Vocabulary

1. Common. 2. Hops. 3. Break of dawn. 4. Intelligent. 5. Slightest gesture. 6. Greedy. 7. Turn your back. 1. Cunning. 9. Courageous. 10. Snatch. 11. Rotten.

مشق ۱۴۴

گدھا

یہ دنیا کا سب سے بدقسمت[1] جانور ھے۔ یہ بوجھ اٹھانے[2] اور گاڑیاں کھینچنے[3] کے کام آتا ھے۔ بعض ملکوں میں اس پر سواری بھی کرتے ھیں۔ اور اس سے ھل چلانے اور رھٹ[4] کھینچنے کا کام بھی لیتے ھیں۔ اس کی خوراک کے لئے زیادہ تردد[5] کی ضرورت نہیں۔ جو کچھ ملے کھا جاتا ھے۔ اس کے باوجود مالک کی لاٹھیاں[6] کھاتا ھے اور گالیاں سنتا ھے۔ کہتے ھیں یہ بہت بیوقوف ھے۔ اس

لئے ہر اس آدمی کو جس میں عقل کی کمی[7] ہو گدھا کہتے ہیں - کس قدر افسوس کا مقام[8] ہے کہ انسان ایک صبر[9] کرنے والے جانور کے ساتھ اتنا برا سلوک کرتا ہے - یہی ایک جانور ہے جو سب سے کم کھاتا ہے اور سب سے زیادہ کام کرتا ہے - اس کی قیمت کم ہوتی ہے- اس لئے ہر آدمی خریدنے کی استطاعت[10] رکھتا ہے - سچ تو یہ ہے کہ ہر چیز جو سستی ہو اس کی قدر نہیں ہوتی -

Vocabulary

1. Unlucky. 2. Load. 3. Drive. 4. Persian-wheel. 5. Efforts. 6. Is beaten. 7. Lack intelligence. 8. It is a pity. 9. Patience. 10. Afford.

مشق ۱۴۵

گیہوں

یہی وہ پودا ہے جس کے لئے آدم کو جنت[1] سے نکلنا پڑا - یہ انسانوں ، حیوانوں اور پرندوں کی مشترکہ[2] خوراک ہے - اور دنیا کی اکثریت[3] کی خوراک یہی ہے - یہ زرخیز زمین[4] میں پیدا ہوتا ہے - اور اسے خشک آب و ہوا[5] کی ضرورت ہوتی ہے - گرم اور مرطوب[6] آب و ہوا اسکی جانی دشمن ہے[7] - پنجاب کی زمین اسکی پیداوار کے لئے بہت موزوں[8] ہے - اور قدیم زمانے سے پنجاب کے کسان کو دنیا کا ان داتا[9] کہا جاتا ہے - مگر افسوس کہ آج وہی پنجاب جو ہندوستان کا سب سے بڑا اناج گھر[10] تھا ، دوسرے ملکوں کے آگے گیہوں حاصل کرنے کے لئے ہاتھ پھیلا[11] رہا ہے - اناج کی کمی کی کئی وجوہ ہیں - لیکن ان تمام باتوں کی ذمہ داری[12] حکومت پر عائد[13] ہوتی ہے - کیونکہ یہ حکومت کا

پہلا فرض ہے کہ وہ اپنی رعایا کے لئے خوراک اور کپڑے کا بندوبست کرے۔

Vocabulary

1. Heaven, Paradise. 2. Common. 3. Majority. 4. Fertile soil. 5. Dry climate. 6. Damp. 7. Mortal enemy. 8. Suitable. 9. Provider of food. 10. Chief granary. 11. Is begging. 12. Responsibility. 13. Lies.

مشق ۱۳۶

کسان

ہماری سوسائٹی کا سب سے زیادہ مفید1 فرد کسان ہے۔ یہ نہایت ہی چست2 اور سادہ زندگی بسر کرتا ہے۔ جب کبھی تم اسے دیکھو گے تم اسے کسی نہ کسی کام میں مصروف3 پاؤ گے۔ تمام دنیا سے پہلے اٹھتا ہے۔ اور سب سے آخر چار پائی پر لیٹتا ہے۔ آرام اور راحت اس کے لئے نہیں بنائی گئی4 اور بعض اوقات تو اسے آرام سے بیٹھ کر کھانا بھی نصیب نہیں ہوتا۔ مگر افسوس ہے کہ اتنی محنت کے باوجود اسے دو وقت کی روٹی بھی5 میسر نہیں ہوتی۔ مگر وہ اپنی غریبی میں مست6 ہے۔ اور کبھی اس کی زبان سے شکایت7 کا حرف نہیں نکلتا۔ کہتے ہیں کہ یہ بڑا قدامت پسند8 ہے مگر کیا کرے غریب کے پاس اتنا پیسہ ہی نہیں کہ وہ دنیا کے ساتھ چل سکے۔ اگر تم محنت، صبر، سادگی9 اور قناعت10 کا سبق حاصل کرنا چاہو تو کسان سے حاصل کرو۔

Vocabulary

1. Useful member. Active. 3. Busy. 4. He knows no rest and comfort. 5. Can hardly make both ends

meet. 6. Contented with his lot. 7. Complaint. 8. Conservative. 9. Simplicity. 10. Contentment.

مشق ۱۳۷

آندھی

گرم ملکوں میں اکثر آندھیاں[1] آتی رہتی ہیں - بعض اوقات یہ آندھیاں بہت خطر ناک[2] ہوتی ہیں - کئی درخت جڑوں سے اکھڑ[3] جاتے ہیں - مکانوں کی چھتیں اڑ[4] جاتی ہیں - فصلیں تباہ[5] ہو جاتی ہیں اور پھل خراب ہو جاتے ہیں - پچھلے ہفتے ہمارے یہاں بھی ایک زبردست آندھی چلی - اس دن صبح کے وقت سخت گرمی تھی اور ہوا میں کوئی حرکت[6] نہ تھی - مگر سہ پہر[7] کے وقت دھوپ مدھم[8] پڑ گئی اور آسمان پر تاریکی چھانے[9] لگی - تھوڑے ہی عرصہ کے بعد درختوں کے پتے ہلنے لگے اور ہوا کے زبردست جھونکے[10] چلنے لگے - ریت ، مٹی ، اور تنکے ہوا میں اڑنے لگے اور مکان گرد و غبار سے اٹ[11] گئے - آندھی کے بعد بادل گرجنے لگا اور بجلی چمکنے[12] لگی اور موسلا دھار بارش[13] شروع ہو گئی - بارش سے درختوں کے پتے دھل گئے اور گرد و غبار بھی بیٹھ گیا اور موسم میں خنکی[14] پیدا ہو گئی -

Vocabulary

1. Dust-strom. 2. Dangerous. 3. Uprooted. 4. Blown off. 5. Crops are damaged. 6. Stir. 7. Afternoon. 8. Dim. 9. Prevail. 10. Gales. 11. Covered with. 12. Flesh. 13. In torrents. 14. Weather became cool.

مشق ۱۴۸

ڈاکیہ

ڈاکئے کو کون نہیں جانتا ؟ یہ ہمارے دوستوں اور عزیزوں کی چٹھیاں - پارسل اور منی آرڈر لاتا ہے - اسے ہر گھر اور ہر دکان پر جانا پڑتا ہے اور لوگ بے چینی[1] سے اس کا انتظار کرتے ہیں - کسی کے لئے وہ خوشی اور مسرت[2] کا پیغام لاتا ہے، اور کسی کے لئے رنج و غم[3] کا - پھر بھی لوگ گرم جوشی[4] سے اس کا استقبال[5] کرتے ہیں - اپنی گشت پر روانہ ہونے سے پہلے وہ تمام چٹھیوں اور پارسلوں کو گھروں اور دکانوں کے محل وقوع[7] کے مطابق ترتیب سے رکھ لیتا ہے[8] - اس سے اس کا کام آسان ہو جاتا ہے - مگر ڈاکئے کی نوکری کوئی آسان نہیں - اسے کوئی چھٹی[9] نہیں ہوتی اور ہر موسم میں اسے ڈیوٹی دینی پڑتی ہے - خواہ موسم اچھا ہو یا خراب[10] ، اسے اپنا کام کرنا ہی پڑتا ہے - مگر اتنا زیادہ کام کرنے کے باوجود اسے بہت کم تنخواہ ملتی ہے - ڈاکئے کے لئے ضروری ہے کہ وہ مضبوط، صحت ور، پڑھا لکھا اور دیانت دار ہو -

Vocabulary

1. Anxiously. 2. Happiness and joy. 3. Sorrow and grief. 4. Warmly. 5. Receive. 6. Beat. 7. Situation. 8. Arranges. 9. He knows no holiday. 10. Rough.

مشق ۱۴۹

موسم گرما کی بارش

ہمارے ملک میں جون اور جولائی کا مہینہ سخت گرم ہوتا ہے - اور اگر ہوا بند ہو جائے تو پھر سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے[1] - پرسوں اس سال کا گرم ترین دن تھا - ہوا بند تھی[1] اور سر

سے پاؤں تک پسینہ بہہ رہا تھا[2] - خوش قسمتی سے مشرق سے کچھ بادل نمودار ہوئے اور آن کی آن[3] میں تمام آسمان پر چھا گئے[4] - اور بوندا باندی[5] شروع ہو گئی - بادل گرجنے لگا اور بجلی چمکنے لگی - اور تھوڑی دیر کے بعد بوچھاڑ کی بارش شروع ہو گئی[6] اور سب جگہ پانی نظر آنے لگا - بچوں نے کپڑے اتار دئے اور گلی کوچوں میں دوڑنے لگے - کوئی پانی کے چھینٹے اڑا رہا تھا[7] اور کوئی کاغذ کی ناؤ تیرا رہا تھا[8] - بارش کے بعد موسم خوش گوار ہو گیا اور جوہڑوں میں مینڈک ٹرانے لگے[9] - درختوں کے پتے جو بارش سے پہلے جھلسے ہوئے تھے اب تر و تازہ ہو گئے - ژالہ باری[10] کی وجہ سے فصلوں کو اگرچہ نقصان بھی پہنچا تاہم لوگ خوش تھے کہ کم از کم چند دن کے لئے انہیں گرمی کی تکلیف سے نجات ملی -

Vocabulary

1. It is close. 2. We perspired from head to foot. 3. In no time. 4. The sky was overcast. 5. Drizzle. 6. To rain in torrents. 7. Splashing. 8. Floating. 9. Croak. 10. Hailing.

مشق ۱۵۰

(الف) شہنشاہ جہانگیر کی ملکہ نور جہاں ایران کے مرزا غیاث بیگ کی بیٹی تھی - غیاث بیگ کا باپ ایک ریاست[1] کا مالک تھا - لیکن خدا کی مرضی[2] وہ ایسا غریب ہو گیا کہ اسے اپنا اور اپنی بیوی کا پیٹ بھرنے[3] کو بھی کوئی ذریعہ نہ سوجھتا تھا[4] - تب اس نے ہندوستان چلنے کا ارادہ کیا - وہ پڑھا لکھا تھا اور اسے امید تھی کہ مغلیہ دربار میں کوئی نہ کوئی آسامی[5] مل جائیگی - غیاث بیگ نے جوں توں[6] کر کے ایک ٹٹو[7] خرید لیا اور اس پر اپنی بیوی کو بٹھا کر خود اس کے ساتھ پیدل روانہ ہوا - راستے میں ان کے ایک لڑکی پیدا ہوئی - انہوں نے اس کا نام مہرالنساء رکھا -

(ب) (۱) آج مبارک[8] دن ھے - (۲) ھال تالیوں سے گونج اٹھا[9] - (۳) راولپنڈی میں ھیضے کا زور ھے (۴) اسنے مشکل سے[10] پاس ھونے کیلئے نمبر حاصل کئے (۵) وہ خراٹے بھرنے لگا[11] - (۶) گاڑی اب آئی کہ آئی[12] - (۷) وہ لکھنا نہیں جانتا - (۸) چلو آج کشتی کی سیر کریں[13] - (۹) ھم نے اپنا سامان باندھ لیا[14] ھے - (۱۰) چراغ تلے اندھیرا -

Vocabulary

1. Ruler of a State. 2. Unfortunately ; as ill-luck would have it. 3. Earn a living. 4. Could not think. 5. Post. 6. Somehow or other. 7. Pony. 8. Auspicious day. 9. Resounded with cheers. 10. Bare pass marks. 11. Began to snore. 12. Will arrive in no time. 13. Enjoy boating. 14. Packed.

مشق ۱۵۱

(الف) کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ھے - یہ سمندر کے کنارے پر واقع[1] ھے - پشاور سے قریباً ایک ہزار میل دور ھے - یہاں اکثر مکان پتھر کے بنے ھوئے ھیں - جن کی کئی منزلیں[2] ھوتی ھیں - سڑکیں کھلی[3] اور صاف ستھری ھیں - ھوائی اڈاہ[4] بندرگاہ[5] اور چڑیا گھر دیکھنے کے قابل ھیں[6] - یہ شہر تجارت کا سب سے بڑا مرکز ھے - یہاں سے گندم - کپاس اور چاول باھر جاتا ھے[7] - دوسرے ملکوں سے مشینیں اور کپڑا لایا جاتا ھے - کراچی کے قریب بہت سے کرخانے قائم ھو گئے ھیں - اسلئے اسکی رونق اور بھی بڑھ گئی[8] ھے - کیا آپ کبھی کراچی گئے ھیں ؟ اگر نہیں تو موسم گرما کی چھٹیوں میں ضرور جائیے -

(ب) (۱) چڑیا گھر کو کونسی سڑک جاتی ھے ؟ (۲) یہ ٹوپی اسے اچھی نہیں لگتی - (۳) لڑکیاں کنوئیں سے پانی بھر رھی تھیں[9] - (۴) کیا نلکا چل رھا ھے ؟ (۵) اس کا اندر آنا ھی تھا

کہ لڑکے کھل کھلا کر ہنس پڑے[10] - (۶) تم آج کل کہاں لگے ہوئے[11] ہو ؟ (۷) آجکل آموں کا موسم نہیں[12] - (۸) بارش تھم گئی ہے - (۹) جیب کتروں سے خبردار رہنا[13] - (۱۰) چاہ کن را چاہ در پیش -

Vocabulary

1. Is situated. 2. Storeys. 3. Wide. spacious. 4. The aerodrome. 5. The harbour. 6. Worth seeing. 7. Exported. 8. Have added to the population. 9. Drawing water. 10. Burst into laughter. 11 Posted. 12. Mangoes are out of season. 13. Beware of pickpockets.

مشق ۱۵۲

(الف) تندرستی ہزار نعمت ہے[1] - تندرست انسان ہر کام نہایت اچھی طرح کر سکتا ہے - لیکن جس کی صحت ٹھیک[2] نہ ہو، اس کیلئے زندگی دوبھر[3] ہو جاتی ہے - نہ کام کر سکتا ہے نہ آرام - نہ کھانے پینے میں مزا آتا ہے[4] - اور نہ کھیلنے کو جی چاہتا ہے - صحت زندگی کا سب سے بڑا لازمہ[5] ہے - لیکن اس کا دارو مدار بہت کچھ[6] رہنے سہنے کے ڈھنگ[7] پر ہے - اگر ہمارے رہنے کا مکان ہوادار[8] نہیں اور اس میں گندگی کے انبار[9] لگے ہیں تو ہمیں کبھی صحت ور رہنے کی امید نہیں ہو سکتی -

(ب) (۱) وہ پھوٹ پھوٹ[10] کر رونے لگا - (۲) کیا ریڈیو بج رہا ہے ؟[11] (۳) میں نے ڈاکٹر کو ٹیلفون کیا[12] ہے - (۴) یہ رنگ مدھم[13] نہیں پڑے گا - (۵) لاہور میں ہر چیز کرائے[14] پر مل سکتی ہے - (۶) آج کل بازار کیا کیا پھل ملتے ہیں ؟ (۷) ذرا دیکھو ، کیا دھوپ نکل آئی ہے ! (۸) پیالہ لبالب بھرا[15] ہوا تھا - (۹) کیا تمہارے پاس کوئی فالتو[16] چاقو ہے ؟ (۱۰) ایک مچھلی سارا جل گندہ کرتی ہے -

Vocabulary

1. Gift, blessing. 2. Not in good health. 3. Life is a curse. 4. Enjoy. 5. Necessity. 6. More or less. 7. Way of living. 8. Well-ventilated. 9. Heaps of rubbish. To weep bitterly. 11. Is the radio on? 12. Rung up. 13. Fade. 14. On rent. 15. Filled to the brim. 16. Spare.

مشق ۱۵۳

(الف) کسی آدمی کے گھر سے روپوں کی تھیلی گم ہو گئی - اس نے جج کے پاس شکایت[1] کی - جج نے اس آدمی کے تمام نوکروں کو طلب کیا[2] - اور ان میں سے ہر ایک کو ایک ایک چھڑی دی - یہ تمام چھڑیاں برابر تھیں - اس کے بعد جج نوکروں سے مخاطب[3] ہوا اور کہا : ''جس آدمی نے تھیلی چرائی ہے کل تک اس کی چھڑی ایک انچ بڑھ جائیگی'' - یہ کہہ کر انہیں رخصت[5] کر دیا - اور حکم دیا - کہ دوسرے دن صبح حاضر ہوں[5] - اب چور کو اندیشہ ہوا کہ وہ پکڑا جائیگا - جب وہ گھر پہنچا تو اس نے اپنی چھڑی کو ایک انچ کم کر دیا[6] - دوسرے دن تمام نوکر اپنی چھڑیاں لیکر عدالت[7] میں حاضر ہوئے اور اپنی اپنی چھڑیاں پیش کیں[8] - جج نے چور کو پکڑ لیا - اس طرح سے گم شدہ تھیلی[9] مل گئی اور چور کو تین سال کی سزا[10] دی گئی -

(ب) (۱) یہاں سے سکول آدھ گھنٹہ[11] کا راستہ ہے - (۲) آپ کو لکچر دیتے دیکھکر میں بہت خوش ہوتا ہوں - (۳) خواہ آپ دس دن ٹھہریں یا دو دن، ہمارے لئے ایک ہی بات ہے[12] - (۴) اگر موسم نے اجازت[13] دی تو میں وقت سے پہلے ہی پہنچ جاؤنگا - (۵) تازہ ہوا اور صاف پانی صحت کے لئے بہت ضروری ہیں - (۶) اس گھڑے میں کتنا پانی آتا ہے ؟ (۷) یہ مکان کرایہ پر لگا ہوا ہے[14] (۸) جب تک محنت نہ کروگے، کامیاب نہ ہوگے - (۹) ہم ادھار نہیں بیچتے - (۱۰) ایک کریلا دوسرا نیم چڑھا -

Vocabulary

1. Complained. 2. Summoned. 3. Addressed. 4. Dismissed them. 5. To appear. 6. Reduced. 7. Court. 8. Presented. 9. The missing purse. 10. Sentenced to three years' imprisonment. 11. Half an hour's walk 12. It is all the same to us whether. 13. Weather permitting. 14. Is occupied.

مشق ۱۵۴

(الف) ایک کسان کے پاس ایک گھوڑا تھا، جس پر وہ روزانہ سوار ہو کر منڈی جاتا۔ ایک دن جب وہ روانہ ہونیکو تھا[1] تو اس نے دیکھا کہ اس کے گھوڑے کی نعل[2] میں ایک کیل نہیں ہے۔ اس نے اسے کوئی ضروری امر خیال[3] نہ کیا اور چل دیا[4]۔ اس نے مشکل سے آدھا راستہ طے کیا ہوگا، جب نعل اتر گئی[5]۔ قریب میں کوئی لوہار نہ تھا اور کسان حیران تھا کہ کرے تو[6] کیا کرے۔ اس نے خیال کیا کہ تین نعلیں کافی ہیں[7] اور آگے چل دیا[8]۔ راستہ پتھریلا[9] تھا۔ اور تھوڑی دیر میں گھوڑا لنگڑانے لگا[10]۔ اسی اثنا میں قریب کے جنگل سے ڈاکو نمودار ہوئے۔ کسان نے انہیں دیکھ کر گھوڑا دوڑانے کی کوشش کی[11] مگر بے سود۔ ڈاکوؤں نے اس کا تمام سامان معہ گھوڑے کے چھین لیا اور کسان اپنی غلطی پر بہت پچھتایا[12]۔

(ب) (۱) تھوڑا تھوڑا کرکے اس کام کو کر لو[13]۔ (۲) اسلم اپنی عمر کے لحاظ[14] سے بہت لمبا ہے۔ (۳) دو چار روپوں کی کیا بات تھی اس نے تو میرا تمام سامان چرا لیا۔ (۴) یہ بات تو ہوتی دکھائی نہیں دیتی[15]۔ (۵) موسم بہار میں باغ میں پھول ہی پھول ہوتے ہیں۔ (۶) کیا یہ صابن نہانے دھونے کے

لئے اچھا ھے ؟ (۷) وہ آونچا سنتا[16] ھے - (۸) ڈاکٹر صاحب نے مریض کو تھرمامیٹر لگایا[17] - (۹) ھم نے سودا کر لیا ھے[18] - (۱۰) تمھارا بھائی کہاں دوکان کرتا ھے[19] ؟

Vocabulary

(*a*) 1. Was about to start. 2. Shoe. 3. Matter of importance. 4. Set forth. 5. The shoe came off. 6. Was at a loss to know what to do? 7. Enough. 8. Proceeded. 9. Stony. 10. Began to limp. 11. Tried to make the horse run. 12. Repented.

(*b*) 13. Bit by bit. 14. Tall for his age. 15. Not likely to happen. 16. Is hard of hearing. 17. Took his temperature. 18. Have struck bargain. 19. Keep his shop.

مشق ۱۵۵

(الف) عرب کے باشندے دو قسم کے ھیں - ایک وہ جنھیں بدوا[1] کہتے ھیں - یہ لوگ ھماری طرح شہروں میں آباد ھو کر نہیں رھتے[2] ، بلکہ خانہ بدوش[3] ھیں - یہ جنگلوں میں خیمے لگا[4] کر زندگی بسر کرتے ھیں - جہاں عمدہ نخلستان[5] نظر آیا وھیں ڈیرے ڈال[6] دئے - جب دیکھا نخلستان کی گھاس ختم ھو چکی ھے یا پانی کم ھو گیا ھے تو وھاں سے کوچ کر کے کسی دوسرے نخلستان میں جا بسے - دوسرے وہ جو شہروں میں رھتے ھیں - انھیں حاضر کہتے ھیں -

(ب) (۱) یہ لکڑی کس کام آتی ھے ؟ (۲) آپ کب سے یہاں رھتے ھیں - (۳) گاڑی کھچا کھچ بھری ھوئی تھی[7] - (۴) خط پڑھکر میری جان میں جان[8] آئی - (۵) بارہ کب[9] کے بج چکے (۶) اسے دو وقت کا کھانا بھی نصیب نہیں ھوتا - (۷) وھاں

همارا دم گھٹتا[10] تھا - (۸) وھاں میرا دل نہیں[11] لگتا - (۹) آجکل رشوت کا بازگرم[12] ھے - (۱۰) کوئلوں کی دلالی میں منہ کالا -

Vocabulary.

1. Bedouins. 2. To settle. 3. Nomads. 4. Pitch their tents. 5. Oasis. 6. Encamp. 7. Packed to the full. 8. felt relieved. 9. It is long past 10. Suffocated. 11. Have a dull time. 12. Bribery is rife.

مشق ۱۵٦

دنیا بھی ایک عجیب تماشہ گاہ[1] ھے - بچہ پیدا ھوتا ھے تو والدین کو خوشی ھوتی ھے - جب وہ باتیں کرنا سیکھتا ھے تو ماں باپ اس کی میٹھی میٹھی باتیں سن کر باغ باغ[2] ھو جاتے ھیں - وہ ناز و نعمت میں[3] پرورش پاتا ھے - اور ھزاروں تکلیفوں سے والدین اسکی تعلیم[4] و تربیت کرتے ھیں - جب روزی کمانے کے قابل ھو جاتا ھے[5] تو والدین اسکی شادی بھی کر دیتے ھیں - جونہی شادی ھوتی ھے اسکے تفکرات[6] بڑھ جاتے ھیں - ماں باپ کی خدمت تو درکنار اس کے لئے بیوی کی فرمائشیں[7] پورا کرنا بھی مشکل ھو جاتا ھے - چند سال بعد بچے بھی ابا ابا کرتے آموجود ھوتے ھیں - پھر تو عجیب ھی[8] جنجال میں پھنس جاتا ھے -

(ب) (۱) سڑک مرمت کے لئے بند ھے - (۲) یہاں موٹریں کھڑی کرنے کی[9] اجازت نہیں - (۳) انڈے میرے موافق[10] نہیں - (۴) گوشت میرا من بھاتا[11] کھاجا ھے - (۵) وہ کام سے جی چراتا ھے[12] - (٦) بارش ھوئے مہینہ گزر چکا ھے - (۷) مجھے اس

سے ملے پندرہ دن ہو گئے ہیں - (۸) اسے اندر لے آؤ - (۹) ذرا دیکھو تو کیا وقت ہے ؟ (۱۰) جتنی چادر ہو اتنے پاؤں پھیلاؤ -

Vocabulary

1. A strange show. 2. Are overwhelmed with joy. 3. Is brought up in luxury. 4. To educate. 5. To earn his living. 6. Worries. 7. Demands. 8. Is entagled in worldly affairs. 9. No parking here. 10. Do not agree with me. 11. Favourite food. 12. Shirks work.

مشق ۱۵۷

تم نے داتا گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ کا نام سنا ہوگا - مگر تمہیں معلوم بھی ہے کہ یہ کون بزرگ تھے اور انہوں نے وہ کونسا کام کیا جس کی وجہ سے آج تک انکا نام احترام[1] سے لیا جاتا ہے ؟ آپ غزنی کے محلہ ھجویر میں پیدا ہوئے' اسی وجہ سے ھجویری مشہور ہیں - آپ بچے ہی تھے کہ علم کا شوق[2] پیدا ہوا - آپ کو فضول کھیل کود[3] اور وقت ضائع کرنے سے نفرت تھی - ان دنوں غزنی میں تعلیم کا کوئی انتظام نہ تھا - آپ ایک قافلے کے ساتھ روانہ ہوئے اور مختلف ملکوں میں پیدل چل کر بڑے بڑے عالموں[4] سے تعلیم حاصل کی - جب تعلیم سے فارغ ہو کر[5] گھر لوٹے تو آپ کو معلوم ہوا کہ افغانستان کے جنوب میں ایک ایسا ملک ہے جہاں کے لوگ بے حد جاھل ہیں اور خدا کا نام تک نہیں جانتے[6] - جونہی آپ نے یہ سنا' آپ اس ملک میں اسلام کی تبلیغ[7] کیلئے چل کھڑے ہوئے -

(ب) (۱) کیسا سہانا[8] وقت ہے !

(۲) ہم نے سیر[9] ہو کر کھانا کھایا -

(۳) نیا ٹائیم ٹیبل کب رائج ہوگا[10] ؟

(۴) اسکی دوکان خوب چلتی ہے[11] -

(۵) آجکل گیہوں کی قلت ہے12 -

(۶) بورڈنگ ھاؤس میں اب زیادہ لڑکوں کی گنجائش13 نہیں -

(۷) سیلاب میں بہت سے مکان گر گئے14 اور کئی پل بہ گئے15 -

(۸) اس نے دیوار میں میخ گاڑی16 -

(۹) دوسری ڈاک کب آئیگی17 ؟

(۱۰) اول خویش بعد درویش -

Vocabulary

1. Is held in reverence. 2. He was hungry for knowledge. 3. Idle games. 4. Scholars. 5. Had finished. 6. Do not believe in God. 7. To preach. 8. How pleasant it is. 9: Ate our fill. 10. Come into force. 11. He has a roaring business. 12. Wheat is scarce. 13. Cannot accommodate. 14. Collapsed. 15 Washed off. 16. Drove a nail. 17. Is due.

مشق ۱۵۸

(الف) ایک سوداگر سفر کو جانے لگا1 - جاتے ہوئے اسنے اپنے ایک دوست کے پاس سو من لوھا رکھ دیا اور کہا "بھائی جب سفر سے واپس آؤں تو میرا لوھا مجھے واپس دے دینا" - دوست بے ایمان تھا2 - اس نے سوداگر کی غیر حاضری سے فائدہ اٹھایا 3 اور لوھا فروخت کر دیا - جب سوداگر سفر سے واپس آیا تو اپنے دوست کے پاس پہنچا - سلام دعا اور مزاج پرسی 4 کے بعد ذکر کیا " تمھاری بڑی مہربانی ھوگی اگر میرا لوھا مجھے واپس دے دو - دوست : "کیا کہوں - شرمندہ5 ھوں - میں نے تمہارا لوھا یونہی کوٹھری میں ڈال دیا تھا - مجھے تو کچھ خبر پڑی نہیں - ابھی جو کل کوٹھری کھولی تو کچھ نہ ملا - تمام لوھا چوھے کھا گئے - مجھے کیا خبر تھی کہ یہ چوھے ایسے ھیں - اگر معلوم ھوتا تو اسے بڑی احتیاط سے رکھتا6 -"

(ب) (۱) ذرا کوٹ پہن کر دیکھو۔[7]
(۲) مجھے اس مکان میں رہتے بارہ سال ہو گئے ہیں۔
(۳) آج بارش کے آثار ہیں[8]۔
(۴) نہ آنے سے دیر سے آنا بہتر ہے۔
(۵) انسان کتنا ہی سمجھدار ہو آخر غلطی کر بیٹھتا ہے۔
(۶) اس نے سوائے رونے کے کچھ نہ کیا۔
(۷) مشکلات کے باوجود[9] اس نے حوصلہ نہ ہارا۔
(۸) میرا اس کام میں جی نہیں لگتا[10]۔
(۹) اس قلم میں سیاہی ختم ہو گئی ہے۔
(۱۰) انسان غلطی کا پتلا ہے۔

Vocabulary

1. Set on his travels. 2. Dishonest. 3. Took advantage of. 4. After exchanging the usual greetings. 5. Feel much ashamed. 6. Would have kept with special care. 7. Just try. 8. Looks like raining. 9. Notwithstanding difficulties. 10. Have no taste for.

مشق ۱۵۹

(الف) سیٹھ جی یہ سن کر ہنسے اور کہنے لگے: بھئی، ہمارے ہاتھ میں کیمیا[1] کیونکر ہے۔ دوست نے کہا: جناب سارے شہر میں مشہور ہے[2] کہ ایک فقیر آپ کو کیمیا بنانی سکھا گیا ہے۔ اور اسی سے آپ امیر کبیر بن گئے ہیں[3]۔ اس بات سے سیٹھ جی کو اور زیادہ ہنسی آئی اور کہنے لگے: لوگ بھی عجیب کہانیاں گھڑتے[4] ہیں۔ بھلا کیمیا بھی کوئی چیز ہوتی ہے؟ کہانیاں تو ہم نے اور تم نے بہت سنی ہیں لیکن کیمیا بنتی کبھی دیکھی نہیں۔ بہت سے بیوقوف دھوکے میں آ کر ڈھکوسلوں[5] میں اپنا سارا اندوختہ[6] اڑا لٹا کر بیٹھ جاتے ہیں۔

اور پھر سر پر ہاتھ دھر کر رویا کرتے ہیں - میں تو اصل کیمیا ایک بات کو جانتا ہوں - اور وہ دیانتداری ہے - اس کے ساتھ میں امیر بنا ہوں اور اسی سے میں نے نام پیدا کیا ہے7 -

(ب) (۱) کیا یہ کتاب بکاؤ ہے8 ؟

(۲) کیا آپ یہ چٹھی ہوائی ڈاک سے بھیجیں گے ؟

(۳) ملتان کو گاڑی کس وقت جاتی ہے9 ؟

(۴) کنواں چلنا بند ہو گیا ہے -

(۵) اس کے پاؤں سے خون بہ رہا ہے -

(۶) اس نے ہیضہ کا ٹیکا لگوایا ہوا ہے10 -

(۷) تمہارے لئے بہتر ہے کہ یہاں ٹھہرو -

(۸) بنگال میں خوردنی کی سخت قلت ہے11 -

(۹) آدمی اپنی صحبت سے پہچانا جاتا ہے -

Vocabulary

1. Power of Alchemy. 2. An open secret. 3. Rolling in wealth. 4. People invent stories. 5. Vain stories. 6. Savings. 7. It has brought me name. 8. For sale. 9. Leave for. 10. Inoculated against. 11. Acute food famine.

مشق ۱۶۰

(الف) ایران کی آب و ہوا چونکہ خشک ہے - اس لئے وہاں آب پاش1 کے بغیر زراعت نہیں ہو سکتی - وہاں آب پاشی کنوؤں سے کی جاتی ہے جو زمین دوز نہروں2 سے ملائے جاتے ہیں - جنہیں کاہ ریز کہتے ہیں - یہاں زراعت کی بجائے مویشی پالنے3 کا زیادہ رواج ہے - پہاڑوں کی خشک ڈھلانوں4 پر بھیڑ بکریاں اور اونٹ گھوڑے پالے جاتے ہیں5 - جن علاقوں میں آبپاشی ہو سکتی ہے وہاں گلاب - افیون6 . چاول - کپاس اور شہتوت کے درخت پیدا ہوتے ہیں - شمال علاقوں میں جو اور گیہوں بھی پیدا ہوتا ہے - نیز پھل بھی کثرت سے ملتے ہیں7 -

(ب) (۱) میں اختر کو سمجھا سمجھا کر تھک گیا ہوں - مگر اس پر مطلق اثر نہ ہؤا[8] - (۲) بیس روپے ماہوار اور مہنگا زمانہ، بھلا وہ گزارہ کرے تو کیوں کر[9] ؟ (۳) ہم صرف آپ کی بدولت[10] ہی روپیہ لینے میں کامیاب ہوئے - (۵) سب لوگوں کی آنکھیں تم پر لگی ہیں[11] - (٦) ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات[12] - (۷) مدت سے یہ رواج چلا آتا ہے - (۸) یہ کس کام آتا ہے ؟ (۹) سکول پہنچنے میں اسے پون گھنٹہ لگتا ہے - (۱۰) وہ بال بال بچا- (۱۱) اشرفیوں لٹیں ، کوئلوں پر مہر -

Vocabulary

(*a*) 1. Irrigation. 2. Underground channels. 3. Pasturing. Slopes. 5. Reared. 6. Opium. 7. In abudance.

(*b*) 8. My advice fell flat on him. 9. How can he keep the wolf away from the door. 10. Through you. 11. Observed of all observers. 12. Coming events cast their shadows before.

مشق ١٦١

(الف) ایک مکان میں آگ لگ گئی تھی[1] - شعلے[2] اٹھ اٹھکر آسمان کو جا رہے تھے - اور ایسی تیز حرارت تھی کہ پاس کھڑا نہیں ہوا جاتا تھا - محلے والے کھڑے چلا رہے تھے - لوگ بد حواس[3] ادھر ادھر دوڑ رہے تھے - مکان والے کھڑے بازار میں پیٹتے تھے کہ ہم لٹ گئے - مگر ان میں سے ایک شخص کی آہ و زاری[4] سن کر دل پھٹا جاتا تھا[5] - اس کا چارسال کی عمر کا لڑکا اوپر کی منزل میں ایک کوٹھڑی میں سوتا تھا - سارے مکان میں آگ دوڑ گئی تھی - زینہ دھڑا دھڑ رہا تھا[6] - اور دھواں اتنا تھا کہ وہاں کوئی آدمی جا نہیں سکتا تھا - غریب باپ چلاتا تھا کہ خدا کے لئے[7] میرے بچے کی جان بچاؤ - مگر کسی کو ہمت نہ

پڑتی تھی - ایک لڑکا پاس کھڑا باتیں سن رہا تھا - اس سے رہا نہ گیا[8] - اس نے کہا سیڑھی لگاؤ - میں جاتا ہوں -

(ب) (۱) نیکی کر دریا میں ڈال - (۲) ہم اس نظارہ کو دیکھکر ہکا بکا رہ گئے - (۳) اس مکان میں بجلی لگی ہوئی ہے - (۴) کیا آپ نے روزہ کھول لیا ؟ (۵) تمہارا کوٹ بالکل پھٹ چکا ہے - (۶) درزی ہمیں ہر روز ٹال دیتا ہے - (۷) یہ خوراک کتنے دن کام دے گی[9] ؟ (۸) سنگترے روپے کے آٹھ آٹھ بکتے ہیں[10] - (۹) ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی -

Vocabulary

1. Was on fire. 2. Flames. 3. In confusion. 4. Bewailing. 5. Broke the hearts of the people. 6. The staircase was ablaze. 7. For God's sake. 8. He could no longer remain silent. 9. Last long. 10. Eight for a rupee.

مشق ۱۶۲

(الف) رسول خدا (صلی اللہ علیہ و سلم) کو قریش کے ہاتھوں بہت تکلفیں برداشت کرنی پڑیں[1] - آخر آپ نے مجبور[2] ہو کر اپنا وطن چھوڑا اور مدینے کی طرف ہجرت[3] فرمائی - مگر ان ظالموں نے مدینہ میں بھی آپ کے اور آپ کے نام لیواؤں[4] کو امن سے بیٹھنے نہ دیا - اور پے در پے[5] مدینہ پر کئی حملے کئے - مگر چند سال بعد جب آپ فاتح کی حیثیت[6] سے مکہ میں داخل ہوئے تو آپ نے ان لوگوں سے جو سلوک کیا اس کی مثال تاریخ عالم میں نہیں ملتی - مکہ کے تمام سردار مجرموں[7] کی حیثیت سے

آپ کے سامنے سر جھکائے کھڑے تھے - آپ نے فرمایا آپ مجھ سے کیسے سلوک کی توقع[8] رکھتے ہیں ؟ انہوں نے یک زبان[9] ہو کر کہا : آپ شریف بھائی اور شریف بھائی کے بیٹے ہیں - آپ نے سب کو معاف کر دیا اور فرمایا جاؤ تم سب آزاد ہو -

(ب) (۱) اسکے ہاتھ دھلا دو - (۲) میری گھڑی دس منٹ آگے[10] ہے - (۳) بڑھیا نے اسے بہت دعائیں دیں - (۴) یہ کوٹ کچھ ڈھیلا[11] ہے - (۵) تم اس مکان کا کیا کرایہ دیتے ہو ؟ (۶) ہمارا مکان ڈاکخانہ کے سامنے[12] ہے - (۷) تم محنت سے کیوں جی چراتے[13] ہو ؟ (۸) مشن ہسپتال نہر کے پار[14] ہے - (۹) اس نے اپنا قرضہ کوڑی کوڑی[15] اتار دیا - (۱۰) بھاگتے چور کی لنگوٹی ہی سہی -

Vocabulary

1. To suffer. 2. Was compelled to. 3, Took refuge in Madina. 4. Followers. 5. One after the other. 6. As conqueror. 7. Accused. 8. Anticipate. 9. With one voice. 10. Fast. 11. A bit loose. 12. Faces the post office. 13. Shirk work. 14. Across. 15. To the last penny.

مشق ۱۶۳

(الف) موسم گرما میں روس کا وسطی حصہ بہت گرم ہو جاتا ہے کیونکہ دور دراز سے سمندروں کی سرد ہوائیں[1] ملک کے اندرونی[2] حصہ تک نہیں پہنچ سکتیں - اور گرمی کی وجہ سے گیہوں بہت اچھی طرح[3] پک جاتے ہیں - لیکن جاڑے کے موسم میں وہاں سخت سردی ہوتی ہے اور مشرق سرد ہوائیں شمالی

منجمد علاقوں[4] سے چانا شروع ہو جاتی ہیں - برف اس قدر پڑتی ہے کہ تمام سڑکیں اور کھیت اس کے نیچے دب جاتے ہیں - ان دنوں وہاں سفر کرنا بہت مشکل ہوتا ہے - مسافر برفانی چھکڑوں[5] میں سفر کرتے ہیں جن کو گھوڑے کھینچتے ہیں - بعض اوقات صرف تار کے کھمبے ہی برف سے نکلے ہوئے[6] دکھائی دیتے ہیں اور یہی مسافروں کی رہنمائی کرتے ہیں -

(ب) (۱) کیا میں آپ کی کوئی خدمت کر سکتا ہوں ؟ (۲) میں اسے تین سال سے جانتا ہوں - (۳) یہ آپ کے شایان شان نہیں[7] کہ آپ ایک نوکر سے جھگڑیں - (۴) اب بھیڑ ہٹ چکی ہے[8] - (۵) وہ معظم کے نام سے مشہور ہے[9] - (۶) جنگ میں اناج کی بہت مانگ ہے[10] - (۷) بازار میں یہ سکہ نہیں چلتا[11] (۸) جب تک محنت نہ کرو گے کامیاب نہیں ہو گے - (۹) لوگوں کو اس خطرہ سے آگاہ کر دیا گیا ہے[12] - (۱۰) بوند بوند سے تالاب بھر جاتا ہے -

Vocabulary

1. Cool breeze. 2. Interior. 3. Splendidly. 4. Frozen. 5. Sledges. 6. Stick out. 7. Does not become of you. 1. Crowd has given way. 9. Goes by the name of. 10. Is in great demand. 11. Does not run. 12. Warned against.

مشق ۱۶۴

(الف) ہمارا قصبہ دریائے چناب کے کنارے واقع ہے - دوسرے شہروں کی طرح جو دریاؤں کے کناروں پر واقع ہیں ، یہاں بھی اکثر سیلاب[1] آتے رہتے ہیں - اس سال کے سیلاب نے پچھلے سالوں کے سیلابوں کو مات کر دیا[2] - لوگوں کا خیال تھا کہ اس سال انہیں کوئی تکلیف نہ ہوگی - کیونکہ ابتدا میں بارش بہت کم تھی - مگر ستمبر کے مہینے میں اس قدر بارشیں ہوئیں[4]

که لوگوں کو خیال پیدا ہو گیا که ان کی جانیں اور مال خطره میں هیں - پانی اس قدر چڑھنا شروع هوگیا که ۱۵ ستمبر کی رات کو سیلاب ایک خطرناک صورت[5] اختیار کر گیا - بارش موسلادهار هورهی تهی - لوگ حیران تهے که کیا کریں[6] - قصبه اور دریا کے درمیان ایک بند تها[7] اور همیں خوف تها که پانی کا زور[8] اس کے لئے نقصان ده ثابت هوگا[9] - اور اگر پانی تین دن اسیطرح بهتا رها تو بند کو بهالے جائیگا[10] لیکن - خوش قسمتی سے پانی اترنا شروع هوگیا اور سورج طلوع هونے سے پیشتر اهل قصبه کو اطلاع دی گئی که سیلاب کا خطرہ جاتا رها -

(ب) (۱) اس کا معده خراب هے - (۲) کیا تم نے چهٹی ڈاک میں ڈال دی ؟ (۳) محنت کرو، امتحان سر کهڑا هے - (۴) هم نے بلئی چهڑالی - (۵) وهاں کوئی بهی ایسا شخص نه تها[11] جسے اس پر رحم نه آیا هو - (۶) جهاں تک مجهے علم هے[12] وه کبهی بهی سکول میں داخل نهیں هوا - (۷) میری روانگی کا وقت بالکل قریب هے (۸) سچ جانئے[13] میں بیماری کی وجه سے کل نه آسکا - (۹) آپ کاج مہا کاج[14] (۱۰) اپنے منه میاں مٹهو[15] -

Vocabulary.

(*a*) 1. Floods. 2. Highest record. 3. Would not suffer. 4. Rise. 5. Assumed a dangerous state. It rose to the point of danger. 6. At a loss to know what to do. 7. Dam. 8. Pressure of water. 9. Would prove too much for it. The dam would be swept away.

(*b*) 11. There were none but felt pity for. 12. To the best of may recollection. 13. Believe me. 14. Self-done, well-done. 15. Self-praise is no recommendation.

(الف) تمباکو هندوستان میں کهایا اور پیا جاتا هے بعض لوگ اسے حقه میں پیتے هیں، بعض پان[1] میں کهاتے هیں -

اور زیادہ تر سگریٹ اور سگار کی شکل میں[2] استعمال کرتے ہیں۔ شاید ہی[3] کوئی ایسا گھر ہو جس میں کوئی نہ کوئی اس عادت میں مبتلا نہ پایا[4] جاتا ہو۔ اب بڑوں کی دیکھا دیکھی[5] چھوٹے بچوں میں بھی یہ عادت پھیلتی جاتی ہے۔ تمباکو میں ایسے زہریلے اجزا موجود ہیں جن کے مہلک[9] اثرات سے ہر بچے کو واقف ہونا چاہئے تاکہ وہ اس بری عادت میں مبتلا نہ ہو اور اپنے ہاتھوں اپنی صحت، ترقی اور آئندہ کامیابی کی امیدوں کو برباد نہ کرے[7]۔ اس میں ایک مشہور اور مہلک تیزاب[8] ہوتا ہے جس کی ذرا سی مقدار ایک تندرست شخص کو ہلاک کرنے کے لئے کافی ہے۔ اس کے علاوہ اس میں نکوٹین بھی پائی جاتی ہے، جو ایسی خوفناک زہر ہے کہ اگر اس کا ایک قطرہ کتے کو کھلایا دیا جائے تو یہ اسے پانی پینے کی مہلت نہیں دیتا[9]۔

(ب) (۱) سکول کے لڑکوں کو چھیڑ خانی چاہئے[10] (۲) تمہاری بات ہمیشہ چبھتی ہے[11] (۳) وہ اپنا سا منہ لے رہ گیا[12] (۴) تارے نکلے ہوئے ہیں (۵) اونچی دکان پھیکا پکوان[13] (۶) تم باہر جا کر پیشاب کرآؤ (۷) آؤ اس درخت کے نیچے بیٹھ کر باتیں کریں (۸) کیا تم سرخ سیاہی سے لکھتے ہو؟ (۹) آجکل وکیلوں کی چاندی[14] ہے (۱۰) روتے روتے اس کا گلا بیٹھ گیا[15] (۱۱) اس کا مزا کڑوا ہے[16]۔

(*a*) 1. Betel leaf. 2 In the from of. 3. Rarely. 4. Is not addicted to. 5 Following the example of. 5. Fatal. 7. Should not ruin. 8. Acid. 9. Would kill him in no time.

(*b*) 10. The schoolboys love joking. 11. Your words are never palatable. 12. He was undone. 13. Great boast, small roast. 14. Are rolling in wealth. 15. Cried himself hoarse. 16. Tastes bitter.

(الف) صبح کا وقت ہے۔ جی خوش ہے۔ آؤ ذرا باغ کی ہوا کھائیں۔ اہا! کیا ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے۔ رنگ برنگ

کے پھول کھلے ہوئے ہیں - باغ مہک رہا ہے - آتے ہی دل باغ باغ ہو گیا[2] - ذرا ہراول کو دیکھنا ! کیا آنکھوں میں تراوت آتی[3] ہے - ہری ہری گھاس کیا ہے ، سبز مخمل کا فرش[4] بچھ رہا ہے - اس پر اوس[5] کے قطرے پڑے ہیں - گویا مخمل پر موتی جڑے ہوئے ہیں - درختوں پر کچھ اور ہی بہار ہے[6] - کسی میں پھول آیا ہے - کسی میں پھل آیا ہے - ڈالیاں جھوم رہی ہیں - کنواں چل رہا ہے[7] - ایک چھوٹا سا لڑکا بھی پاس کھڑا تماشا دیکھ رہا ہے - دوسرا بڑا شوقین ہے - ہاتھ میں کتاب ہے - سبق یاد کر رہا ہے - یہ مالی کیا کرتا ہے ؟ پودے لگاتا ہے - چلو سیر کریں - بوڑھے میاں[8] ! یہ پودا کہاں سے لائے ہو ؟ صاحبزادے[9] شاہی باغ سے لایا ہوں - کتنے دنوں میں جم جائے گا ؟ جلدی ہی پھوٹ آئے گا - گھڑے میں کیا ہے ؟ پانی ہے - کیا کروگے ؟ پودے کو دونگا - اس سے جلدی ہی ہرا ہرا بھرا ہو جائے گا -

(ب) (۱) میں نے ڈاکٹر صاحب سے کہا : میرا دانت نکالئے - (۲) ہم مرنا قبول کریں گے[10] لیکن اسے گھر میں داخل نہیں ہونے دیں گے - (۳) سنا ہے کہ محمود کے گھر لڑکا پیدا ہوا ہے - (۴) وہ مجھے سکول تک دوڑائے لے گیا[11] (۵) جس کا کام اسی کو ساجھے اور کرے تو ٹھینگا[12] باجے (٦) یہ سامان کتنے دن تک کام دے گا ؟[13] (۷) ہم نے یہ خبر ریڈیو[14] پر سنی - (۸) وہ باپ کی غیر حاضری میں دکان کا کام چلاتا رہا - (۹) یہ پھل کھانے کے قابل نہیں (۱۰) آجکل موٹروں کے حادثے عام ہو رہے ہیں -

Vocabulary

(*a*) 1. Cool breeze. 2. The mind is refreshed. 3. Have soothed. 4. Velvet. 5. Dew. 6. Present a different and beautiful scene. 7. The well is working. 8. Old man. 9. Noble man's son.

(*b*) 10. Would rather die than. 11. He raced me to school 12. Every man doth his business best. 13. How long will it last ? 14. We got this news over the radio. 15. Worth eating. 16. Are frequent.

مشق ۱٦۷

(الف) منطقه حاره[1] کے علاقوں میں ہر سال ہزاروں آدمی موسمی بخار سے مر جاتے ہیں - میدان جنگ میں یہ بخار دشمن کی توپوں سے زیادہ خطرناک ہے[2] - جنگ عظیم میں لا تعداد سپاہی بخار کا شکار ہوئے - اور ہزاروں اس مرض سے[3] اپنے کاروباری اعضاء[4] کھو بیٹھے - عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ یہ مرض زیادہ تر مرطوب[5] علاقے میں پھیلتا ہے - چنانچہ پہلے لوگوں کا خیال تھا کہ مرض اس بدبو[6] سے پیدا ہوتا ہے جو ان علاقوں سے اٹھتی ہے - اور یہ کسی کو معلوم نہ تھا کہ یہ بخار ایک خاص قسم کے مچھر سے پیدا ہوتا ہے - جو اپنے جسم میں اس بیماری کے جراثیم[7] چھپائے رکھتا ہے اور انہیں ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتا ہے -

(ب) (۱) اس کے کان کھینچ دینا[8] - (۲) ہے آخر کو رذیل ہی نا[9] - (۳) قہر درویش بر جان درویش - (۴) وہ ہنری کے نام سے مشہور ہے ۔ (۵) وہ میری کتاب لیکر چلتا بنا[10] - (٦) ہم نے جی بھر کر کھانا کھایا[11] - (۷) تکلف نہ کرو[12] - (۸) آج کل ہر ایک کام کا مندہ ہے - (۹) وہ رونے کو تھا - (۱۰) تم نے ٹانگے کا کتنا کرایہ دیا ؟

Vocabulary

(*a*) 1. Tropical regions. 2. Deadly. 3. Malady. 4. Limbs. 5. Marshy. 6. Bad smell. 7. Germs.

(*b*) 8. Pull him by the ears. 9. He is, after all a low-bred. 10. Made off with. 11. To the fill. 12. Do not stand on ceremony.

مشق ۱٦۸

(الف) سال کی آخری رات کو ایک بڈھا اندھیرے گھر میں بیٹھا ہے - رات بھی ڈراؤنی[1] اور اندھیری ہے - گھٹا چھا رہی ہے - بجلی[2] چمک[3] کر کڑکتی ہے - آندھی بڑے زور سے چلتی

ھے - دل کانپتا ھے - مگر اس کا غم نہ اندھیرے گھر پر ھے نہ اکیلے پن پر[5] - اور نہ ھی اندھیری رات اور بجلی کی کڑک اور گرج پر - نہ سال کی آخری رات پر - وہ اپنے زمانے کو یاد کرتا ھے اور جتنا زیادہ یاد کرتا ھے اتنا ھی اسکا غم بڑھتا ھے - ھاتھوں سے منہ ڈھکا ھوا ھے - اور آنکھوں سے آنسو جاری ھیں -

پہلا زمانہ اس کی آنکھوں کے سامنے پھرتا ھے - اپنا لڑکپن[6] اس کو یاد آتا ھے - جبکہ اس کو کسی چیز کی فکر نہ تھی - روپیے اور اشرفی کے بدلے ریوڑی اور مٹھائی[7] اچھی لگتی تھی - سارا گھر، ماں، بہن، باپ، بھائی، اس کو پیار کرتے تھے - اس کو اپنے ھم مکتب یاد آتے ھیں - اور وہ زیادہ غمگین ھو جاتا ھے - اور بے اختیار چلا اٹھتا ھے[8] : ھائے وقت! ھائے گزرے ھوئے زمانے! افسوس! میں نے تم کو بہت دیر میں یاد کیا -

(ب) (۱) اگر یکم جنوری ھفتہ کو پڑی[9] تو پیر وار کو چھٹی ھوگی - (۲) چاہ کن راہ چاہ در پیش - (۳) خواہ میز کتنا ھی خوبصورت نہ دکھائی دے[10] ھم اسے خریدنے کو تیار نہیں - (۴) اسے اپنی جگہ بٹھا دو - (۵) میں نے ایک باغ لگوایا - (۶) یہ روٹی کچی[11] ھے - (۷) آپ ان لڑکوں کو کام میں لگائے رکھیں[12] - (۸) یہ خبر شہر میں آنا فانا[13] پھیل گئی - (۹) انت بھلا سو بھلا[14] -

Vocabulary

(*a*) 1. Fearful. 2. Lightning. 3. Flashing. 4. Thundered. 5. Loneliness. 6. Childhood. 7. Sweets. 8. Could not refrain himself from weeping.

(*b*) 9. Falls on. 10. However pretty it may appear. 11. Unbaked. 12. Keep busy. 13. Like wild fire. 14. All is well that ends well.

RETRANSLATION

چند ہدایات

(1) انگریزی زبان کی لغت بہت وسیع ہے - اس کے علاوہ کئی لفظ مختلف معنوں میں استعمال ہوتے ہیں - بعض اوقات ایسے لفظوں میں کچھ قریب کا تعلق ہوتا ہے، اور مفعول یا متعلقات فعل کے تعلق کے مطابق معمولی سا معنوی اختلاف پایا جاتا ہے- لیکن اکثر اوقات ان کے معنوں میں زمین و آسمان کا فرق ہوتا ہے- اسلئے ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنے میں عبارت کے سیاق و سباق کو دیکھکر یہ سمجھنا چاہئے کہ یہ لفظ یہاں کن معنوں میں استعمال ہوا ہے - مثال کے طور پر (wear) کے لفظی معنی "پہننا" ہے - لیکن مندرجہ ذیل فقروں میں اس کے استعمال اور معانی میں بہت فرق ہے -

He was wearing new clothes.	وہ نئے کپڑے پہنے ہوئے تھا -
His clothes were worn out.	اس کے کپڑے پھٹے ہوئے تھے -
This cloth will wear well.	یہ کپڑا خوب چلیگا -
He wore a troubled look.	وہ پریشان معلوم ہوتا تھا -

اسی طرح لا تعداد ایسے افعال ہیں جو دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر مختلف معانی تبدیل کرتے رہتے ہیں - اگلے سبقوں میں ان کی مشق کیلئے سینکڑوں ایسے الفاظ دئے گئے ہیں -

(2) ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرتے ہوئے یہ بھی دیکھنا ضروری ہوتا ہے کہ جس زبان میں ترجمہ کیا جا رہا ہے، اس کے روز مرہ اور محاورہ کے مطابق

جائے - بعض جملوں کا اگر لفظی ترجمہ کر دیا جائے تو وہ بالکل لغو اور مہمل ہو جاتا ہے - مثلاً (He did his best) کا ترجمہ یہ کیا جائے کہ "اس نے اپنا بہترین کیا" تو یہ ایک مہمل فقرہ ہوگا - اس کا صحیح ترجمہ "اس نے پوری کوشش کی" ہونا چاہئے -

اسی طرح (He could not help weeping) کا ترجمہ (وہ رونے کی مدد نہ کر سکا) غلط ہو گا - اس کا صحیح ترجمہ یوں ہو گا (وہ رونے سے باز نہ رہ سکا) -

(He shouted at the top of his voice.)

اس فقرہ کا ترجمہ اگر یہ کیا جائے کہ وہ اپنی آواز کی بلندی پر چلایا تو یہ اردو کے محاوہ کے خلاف ہو گا - اس کا درست ترجمہ یہ ہو گا "وہ بلند آواز سے چلایا" -

(3) انگریزی زبان میں (Sequence of tenses) کا یہ قاعدہ ہے کہ اگر (Principal Clause) کا فعل ماضی میں ہو تو (Subordinate clause) کے تمام فعل ماضی میں آئینگے - لیکن اردو میں ترجمہ کرتے وقت ہمیں ان فعلوں کا لفظی ترجمہ کرنے کی بجائے ان کے فعل کا زمانہ عبارت کے ساتھ درست کرنا پڑیگا - اسی طرح (Indirect Speech) کے فقروں میں بھی فعل کے زمانہ ((Tense) اور ضمیر کو سابقہ عبارت کے ساتھ ملانا پڑتا ہے - جیسے

He said that he was coming from England.

اس کا درست ترجمہ یوں ہو گا "اس نے کہا میں انگلستان سے آرہا ہوں"-

(Some of the Portuguese thought that they could reach India by sailing round the south of Africa.)

بعض پرتگیزوں نے خیال کیا کہ وہ افریقہ کے جنوب سے ہوتے ہوئے ہندوستان پہنچ سکتے ہیں -

LESSON

Words with Different Meanings in the Vernacular

Agree

He *agreed* to my proposal.	وہ میری تجویز سے متفق ہو گیا ۔
The two statemenis *agree* with each other.	دونوں بیان آپس میں ملتے جلتے ہیں ۔
They *agreed* among themselves.	وہ آپس میں راضی ہو گئے ۔
Meat does not *agree* with me.	گوشت میرے موافق نہیں ۔

Bear

This box will not *bear* your weight.	یہ صندوق تمہارا بوجھ برداشت نہیں کرے گا ۔
This tree *bears* no fruit.	یہ درخت پھل نہیں دیتا ۔
He could not *bear* me to be away.	وہ میری علیحدگی پسند نہیں کرتا تھا ۔
Did she *bear* any child?	کیا اس کے کوئی بچہ پیدا ہوا ؟

Blow

A cold wind was *blowing* in the morning.	صبح ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی ۔
The dead leaves were *blowing* about.	خشک پتے ادھر ادھر اڑ رہے تھے ۔
This ship *blew* up.	جہاز بارود کے بھڑکنے سے تباہ ہو گیا ۔
The storm has *blown* over.	طوفان گزر گیا ۔
I gave him a *blow* on the head.	میں نے اسے سر پر ضرب لگائی ۔
Do not *blow* out the light.	بتی کو پھونک مار کر مت بجھاؤ ۔

Break

The waves *broke* against the rock.	لہریں چٹان کے ساتھ ٹکرائیں ۔
The servant *broke* the glass.	نوکر نے گلاس توڑ دیا ۔

A fire *broke* out in our street.	ھماری گلی میں آگ لگ گئی -
War *broke* out between the Germans and the Russians.	جرمنوں اور روسیوں میں جنگ چھڑ گئی -
The thieves *broke* into his house.	اس کے مکان میں چور گھس گئے -
Some of the animals *broke* loose.	کچھ حیوان کھل گئے -
He *broke* his promise.	اس نے وعدہ خلافی کی -
They *broke* their journey at Lahore.	وہ اپنے سفر کے دوران میں راستہ میں لاھور ٹھہر گئے -

Exercise

1. He **appeared** before the magistrate. 2. He did not **appear** till 10 o'clock. 3. The new book will **appear** next month. 4. **It appears** that he is mad. 5. He **appeared at** the competition. 6. He is **blind** of one one. 7. He is **blind to his son's** faults. 8. **As** you are tired you had better sleep. 9. **As** I was coming to school **I** met your brother. 10. **As** you sow **so** shall you reep. 11. **As a son** he helped his father in his work. 12. Leave it **as** it is. 13. He was dressed **as** a girl. 14. He was famous **as** a pleader. 15. He was not so wise **as** to understand it. 16. **As to the fees** I shall pay next month. 17. **As** for position you are nothing but an ordinary clerk. 18. He has his business to **attend to.** 19. Nobody is **attending to** you. 20. You should be more **attentive to** what I say.

Vocabulary

(1) پیش ھوا (2) نہ آیا (3) شائع ھوگی (4) معلوم ھوتا ھے (7) چشم پوشی کرتا ھے (8) چونکہ (9) جب (16) فیس کے متعلق یہ بات ھے کہ (18) انتظام کرنا (19) نگہداشت کرنا توجہ دینا (20) متوجہ

LESSON II

Words with Different Meanings in the Vernacular—(*contd.*)

Catch

He *caught* a here.	اس نے ایک خرگوش پکڑا -
He could not *catch* the train.	اسے گاڑی نہ مل سکی -
He *caught* cold.	اسے سردی لگ گئی -
He was *caught* in the storm.	وہ طوفان میں پھنس گیا -
His house *caught* fire.	اس کے مکان کو آگ لگ گئی -
He *caught* sight of a tiger.	اس نے ایک شیر دیکھا -
If you walk faster you will soon *catch* him up	اگر تم تیز چلو تو جلدی ھی اس سے جا ملوگے -

Care

He does not take *care* of his luggage.	وہ اپنے سامان کا خیال نہیں رکھتا -
There was nobody to take *care* of his children.	اس کے بچوں کی نگرانی کرنے والا کوئی نہ تھا -
Take *care* not to break it.	احتیاط کرو، یہ ٹوٹنے نہ پائے -
He was placed under the *care* of an experienced doctor.	وہ ایک تجربہ کار ڈاکٹر کے زیر علاج تھا -
I do not *care* for the wages.	مجھے مزدوری کا کوئی خیال نہیں-
Would you *care* for a walk ?	کیا تم سیر کرنا پسند کروگے ؟

Consider

You must *consider* the matter carefully.	تمہیں اس معاملے پر احتیاط سے غور کرنا چاھئے -
Consider what I have told you.	جو کچھ میں نے تمیں بتایا ھے اس کو سوچو -
I will *consider* your application.	میں تمہاری درخواست پرغور کروں گا -
After much *consideration* I accepted this offer.	بہت غور و خوض کے بعد میں نے یہ پیشکش منظور کر لی-
I have given *considerable* thought to this matter.	میں نے اس معاملہ کو کافی سوچا ھے -

End

The holidays came to an *end*.	چھٹیاں ختم ہو گئیں ۔
This is the *end* of the road.	یہ سڑک کا اختتام ہے ۔
Place the box on *end*.	صندوق کو اخیر میں رکھ دو ۔
We must put an *end* to his foolish behaviour.	ہمیں اس کی جاہلانہ روش کا خاتمہ کرنا چاہئے ۔
There was no *end* of cars.	وہاں موٹروں کا کوئی شمار نہ تھا ۔
He had no *end* of troubles.	اس کی تکلیفیں نہ ختم ہونے والی تھیں ۔
How will the matter *end* ?	اس معاملے کا انجام کیا ہو گا ؟

Exercise

1. He **beat** his son very severely. 2. H's heart **is beating**. 3. He cou'd not **beat** me at hockey. 4. The enemy was **beaten off**. 5. They **escaped** from the enemy. 6. He **escaped** punishment. 7. He made his **escape** successfully. 8. I do not know the **exact** amount. 9. He is **exact** in his work. 10. His answer was **exactly** right. 11. He **examined** the room. 12. The teacher **examined** the boys in English. 13. He **was examined** by the police. 14. When do you **expect** him ? 15. I am **expecting** a letter. 16. Do not **expect** me. 17. I never **expected** such unkindness. 18 I **expected** that it will be all right. 19. I do not **expect** him to do this work. 20. He went on working without much **expectation** of success.

Vocabulary

(1) پیٹا (2) دل دھڑک رہا ہے (3) ہرا نہ سکا (4) پیچھے ہٹا دیا ۔ شکست دی (5) بچ نکلے (6) بچ گیا (7) وہ بچنے میں کامیاب ہو گیا (8) پوری صحیح (9) وہ اپنے کام میں ٹھیک ہے (10) بالکل درست (11) کمرے کا معائنہ کیا (12) امتحان لیا (13) پولیس نے اس سے پوچھ گچھ کی (14) توقع ہے (15) انتظار ہے (16) توقع کرنا ۔ امید رکھنا (20) کامیابی کی توقع کے بغیر ۔

LESSON III

Words with Different Meanings in the Vernacular (*contd.*)

Face

The sun was shining in their *faces*.	سورج ان کے سامنے چمک رہا تھا ۔
His *face* was sad.	وہ غمگین تھا ۔
The *face* of the watch was not clean.	گھڑی سامنے کی طرف سے صاف نہ تھی ۔
The *face* of building is very beautiful.	مکان کا اگلا حصہ بہت خوبصورت ہے ۔
The house *faces* the street.	مکان کا دروازہ گلی کے سامنے ہے ۔
He *faced* the enemy boldly.	اس نے دلیری کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا ۔
They were standing *face* to *face* with each other.	وہ ایک دوسرے کے رو برو کھڑے تھے ۔
Fair *face* needs no paint.	خوبصورت شکل کو زیور کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

Fair

He went to see a *fair*.	وہ میلہ دیکھنے گیا ۔
He is not quite *fair* to me.	اس کا سلوک میرے ساتھ اچھا نہیں ۔
He made a *fair* division of the profits.	اس نے منافع کی منصفانہ تقسیم کر دی ۔
I shall get it by *fair* means.	میں اسے جائز طریقہ سے حاصل کروں گا ۔

Fall

Price are *falling*.	قیمتیں گھٹ رہی ہیں ۔
The water in the river is *falling*.	دریا کا پانی کم ہو رہا ہے ۔
The children have *fallen* behind.	بچے پیچھے رہ گئے ہیں ۔

He *fell* out with his brother.	وہ اپنے بھائی سے جھگڑ پڑا ۔
He *fell* in the battle.	وہ لڑائی میں مارا گیا ۔
He has been hurt by a *fall*.	وہ گر کر زخمی ہوگیا ۔
He *fell* short of money.	اس کے پاس روپے کی کمی ہوگئی ۔
What were the cau-es of the *fall of* the Moghal Empire?	مغلیہ خاندان کے زوال کے اسباب کیا تھے ؟

Exercise

1. He **failed** in the examination. 2. The wind **failed.** 3. Our water supply has **failed.** 4. He is **failing** in his health. 5. He has one **failing,** he eats too much. 6. **Fire** was burning brightly. 7. The house was **on fire**. 8. Paper **catches fire** easily. 9. They **set fire to** the house. 10. He **fired at** the bird. 11. The brids were **flying.** 12. They **flew** from London to Alexandria. 13. He **flew down** the road. 14. A dog was **following** him. 15. You may go first and I will **follow** you. 16. Sunday **follows** Saturday and night **follows** day. 17. What **trade does he follow**? 18. He **followed** the example of his father. 19. He was **following a narrow path.** 20. We do not **follow this fashion.**

Vocabulary.

